## طبیب اور غیر طبیب کے لئے

معمولات مطب سلیمی اور صدری اکسیری مخفی نسخہ جات و سچے مجربات کا نایاب مجموعہ

# مجربات سلطانی

LIKE US ON facebook

Tibbi Books for Atiba Karam

حصہ سوم

مصنفہ

زبدۃ الحکما حکیم مولوی محمد یار خان کھوکھر قریشی علوی نقشبندی

سندیافتہ مدرسہ طبیہ سلیمیہ لاہور مصنف کتب طبیہ متعددہ

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز اردو بازار لاہور

# فہرس


امراض سر
سرفراز
دماغ افروز
چٹنی مقوی دماغ
معجون مقوی دماغ اکسیری
خمیرہ مقوی دماغ وغیرہ
روغن مقوی دماغ
خمیرہ مقوی دماغ
معجون مالیخولیا
شربت مالیخولیا
معجون مالیخولیا دیگر
سفوف مالیخولیا مراقی
عرق شیر برائے مالیخولیا مراقی
دوائے مالیخولیا و نسیان
سفوف مالیخولیا و خاموشی
شربت مالیخولیا
جوارش مالیخولیا
معجون مراق
سرمہ درد سر
درد سر کہنہ و شقیقہ
دوائے درد شقیقہ
دیگر خوردنی
نسوار شقیقہ
نخلخہ شقیقہ
ضماد زنجبیل
سفوف بادیان
خمیرہ درد سر

237
237
238
238
239
239
240
240
240
241
241
241
242
242
242
243
243
243
244
244
244
244
244
245
245

دوائے درد سر
درد شقیقہ و درد سردائی
حب اکسیر لقوہ
معجون اکسیر فالج
کشتہ سم الفار برائے
رعشہ و فالج وغیرہ
روغن برق
معجون رعشہ و فالج
دوائے رعشہ مجرب
صلایہ سم الفار
اکسیر رعشہ و لقوہ
حب لقوہ و فالج
معجون لقوہ مجرب
روغن فالج و جھولا
روغن خدر
روغن عصب
نسوار اکسیر مرگی
دیگر۔ دیگر
معجون برائے مرگی
مطبوخ برائے مرگی
ام الصبیان و بوجہ شکم
معجون نسیان
روغن منوم
سفوف نزلہ دائمی
حب نزلہ کہنہ
حب زکام و نزلہ
تریاق نزلہ و زکام

245
246
246
246
247
247
247
247
248
249
249
249
249
250
250
250
250
251
251
251
251
252
252
252
253
253
253

نوار زکام
**دوائے ام الصبیان**
دیگر
حب اکسیر صرع
نسوار سکتہ و بیہوشی
ڈنکا برائے صرع
دوائے زکام
دوائے درد سر مجرب
نسوار اکسیر صرع
علاج سدر و دوار
دوائے صرع
نسوار صرع
دھونی صرع
نسوار ام الصبیان مجرب
شربت منوم
روغن منوم نمبر2
معجون نسیان
معجون درد سر ہر قسم
ضماد درد سر
روغن اعصاب
حب بنفشہ
نخلخہ درد سر
مجربات امراض چشم
سرمہ عظیم بینی
سرمہ اکسیر چشم
سرمہ برائے دھند وغیرہ
سرمہ امراض چشم
سرمہ برائے دھند
اکسیر کھولا

| | |
|---|---|
| نوار زکام | 253 |
| دوائے ام الصبیان | 254 |
| دیگر | 254 |
| حب اکسیر صرع | 254 |
| نوار سکتہ و بیہوشی | 254 |
| ٹوٹکا برائے صرع | 255 |
| دوائے زکام | 255 |
| دوائے درد سر مجرب | 255 |
| نوار اکسیر صرع | 255 |
| علاج سدر ودوار | 255 |
| دوائے صرع | 256 |
| نوار صرع | 256 |
| دھونی صرع | 256 |
| نوار ام النسیان مجرب | 256 |
| شربت منوم | 256 |
| روغن منوم نمبر2 | 257 |
| معجون نسیان | 257 |
| معجون درد سر ہر قسم | 257 |
| ضماد درد سر | 257 |
| روغن اعصاب | 257 |
| حب بنفشہ | 258 |
| لخلخہ درد سر | 258 |
| **مجربات امراض چشم** | 258 |
| سرمہ نیم سیی | 258 |
| سرمہ اکسیر چشم | 259 |
| سرمہ برائے دھند وغیرہ | 259 |
| سرمہ امراض چشم | 260 |
| سرمہ برائے دھند | 260 |
| اکسیر پھولا | 260 |

| | |
|---|---|
| دیگر | 261 |
| اکسیر جرب الاجفان | 261 |
| دیگر | 261 |
| اکسیر پڑبال | 262 |
| اکسیر رمد چشم | 262 |
| سرمہ ضعف بصر | 262 |
| سرمہ دھند وغبار وغیرہ | 262 |
| سرمہ اکسیر بیاض چشم | 263 |
| سرمہ جملہ امراض چشم | 263 |
| سرمہ اکسیری | 263 |
| سرمہ پڑبال ونزلہ | 264 |
| سرمہ قادری | 264 |
| حب سیاہ | 264 |
| سرمہ بے نظیر | 265 |
| **مجربات امراض گوش** | 265 |
| روغن ورم ودرد گوش | 265 |
| روغن درد گوش | 265 |
| دیگر | |
| دیگر | |
| بچہ کے کان سے رطوبت بہنا | 266 |
| زخم وپیپ ودرد کان | 266 |
| دوائے درد گوش | 267 |
| کان بہنا | 267 |
| روغن امراض گوش | 267 |
| روغن بہراپن وغیرہ | 267 |
| عرق درد گوش | 267 |
| **مجربات امراض بینی (ناک)** | 268 |
| دوائے نکسیر | 268 |

سعوط برائے نکسیر مجرب
سفوف نکسیر و نفث الدم

## مجربات امراض دندان

منجن اکسیر ماس خورہ-دیگر
دیگر-دیگر
دوائے درد دندان
دیگر-دیگر-دیگر-دیگر
درد داڑھ
منجن اکسیر دندان
منجن عجیب
منجن دانت خوشبودار
سفوف حابس خون شہ
منجن اکسیر، منجن دندان

## مجربات امراض حلق ودہن

استرخاء لہات دیگر
گلا صاف کرنے کی گولیاں
اکسیر خناق
غرغرہ خناق مجرب
ضماد خناق

## مجربات امراض سینہ و پھیپھڑے وغیرہ

274

حریرہ خشک کھانسی
شربت برائے امراض سینہ و شش
دوائے ضیق النفس و سعال
سفوف اکسیر تپ دق
عرق تپ مرکب
سفوف سل-دق
شربت سل ودق

268
268
268
268
269
270
271
270
271
271
271
272
272
273
273
273
274
274
274
274
275
275
275
276
276
276

سفوف سل ودق دیگر
حب اکسیر سل
سفوف اکسیر سل ودق
مفرح تپ دق
قرص مخفی برائے سل ودق
دیگر
حب کھانسی-دیگر
حب کھانسی اطفال
لعوق کالی کھانسی
چٹنی برائے کھانسی ہر قسم
دیگر
سفوف کھانسی ہر قسم
شربت شفاء
شربت مرکب ابریشم والا
حب اکسیر ذات الجنب
یونانی لال شربت
دیگر
دوائے ضیق النفس
اکسیر دمہ
شربت ضیق النفس
دوائے دمہ
منضج ضیق النفس
اکسیر سوء تنفس
کشتہ ہڑتال برائے دمہ
حب نفث الدم
کشتہ سکہ برائے نفث الدم
دمہ کا مجرب نسخہ
دوائے دمہ مجرب
مسہل برائے نمونیا

| | |
|---|---|
| اطفال | 287 |
| مطبوخ کھانسی کہنہ | 288 |
| حب سرفہ | 288 |
| دوائے ہچکی | 288 |
| اکسیر دمہ سخت | 288 |
| برائے کھانسی سخت | 288 |
| گولیاں کھانسی ہر قسم | 289 |
| مخزن اسرار | 289 |
| اکسیر دق نمبر1 | 290 |
| اکسیر دق نمبر2 | 290 |
| دوائے قے آمد برائے دمہ | 290 |
| **مجربات امراض معدہ و امعاء و مقعد** | 291 |
| سفوف معدہ | 291 |
| سفوف مقوی قوائے اربعہ معدہ | 291 |
| سفوف ہاضم خوش ذائقہ | 292 |
| سفوف ہاضم شیریں | 292 |
| سفوف دار چینی | 292 |
| سفوف پنج رتن | 293 |
| سفوف ریوند | 293 |
| سفوف درد شکم و قبض | 293 |
| عرق مرکب ہاضم و مشتہی | 293 |
| عرق گیکوار ہاضم | 294 |
| دوائے درد شکم | 294 |
| سفوف اکسیر قبض دائمی و بد ہضمی | 294 |
| دوائے معدہ | 295 |
| دیگر | 295 |
| حب ہاضم اکسیری | 295 |
| سفوف قاطع قبض | 295 |
| سفوف شہریاران | 296 |
| سفوف قبض و پیچش | 296 |
| سفوف معدہ و اسہال معدی | 296 |
| سفوف اسہال و پیچش | 297 |
| حب برائے پیچش | 297 |
| سفوف مغص امعاء | 297 |
| سفوف اسہال و پیچش | 298 |
| سفوف اسہال پیچش اطفال | 298 |
| سفوف حابس اسہال و مقوی معدہ | 298 |
| درد شکم کا مجرب نسخہ | 298 |
| نمک سلیمانی کا مستند نسخہ | 299 |
| حب صغیر قبض کشاء | 299 |
| مسہل اکسیری | 300 |
| مسہل عجیب | 300 |
| دیگر | 300 |
| مسہل بے ضرر | 301 |
| مسہل جامع | 301 |
| حب کبیر | 302 |
| حب قبض کشاء | 302 |
| دیگر | 302 |
| اکسیر سنگرہنی | 303 |
| کشتہ سنکھ برائے سنگرہنی | 303 |
| سفوف سنگرہنی | 303 |
| عرق اکسیر ہیضہ | 304 |
| ہیضہ وغیرہ کی مجرب گولیاں | 304 |
| گھٹی اطفال | 304 |
| حب بواسیر خونی | 305 |
| دیگر | 305 |
| بواسیری مسوں کا مکمل علاج | 305 |

| | |
|---|---|
| بخور برائے بواسیر | |
| اکسیر ریح البواسیر و مالیخولیا مراقی | |
| دوائے بواسیر ریحی | |
| حب بواسیر ریحی | |
| شربت ریح البواسیر | |
| و مالیخولیا مراقی | |
| سفوف ریح بواسیر | |
| سفوف قبض کشاء | |
| سفوف دیدان شکم | |
| سفوف عطاش اطفال | |
| نقوع عطاش | |
| دوائے عطاش | |
| حب اکسیر سنگرہنی | |
| مرہم سہ ہائے بواسیر | |
| **مجربات امراض قلب** | |
| جواہر مہرہ سلیمی | |
| دیگر | |
| سفوف مقوی قلب | |
| شربت مفرح و مقوی قلب | |
| حلوہ مقوی اعضاء رئیسہ | |
| سفوف مفرح بارد | |
| سفوف مفرح | |
| **مجربات امراض جگر و طحال** | |
| شربت فولاد اکسیر جگر | |
| دیگر | |
| حب خبث الحدید | |
| دوائے سوء القنیہ مجرب | |
| اکسیر استسقاء زقی وغیرہ | |

| | |
|---|---|
| امروزه | 306 |
| اکسیر طحال | 306 |
| عرق طحال | 306 |
| سفوف ورم طحال | 307 |
| پلستر ورم طحال و جگر مجرب | 307 |
| معجون مقوی جگر وغیرہ | 307 |
| دوائے اسہال جگری | 307 |
| دوائے اعظم طحال | 307 |
| اچار انجیر | 308 |
| **مجربات امراض گردہ و مثانہ** | 308 |
| دوائے درد گردہ | 308 |
| اکسیر درد گردہ | 308 |
| درد گردہ ریحی وغیرہ | 309 |
| سوزاک کا یکروزہ علاج | 309 |
| پچکاری سوزاک | 309 |
| پچکاری اکسیر سوزاک | 309 |
| اکسیر سوزاک | 310 |
| سوزاک کا مجرب نسخہ | 310 |
| دیگر | 310 |
| دیگر | 311 |
| اکسیر پتھری | 311 |
| دیگر | 312 |
| سفوف کاسنی | 312 |
| دوائے سوزاک | 312 |
| اندری جلاب | 313 |
| کشتہ نقرہ اکسیر سلسل بول | 313 |
| کشتہ صدف | 314 |
| دوائے کثرت بول و سلسل بول | 314 |
| دیگر مجرب غائت درجہ مفید | |

| | |
|---|---|
| دیگر نہایت عمدہ | 314 |
| دوائے احتباس بول | 315 |
| اکسیر احتباس بول | 315 |
| دیگر | 315 |
| اکسیر ذیابیطس | 316 |
| دیگر | 316 |
| دیگر | 316 |
| اکسیر حرقت البول | 316 |
| آبشار | 317 |
| دوائے ذیابیطس شکری | 317 |
| **مجربات امراض مردان** | 317 |
| کشتہ شنگرف اکسیری | 318 |
| کشتہ پارہ قائم النار | 318 |
| سفوف اکسیر جریان حار | 319 |
| گولی برائے جلوق | 319 |
| طلائے شباب | 319 |
| سفوف جریان | 320 |
| سفوف اکسیر جریان | 320 |
| دوائے سیاہ اکسیر جریان | 320 |
| اکسیر شباب | 320 |
| اکسیر نقرہ | 321 |
| حب مقوی و ممسک تحفہ | 321 |
| دیگر | 321 |
| دیگر | 322 |
| ماء الحیات | 322 |
| اکسیر طاقت مردی | 322 |
| حب مقوی و ممسک عنبری | 323 |
| حب ممسک دافع سرعت | 323 |
| دوائے اف[illegible] | 323 |

| | | |
|---|---|---|
| 324 | حب مقوی باہ | 334 |
| 324 | دیگر | |
| 324 | معجون مقوی باہ | 335 |
| 324 | کھیر مقوی باہ | 335 |
| 325 | کشتہ شنگرف آسان | 336 |
| 325 | تریاق باہ | 336 |
| 325 | طلائے اعلیٰ | 336 |
| 326 | طلائے خاص الخاص | 337 |
| 326 | طلائے بے آبلہ | 337 |
| 326 | طلائے سلیمی بے ضرر | 338 |
| 327 | طلائے اسرار | 338 |
| 327 | طلائے مخفی مجرب | 339 |
| 327 | حب قوت باہ و امساک | 339 |
| 328 | حب قوت باہ و عنانت | 340 |
| 328 | سفوف اکسیر جریان | 340 |
| 328 | سفوف قاطع جریان حار | 341 |
| 329 | گولیاں دافع جریان | 341 |
| 329 | سفوف جریان | 342 |
| 330 | سفوف اکسیر جریان و قوت باہ | 342 |
| 330 | شیر مقوی باہ | 342 |
| 331 | حبوب امساک وغیرہ اعلیٰ | 343 |
| 331 | دیگر | 343 |
| 331 | معجون مقوی باہ | 344 |
| 332 | ماء اللحم خاص الخاص | 345 |
| 332 | معجون مقوی و دافع جریان | 345 |
| 333 | سفوف کثرت احتلام | 345 |
| 333 | حب ذکاوت حس مجرب | 345 |
| 333 | سونا محلول مقوی باہ | 346 |
| 334 | حب اکسیر جریان و قوت باہ | 346 |

دیگر نہایت عمدہ 314
دوائے احتباس بول 315
اکسیر احتباس بول 315
دیگر 315
اکسیر ذیابیطس 316
دیگر 316
دیگر 316
اکسیر حرقت البول 316
آبشار 317
دوائے ذیابیطس شکری 317


## مجربات امراض مردان 317


کشتہ شنگرف اکسیری 318
کشتہ پارہ قائم النار 318
سفوف اکسیر جریان حار 319
مکور برائے جلق 319
طلائے شباب 319
سفوف جریان 320
سفوف اکسیر جریان 320
دوائے سیاہ اکسیر جریان 320
اکسیر شباب 320
اکسیر نقرہ 321
حب مقوی و ممسک تحفہ 321
دیگر 321
دیگر 322
عرق حیات 322
اکسیر طاقت مردی 322
حب مقوی و ممسک عنبری 323
حب ممسک دافع سرعت 323
دوائے دافع سرعت 323

| | |
|---|---|
| حب مقوی و ممسک عجیبہ | 346 |
| حب اکسیر الاجسام | 347 |
| حب مقوی باہ دیگر | 347 |
| حب امساک و قوت باہ | 348 |
| اکسیر قوت باہ و امساک | 348 |
| سفوف اکسیر جریان حار | 349 |
| اکسیر طلائے مجلوق | 349 |
| دوائے مقوی و ممسک آسان | 350 |
| دوائے محرک باہ آسان | 350 |
| طلائے آسان | 350 |
| دوائے اکسیر احتلام | 350 |
| سفوف عجیبہ برائے جریان | 351 |
| حبوب اکسیر جریان | 351 |
| دیگر | 352 |
| اکسیر جریان حار و ضعف جگر | 352 |
| حب مقوی بے نظیر | 352 |
| مقوی باہ دیگر | 352 |
| دوائے ملذذ | 353 |
| دیگر | 353 |
| حبوب مقوی باہ عجیبہ | 353 |
| طلائے نامردی | 353 |
| حبوب درد منی و مذی | 354 |
| حلوہ جریان | 354 |
| حب ممسک | 355 |
| دیگر | 355 |
| نکور مجلوق | 355 |
| طلائے غربا | 356 |
| طلائے فیض عام | 356 |
| طلائے اعلےٰ | 356 |
| کشتہ روپیہ سالم الحروف | 357 |
| کشتہ نقرہ اکسیری | 357 |
| جوان مرد | 357 |
| محلول لفاح | 358 |
| **مجربات امراض مخصوصہ زنان** | 358 |
| عرق شیر مدر حیض | 358 |
| مطبوخ مدر حیض | 359 |
| شربت مدر حیض | 359 |
| معجون مدر حیض | 360 |
| شربت ادرار حیض | 360 |
| شروت پلچھی | 360 |
| ایام حیض میں درد شکم | 361 |
| اکسیر اختناق الرحم | 361 |
| سفوف کثرت حیض | 361 |
| حب اسقاط حمل و اٹھرا | 361 |
| دیگر | 362 |
| دیگر آسان | 362 |
| دوائے ترقی شیر عورت | 362 |
| علاج عقر مجرب | 363 |
| حب معین حمل نمبر1 | 363 |
| حب معین حمل نمبر2 | 363 |
| حب معین حمل | 363 |
| دوائے اٹھرا نمبر1 | 364 |
| دوائے عقر نمبر2 | 364 |
| سفوف استقرار حمل | 364 |
| دوائے جریان زنان | 364 |
| تریاق استقرار حمل | 365 |
| دوائے جریان زنان | 365 |
| تریاق سیلان الرحم | 365 |

اکسیر سیلان الرحم
حب بے قاعدگی حیض
حب درد حیض وغیرہ
دوائے کرنگ
اکسیر سیلان الرحم و کثرت حیض
مجربات حمیات (تپ ہر قسم)
شربت اکسیر شفاء
سفوف اکسیر تپ
سفوف جور نمکس برائے تپ ہر قسم
عرق تپ کہنہ
زہر تپ مطبقہ وغیرہ
حبوب تپ موسمی وغیرہ
حبوب تپ موسمی
حبوب تپ کہنہ وغیرہ
جوشاندہ تپ لرزہ مجرب
حبوب ملیریا کہنہ وغیرہ
دوائے اطفال
اکسیر موتی جھرہ
حبوب تپ چوتھیہ مجرب
سفوف اکسیر تپ صفراوی
اکسیر بخار ملیریا وغیرہ
دوائے غب غیر خالص وغیرہ
تپ مرکب کا مجرب نسخہ
تپ کا خارجی علاج
سفوف بخار اکسیری
حبوب بخار
مجربات امراض جلد و عام
امراض متعلقہ ظاہ...

| | |
|---|---|
| اکسیر سیلان الرحم | 365 |
| ب بےقاعدگی حیض | 365 |
| ب درد حیض وغیرہ | 366 |
| دائے کرنگ | 366 |
| اکسیر سیلان الرحم و کثرت حیض | 366 |
| مجربات حمیات (تپ ہر قسم) | 366 |
| شربت اکسیر شفاء | 366 |
| سفوف اکسیر تپ | 367 |
| سفوف جور گمس برائے تپ ہر قسم | 367 |
| عرق تپ کہنہ | 368 |
| قرص تپ مطبقہ وغیرہ | 368 |
| حبوب تپ موسمی وغیرہ | 368 |
| حبوب تپ موسمی | 369 |
| حبوب تپ کہنہ وغیرہ | 369 |
| جوشاندہ تپ لرزہ مجرب | 369 |
| حبوب ملیریا کہنہ وغیرہ | 369 |
| دوائے اطفال | 370 |
| اکسیر موتی جھرہ | 370 |
| حبوب تپ چوتھیہ مجرب | 370 |
| سفوف اکسیر تپ صفراوی | 370 |
| اکسیر بخار ملیریا وغیرہ | 371 |
| دوائے غب غیر خالص وغیرہ | 371 |
| تپ مرکب کا مجرب نسخہ | 371 |
| تپ کا خارجی علاج | 372 |
| سفوف بخار اکسیری | 372 |
| حبوب بخار | 373 |
| **مجربات امراض جلد وعام** | 373 |
| **امراض متعلقہ ظاہر بدن** | 373 |

| | |
|---|---|
| اکسیر آتشک | 373 |
| جوہر اکسیر آتشک | 374 |
| حبوب اکسیر آتشک | 374 |
| آتشک کی بے خطا گولیاں | 375 |
| حب اکسیر آتشک و جذام | 375 |
| دوائے مصفے خون | 376 |
| اکسیر مرہم آتشک وغیرہ | 376 |
| دوائے جذام | 377 |
| اکسیر برص و چنبل | 377 |
| معجون دافع برص | 377 |
| اکسیر چنبل | 377 |
| دیگر | 378 |
| روغن ضربہ و سقطہ | 378 |
| روغن چوٹ | 378 |
| فساد خون و چھپاکی | 379 |
| دوائے بکھرالی | 379 |
| عرق برص | 379 |
| ضماد اکسیر رسولی | 380 |
| مرہم سعفہ یعنی گنج | 380 |
| مرہم اکسیر ناسور | 380 |
| معجون وجع مفاصل وغیرہ | 381 |
| حب اکسیر عرق النساء | 381 |
| حبوب اکسیر وجع مفاصل | 381 |
| سفوف سورنجان | 382 |
| روغن وجع مفاصل اکسیری | 382 |
| دوائے گنٹھیا | 382 |
| حب برائے درد زانو | 383 |
| حب درد کمر | 383 |
| دوائے عرق مدنی یعنی نارو | 383 |

| | |
|---|---|
| افیون چھڑانے کی ترکیب | |
| میٹھی کونین | |
| دافع زہر سنکھیا' دافع زہرافیون | |
| دیگر مجرب' ضماد گنج | |
| اکسیری علاج برص | |
| اکسیری علاج چنبل | |
| دیگر معجون اکسیر خنازیر | 384 |
| دانہ گری یعنی پت | 384 |
| دیگر مجرب | 384 |
| دیگر مجرب | 384 |
| ہاتھ پاؤں پھٹ جانا | 385 |
| مرہم برائے سوختہ | 385 |
| دیگر مجرب | 385 |
| دیگر آسان | 385 |
| اکسیر چھپاکی | 386 |
| شری مزمن کا مجرب نسخہ | 386 |
| نقوع مصفے اعلٰے | 386 |
| مطبوخ مصفے اعلٰے | 386 |
| خارش خشک وتر کا مجرب نسخہ | 387 |
| شربت مصفے خون | 388 |
| دوائے ضربہ وسقطہ مجرب | 388 |
| مرہم پھوڑا پھنسی بوائی | 387 |
| مرہم اکسیری | 389 |
| مرہم اکسیر لاہور سور | 389 |
| اکسیر داد چنبل | 389 |
| چہرہ کی چھائیاں صاف کرنا | 390 |
| حبوب مصفے خون | 390 |
| **متفرقات** | |
| بال عمر بھر نہ اگنے کا مجرب نسخہ | 390 |
| کشتہ خام خارج کرنا | 390 |
| بالوں کی جوئیں دفع کرنا | 390 |
| معجون ممسک مفرط | 391 |
| سگ گزیدہ کا مجرب علاج | 391 |
| تریاق مار گزیدہ | 392 |
| دوائے عقرب گزیدہ-دیگر | 392 |
| | 392 |

# مجربات سلطانی (حصہ سوم)

## مجربات امراض سر

### (1) سرفراز

اسناد: مولانا حاذق العصر حکیم محمد یحییٰ خان صاحب شفاء (خانپوری) کا عطیہ ہے۔ موصوف اسے راس الاکسیر کہا کرتے ہیں اور فی الواقعہ بے حد مفید اور کامیاب نسخہ ہے۔ ہر ایک مطب میں تیار رہنا چاہئے۔

منافع: سر کی تمام بیماریوں کو نافع ہے۔ درد سر، صرع، فالج، استرخاء، لقوہ، تشنج اور نزلہ و زکام وغیرہ میں مناسب بدرقات کے ساتھ بے حد مفید و مجرب ہے۔

نسخہ: بیش (میٹھا تیلیہ) قرنفل (لونگ) زنجبیل، فلفل گرد، فلفل دراز ہر ایک 3 تولہ جائفل، شنگرف رومی ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: پہلے بیش کو باریک کر کے رکھ لیں پھر سونٹھ کو پیسیں اور باقی تمام اجزا ملا کر خوب کھرل کر کے ملا لیں۔

استعمال: وقت ضرورت ایک ماشہ تک پانی، دودھ، شوربہ، یخنی وغیرہ کے ہمراہ کھلائیں۔ دوران استعمال میں تیل، ترشی اور بادانگیز چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

### (2) دماغ افروز

منافع: نزلہ دائمی کے لئے مفید ہے۔ دماغ کو طاقت بخشتا ہے۔ عمدہ خوش ذائقہ لذیذ اور موثر دوا ہے۔ جن کو نزلہ دائمی کی شکایت رہتی ہو یا دماغ کمزور ہو وہ اس خاص الخاص نسخہ کو ضرور استعمال کریں ایک حاذق طبیب کا معمول مطب ہے اور ان کے مطب میں بہت فروخت ہوتا ہے جو بڑی مشکل سے حاصل کیا گیا اور تجربہ کے بعد درج کر دیا جاتا ہے۔ نزلہ دماغی جو ضعف دماغ کی وجہ سے ہو اور ہمیشہ ستاتا ہو اور عارضی نزلہ کے لئے بھی یہ استعمال ہوتا ہے۔

نسخہ: دارچینی، الائچی کلاں، چاول کشنیز، چاول سونف ہر ایک 5 تولہ، مغز بادام مغز پستہ، مغز تخم کدو، خشخاش ہر ایک پاؤ گھی گائے آدھ سیر کھانڈ 2 سیر۔

ترکیب: خشخاش کو کونڈہ ڈنڈا میں خوب باریک پیس لیں۔ باقی خشک دواؤں کو باریک کر کے اس میں ملا دیں۔ کھانڈ میں ایک سیر پانی ملا کر آگ پر رکھیں اور چمچہ سے ہلاتے رہیں جب کھانڈ خوب حل ہو جائے تو گھی ملا دیں اور بدستور ہلاتے رہیں جب قوام پک جائے۔ تمام خشک دواؤں کا سفوف ملا کر ہلاتے رہیں جب حلوہ کا قیام تیار ہو جائے نیچے اتار لیں۔

استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ شام استعمال کریں۔

## (3) چٹنی مقوی دماغ

**منافع:** حافظہ کو بڑھاتی اور نسیان کو دور کرتی ہے۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی دماغ اور ضعف قلب کے لئے بے نظیر ہے۔ دوران سر کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ یہ نسخہ ہمارا ذاتی مجرب اور آزمودہ ہے اور لطف یہ کہ نہایت آسان اور لذیذ ہے۔ اکیس روز استعمال کرنے سے مذکورہ بالا عوارض زائل ہو کر بہت جلد صحت حاصل ہوتی ہے اور اس کے استعمال کرنے سے تمام دن طبیعت خوش اور ہلکی رہتی ہے۔ ضعف بصارت کے لئے مفید ہے۔

**نسخہ:** مغزبادام مقشر 7 عدد' الائچی خورد 4 عدد' چھوہارا عمدہ ایک عدد' مصری' مسکہ گاؤ ہر ایک 5 تولہ۔

**ترکیب و استعمال:** مغزبادام اور چھوہارے رات کو ایک مٹی کے کورے برتن میں تھوڑا پانی ڈال کر بھگو رکھیں۔ صبح پانی ڈال کر بھگو رکھیں۔ صبح بادام کا چھلکا اتار لیں اور چھوہارا کی گٹھلی دور کر دیں اور الائچی کے دانے نکال کر ان کو خوب پیس لیں۔ پھر ان تینوں اشیاء میں مصری ملا کر خوب پیسیں آخر میں مکھن اور اکسیر خاص دو رتی ملا کر چاٹ لیں۔

**نسخہ اکسیر خاص:** طباشیر 2 ماشہ' مروارید ناسفتہ (موتی) ایک ماشہ ورق چاندی 25 عدد تینوں اشیاء کو پختہ کھرل میں متواتر چھ گھنٹہ تک کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔ شیشی میں محفوظ رکھیں اور بقدر ضرورت ہر روز استعمال کیا کریں۔

**ہدائت:** دوران استعمال میں گرم ترش اور تیل دار اشیاء مثلاً اچار ہر قسم بینگن' دال' مسور' میٹھی' لال مرچ سے پرہیز ضروری ہے۔

## (4) معجون مقوی دماغ اکسیری

**منافع:** نہایت درجہ مقوی دماغ ہے۔ اعضاء رئیسہ دل و دماغ و معدہ و جگر کی تقویت کے لئے اس سے بڑھ کر مفید اور کوئی نسخہ نہیں۔ بدن کو طاقت دیتی ہے۔ قوت باہ اور تفریح و نشاط پیدا کرتی ہے۔ اگر آپ کو ضعف اعضاء رئیسہ کے لئے کسی اعلیٰ دوا کی ضرورت ہو تو آپ اس معجون کو بنا کر استعمال کریں۔

**نسخہ:** زردی بیضہ مرغ 25 عدد' مغزبادام مقشر ایک پاؤ' روغن زرد' شکر سفید ہر ایک ایک سیر کھویا شیر آدھ سیر' مروارید ناسفتہ تین ماشہ' ورق نقرہ' طباشیر' الائچی خورد' زعفران ہر ایک 6 ماشہ' عنبر ہر ایک ایک ماشہ' ابریشم مقرض گل گاؤزبان ہر ایک 2 تولہ۔

**ترکیب:** مغزبادام کو پیس کر زردی بیضہ مرغ' روغن زرد' شکر سفید کے ہمراہ نرم آنچ پر پکا دیں تاکہ رطوبت خشک ہو جائے پھر کھویا شیر ملا کر دوبارہ پکائیں۔ جب اچھی طرح حل ہو جائے تو باقی دوائیں باریک شدہ ملا دیں (نوٹ) مروارید کو چھ ماشہ روح کیوڑہ ملا کر پختہ کھرل میں کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے باقی دوائیں الگ الگ باریک کر کے مروارید میں ملا کر کھرل کریں۔ ابریشم کو صاف کر کے قینچی سے باریک کتر لیں تب باقی دواؤں میں ملا کر اس حد تک کھرل کریں کہ یکجان ہو کر سفوف بن جائے۔

استعمال: ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## (5) خمیرہ مقوی دماغ وغیرہ

منافع: مقوی دماغ، دافع نزلہ و زکام کہنہ اور دافع خشکی دماغ و دافع نسیان ہے۔ نیز ضعف باہ کے لئے مفید ہے۔ کئی دفعہ کا مجرب اور آزمودہ ہے۔

نسخہ: مغز بادام مقشر ڈیڑھ پاؤ، شقاقل، بہمن سرخ، ستاور ہر ایک 5 تولہ، دار چینی، صندل سفید، طباشیر ہر ایک 2 تولہ، زعفران عمدہ، ورق نقرہ ہر ایک 6 ماشہ، شہد 12 چھٹانک۔

ترکیب: حسب دستور خمیرہ تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ دوران استعمال میں تیل، ترشی اور گرم و بادانگیز چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

## (6) روغن مقوی دماغ

منافع: اگر دماغ کمزور ہو دماغ میں خشکی ہو آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہو۔ ٹھیک نظر نہ آتا ہو تو اس روغن اور حریرہ سے (جو آگے لکھا جائے گا) تمام عوارض دور ہو جاتے ہیں۔ ایک ہفتہ کا استعمال کافی ہوتا ہے۔ کئی دفعہ کا مجرب اطمینانی علاج ہے۔

نسخہ: مغز کدو، مغز بادام، مغز پستہ، خشخاش سفید ہر ایک 2 تولہ، چینی (کھانڈ) 4 ماشہ۔

ترکیب: سوائے چینی کے باقی دوائیں سرمہ کی طرح باریک پیس کر چینی ملائیں اور تانبے کی تھالی میں ڈال کر آگ پر رکھ کر ہاتھ سے خوب دبائیں تیل نکل آئے گا پانی زیادہ نہ پڑ جائے صرف قطرہ قطرہ پانی ڈالنا چاہئے اور تھالی کے نیچے آگ انگاروں کی رکھنی چاہئے۔ جب تمام تیل نکل آئے شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

استعمال: ہر روز بقدر ضرورت سر پر مالش کریں۔

## (7) حریرہ مقوی دماغ

منافع: تقویت حافظہ، نسیان، خشکی دماغ، ضعف دماغ کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

نسخہ: نشاستہ، خشخاش ہر ایک تولہ، مغز پستہ 3 ماشہ، مغز بادام، مغز کدو، مغز خربوزہ، مغز نارجیل (گری کھوپا) ہر ایک 6 ماشہ، مصری روغن زرد ہر ایک 3 تولہ، شیر گاؤ ایک پاؤ۔

ترکیب: خشخاش کو کونڈہ ڈنڈہ میں تھوڑا سا پانی ملا کر خوب گھوٹ لیں اور کپڑے میں چھان کر اس کا دودھ نکال کر الگ رکھیں پھر باقی مغزیات کو باریک کر کے اس میں ملا لیں پھر شیر گاؤ اور نشاستہ اس میں گھول کر اور روغن زرد و مصری ملا کر نرم آنچ پر پندرہ بیس منٹ تک پکائیں۔ بس تیار ہے۔

استعمال: یہ حریرہ سوتے وقت رات کو استعمال کرنا چاہئے اور اس کے ساتھ روغن ضعف دماغ (جس کا نسخہ پہلے لکھا جا چکا ہے) ضرور استعمال کرنا چاہئے تاکہ مکمل فائدہ ہو جائے اسی مقدار کی دوائیں لے کر

روزانہ تازہ تیار کر کے استعمال کرنا چاہئے۔

## (8) معجون مالیخولیا

**استاد:** حضرت استاذی مخدومی استاد جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا معمول مطب ہے۔ آپ نے مجھے عنایت فرمایا تھا جو قابل قدر چیز ہے۔

**منافع:** مالیخولیا کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔ معدہ اور دماغ کو طاقت دیتی ہے۔ مفرح قلب ہے۔

**نسخہ:** مربہ آملہ بناری 2 عدد، گل سرخ، کشنیز، گل گاؤزبان، صندل سفید بہ گلاب سودہ ہر ایک 7 ماشہ، زہر مہرہ بہ گلاب سودہ، طباشیر، بہمن سرخ، بہمن سفید، گل نسرین زرنباد، کباب چینی، ابریشم مقرض، درونج عقربی ہر ایک 4 ماشہ عود ہندی، سنبل الطیب، مصطگی رومی ہر ایک 2 ماشہ، مصری دو چند، شربت نار شیریں یک چند ادویہ۔

**ترکیب:** مصری کا عرق گلاب اور عرق کیوڑہ میں قوام تیار کریں اخیر قوام میں شربت ملائیں جب قوام درست ہو جائے۔ خشک دوائیں باریک پیس کر اور مربہ پیس کر ملا دیں اور چمچہ سے خوب ہلائیں تاکہ سب اشیاء یک ذات ہو کر معجون تیار ہو جائے مگر زیادہ دیر آگ پر نہ رکھیں۔

**استعمال:** تین ماشہ سے 9 ماشہ تک ہمراہ شربت مالیخولیا استعمال کریں۔ جس کا نسخہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

## (9) شربت مالیخولیا

**استاد:** حضرت استاذیم علامہ حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ ہے جو معجون مندرجہ بالا کے ہمراہ استعمال ہوتا ہے۔

**منافع:** مالیخولیا ضعف معدہ، ضعف دماغ کے لئے مفید ہے۔ مواد سوداوی کی اصلاح کرتا ہے۔

**نسخہ:** گاؤزبان 2 تولہ، گل گاؤزبان تولہ گل سرخ، گل نیلوفر، گل نسرین ہر ایک 1 تولہ، افتیمون، اسطوخودوس، تخم خیارین کوفتہ، تخم تربوز ہر ایک 5 ماشہ، بادرنجبویہ 10 ماشہ، ساذج ہندی، تخم فرنجمشک ہر ایک 2 ماشہ، بیخ کاسنی، بیخ بادیان، تخم خربوزہ ہر ایک 3 ماشہ، بادیان کوفتہ، خار خسک کوفتہ ہر ایک 9 ماشہ مصری تین پاؤ۔

**ترکیب:** تین تولہ سے پانچ تولہ تک پانی ملا کر استعمال کریں۔

## (10) معجون مالیخولیا دیگر

**استاد:** یہ نسخہ علامہ زمان حضرت استاذیم جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ اور مجرب و معمولی ہے۔

**منافع:** مالیخولیا کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ تقویت قلب معدہ و دماغ کے لئے عمدہ چیز ہے۔ تفریح بخشتی ہے۔ مالیخولیا تمام اقسام کے لئے مخصوص چیز ہے۔ معمول مطب ہے۔

نسخہ: کشتہ صدف، کہربا شمعی، کشتہ مرجان، دارچینی، الائچی خورد، صندل سفید، صندل سرخ، مازو، طباشیر، درونج عقربی، عود صلیب، پوست بیخ انجبار، گل ارمنی، کباب چینی، مصطگی ہر ایک 2 ماشہ، ابریشم مقرض 9 ماشہ، عود خام، مغز تربوز، تخم خرفہ ہر ایک 5 ماشہ، عنبر اشہب 2 رتی، شیرہ مربہ آملہ، شیرہ مربہ ہی ہر ایک 4 تولہ، مغز بادام مقشر 20 عدد، شہد خالص مصری ہر ایک 5 تولہ شربت سیب 10 تولہ، حسب دستور معجون تیار کریں۔

استعمال: تین ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان 5 تولہ صبح و شام استعمال کریں۔

## (11) سفوف مالیخولیا مراقی

اسناد: ہمارے فاضل دوست جناب حکیم مولوی شمس الدین صاحب ساکن چوکناں والی کا معمول مطب نسخہ ہے جو اپنے فوائد و منافع کے لحاظ سے نہایت قابل قدر ہے۔

منافع: مالیخولیا مراقی کے لئے مفید آزمودہ ہے۔

نسخہ و ترکیب: زراوند مدحرج، درونج عقربی، کچور، تخم فرنجمشک ہر ایک تولہ، اندر جو شیریں، بابڑنگ، نمک سیاہ ہر ایک 9 ماشہ ہر ایک دوائی الگ الگ باریک کر کے کوٹ کر ملا لیں۔

استعمال: دو ماشہ کھا کر بعد میں عرق شیر 5 تولہ، شربت دینار 3 تولہ ملا کر پی لیں۔ اسی طرح صبح و شام استعمال کریں۔ عرق شیر کا نسخہ ذیل میں درج ہے۔

## (12) عرق شیر برائے مالیخولیا مراقی

نسخہ و ترکیب: گلو خشک، تخم کاسنی ہر ایک 2 تولہ، گل بنفشہ، برگ بانسہ، گل سرخ، برادہ صندل سفید ہر ایک 3 تولہ، دانہ الائچی خورد، کافور ہر ایک 6 ماشہ، شیر بز، شیر گاؤ ہر ایک ڈیڑھ سیر حسب دستور عرق بقدر نصف بوتل کشید کریں۔

استعمال: طریق استعمال سفوف مالیخولیا کے ضمن میں درج ہو چکا ہے۔

## (13) دوائے مالیخولیا و نسیان

منافع: مالیخولیا کے لئے مفید اور نسیان کو دور کرتی ہے۔ عمدہ مقوی دماغ اور تبخیر کے لئے مفید ہے۔ قبض دور کرتی ہے۔ بشرطیکہ قابض اشیاء سے پرہیز کر کے زیادہ عرصہ تک استعمال کی جائے۔ معدہ، امعاء کو طاقت دیتی ہے۔ عمدہ چیز ہے۔

نسخہ: مربہ ہلیلہ خستہ بر آوردہ، مغز بادام، گلقند ہر ایک ایک حصہ۔

ترکیب: مربہ آملہ کی گٹھلیاں دور کر کے پھر تینوں اشیاء کو تندہ ڈنڈہ میں باریک پیس کر ملا لیں اور کسی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: 3 تولہ صبح 2 تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

## (14) سفوف مالیخولیا و خاموشی

**اسناد:** استاد الاطباء محترم حکیم مولوی شمس الدین صاحب ساکن چوکناں والی ضلع گجرات کے بیاض کا مجرب ہے اور ہمارا آزمودہ۔

**منافع:** توحش قلبی دماغی و خاموشی و مالیخولیا و خوف و خفقان کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ اس سے کمزور شدہ اعضاء رئیسہ طاقتور ہو جاتے ہیں۔ تفریح پیدا ہوتی ہے۔ طبیعت میں طاقت و توانائی آجاتی ہے۔ گرمی دور ہوتی ہے۔ جامع الاوصاف اور مجرب دوا ہے۔

**نسخہ:** کشتہ سنگ یشب در گل سرخ بھاری تیار کردہ، کشتہ عقیق در نغدہ ر-لٹھہ تیار کردہ کشتہ فولاد در افتیمون تیار کردہ طباشیر ہر ایک تین ماشہ ورق نقرہ کلاں نصف دفتری ورق طلا ایک دفتری، مروارید ناسفتہ 2 ماشہ، دانہ الائچی خورد 7 ماشہ۔

**ترکیب:** مروارید کو روح کیوڑہ چھ ماش میں خوب کھرل کر کے خشک کریں اور کھرل سے نکال لیں پھر طباشیر اور دانہ الائچی خورد کو پیسیں پھر مروارید کھرل شدہ و کشتہ جات ان میں ملا کر ورق ایک ایک کر کے ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں جب تمام چیزیں خوب مل جائیں تو محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** تین ماشہ ہمراہ شربت مالیخولیا، تین تولہ کہ جس میں دوچند یا سہ چند پانی ملایا گیا ہو۔ صبح و شام استعمال کریں۔ شربت کا نسخہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

## (15) شربت مالیخولیا

**منافع:** اس کے فوائد بھی وہی ہیں جو مندرجہ بالا سفوف کے ہیں اور اسی کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔ مالیخولیا کے تمام عوارض کے لئے عمدہ موثر اور جامع علاج ہے۔

**نسخہ:** ابریشم مقرض، بادرنجبویہ، گل سرخ، برادہ صندل سفید ہر ایک 3 تولہ، بسفائج گاؤزبان ہر ایک 2 تولہ، گل گاؤزبان، اسطوخودوس ہر ایک 2 تولہ، عرق گلاب، عرق بید مشک، مصری ہر ایک تین پاؤ، آب سیب، آب انار شیریں ہر ایک آدھ سیر۔

**ترکیب:** خشک دوائیں رات کو عرقیات میں تر کریں۔ صبح دو جوش دے کر مل چھان کر مصری اور آب انار اور آب سیب ملا کر شربت تیار کریں۔

**استعمال:** اوپر والے نسخہ نمبر 14 میں تحریر کیا گیا ہے۔ گرم، ترش اور تیل دار و قابض اشیاء سے پرہیز کریں۔

## (16) جوارش مالیخولیا

**منافع:** یہ جوارش مالیخولیا، وسواس، وہم کے لئے مفید ہے۔ معدہ، دل، دماغ کو طاقت بخشتی ہے۔ نیز گرمی، دل کی دھڑکن کے لئے بہت نافع ہے۔ عمدہ ہاضم اور مفرح ہمہ صفت موصوف ہے۔

**نسخہ:** مربہ سیب، مربہ ہلیلہ، مربہ سفرجل (بہی) ہر ایک ایک پاؤ۔ عرق گلاب آدھ سیر، عرق گاؤزبان

مصری ہر ایک ایک سیر۔

ترکیب: مربہ جات کو پیس کر عرقیات کے ساتھ کونڈہ ڈنڈہ میں خوب گھول کر مصری ملا کر قوام تیار کریں۔ پھر مندرجہ ذیل ادویہ کا سفوف (جو پہلے تیار ہو) ملا کر جوارش تیار کر لیں۔

ادویہ یہ ہیں: طباشیر کبود، برادہ صندل سفید ہر ایک 9 ماشہ، تخم خرفہ تولہ، گل گاؤزبان اصلی، تخم زبمنک، گل سیوتی، مرجان سرخ، کشنیز خشک ہر ایک 6 ماشہ الگ الگ باریک کوٹ کر ملا لیں۔

استعمال: 6 ماشہ سے 9 ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان 10 تولہ استعمال کریں۔

ہدایات: گرم، ترش اور تیل دار اور قابض غذاؤں سے پرہیز کریں۔

## (17) معجون مراق

منافع: یہ معجون مالیخولیا مراقی کے لئے معمول مطب ہے۔ ریاح خوب خارج کرتی اور قبض کو دور کرتی ہے۔ نیز مفرح قلب ہے۔ وقت ضرورت آسانی سے تیار ہو سکتی ہے۔ عمدہ مقوی معدہ ہے۔ قوت ہضم کو بڑھاتی ہے۔

نسخہ: مربہ ہلیلہ، گل قند ہر ایک 3 تولہ، گل بنفشہ، برگ سناء ہر ایک 9 ماشہ، فلفل سیاہ 2 ماشہ، مغز بادام 2 تولہ۔

ترکیب: مربہ ہلیلہ کی گٹھلیاں دور کر دیں۔ خشک دواؤں کو باریک پیسیں پھر سب اشیاء کو کونڈہ ڈنڈہ میں خوب پیس کر ملا لیں۔

استعمال: ایک تولہ سے 1. تولہ تک ہمراہ دودھ گاؤ رات کو سوتے وقت استعمال کرائیں۔

## (18) سرمہ درد سر

منافع: یہ سرمہ آنکھ میں لگانے سے درد سر کو پانچ منٹ میں آرام بخشتا ہے نہایت مستند ہے۔

نسخہ: گیرو 6 ماشہ، سونٹھ تین ماشہ۔

ترکیب: گیرو کو باریک پیسیں پھر سونٹھ باریک شدہ ملا کر خوب کھرل کر کے سرمہ بنائیں۔

استعمال: جب درد سر ہو دونوں آنکھوں میں سلائی سے لگا لیں۔ آنکھوں سے پانی نکل کر درد فوراً کافور ہو گا۔

## (19) درد سر کہنہ و شقیقہ

منافع: درد سر کہنہ و شقیقہ کے لئے مفید و مجرب ہے۔ اس سے اکثر دو تین دن میں آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت مفید و موثر دوا ہے۔ کئی دفعہ اس کا تجربہ کرنے کا اتفاق ہوا ہے۔

نسخہ: پوست بندق ہندی (ریٹھہ) تین عدد، پانی خالص 4 تولہ۔

ترکیب: چھلکا ریٹھہ کو باریک کر کے پانی میں ایک گھنٹہ تک تر رکھیں۔ پھر آرام سے پانی نتھار کر شیشی میں ڈال لیں۔

**استعمال:** اگر درد تمام سر میں ہو تو ڈراپر کے ذریعہ یا یونہی دونوں نتھنوں میں اگر ایک طرف ہو تو اسی طرف جس طرف درد ہو دس بارہ قطرہ مریض کو لٹا کر ڈالیں۔ بعد میں دس بارہ قطرہ روغن گل ڈالیں۔ اگر آرام نہ ہو تو تین گھنٹہ کے بعد پھر اسی طریق سے استعمال کریں۔ دوائی ڈال کر کوئی نسوار نزلہ استعمال کرنی چاہئے۔

## (20) دوائے درد شقیقہ

**منافع:** درد شقیقہ کے لئے عمدہ موثر ٹونکا ہے۔ ایک دو دفعہ کے استعمال سے آرام ہو جاتا ہے۔

**نسخہ:** نمک لاہوری 2 ماشہ پانی خالص 2 تولہ۔

**ترکیب:** نمک کو کھرل میں پانی کے ساتھ تھوڑی دیر تک کھرل کریں۔ پھر کچھ دیر تک آرام سے رکھ دیں پھر پانی نتھار کر شیشی میں ڈالیں۔

**استعمال:** مریض کو لٹا کر دو قطرہ ناک میں ٹپکائیں۔ اگر ضرورت ہو تو تین گھنٹہ کے بعد پھر استعمال کریں۔

## (21) دیگر خوردنی

**منافع:** اس کے استعمال سے فائدہ پہلے دن ہو جاتا ہے اور تین دن تک بالکل آرام ہو جاتا ہے۔

**نسخہ:** شیر گاؤ 15 تولہ، روغن گاؤ ایک تولہ، مصری 2 تولہ۔

**ترکیب و استعمال:** شیر گاؤ رات کو جوش دے کر احتیاط سے رکھ دیں۔ صبح اس میں روغن گاؤ اور مصری ملا کر دن چڑھنے سے پہلے استعمال کریں روزانہ اسی طرح استعمال کریں۔

## (22) نسوار شقیقہ

**منافع:** درد شقیقہ کے لئے بے نظیر ہے اس سے فوری فائدہ ہوتا ہے اور ہمارے مطب میں ہمیشہ تیار رہتی ہے۔

**نسخہ:** نوشادر 6 ماشہ، کافور ایک ماشہ۔

**ترکیب:** دونوں ادویہ الگ الگ باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** ضرورت کے وقت ایک چٹکی بھر ناک میں بطور نسوار پھونکیں۔

## (23) لخلخہ شقیقہ

**منافع:** یہ لخلخہ اگر درد کی نوبت سے پہلے استعمال کیا جائے تو درد نہیں ہوتا اگر ہو تو کم ہوتا ہے اس کو دو تین دن تک متواتر استعمال کرنا چاہئے اور ساتھ مناسب علاج جاری رکھنا چاہئے مجرب ہے۔

**نسخہ:** روغن کدو، روغن گل، روغن خشخاش، روغن بادام، سرکہ، کافور ہر ایک 2 ماشہ، افیون 7 رتی۔

**ترکیب:** افیون اور کافور کو باریک پیس لیں پھر سب کو ایک کھلے منہ والی شیشی میں ڈال کر شیشی کا منہ بند رکھیں۔

استعمال: درد شروع ہونے سے پہلے شیشی کا منہ کھول کر مریض کو سونگھائیں۔ تھوڑی دیر کے بعد تین دفعہ استعمال کریں۔

## (24) ضماد زنجبیل

منافع: ہر قسم درد سر کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔
نسخہ: کشنیز خشک 2 ماشہ ' زنجبیل (سونٹھ) ' پوست بیخ ارنڈ ' بورہ صندل سفید ہر ایک 6 ماشہ۔
ترکیب: سب دوائیں باریک پیس کر بقدر ضرورت پانی ملا کر ضماد تیار کریں۔
استعمال: موسم گرما ہو تو یونہی ماتھے پر ضماد کریں اور سردیوں میں گرم کر کے لگائیں۔

## (25) سفوف بادیان

منافع: جو درد سر قبض اور ضعف معدہ کی وجہ سے ہو اس کے لئے معمول ہے اور قبض کی عادت کے لئے عمدہ چیز ہے۔ تبخیر کو فائدہ کرتا ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔
نسخہ: بادیاں ' برگ سناء ' مصری ہر ایک ایک تولہ ' زیرہ سفید 9 ماشہ ' نمک لاہوری 3 ماشہ۔
ترکیب: تمام ادویہ باریک پیس کر ملا لیں۔
استعمال: 6 ماشہ ہمراہ گرم پانی استعمال کریں۔

## (26) خمیرہ درد سر

منافع: جو درد سر ضعف معدہ اور تبخیر کے سبب سے ہو اس کے لئے مفید ہے۔ مندرجہ بالا سفوف کے ہمراہ ایک وقت اکثر یہ خمیرہ استعمال کرایا جاتا ہے۔ مجرب ہے۔
نسخہ: مربہ ہلیلہ ' مربہ آملہ ہر دو پانچ عدد ' مغز کشنیز دو تولہ ' گل سرخ ' بورہ صندل سفید ' دانہ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ تولہ مصری دس تولہ۔
ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر حسب دستور خمیرہ تیار کریں۔
استعمال: 9 ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ عرق سونف دس تولہ استعمال کریں۔

## (27) دوائے درد سر

منافع: ہر قسم درد سر کو پانچ منٹ میں زائل کرتی ہے مگر جو درد قبض کی وجہ سے ہو اس کے لئے قبض کشائی کرنا ضروری ہے۔ علاوہ ازیں درد دانت ' درد اعصاب وغیرہ تمام دردوں کے لئے مفید ہے۔ پسینہ لا کر تپ کو اتارتی ہے اور ہمارے مطب میں تیار رہتی ہے۔
نسخہ: فنسٹین ' کے فین ' انٹی فیرین ' اسپیرین ' سوڈا سلی سلاس ہر ایک ایک تولہ ' ورق سونا 3 عدد ' گیرو 3 ماشہ۔
ترکیب: گیرو کو باریک پیس لیں پھر سوائے ورق سونا کے تمام دواؤں کو ملا کر کھرل کریں اور ورق سونا

ایک ایک کر کے ملاتے جائیں۔ جب خوب مل جائیں تو شیشی میں رکھیں۔

**استعمال**: 4 رتی ہمراہ دودھ گرم استعمال کریں۔ اگر پوری طرح فائدہ نہ ہو تو پندرہ منٹ کے بعد دوسری خوراک دیں۔

## (28) درد شقیقہ و درد سردائی

**منافع**: درد شقیقہ اور درد سردائی جو کسی دوا سے اچھا نہ ہو اس سے اکثر فائدہ ہو جاتا ہے آپ بھی اس کا تجربہ فرما کر اس کا اثر دیکھیں ہمارا آزمودہ ہے۔

**نسخہ**: انٹی پائرین، جوہر نوشادر ہر ایک 4 رتی، پلو رہائی کو 8 رتی۔

**ترکیب**: یہ تمام ایک خوراک کا وزن ہے۔ وقت ضرورت جتنی خوراکیں ضرورت ہو تیار کر لیں۔

**استعمال**: ایک خوراک صبح ایک شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ اور اس کے ساتھ نسوار کافور و نوشادر والی جس کا نسخہ پہلے لکھا گیا ہے استعمال کرائیں۔

## (29) حب اکسیر لقوہ

**منافع**: بے نظیر نسخہ لقوہ کے لئے اکسیر الاثر ہے۔ اس کے سامنے تمام کشتہ جات منضج، مسہل، معجونیں وغیرہ اور ڈاکٹری علاج ہیچ ہیں۔ جہاں یہ تدابیر ناکام ثابت ہوں۔ اس نسخہ سے کامیابی حاصل کریں۔ اس سے کئی دیرینہ مریض شفایاب ہوئے ہیں۔ نیز فالج، وجع مفاصل و پرسوت کے لئے مفید ہے۔

**نسخہ**: میٹھا تیلیہ، جائفل، فلفل دراز، اجوائن، مرچ سیاہ، زنجبیل، جلوتری ہر ایک 2 ماشہ قند سیاہ کہنہ 2 تولہ 4 ماشہ۔

**ترکیب**: سوائے قند سیاہ کے باقی تمام دوائیں کوٹ چھان کر قند سیاہ ملا کر ہاون دستہ میں خوب کوٹیں ضرورت ہو تو تھوڑا پانی کا چھینٹا دے لیں۔ پھر چنے کے دانہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔ اگر آب ادرک میں کھرل کر کے گولیاں تیار کی جائیں تو بہتر ہے۔ میٹھا تیلیہ مدبر کرنے کی ضرورت نہیں۔ پرسوت کے لئے عرق جوائن سات تولہ کے ہمراہ اور وجع مفاصل کے لئے دودھ گائے کے ساتھ کھلائیں۔

**استعمال**: دو دو گولیاں صبح و شام ہمراہ ماء العسل 2 تولہ، عرق خاص 2 تولہ استعمال کریں۔

**ہدایات**: غذا شوربہ کبوتر یا مرغ، یخنی گوشت، نخود آب دیں، تمام سرد اور بادانگیز چیزوں سے پرہیز رہے۔

**نسخہ عرق خاص**: گاؤزبان، سونف، منقہ ہر ایک ایک پاؤ حسب دستور دو بوتل عرق کشید کریں۔

## (30) معجون اکسیر فالج

**اسناد**: ہمارے محترم طبیب فاضل جناب حکیم مولوی شمس الدین صاحب ساکن چوکنانوالی ضلع گجرات کا معمول خاص ہے۔ آپ نے ازراہ شفقت یہ نسخہ اور کئی عمدہ عمدہ مجرب نسخہ جات ہمیں عطا فرمائے۔

**منافع**: فالج کے لئے خاص چیز ہے، لقوہ، استرخا، تشنج، کزاز، خدر، درد و ضعف اعصاب وغیرہ کے لئے

نہایت مفید ہے۔

نسخہ: عقرقرحا، قسط شیریں، شیطرج ہندی (چترہ) جند بید ستر، فلفل دراز، جلوتری، جائفل، الائچی خورد، مغز بھلاوہ، ست لوبان، مومیائی، مغز تخم کونچ، تمال پتر، بوزیدان، زرنب عود سعد کوفی ہر ایک 9 ماشہ لونگ 1 تولہ، جنطیانہ ایک تولہ، گل دارچینی، تخم سداب، میٹھا تیلیہ مدبر، شنگرف، زعفران، کشتہ فولاد ہر ایک چھ ماشہ، ورق سونا، مشک خالص، عنبر اشہب ہر ایک تین ماشہ پوست خرما 4 تولہ، شہد خالص 22 تولہ، مصری 45 تولہ، آب برگ پان تین تولہ، آب ادرک 4 تولہ۔

ترکیب: تمام خشک دوائیں باریک پیس رکھیں۔ آب برگ پان، آب ادرک اور آب خالص بقدر ضرورت مصری میں ملا کر قوام تیار کریں۔ آخر قوام میں شہد ملا کر باقی دوائیں ملالیں اور چمچہ سے خوب آمیز کریں پھر کسی روغنی یا چینی کے برتن میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: دو دو ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق سونف 10 تولہ استعمال کریں۔

## (31) کشتہ سم الفار برائے رعشہ وفالج وغیرہ

منافع: یہ بے نظیر نسخہ ایک سنیاسی سے حاصل ہوا رعشہ کے لئے خاص طور پر مفید ہے اور فالج، لقوہ، استرخاء، تشنج، کزاز، خدر، درد ریح اور ہر قسم کی دردوں کے لئے عمدہ چیز ہے۔ چند منٹوں میں آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔ خاص الخاص مخفی کشتہ ہے۔

نسخہ: سم الفار سفید، پھٹکڑی، نوشادر ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: تینوں اشیاء پیس لیں مگر زیادہ باریک نہ پیسیں پھر ایک چھوٹے سے کوزہ گلی (کجہ) میں ڈال دیں اور ایک ٹین کا باریک پترہ لے کر کوزہ گلی کے منہ کے برابر کتر لیں جو کہ ٹھیک طور پر کوزہ کے منہ پر آ جائے اور پترہ مذکور کے درمیان ایک سوراخ کر لیں اور پترہ کو کوزہ گلی کے منہ پر رکھ کر اس کے اردگرد چکنی مٹی خوب لگا دیں پھر اس کو سلگتے ہوئے کوئلوں پر رکھ دیں۔ آگ متوسط ہو۔ جب سوراخ سے دھواں نکلنے لگے تو اس میں ایک آہنی تیخ ہلانی شروع کر دیں۔ جب دھواں سفید نکلنا شروع ہو تو کوزہ کو اتار لیں جب سرد ہو جائے سب دوا پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک چاول بھر مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کریں۔

## (32) روغن برق

اسناد: طبیب فاضل جناب حکیم مفتی فہیم اللہ خان صاحب خلف الرشید جناب استاد گرامی استاذ الاطبا حضرت حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا خاص معمول مطب ہے۔

منافع: فالج، لقوہ، تشنج، رعشہ، استرخاء، کزاز، خدر، درد ریاحی و اعصابی اور امراض اعصابی کے لئے مجرب و زود اثر ہے۔ ہر قسم کی دردوں اور عضو مخصوص کی کمزوری کو زائل کرتا ہے اور ہمارا آزمودہ ہے۔

نسخہ: انیسون، سنبل الطیب، قسط تلخ شیریں ہر ایک 9 ماشہ، پوست بیخ کبر، زیرہ کرمانی، فلفل سیاہ، عقر

قرحہ، فرفیون، گل کیسو، تخم ترہ تیزک، تخم سداب، سورنجان تلخ، دارچینی ہر ایک 6 ماشہ، پوست بیخ کرفس، کلہ، عشبہ، بابونہ، اکلیل الملک عنب الثعلب ہر ایک ایک تولہ روغن کنجد 40 تولہ۔

**ترکیب:** تمام خشک دواؤں کو جوکوب کر کے 24 گھنٹہ تک ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو رکھیں پھر جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو مل چھان کر ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر روغن کنجد ڈال دیں اور آگ پر چڑھائیں جب تمام پانی جل کر صرف روغن رہ جائے تو شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** وقت ضرورت گرم کر کے آہستگی سے مالش کیا کریں۔

## (33) معجون رعشہ وفالج

**اسناد:** یہ بے مثل نسخہ برادرم حکیم سید رحمت اللہ شاہ صاحب نے عطا فرمایا ہے ان کو حکیم مفتی نعیم اللہ خاں صاحب خلف الصدق عالی جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خاں صاحب سے ملا۔

**منافع:** رعشہ، فالج، لقوہ، تشنج، کزاز، استرخا، خدر وغیرہ تمام عصبی امراض کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ اعصاب کو طاقتور کرتا ہے۔ میرا اور کئی ہم درس احباب کا معمول ہے۔ تنقیہ کے بعد اس سے خوب فائدہ ہوتا ہے۔

**نسخہ:** عقرقرحہ، فلفل سفید، دارچینی، زنجبیل ہر ایک 2 ماشہ، مصطگی، عود ہندی، عود صلیب، الائچی خورد، الائچی کلاں، جدوار ہر ایک 6 ماشہ، جلوتری، جائفل زعفران، مشک اصلی ہر ایک ایک ماشہ، قرنفل، [illegible] ترکی ہر ایک تین ماشہ، سعد کوفی کندر، اسارون ہر ایک 4 ماشہ، اسطوخودوس، مغز چلغوزہ، مغز پستہ ہر ایک 9 ماشہ، مویز منقہ 5 تولہ، شہد خالص 15 تولہ، روغن بادام 12 تولہ، اسٹرکنیا 3 رتی، ورق طلا کلاں 20 عدد حسب دستور معجون تیار کریں۔

**استعمال:** 4 ماشہ صبح 4 ماشہ ہمراہ دودھ گائے استعمال کریں۔

## (34) دوائے رعشہ مجرب

**اسناد:** یہ نسخہ میرے محترم و مکرم دوست جناب حکیم مولوی شمس الدین صاحب ساکن چوکناں والی ضلع گجرات کا آزمودہ ہے۔ انہوں نے از راہ شفقت عنایت فرمایا۔

**منافع:** رعشہ کے لئے مجرب اور عمدہ چیز ہے۔

**نسخہ:** شیر گاؤ، مصری ہر ایک ایک سیر، آب کنوار گندل (گھیکوار) آدھ سیر، روغن زرد ایک پاؤ، دارچینی [illegible] تولہ۔

**ترکیب:** اول کنوار گندل (گھیکوار) کا پانی چاقو سے چھیلنے لگا کر بنا لیں پھر شیر گاؤ میں ملا دیں اور آگ پر رکھ کر کھوا بنا دیں اور کھوا کو روغن زرد ملا کر بھون لیں جب سرخ ہو جائے مصری کی چاشنی (جو پہلے تیار ہو) میں ڈال دیں۔ پھر نیچے اتار کر دارچینی کا سفوف ملا دیں۔ بس تیار ہے۔

**استعمال:** ایک تولہ سے تین تولہ تک صبح و شام کھلائیں۔

## (35) صلابیہ سم الفار

**منافع:** رعشہ کا مجرب نسخہ ہے۔ نیز مقوی باہ و ہاضم طعام ہے۔ امراض معدہ اور ریاح کے لئے مفید ہے۔
**نسخہ:** سم الفار سفید ایک تولہ، نمک شیشہ 8 تولہ۔
**ترکیب:** الگ الگ باریک کر کے ملالیں اور آٹھ پہر تک کھرل کرتے رہیں۔ تیار ہے۔
**استعمال:** صبح 2 چاول، بتاشہ میں رکھ کر کھالیں اور اوپر بکری کا دودھ آدھ سیر پی لیں۔ مگر پہلے کوئی چیز کھا لینی چاہئے۔

## (36) اکسیر رعشہ و لقوہ

**منافع:** رعشہ، لقوہ، استرخا، وجع مفاصل، عرق النساء، نقرس، درد ریاحی بلغمی کے لئے مجرب ہے اور آسان خصوصاً بلغمی مزاج کے لئے ازحد مفید ہے۔
**نسخہ:** مٹھا تیلیہ مدبر در شیر ایک تولہ، مرچ سیاہ، عقر قرحہ، لونگ، گوگل، سونٹھ، اسگند ناگوری، فلفل دراز ہر ایک 2 تولہ، جند بید ستر 6 ماشہ، روغن گاؤ 5 تولہ، شہد تین پاؤ۔
**ترکیب:** خشک دوائیں باریک کر کے روغن گاؤ میں چرب کر کے شہد میں ملالیں۔
**استعمال:** 2 ماشہ صبح 2 ماشہ شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## (37) حب لقوہ و فالج

**اسناد:** عالی جناب طبیب فاضل حکیم مفتی مقیم اللہ خان صاحب خلف الصدق جناب لقمان زمان حضرت استاذم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا مجرب ہے انہوں نے مجربات سلطانی حصہ سوم کے لئے دیا ہے۔
**منافع:** لقوہ، فالج کے لئے مفید ہے۔ نیز درد معدہ، یورک ایسڈ کو نفع بخشتا ہے۔
**نسخہ:** مصبر 2 ماشہ، رائی، مرچ سیاہ، پوست ریٹھہ، زنجبیل ہر ایک ایک ماشہ۔
**ترکیب:** سب کو باریک پیس کر پانی کی مدد سے حبوب بقدر نخود بنائیں۔
**استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ عرق سونف یا پانی استعمال کریں۔

## (38) معجون لقوہ مجرب

**اسناد:** حضرت استاذ علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا نسخہ ہے۔
**منافع:** لقوہ اور فالج کے لئے معمول ہے۔
**نسخہ:** ملٹھی، فلفل دراز، چترہ ہر ایک تین ماشہ، نمک لاہوری، جوائن دیسی، مرچ سیاہ، ترنجبین، پودینہ ہر ایک 6 ماشہ، گل سرخ مصفا ایک تولہ، شہد 12 تولہ۔
**ترکیب:** خشک ادویہ کوٹ چھان کر شہد میں ملالیں۔
**استعمال:** 6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام ہمراہ عرق سونف استعمال کریں۔

## (39) روغن فالج و جھولہ

**اسناد:** یہ بھی حضرت استاذ گرامی کا معمول مطب ہے۔

**منافع:** فالج، لقوہ، استرخا، وجع مفاصل (جھولہ) کے لئے نہایت مفید اور عضو مخصوص کے نقائص کو نفع بخشتا ہے۔

**نسخہ:** ہڑتال ورقی، مال کنگنی، بھلاوہ، تخم دھتورہ، کچلہ ہر ایک 5 تولہ۔

**ترکیب:** سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر چوبیس گھنٹہ تک بھیڑی کے دودھ میں تر کریں پھر موٹی موٹی ولیاں بنا کر خشک کرلیں اور آتشی شیشی میں روغن کشید کریں اور چینی کے برتن میں رکھیں۔

**استعمال:** یہ روغن دو ماشہ لے کر اس میں روغن کنجد ڈیڑھ تولہ ملا کر گرم کر کے مالش کریں۔

## (40) روغن خدر

**اسناد:** مطب سلیمی میں استعمال ہوتا رہا ہے۔

**منافع:** خدر یعنی کسی عضو کے سن ہو جانے کے لئے نہایت آسان روغن اور ہمارا آزمودہ ہے۔

**نسخہ:** جائفل، جلوتری، زعفران اصلی ہر ایک تین ماشہ، روغن کنجد تین تولہ۔

**ترکیب:** خشک دوائیں الگ الگ خوب باریک پیس کر روغن میں ملالیں تیار ہے۔

**استعمال:** وقت حاجت گرم کر کے مالش کریں۔

## (41) روغن عصب

**اسناد:** حضرت استاذ علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات سے ہے۔

**منافع:** پٹھوں کی تمام امراض مثلاً فالج، تشنج، وجع مفاصل، درد ریح کے لئے مخصوص ہے۔

**نسخہ:** سورنجاں ایک تولہ، بابونہ تین تولہ، جلوتری، فلفل دراز ہر ایک 6 ماشہ، روغن کنجد 8 تولہ۔

**ترکیب:** خشک دوائیں باریک پیس کر روغن کنجد میں ملالیں۔

**استعمال:** وقت ضرورت گرم کر کے دو وقت مالش کیا کریں۔

## (42) نسوار اکسیر مرگی

**منافع:** مرگی کا منتخب اطمینانی نسخہ ہے اور نہایت سریع التاثیر ایک دوست نے عطا فرمایا۔

**نسخہ:** رتنکاں سفید ایک تولہ، آب برگ عشق پیچہ بقدر ضرورت۔

**ترکیب:** برگ عشق پیچہ کو کوٹ کر اس کا پانی نچوڑ لیں۔ رتنکاں سفید باریک پیس کر اس پانی میں رات کو بھگو دیں۔ پانی عشق پیچہ اس قدر ہو کہ سفوف رتنکاں خوب تر ہو جائے۔ صبح کھرل کریں حتی کہ خشک ہو کر باریک سفوف تیار ہو جائے۔ جب خشک ہو جائے تو شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** جس وقت مرگی کا دورہ ہو بذریعہ پھکنا ناک میں پھونک دیں۔

## (43) دیگر

منافع: سخت سے سخت مرگی کو زائل کرتی ہے اس سے کیڑا مر کر نکل جاتا ہے۔ کئی دفعہ کی مجرب ہے۔
نسخہ: آک کی جڑ کا چھلکا ارنڈ کی جڑ کا چھلکا' آملہ سار ہر ایک 4 ماشہ۔
ترکیب: سب کو باریک پیس کر ایک کوزہ گلی میں ڈال کر اس کا منہ خوب بند کر دیں اور اس چولھے کی نیچے دفن کریں جس میں دن رات آگ جلتی رہتی ہو تین دن کے بعد نکال لیں دوائی جل کر راکھ ہو گئی ہو گی۔ پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: جب مرگی کا دورہ ہو تو ایک رتی کی مقدار لے کر ناک میں پھونکیں۔

## (42) دیگر

منافع: یہ نسوار دورہ کے وقت استعمال کی جاتی ہے اور دورہ فوراً رک جاتا ہے۔ ایک ماہ تک متواتر استعمال کرائی جائے تو بالکل آرام ہو جاتا ہے۔
نسخہ: کافور ایک ماشہ' تخم سرس 6 ماشہ' نوشادر 5 ماشہ' اسطوخودوس 3 ماشہ' مرچ سفید 2 ماشہ' طوطا مدار (ڈاک خشک شدہ) ایک عدد' سب دوائیں باریک پیس کر نسوار بنا لیں۔
استعمال: جب دورہ پڑ جائے نسوار دیں اور دورہ موقوف ہونے کے بعد متواتر ایک ماہ تک استعمال کرائیں۔ یعنی ہر روز بطور نسوار استعمال کریں۔

## (45) معجون برائے مرگی

اسناد: حضرت استاذیم علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات سے ہے۔
نسخہ: اسطوخودوس ایک تولہ' سفائج' عقر قرحہ' افتیمون ولائتی ہر ایک 2 تولہ' شہد 4 تولہ۔
ترکیب: خشک دوائیں الگ الگ کوٹ کر شہد میں ملا لیں۔
استعمال: 6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام' ہمراہ دودھ استعمال کیا کریں۔

## (46) مطبوخ برائے مرگی

منافع: مرگی کے لئے مجرب المجرب نسخہ ہے۔ زیادہ عرصہ تک استعمال کرنا ضروری ہے۔
نسخہ: بادرنجبویہ' برنجاسف ہر ایک 4 ماشہ' اسطوخودوس' اصل السوس کوفتہ ہر ایک 6 ماشہ' انیسون کوفتہ تین ماشہ' شہد تین تولہ۔
ترکیب واستعمال: سب ادویہ آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب تہائی رہ جائے مل چھان کر شہد ملا کر پلا دیں۔ یہ تمام ایک خوراک ہے۔

## (47) ام الصبیان (بوجھ شکم)

منافع: ام الصبیان کے لئے نہایت مفید ہے۔ بچہ کے بوجھ شکم' پیٹ کی تمام بیماریوں کو زائل کرتا ہے۔

خون صاف کر کے بد ہضمی کو دور کرتا ہے۔ اسہال لاتا ہے۔ مجرب ہے۔

**نسخہ:** بیخ حنظل (جڑ تمہ) 5 تولہ، عرق گلاب ایک پاؤ، نوشادر 6 ماشہ۔

**ترکیب:** تمہ کی جڑ کے باریک باریک ٹکڑے کر لیں اور عرق گلاب میں 24 گھنٹہ تک بھگو رکھیں۔ پھر جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے مل چھان کر نوشادر باریک کر کے ملا دیں اور دوبارہ آگ پر رکھیں۔ جب سب پانی جل جائے اور صرف نوشادر لعاب دار رہ جائے اتار کر سرد کر کے پیس لیں۔ دوائی دیگچہ قلعی شدہ میں تیار کرنی چاہیے۔

**استعمال:** صبح و شام ایک رتی سے دو رتی تک دو تین قطرہ شہد میں ملا کر چٹائیں۔

## (48) معجون نسیان

**منافع:** نسیان کے لئے مجرب ہے۔ کچھ عرصہ کے استعمال سے یہ عارضہ دور ہو جاتا ہے۔

**نسخہ:** کندر، زنجبیل (سونٹھ) جدوار اصلی ہر ایک ایک تولہ، شہد 4 تولہ۔

**ترکیب:** خشک دوائیں الگ الگ باریک پیس کر شہد میں ملا لیں۔

**استعمال:** تین تین ماشہ صبح، دوپہر، شام کھلائیں۔

**نوٹ:** معجون بلادر ایک ماشہ صبح و شام کھلانا مفید ہے۔

## (49) روغن منوم

**منافع:** جب کسی وجہ سے نیند ٹھیک نہ آتی ہو۔ اس روغن کے استعمال سے بخوبی آتی ہے۔

**نسخہ:** کوکنار ایک تولہ، روغن خشخاش 10 تولہ، آب خالص آدھ سیر۔

**ترکیب:** کوکنار کوٹ کر پانی میں جوش دیں۔ جب دس تولہ رہ جائے تو روغن خشخاش ملا کر دوبارہ آگ پر پکائیں۔ جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** دونوں کانوں میں پانچ پانچ قطرہ صبح و شام ڈالیں۔

## (50) سفوف نزلہ دائمی

**منافع:** جن لوگوں کو نزلہ ہمیشہ دامن گیر رہتا ہو ان کے لئے بہت مفید پایا گیا ہے۔ اس سے معدہ اور دماغ طاقتور ہو کر دائمی نزلہ کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔ مجرب ہے۔ زیادہ عرصہ استعمال کرنا چاہئے تاکہ مزاج کی اصلاح ہو کر شکایت دور ہو جائے۔

**نسخہ:** تخم کاہو، کشنیز خشک، خشخاش ہر ایک 5 تولہ، ملٹھی، دارچینی، سونف ہر ایک 2 تولہ، کھانڈ سفید 10 تولہ، سب اشیاء الگ الگ پیس کر ملا لیں۔

**استعمال:** 6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

**نوٹ:** افیون، برگ برگد بقدر دانہ مونگ صبح و شام ہمراہ پانی کھلانا مجرب ہے۔ اگر قبض ہو تو اطریفل زمانی 6 ماشہ یا ایک تولہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ گرم کھائیں۔

## (51) حب نزلہ کہنہ

منافع: نزلہ کہنہ کو زائل کرتی ہیں اور نزلہ تازہ کے لئے بھی مفید ہیں۔ دماغ کو طاقت دیتی ہی۔
نسخہ: پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، ہلیلہ سیاہ، آملہ، فلفل سیاہ، فلفل سفید اجوائن خراسانی ہر ایک ایک تولہ شہد بقدر ضرورت۔
ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر اور شہد ملا کر حبوب بقدر کو کن بیر تیار کریں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام کھانا کھانے کے بعد ہمراہ پانی نگلوائیں۔ نزلہ کہنہ میں صحت کے بعد ہر ماہ میں ایک ہفتہ استعمال کیا کریں۔ کچھ عرصہ تک یہ دستور جاری رکھنا چاہئے تاکہ نزلہ کی بیخ کنی ہو جائے۔
ہدایات: ترش، گرم بادانگیز اور تیل والی اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔

## (52) حب زکام و نزلہ

اسناد: حضرت استاذ صاحب قبلہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کی مجرب ہیں۔ یہ نسخہ انہوں نے ازراہ شفقت عطا فرمایا۔
منافع: نزلہ، زکام کہنہ اور تازہ ہر قسم کے لئے حاوی ہیں۔ نیز امساک پیدا کرتی ہیں۔
نسخہ: فلفل سفید ایک ماشہ دارچینی، فلفل دراز ہر ایک 2 ماشہ، قرنفل 3 ماشہ، جدوار جائفل، زعفران کباب، مصطگی، ثعلب مصری ہر ایک 5 ماشہ، افیون ایک تولہ۔
ترکیب: یہ سب ادویہ الگ الگ خوب باریک کر کے ملا کر کھرل کریں اور صمغ عربی کے لعاب سے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ گرم استعمال کریں۔

## (53) تریاق نزلہ و زکام

منافع: نزلہ و زکام کے لئے بہترین چیز ہے۔ انفلوائنزا، کھانسی، درد گلو کو فوری فائدہ بخشتی ہیں۔
نسخہ: کونین ہیڈرو برومائیڈ 24 گرین، انٹی فیرین 12 گرین، کافور 6 گرین، ایکسٹریکٹ یوکلپٹس 3 گرین، ایکسٹریکٹ کیکارا بارہ گرین، پلوا پیکاک سمپل 4 گرین۔
ترکیب: سب دوائیں خوب ملا کر اس کی 12 گولیاں تیار کریں۔
استعمال: ہر چار گھنٹہ کے بعد ایک گولی ہمراہ شربت بنفشہ تین تولہ استعمال کریں۔

## (54) نسوار زکام

منافع: زکام کو بہت جلد فائدہ دیتی ہے اور نزلہ کو بھی چند دنوں میں نابود کر دیتی ہے۔ اس سے بگڑا ہوا زکام چند دنوں میں دور ہو جاتا ہے۔ نہایت موثر اور آزمودہ ہے۔ ہر مطب کے لئے ضروری ہے۔
نسخہ: گل کنیر سفید، کچور، کشمیری پتر، سنبل الطیب، اسطوخودوس ہر ایک ایک تولہ، کافور 3 ماشہ۔

**ترکیب:** سب ادویہ الگ الگ باریک کر کے ملا کر خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔
**استعمال:** ایک یا دو رتی بھر حسب دستور نسوار لیں۔

## (55) دوائے ام الصبیان

**منافع:** ام الصبیان (بچوں کی مرگی) کے لئے مجرب دوا ہے۔ تجربہ شرط ہے۔ اس سے ایک ہفتہ میں یہ عارضہ دور ہو جاتا ہے۔
**نسخہ:** زعفران، جدوار خطائی ہر ایک ایک ماشہ، تربد، پودینہ، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ایک تولہ سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں۔
**استعمال:** ایک سال کے بچہ کو ایک ماشہ ایک وقت ہمراہ آب خالص استعمال کرائیں۔ دو سال کے بچہ کو 2 ماشہ اسی طرح ایک ایک ماشہ ہر سال کے لئے اضافہ کرتے جانا چاہئے۔

## (56) دیگر

**منافع:** ام الصبیان کے لئے نہایت مستند مجرب اور سریع الاثر نسخہ ہے۔ بہت جلد آرام بخشتا ہے۔
**نسخہ:** جندبید ستر ایک ماشہ، مرچ سیاہ تین ماشہ۔
**ترکیب:** دونوں ادویہ الگ الگ باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔
**استعمال:** ایک سال کے بچہ کو ایک چاول پانی یا کسی عرق میں حل کر کے حلق میں ڈالیں ہر سال زائد کے لئے ایک چاول بڑھاتے جائیں یعنی آٹھ سال کے بچے کو ایک رتی دیں۔

## (57) حب اکسیر صرع

**منافع:** صرع (مرگی) خواہ چھوٹے بچے کو ہو خواہ جوان مرد یا عورت کو تمام کے لئے نہایت زود اثر ہیں۔ لطف یہ کہ نہایت آسان ہیں۔
**نسخہ:** عود صلیب، جدوار، کندر، مصبر ہر ایک ایک ماشہ، عرق گلاب بقدر ضرورت۔
**ترکیب:** خشک دوائیں باریک کھرل کر کے عرق گلاب میں کھرل کریں پھر گولیاں بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔
**استعمال:** بچوں کو ایک سے دو تک اور بڑوں کو 4 گولیاں دودھ یا پانی میں حل کر کے دیں۔

## (58) نسوار سکتہ و بے ہوشی

**منافع:** سکتہ اور صرع و بے ہوشی اور تمام دماغی امراض کے لئے اکسیر ہے۔ یہ نسوار ہماری مجرب ہے آسانی سے تیار ہو سکتی ہے۔
**نسخہ:** کافور، سہاگہ، نوشادر، فلفل دراز، زعفران کشمیری پوست ریٹھہ ہر ایک 6 ماشہ۔
**ترکیب:** تمام دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملا کر خوب کھرل کر لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: بوقت ضرورت تھوڑی سی نسوار لیں۔

## (59) ٹوٹکا برائے صرع

منافع: چھوٹے شیر کا پس ا گلندہ پاس رکھیں۔ مریض صرع کو دورہ کے وقت اس کی دھونی دیں۔ ہوش میں آجائے گا چند دفعہ ایسا کریں پھر دورہ نہ ہو گا۔

## (60) دوائے زکام

**نسخہ و ترکیب استعمال:** ہلدی ایک دھکتے ہوئے کوئلہ پر ڈال کر اس کا دھواں ناک میں پہونچانے سے فوراً زکام بند ہو جاتا ہے۔

## (61) دوائے درد سر مجرب

**نسخہ و ترکیب استعمال:** انٹی پائیرین، فنسٹین، کیفین سائٹراس ہر ایک تین گرین یہ ایک پڑیہ ہے۔ سب کو مل کر ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ ایسی تین پڑیہ دن میں دیں۔

نوٹ: سلفیورک ایتھر مقام درد پر لگائیں۔ پسینہ آکر فوراً آرام ہو جائے گا۔

## (63-62) نسوار اکسیر صرع

منافع: صرع یعنی مرگی کے لئے نہایت مفید ہے۔ لطف یہ کہ بالکل آسان ہے۔ اس کے ساتھ خوردنی دوائی بھی استعمال کی جائے۔ جو نسوار کے نسخہ کے بعد لکھی جائے گی اور اس علاج کو متواتر کچھ عرصہ تک جاری رکھا جائے تو یقینی فائدہ ہوتا ہے۔ معمول مطب ہے۔

نسخہ: عقرقرحا، فلفل سیاہ، کرم بنی شتر، کرم مدار یعنی جھتی شدہ مکڑی و مکڑہ کا نیھل پوٹاسی پرمگناس تمام ادویہ مساوی الوزن۔

ترکیب: سب کو پہلے الگ الگ باریک کریں پھر سب کو ملا کر نہایت باریک مانند غبار کرلیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: دوپہر کے وقت دو دفعہ بیمار کو نسوار دیں۔

خوردنی دوا: پوٹاسی برومائیڈ 2 رتی، صبح دوپہر و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

## (64) علاج سدر و دوار

منافع: سدر اور دوار کے عارضہ کے لئے مجرب اور آزمودہ آسان دوا ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، پوست ہلیلہ کابلی، آملہ، ہلیلہ سیاہ ہر ایک 2 تولہ، کشنیز خشک 5 تولہ، روغن بادام حسب ضرورت، مصری 9 چھٹانک۔

ترکیب: سب دوائیں کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور روغن سے چرب کرلیں پھر مصری کا قوام تیار کر کے خشک دوائیں اس میں خوب ملالیں۔

**استعمال:** پہلے منضج اور مسہل کر کے 1 تولہ معجون میں کشتہ مرجان ایک رتی ملا کر صبح کھا کر بعد میں عرق گلاب 10 تولہ یا دودھ بکری ایک پاؤ پلادیں اسی طرح شام کو استعمال کرائیں۔

## (65) دوائے صرع

**منافع:** صرع یعنی مرگی کے لئے سریع الاثر مجرب علاج ہے۔ اس دوا کے ہمراہ نسوار اور دھونی بھی استعمال کرنی چاہئے۔

**نسخہ:** انسان کے سر کی ہڈی سوختہ عود صلیب مساوی الوزن سفوف بنادیں۔

**استعمال:** ایک ماشہ صبح کھلا کر اوپر سے پوٹاسی برومائیڈ ایک ماشہ 4 تولہ پانی میں حل کر کے پلادیں۔ ساتھ مندرجہ ذیل نسوار اور دھونی استعمال کراتے رہیں۔ عموماً دو تین ہفتہ یہ علاج کرنا پڑتا ہے۔

## (66) نسوار صرع

**نسخہ و ترکیب استعمال:** نڈامدار، کرم دماغ شتر، مرچ سیاہ، نوشادر مساوی الوزن لے کر نسوار بنائیں اور دن میں دو تین بار سونگھائیں۔

## (67) دھونی صرع

**نسخہ و ترکیب استعمال:** جوان تندرست عورت کے سب سے پہلے خون حیض کا کپڑا لے کر اس سے تھوڑا سا لے کر بتی بنا کر آگ لگا کر دھونی دیں تاکہ مریض کے ناک تک دھواں پہنچے۔ دن میں تین بار دھونی چاہئے۔

## (68) نسوار ام الصبیان مجرب

**منافع:** ام الصبیان کے دورہ کے وقت اس نسوار کے استعمال کرنے سے شرطیہ فائدہ ہوتا ہے۔

**نسخہ و ترکیب استعمال:** مرچ سیاہ حسب ضرورت لے کر دو ہفتہ تک تھوہر کے دودھ میں تر رکھیں۔ جب خشک ہو جائے باریک کھرل کرلیں اور مرض کی حالت میں قدرے نسوار دیں۔

## (69) شربت منوم

**منافع:** یہ طلسمی شربت سہر یلبسی کا خاص علاج ہے۔ یعنی اگر خشکی کی وجہ سے نیند نہ آتی ہو تو اس کو فائدہ کرتا ہے۔ اس کے علاوہ ہر قسم کے دردوں، مرگی اور جوش جنون (دیوانگی) کے لئے اچھی چیز ہے۔

**نسخہ:** مغز بادام، مغز کدو شیریں، مغز خیارین، پوٹاشی برومائیڈ ہر ایک 2 تولہ، کلورل ہیڈریٹ 6 ماشہ، عرق گاؤزبان، عرق بید مشک ہر ایک ایک پاؤ، مصری تین پاؤ۔

**ترکیب:** مغزیات کا عرقیات میں شیرہ نکالیں اور کپڑے میں چھان کر باقی دونوں دوائیں اس میں حل کر کے مصری اور قدرے پانی ملا کر شربت تیار کریں۔

**استعمال:** 2 تولہ صبح 2 تولہ شام سے چند پانی ملا کر پئیں۔

## (70) روغن منوم نمبر②

**منافع:** سر یبسی اور عام بے خوابی اور سدر دوار اور دماغ کی تمام گرم خشک امراض کے لئے نہایت مفید ہے۔ مقوی دماغ عمدہ ہے۔

**نسخہ:** روغن بادام خالص 5 تولہ، روغن مغز کدو شیریں خانہ ساز دو تولہ، روغن خشخاش سفید 2 تولہ، کلورل ہیڈریٹ کافور کوفتہ ہر ایک چھ ماشہ۔

**ترکیب:** آخری دونوں دواؤں کو ایک جگہ کھرل کریں۔ جب خوب حل ہو جائے سب اشیاء کو ملالیں۔

**استعمال:** سر پر ملیں، نیز پیشانی اور کنپٹی پر مالش کریں۔

## (71) معجون نسیان

**منافع:** نسیان کے لئے نہایت مفید مجرب اور آزمودہ ہے۔

**نسخہ:** مغز بادام مقشر 5 تولہ، زیرہ سفید، فلفل سیاہ، فلفل سفید، وج ترکی، سعد کوفی، مصطگی رومی ہر ایک 2 تولہ، ہلیلہ سیاہ، زعفران، جدوار خطائی ہر ایک ایک تولہ، مغز پنبہ دانہ تین تولہ جند بید ستر 3 ماشہ بلادر مدبر 5 تولہ، نبات سفید 5 چھٹانک، شہد خالص 10 چھٹانک۔

**ترکیب:** خشک دواؤں کو باریک کر کے کھانڈ اور شہد کے قوام میں ملالیں۔

**استعمال:** 6 ماشہ صبح 6 ماشہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## (72) معجون درد سر ہر قسم مجرب

**نسخہ و ترکیب استعمال:** ایک عدد ہلیلہ زرد رات کو پانی کے برتن میں ڈال دیں۔ صبح اس کی گٹھلی دور کر کے گلقند 2 تولہ، مغز بادام 7 عدد، گل بنفشہ، کشنیز خشک، سونف، برگ سنا مصفی ہر ایک 6 ماشہ ملا کر خوب گھوٹ کر ملالیں۔ چھ ماشہ صبح چھ ماشہ شام کھلائیں اور ساتھ دو تین دن تک یہ ضماد کریں۔

## (73) ضماد درد سر

**منافع:** یہ ضماد درد سر ہر قسم (خصوصاً جو گرمی کے مواد سے ہو) کے واسطے مفید ہے۔

**نسخہ و ترکیب استعمال:** زنجبیل (سونٹھ) پوست بیخ بید انجیر (ہرنولی) کشنیز خشک، بورہ صندل سفید ہر ایک 6 ماشہ سب کو باریک گھوٹ کر عرق گلاب کو ملا کر ضماد تیار کریں اور پیشانی پر لگائیں۔

## (74) روغن اعصاب

**منافع:** یہ روغن اعصاب (پٹھوں) کی سستی کو دور کرنے اور ان کو طاقت دینے میں لاثانی ہے۔ اگر تشنج وغیرہ سے ٹانگیں جڑ گئی ہوں یا درد ہو یا استرخاء، خدر، فالج، لقوہ، کزاز کا عارضہ ہو۔ ان سب عوارض کے لئے نہایت ہی مفید ہے۔ حتیٰ کہ سستی قضیب کو بھی فائدہ کرتا ہے۔ سستی اعصاب دور کر کے ان کی طاقت کو بیدار کرنے میں بے مثل ہے۔ چند روز میں فائدہ کر دیتا ہے۔

**نسخہ:** مال کنگنی تین تولہ، قسط، زنجبیل، گل بابونہ، جائفل، لونگ، مٹھا تیلیہ، کچلہ، عقرقرحہ، تخم دھتورہ، بیخ کنیر سفید، گھونگچی سفید، مجیٹھ، زرنچور، تج، کائپھل ہر ایک ایک تولہ، دارچینی، زردچوب، میدہ لکڑی، زعفران، کلونجی، سنبل الطیب، سعد کوفی، ہڑتال ورقی، افیون، سم الفار سفید ہر ایک 6 ماشہ، روغن کنجد تین پاؤ، روغن ہرنولی ایک پاؤ۔

**ترکیب:** ہڑتال اور سم الفار کو باریک کھرل کریں۔ باقی خشک دوائیں جوکوب کر لیں۔ پھر سب کو ملا کر دو سیر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح نرم آگ پر جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے روغن داخل کریں اور بدستور پکائیں۔ جب تمام پانی جل جائے آگ سے اتار لیں اور روغن نتھار کر بوتل میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** حسب دستور مالش کریں۔

### (75) حب بنفشہ

**منافع:** سبات، سہری کے لئے مفید ہے۔ نیز بے ضرر ملین ہے۔

**نسخہ:** گل بنفشہ اعلیٰ 2 تولہ، پوست ہلیلہ زرد 1 تولہ، نمک لاہوری، بادیاں، تخم کرفس ہر ایک 6 ماشہ، سقمونیا تین ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو باریک پیس کر پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔

**استعمال:** ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام ہمراہ عرق سونف 5 تولہ نگل لیا کریں۔

### (76) نخلخہ درد سر

**منافع:** درد سر کے لئے نہایت موثر و نہایت مفید اور کئی بار کا آزمودہ ہے۔

**نسخہ:** چونہ بجھا ہوا، نوشادر ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب:** دونوں ادویہ الگ الگ باریک کر کے ملا کر کھرل کر کے کھلے منہ والی شیشی میں ڈال کر مضبوط کارک لگا دیں۔ دوائی خشک رہے پانی نہ ڈالنا چاہئے۔

**استعمال:** شیشی کا منہ کھول کر تھوڑا تھوڑا سونگھائیں۔

## مجربات امراض چشم

### (77) سرمہ بھیم سینی (صندوقچہ)

**تعارف:** ہمارے شاگرد حکیم وشنو دار صاحب کا معمول مطب اسراری نسخہ ہے جو اپنے فوائد کے لحاظ سے اس قابل ہے کہ اس کو بنا کر ہر ایک مطب میں رکھا جائے۔

**اسناد:** یہ نسخہ ایک گوسائیں صاحب پانچ روپیہ فی تولہ کے حساب سے عام فروخت کرتے تھے۔ یہ سرمہ بہت لوگ خرید کرتے تھے۔ ان کو ایک کامل فقیر سے حاصل ہوا تھا۔ گوسائیں صاحب سے حکیم صاحب نے بعد مشکل حاصل کیا۔ خاص منتخب نسخہ ہے۔ ہمارے ہاں تیار رہتا ہے۔

منافع: یہ بے نظیر نسخہ تمام امراض چشم کے لئے اکسیر اور بوڑھوں کی ضعف بصارت کے لئے ایک نعمت ہے۔ اس کے روزانہ استعمال سے بصارت میں کمی نہیں آتی بلکہ بصارت تیز ہو کر قائم رہتی ہے۔ نہایت مقوی بصر ہے۔ دھند، جالا، پھولا، ناخنہ، پڑبال، ککرے، سرخی، پانی جانا، آنکھ دکھنا، خارش چشم وغیرہ تمام امراض چشم کے لئے اکسیر ہے۔ اس سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔

نسخہ: مروارید ناسفتہ تین ماشہ، کافور بھیم سینی، زعفران اصلی، افیون دیسی ہر ایک 9 ماشہ، سرمہ سفید، کشتہ جست ہر ایک 2 تولہ، سرمہ سیاہ 5 تولہ سمندر جھاگ صاف، طباشیر کبود، شیشہ نمک، الائچی خورد، پوست بلیلہ زرد سوختہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: پہلے مروارید کو روح کیوڑہ تین ماشہ میں خوب کھرل کریں۔ کھرل پختہ ہونا چاہئے۔ جب مروارید حل ہو جائیں تو چاقو وغیرہ سے کھرچ کر الگ رکھیں۔ باقی سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر پھر سب کو ملا کر اس حد تک کھرل کریں کہ سرمہ باریک تیار ہو جائے۔ یاد رہے کشتہ جست کو کپڑے میں چھان لیں اور سمندر جھاگ کا اوپر والا چھلکا اتار لیں۔

استعمال: حسب دستور رات کو سوتے وقت ایک یا دو سلایاں آنکھ میں لگائیں۔

## (78) سرمہ اکسیر چشم

اسناد: ہمارے ایک ہم درس دوست کا صندوقچہ کا نسخہ ہے۔ ان کا اسم گرامی ان کی ناراضگی کی وجہ سے ظاہر نہیں کیا گیا۔

منافع: سلاق، سبل، دمعہ (پانی جانا) خارش چشم، ضعف بصر، مور سرج، دھند، قروح قرنیہ، موتیا بند وغیرہ تمام امراض چشم کے لئے اکسیر ہے۔

نسخہ: سرمہ سیاہ مصفیٰ 5 تولہ، بیخ مرجان، صدف کلاں ہر ایک 2 تولہ، تخم نیل، سمندر جھگ ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: سب دواؤں کو الگ الگ باریک پیس کر عمدہ پختہ کھرل میں ڈال کر دو روز تک عرق گلاب اور ایک روز عرق کیوڑہ سے ایک روز آب لیموں سے دو روز تک آب نیم سے متواتر کھرل کریں۔ پھر خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: دو سلائی رات کو اور ایک صبح آنکھ میں لگائیں۔

سرمہ صاف کرنے کی ترکیب: سرمہ کو گرم کر کے پانی میں ڈالیں نکال کر پھر گرم کر کے پانی میں ڈالیں۔ اسی طرح تین دفعہ عمل کریں صاف ہو جائے گا پھر وزن کر کے ملائیں۔

## (79) سرمہ برائے دھند وغیرہ

اسناد: حکیم ویشنو دار صاحب فیض یافتہ دار الصحت سلطانیہ کا معمول ہے۔ آپ نے ہمیں مجربات سلطانی حصہ سوم کے لئے عنائت کیا ہے۔ ان کو ایک کہنہ مشق طبیب سے ملا ہے خود بھی تیار کرتے ہیں۔

منافع: دھند، جالا، پڑبال، جرب الاجفان (ککرے) آنکھ دکھنا وغیرہ تمام امراض چشم کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ نہایت آسان اور سستا سرمہ ہے۔ ہر مطب اور ہر گھر میں تیار رہنا چاہیے۔

نسخہ: زنک آکسائیڈ 4 تولہ، سرمہ سیاہ 2 تولہ، نیلہ تھوتھہ، افیون، کافور بھیم سینی ہر ایک ایک ماشہ، زنگار، سرمہ سفید ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: سرمہ سیاہ و سفید اور نیلہ تھوتھہ کو باریک پیس کر تمام اشیاء ملا کر خوب کھرل کر کے سرمہ تیار کرلیں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت سلائی سے لگائیں۔

## (80) سرمہ امراض چشم

اسناد: حضرت استاذ علامہ زماں جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ ہے۔

منافع: تمام امراض چشم خصوصاً ضعف بصارت کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

نسخہ: سرمہ سیاہ دو تولہ، مامیراں چینی، شادنج عدسی ہر ایک 3 ماشہ، ورق نقرہ 1 ماشہ، ورق طلا 2 رتی، مروارید ناسفتہ، عقیق، کہربا، جوہر صدف آبدار، شاخ مرجان، یاقوت ہر ایک ایک ماشہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ پیس کر پختہ کھرل میں خوب کھرل کر کے سرمہ تیار کریں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت یا صبح و شام دو دو سلائیاں استعمال کریں۔

## (81) سرمہ برائے دھند

منافع: دھند کے لئے مفید ہے۔ غبار، پڑبال، خارش چشم کو دور کرتا ہے۔ بصارت کو تیز کرتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

نسخہ: جست شیریں 5 تولہ، سیماب ایک تولہ، فلفل دراز، شورہ قلمی ہر ایک 3 ماشہ، سرو چینی 6 ماشہ۔

ترکیب: سیماب کو کسی برتن میں ڈالیں اور جست کو کڑچھی وغیرہ میں گلا کر سیماب پر آرام سے ڈالیں دونوں مل جائیں گے۔ اسی وقت گرم گرم ہی کوٹ لیں اور کھرل کریں پھر اس میں باقی دوائیں خوب باریک پیس کر کپڑچھان کر کے ملائیں اور آب لیموں تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب باریک ہو جائے خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ یہ دوا سرمہ سیاہ باریک کھرل کردہ دونوں کو ملا کر اس حد تک کھرل کریں کہ آنکھ میں لگانے کے قابل ہو جائے یعنی خوب باریک سرمہ تیار ہو جائے۔

استعمال: حسب دستور سلائی سے لگایا کریں۔ پڑبال کے لئے سرمہ ملانے کی ضرورت نہیں۔ پہلی دوائی ہی باریک کر کے پڑبال نکال کر سلائی سے دو وقت لگاتے رہیں۔

## (82) اکسیر پھولا

اسناد: ممتاز الحکماء حکیم مولوی امیر علی شاہ صاحب سکنہ کانگی ضلع میاں والی نے عنایت فرمایا ہے۔ آپ کا مجرب ہے۔

منافع: سوائے پھولا چیچک یا چوٹ کے داغ کے دیگر ہر قسم کے پھولا کو وہ ہفتہ میں دور کر دیتا ہے خواہ نیا ہو یا پرانا ہر حال میں مفید ہے۔

نسخہ: نمک لاہوری، بھنگڑی سفید، نوشادر، قلمی شورہ، لوٹا بجی ہر ایک دس تولہ۔ آب سرس بقدر ضرورت۔

ترکیب: سب دوائیں باریک کریں اور ایک کوری ہانڈی میں سرس کے پتوں کا رس بھر کر دوائیں کا سفوف اس میں ڈال دیں اور منہ بند کر کے رکھ دیں۔ چند روز میں سفید سفید جوہر ہانڈی سے پھوٹ کر باہر کی طرف نکل آئے گا۔ اسے اتار کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: سلائی کے سرے کو ذرا سا لعاب لگا کر بقدر ایک چاول جوہر مذکور چاٹ کر سرمچو پر لگا کر پھولا پر رکھیں اور آنکھ کھول دیں۔

فائدہ: ناخن فیل سرس کے پانی میں پتھر پر گھس کر سلائی سے ایک ماہ تک متواتر لگانے سے پھولا دور ہو جاتا ہے۔

## (83) دیگر

منافع: دھند، جالا، غبار کے لئے اکسیر ہے۔

نسخہ: بھنگڑی بریاں، سنڈھ، نمک شیشہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: اس حد تک کھرل کریں کہ سرمہ کی طرح ہو جائے۔

استعمال: حسب دستور ایک وقت سلائی سے تھوڑی مقدار میں لگائیں۔

## (84) اکسیر جرب الاجفان

منافع: یہ دوا جرب الاجفان (ککرہ) کو چند ہی روز میں فائدہ کر دیتی ہے۔

نسخہ: بھنگڑی بریان، کشتہ جست بازاری، مصری کوزہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: تینوں دوائیں باریک سرمہ کی طرح کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: روزانہ سلائی سے صبح و شام آنکھوں میں لگائیں۔ اگر ککرے زیادہ خراب ہوں تو پلک الٹ کر روئی کے پھاہے سے دوائی ککروں پر چھڑکیں۔

## (85) دیگر

منافع: اس سے جرب الاجفان (ککرے) کو پورا فائدہ ہوتا ہے۔

نسخہ: سرمہ سفید 2 تولہ بھنگڑی سفید بریان، سمندر جھگ ہر ایک تین ماشہ، کشتہ جست 2 ماشہ، نیلہ تھوتہ ایک ماشہ، مرچ سفید 2 دانہ، قلفل دراز 1/4 دانہ۔

ترکیب: تمام ادویہ باریک کر کے اول عرق لیموں 5 تولہ میں کھرل کریں پھر عرق گلاب میں تین روز تک کھرل کریں پھر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** سوتے وقت ایک ایک سلائی آنکھ میں لگائیں۔

## (86) اکسیر پڑبال

**اسناد:** ہمارے فاضل دوست ممتاز الحکماء حکیم مولوی امیر علی شاہ صاحب سکنہ گانگی والا کا عطیہ ہے۔

**منافع:** پڑبال کے لئے مفید ہے۔ دو ہفتہ متواتر استعمال کرنے سے پڑبال کو آرام ہو جاتا ہے۔

**نسخہ:** بھنگرہ، نوشادر، قلمی شورہ ہر ایک 5 تولہ۔

**ترکیب:** ہر ایک چیز کو ایک ایک پاؤ پانی میں الگ الگ بھگو رکھیں۔ آٹھ پہر کے بعد پانی نتھار لیں اور لوہے کی کڑاہی میں پکائیں۔ جب زرد رنگ کا سفوف رہ جائے۔ آگ پر سے اتار کر دوائی کھرچ لیں اور باریک پیسیں۔

**استعمال:** بالوں کو موچنے سے اکھاڑ کر یہ دوائی سلائی سے دن میں چند بار لگائیں۔ دو ہفتہ متواتر استعمال کریں۔

## (87) اکسیر رمد چشم

**منافع:** رمد چشم آنکھ دکھنا سخت تکلیف دہ عارضہ ہے۔ اس کا یہ نہایت مفید دوا ہے۔ فائدہ تو پہلے ہی دن ہو جاتا ہے۔ مگر دو تین دن تک کلی آرام ہو جاتا ہے۔ کسی قسم کی تکلیف نہیں رہتی اور آسان ہے۔

**نسخہ:** افیون خالص 3 رتی، عرق گلاب 3 تولہ، بھنگرہ، سمندر جھاگ، رسوت خالص ہر ایک تین ماشہ، سب کو الگ الگ خوب پیس کر عرق گلاب میں ملا لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** تین چار قطرے صبح اور تین چار قطرے شام کو آنکھ میں ڈالیں۔

## (88) سرمہ ضعف بصر

**منافع:** اگر کسی وجہ سے بینائی کمزور ہو جائے تو اس سرمہ سے بخوبی درست ہو سکتی ہے۔ سابقہ نسخہ جات سے آسان اور سستا ہے۔

**نسخہ:** سکہ، سنگ بصری، سرمہ سیاہ ہر ایک ایک تولہ، کافور 3 ماشہ، آب لیموں 10 عدد۔

**ترکیب:** سکہ کا باریک بورہ بنا لیں پھر سب کو ایک پختہ کھرل میں آب لیموں کے ساتھ خوب کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** حسب دستور رات کو سوتے وقت سلائی سے لگایا کریں۔

## (89) سرمہ دھند و غبار وغیرہ

**منافع:** یہ نسخہ دھند، غبار، جالا، ککرے، پڑبال، ضعف بصر کے لئے لاجواب چیز ہے۔ چند روزہ استعمال سے مندرجہ بالا سب شکایات کافور ہو جاتی ہیں۔ یہ نسخہ بڑی مشکل سے ملا ہے۔

**نسخہ:** سکہ، جست شیریں ہر ایک 4 تولہ، سیماب 2 تولہ، نیلا تھوتھا 6 ماشہ۔

ترکیب: زمین میں ایک فٹ کے قریب گڑھا کھود کر گوبر اور مٹی ملا کر اس کے اندر لیپ کر دیں۔ جب خشک ہو جائے اس میں پارہ ڈال دیں اور جست و سکہ کو اکٹھے ہی کٹھالی میں گلا کر آرام سے پارہ پر ڈال دیں۔ تینوں اشیاء مل جائیں گی پھر ان کو نکال کر جلدی جلدی ہاتھ سے توڑ کر باریک کر لیں پھر کھرل میں ڈال کر نیلا تھوتھا ڈالیں اور خوب کھرل کر کے سرمہ کی طرح تیار کریں۔

استعمال: چاندی کی سلائی سے رات کو سوتے وقت لگائیں پڑبال کے لئے استعمال کرنا ہو تو پہلے پڑبال کو موچنا سے اکھاڑ لیں اور پھر لگانا شروع کریں۔ ہر ہفتہ کے بعد جو پڑبال نکلیں انہیں اکھاڑ دیا کریں۔

## (90) سرمہ اکسیر بیاض چشم

منافع: بیاض چشم (پھولا) کا مستند نسخہ ہے۔ اس سے ایک ہفتہ میں پورا پورا فائدہ ہوتا ہے۔ یہ ایسے نسخہ جات سے ہے جن کے ساتھ شرطیہ علاج کیا جا سکتا ہے۔ جالا اور پڑبال کو بین فائدہ دکھاتا ہے۔ مگر چیچک اور چوٹ کے پھولا کا علاج نہیں۔

نسخہ: برادہ جست' برادہ تانبہ ہر ایک 6 ماشہ' آب لیموں 5 تولہ۔

ترکیب: برادہ تانبو اور جست کو کانسی کے کٹورہ میں ڈال کر اس پر آب لیموں ڈال دیں اور کٹورہ کا منہ ڈھانپ کر حفاظت سے رکھ دیں۔ جب آب لیموں نصف خشک ہو جائے تو اسی کٹورہ میں کانسی کے دستہ سے دو تین دن تک خوب کھرل کریں تاکہ باریک ہو کر خشک ہو جائے۔

استعمال: حسب دستور سلائی سے استعمال کریں۔ غذا مرغن کھائیں۔ دودھ گھی زیادہ استعمال کریں۔ تمام گرم خشک اور ترش چیزوں سے پرہیز ضروری ہے۔

## (91) سرمہ جملہ امراض چشم

منافع: بہت سستا' آسان اور بہت مفید سرمہ ہے اور ممیرہ کے سرمہ سے افضل ہے۔ تمام امراض چشم کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: زعفران' بھنگرہ' زنک سلفاس ہر ایک 6 رتی' کاپر سلفاس 2 رتی' سرمہ سیاہ 4 تولہ' بورک ایسڈ 12 رتی' عرق گلاب درجہ اول نصف بوتل' افیون 4 رتی۔

ترکیب: سرمہ کو جوکوب کر کے لوہے کی کڑچھی میں آگ پر بھون لیں پھر تمام ادویہ پختہ کھرل میں عرق گلاب کے ساتھ کھرل کریں تھوڑا تھوڑا عرق ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں جب تمام عرق ختم ہو کر سرمہ خشک ہو جائے۔ شیشی میں رکھیں۔

استعمال: عام دستور کے مطابق دو سلائی رات کو سوتے وقت لگایا کریں۔

## (92) سرمہ اکسیری

منافع: جملہ امراض چشم کے لئے بے نظیر سرمہ ہے۔ دھند' جالا' پڑبال' ککرہ' خارش چشم' کمی بصارت' آنکھ دکھنا' ناخنہ' پھولا' پانی وغیرہ شکایات کا واحد علاج ہے۔ اس کے فوائد تجربہ پر معلوم ہوں گے۔

**نسخہ:** کشتہ جست 9 ماشہ، کف دریا 6 ماشہ، شورہ قلمی 2 ماشہ، بھنگرہ، نیلہ تھوتھ، مرچ سیاہ ہر ایک ایک ماشہ سرمہ سیاہ ایک تولہ عرق گلاب اعلیٰ 10 تولہ۔

**ترکیب:** جملہ خشک دوائیں الگ الگ باریک پیس کر عرق گلاب تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کریں۔ جب تمام عرق ختم ہو جائے۔ سرمہ خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** حسب دستور رات کو سوتے وقت سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔

## (93) سرمہ پڑبال و نزلہ

**منافع:** پڑبال کی بیخ کنی کر کے پلکوں کے بالوں کو گرنے سے روکتا ہے۔ نزلہ کی وجہ سے آنکھوں کو جو شکایات لاحق ہو جاتی ہیں۔ ان کے لئے عمدہ چیز ہے۔ چالیس یوم متواتر استعمال کرنے سے سب شکایات دور ہو جاتی ہیں۔

**نسخہ:** روئی کو آک کے دودھ سے پانچ دفعہ تر و خشک کریں پھر اس کی بتی بنا کر دیسی چراغ میں تیل اور بتی ڈال کر چراغ کو جلا دیں اور مٹی کا پیالہ دو انچ چراغ سے اوپر لٹکائیں تاکہ کاجل پیالہ کے اندر جمع ہوتا رہے جب کاجل جمع ہو جائے اس کو وزن کر کے اس کے مساوی سرمہ سیاہ ملا کر پانی سے کھرل کر کے خوب باریک پیس کر حسب دستور سرمہ تیار کر لیں۔

**استعمال:** اول پڑبال اکھاڑ کر ہر روز دو دو سلائیاں صبح و شام لگائیں۔ ہفتہ کے بعد جو پڑبال تازہ پیدا ہوں ان کو اکھاڑ دیا کریں اور سرمہ لگاتے رہیں۔

## (94) سرمہ قادری

**منافع:** جملہ امراض چشم کے لئے مفید ہے۔ خصوصاً رد، ککرے، خارش چشم، دھند، دمعہ یعنی آنکھوں سے پانی جانا کے لئے خاص چیز ہے۔

**نسخہ:** سمندر جھاگ، کشتہ جست، بورک ایسڈ ہر ایک ایک تولہ سرد چینی، تخم سرس یعنی شیریں کافور، بھنگرہ شگفتہ ہر ایک ایک ماشہ، عرق گلاب 15 تولہ۔

**ترکیب:** جملہ دوائیں الگ الگ باریک پیس کر وزن کر کے پختہ کھرل میں عرق گلاب تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب تمام عرق ختم ہو جائے۔ خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** رات کو سوتے وقت سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

## (95) حب سیاہ

**منافع:** آنکھوں کے درد سبل اور سرخی کے لئے نہایت مفید ہیں۔ مواد کو تحلیل کرتی ہیں۔ خصوصاً آشوب چشم کے لئے مخصوص ہیں۔

**نسخہ:** رسوت عمدہ دو تولہ 9 ماشہ، افیون ایک تولہ 2 ماشہ، زعفران 5 رتی، برگ نیم 5 عدد، بھنگرہ بریان سوا دو تولہ سب کو باریک کر کے پانی کی مدد سے لمبی لمبی گولیاں تیار کریں۔

استعمال: کوکنار کے پانی میں گھس کر پپوٹوں پر لیپ کریں۔

## (96) سرمہ بے نظیر

تعارف: ایک طبی کارخانہ لاکھوں کی تعداد شیشیاں فروخت کر چکا ہے اور ہزاروں سندات حاصل کی ہیں۔ اس کی فروخت کثرت سے ہو رہی ہے۔

اسناد: ہمارے ایک مہربان نے بہت محنت سے یہ نسخہ حاصل کر کے ہمیں عطا فرمایا ہے۔ جس کے ہم مشکور ہیں۔ نسخہ نہایت مفید اور بے نظیر ہے۔

منافع: آنکھوں کی تمام امراض مثلاً خارش، دھند، پھولا، پانی جانا، آشوب چشم، رتوندی، جالا، کی بصارت وغیرہ کو دور کرنے کے علاوہ عینک کو چھڑا دیتا ہے اور ابتدائی موتیا بند کر دور کر دیتا ہے۔

نسخہ: سرمہ سیاہ 10 تولہ تمباکو خوردنی (جو پان میں کھایا جاتا ہے)، شورہ قلمی، سہاگہ بریاں، پھٹکڑی بریاں، سرد چینی ہر ایک ایک تولہ عرق سونف 10 تولہ۔

ترکیب: پہلے سرمہ سیاہ کو عرق سونف میں کھرل کریں جب سرمہ خشک ہو جائے تو باقی دوائیں باریک شورہ ملا کر دوبارہ دو گھنٹہ تک خوب کھرل کر کے کپڑ چھان کر لیں اور ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں۔

# مجربات امراض گوش

## (97) روغن ورم و درد گوش

منافع: کان میں ورم اور درد ہو۔ درد کان کے ساتھ آواز بھی سنائی نہ دیتا ہو تو اس روغن سے آرام ہو جاتا ہے۔

نسخہ: لسن (تھوم) کی تریاں 10 عدد، روغن کنجد 5 تولہ۔

ترکیب: تھوم کی تریاں جن سے چھلکا اتار دیا گیا ہو۔ روغن کنجد میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب تریاں جل کر سیاہ ہو جائیں تو روغن کو کپڑے میں چھان کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: صبح و شام تین تین قطرہ نیم گرم کان میں ڈالیں۔

## (98) روغن درد گوش

منافع: درد کان کی ہر حالت میں مفید و مجرب نہایت سریع النفع ہے۔

نسخہ: آب برگ مدار، آب برگ دھتورہ، آب پیاز، سرکہ انگوری ہر ایک 5 تولہ، روغن کنجد 10 تولہ، کافور 6 ماشہ، افیون 3 ماشہ۔

ترکیب: روغن کنجد اور پانی کو آگ پر جوش دیں جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے۔ افیون اور کافور باریک پیس کر شراب میں حل کر کے ڈال دیں اور خوب ملا کر شیشی میں رکھیں۔

**استعمال:** دو تین قطرہ نیم گرم صبح و شام کان میں ڈالیں۔

## (99) دیگر

**منافع:** درد کان ہر قسم کے لئے مجرب ہے۔ درد کو فوری تسکین بخشتا ہے۔
**نسخہ:** گائے کے پتہ کا پانی ایک حصہ، روغن کنجد 2 حصہ۔
**ترکیب:** دونوں اشیاء کڑچھی میں ڈال کر جوش دیں جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے تیار ہے۔
**استعمال:** وقت ضرورت ایک یا دو قطرہ نیم گرم کان میں ڈالیں۔

## (100) دیگر

**منافع:** درد کان ہر قسم کے لئے اکسیر ہے۔ خصوصاً جو درد ورم اور پھنسی کی وجہ سے ہو اس کا موثر دوا ہے۔ کئی دفعہ کا مجرب و معمول ہے۔
**نسخہ:** زیری سیاہ، کوڑ ہر ایک ایک تولہ، روغن کنجد 5 تولہ، پانی 1 پاؤ۔
**ترکیب:** زیری اور کوڑ باریک پیس کر پانی میں 24 گھنٹہ تک بھگو رکھیں پھر جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو مل چھان کر روغن کنجد ملا کر دوبارہ جوش دیں جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے بس تیار ہے۔ شیشی میں محفوظ رکھیں۔
**استعمال:** ایک یا دو قطرہ نیم گرم کان میں ڈالیں۔ دن میں دو یا تین وقت استعمال کریں۔

## (101) بچہ کے کان سے رطوبت بہنا

**منافع:** بچہ کے کان سے رطوبت جاری رہتی ہو تو اس کے لئے عمدہ دوا ہے۔ اس سے جلد صحت ہو جاتی ہے۔
**نسخہ:** برگ نیم دو تولہ، گل روغن ایک تولہ، پانی 15 تولہ۔
**ترکیب:** نیم کے پتوں کو چار پہر تک پانی میں تر رکھیں۔ پھر جوش دیں جب 5 تولہ پانی رہ جائے، مل چھان کر گل روغن ملائیں اور دوبارہ جوش دیں۔ جب صرف تیل رہ جائے شیشی میں نگاہ رکھیں۔
**استعمال:** ایک ایک قطرہ نیم گرم صبح و شام کان میں ڈالیں۔

## (102) دوائے زخم و پیپ و درد کان

**منافع:** کان کے زخم کے لئے بے مثل ہے۔ زخم اور پیپ کی وجہ سے کان میں درد ہو تو فوری زخم وغیرہ درست ہو کر درد کو آرام ہو جاتا ہے۔ کان اور تمام بدن کی خارش کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔
**نسخہ:** نیلا تھوتھا 6 ماشہ، آب لیموں بقدر ضرورت۔
**ترکیب:** نیلا تھوتھا کو باریک پیس کر آب لیموں میں حل کر کے نگاہ رکھیں۔ آب لیموں اس قدر ہونا چاہئے کہ دوائی سیال رہے۔

استعمال: ایک ایک قطرہ صبح و شام کان میں ڈالیں اگر پیپ زیادہ ہو تو پچکاری سے کان کو صاف کر لیں پھر دوائی ڈالیں دن میں صرف ایک وقت ہی پچکاری سے کان دھو کر دوائی ایک وقت ڈال دی جائے اگر تمام بدن پر خارش ہو تو وہی میں ملا کر مالش کریں۔

## (103) دوائے درد گوش

**نسخہ و ترکیب استعمال:** گھوڑے کی لید کا پانی نکال کر گرم کر کے کان میں ڈالیں یا برگ تمباکو سبز آگ میں گرم کر کے پانی نکال کر چند قطرے کان میں ڈالیں۔ انشاء اللہ فوری آرام ہو گا۔

## (104) کان بہنا

**نسخہ و ترکیب استعمال:** گلیشیا سلفاس بورک ایسڈ مساوی الوزن ملا کر کان میں ڈال کر بعد میں روئی سے بند کر دیں۔

## (105) روغن امراض گوش

**منافع:** تمام امراض کان مثل ثقل سماعت کم سنائی دینا' طنین (کان بجنا) درد کان' پھنسی وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔
**نسخہ:** روغن گاؤ' کافور ہر ایک ایک تولہ' افیون 4 رتی۔
**ترکیب:** روغن گاؤ اور کافور کو ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب کافور روغن میں حل ہو جائے۔ افیون ملا کر حل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔
**استعمال:** ایک یا دو قطرے نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔

## (106) روغن بہرا پن وغیرہ

**منافع:** درد کان' ٹیس' بہرا پن' پھنسی وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔
**نسخہ:** آب برگ جوزماثل' روغن کنجد ہر ایک 10 تولہ' سرکہ انگوری 5 تولہ' افسنتین' مغز بادام تلخ نیم کوب ہر ایک ایک تولہ آب پیاز تین تولہ' برگ مدار نرم تازہ سات عدد۔
**ترکیب:** سب کو نرم آگ پر جوش دیں جب پانی جل جائے اس میں کاربالک آئل دو تولہ ملا لیں۔
**استعمال:** ایک یا دو قطرے، نیم گرم کان میں ڈالیں۔

## (107) عرق درد گوش

**منافع:** درد کان کو فی الفور بند کرتا ہے اور آسان ہے۔
**نسخہ:** شراب خالص' آب پیاز ہر ایک ایک تولہ' ٹنکچر اوپیم تین ماشہ۔
**ترکیب و استعمال:** سب کو ملا کر شیشی میں رکھیں۔ ایک دو قطرہ نیم گرم کان میں ڈالیں۔ درد فوراً ہو گا۔

# مجربات امراض بینی (ناک)

## (108) دوائے نکسیر

**منافع:** نکسیر بند کرنے میں بے مثل چیز ہے۔ وقت ضرورت استعمال کریں۔ مجرب ہے۔
**نسخہ:** کافور 2 ماشہ، سنگجراحت، صندل سفید، کشنیز خشک ہر ایک ایک تولہ۔
**ترکیب و استعمال:** سب کو باریک پیس کر دہی میں ملا کر ماتھے پر ہر روز لیپ کریں اور کشتہ سنگ جراحت ایک ماشہ ہر روز مکھن میں رکھ کر یا پانی کے ساتھ کھلایا کریں۔
**نوٹ:** زیادہ تکلیف ہو تو اس کے ہمراہ مندرجہ ذیل نسخہ بھی استعمال کریں۔

## (109) سعوط برائے نکسیر مجرب

**منافع:** نکسیر بند کرنے میں عجیب الاثر اور مجرب ہے۔
**نسخہ:** مازو، دھنیاں، غبار، آسیا، کندر، مصبر، خون سیاوشاں، بھنگڑہ ہر ایک ایک ماشہ۔
**ترکیب:** سب کو کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔
**استعمال:** تھوڑی سی دوائی لے کر پانی میں حل کر کے ناک میں ٹپکائیں۔

## (110) سفوف نکسیر و نفث الدم

**اسناد:** حضرت استاذ مکرم جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ اور مجرب ہے۔
**منافع:** نکسیر کی ہر حالت میں مفید ہے۔ نکسیر کو بہت نفع بخشتی ہے۔ نیز نفث الدم کے لئے مجرب ہے۔
**نسخہ:** دم الاخوین، طباشیر، الائچی خورد، کہربا ہر ایک 2 تولہ الگ الگ باریک کر کے سفوف تیار کریں۔
**استعمال:** 4 ماشہ صبح 4 ماشہ شام ہمراہ شیرہ تخم خیارین 2 تولہ استعمال کریں۔ زیادہ تکلیف ہو تو آملہ اور ملتانی مٹی مناسب مقدار لے کر پانی میں گھوٹ کر پیشانی اور تالو پر لیپ کریں خصوصاً گرمی کی وجہ سے نکسیر ہو تو زیادہ مفید ہے۔
**نوٹ:** تالو کے بال کتر کر سرد پانی سر پر دھار باندھ کر ڈالنے سے نکسیر کا خون بند ہو جاتا ہے۔

# مجربات امراض دندان

## (111) منجن اکسیر ماخورہ

**اسناد:** ہمارے محترم ہم درس دوست جناب حکیم مولوی مقبول الرحمٰن صاحب سکنہ ریاست پھولڑہ علاقہ مانسہرہ کا مشہور و معروف معمول مطب ہے۔

**منافع:** ملسخووہ (پائیوریا) کے لئے اکسیر ہے۔ دانتوں اور مسوڑھوں کی تمام امراض کے لئے بے مثل ہے۔ دانتوں کے خون کو فوراً بند کرتا اور مضبوط کرتا ہے۔ روزانہ استعمال کیا جائے تو دانت خوب صاف اور تمام آفات سے محفوظ رہتے ہیں۔ میرے دوست کا خاص الخاص صندوقچہ کا نسخہ ہے۔

**نسخہ:** بیخ کچنال، پوست بیخ اخروٹ، پوست بیخ درخت نیم ہر ایک 2 تولہ۔

**ترکیب:** تینوں دوائیں الگ الگ باریک پیس کر کپڑچھان کر کے ملالیں۔

**استعمال:** رات کو سوتے وقت یا جب ضرورت ہو دانتوں پر مل کر لعاب نیچے گرائیں۔ زیادہ تکلیف کی حالت میں دن میں دو تین دفعہ استعمال کریں۔

## (112) دیگر

**منافع:** ملسخووہ دندان کا بہترین مجرب اور آزمودہ دوا ہے۔ چند دنوں میں مکمل فائدہ کرتا ہے۔

**نسخہ:** کشتہ صدف ایک تولہ کشتہ نیلہ تھوتھہ 6 ماشہ۔

**ترکیب:** صدف (سیپ) بقدر ضرورت ایک کوزہ گلی میں بند کر کے 6 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے کے بعد نکال کر پیس لیں۔ نیلہ تھوتھہ کے باریک ٹکڑے کر کے توے پر رکھ کر نیچے آگ روشن کریں۔ جب پھول کر سفید ہو جائے۔ اتار کر پیس لیں پھر دونوں چیزوں کو باریک پیس کر ملالیں۔

**استعمال:** رات کو سوتے وقت دوائی انگلی سے مسوڑھوں پر مل دیں اور لعاب نیچے گرائیں۔

## (113) دیگر

**اسناد:** حضرت استاذ علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ خاص اور آپ کے مطب کا معمول ہے۔ ماخورہ کے لئے زود اثر و مجرب ہے۔

**نسخہ:** مازو، مائیں، بھنگرہ، کافور، مسور، پوست انار ہر ایک 3 ماشہ، نیلہ تھوتھہ بریاں 3 رتی۔

**ترکیب:** سب کو باریک پیس کر ملا کر اچھی طرح کھرل کر لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** دو وقت دانتوں پر ملیں اور لعاب دہن نیچے گراتے رہیں۔ بعد میں جلدی کلی نہ کریں۔

## (114) دیگر

**منافع:** ماخورہ کو دور کرتا، ہلتے دانتوں کو مضبوط کرتا اور ان کو مثل موتیوں کے سفید کرتا ہے۔ دانتوں کی تمام بیماریوں کے لئے اکسیر اور آزمودہ ہے۔

**نسخہ:** سپاری تیلیہ ایک عدد، مازو بے سوراخ 2 عدد بھلاوہ رس دار 4 عدد، روغن گاؤ تین ماشہ۔

**ترکیب:** سپاری بھلاوہ کو کوزہ گلی میں بند کر کے دو تین اوپلہ کی آگ دیں۔ مازو کو روغن زرد میں بریاں کریں۔ پھر سب کو ملا کر خوب باریک کر کے کپڑچھان کر لیں۔

**استعمال:** حسب دستور دانتوں پر ملیں۔ ماخورہ کی تکلیف ہو تو آرام سے لگا دیں۔ دوائی لگا کر منہ ڈھیلا چھوڑ دینا چاہئے۔ گائے کا گوشت، لال مرچ، گڑ، تیز دار چیزوں سے پرہیز کریں۔

## (115) دوائے درد دنداں

اسناد: علامہ زمان لقمان دوراں حضرت استاذ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا معمول مطب ہے۔

منافع: دانتوں کا درد خواہ جس قدر ہو اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔

نسخہ: نوشادر، افیون ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، عقر قرحہ 3 ماشہ، تینوں چیزیں الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں۔

استعمال: حسب دستور تھوڑا سا لے کر دانتوں پر ملیں۔ اگر دانتوں میں سوراخ ہو تو سوراخ میں رکھیں۔

## (116) دیگر

منافع: دانتوں کا درد خصوصاً جو سردی کی وجہ سے ہو اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ مطب سلمی کا فیض ہے۔

نسخہ: فلفل سیاہ، لونگ، رائی ہر ایک 3 ماشہ نمک لاہوری ایک ماشہ، سب دوائیں خوب باریک پیس کر ملا لیں۔

استعمال: دن میں دو یا تین دفعہ درد کرنے والے دانتوں پر ملیں۔

## (117) دیگر

منافع: درد دانت کو نفع بخشتا اور مسوڑھوں کے درد کو زائل کرتا ہے۔ پانی لگنا دانتوں سے خون آنا وغیرہ عوارض کے لئے عجیب و غریب دوا ہے۔

نسخہ: اجوائن دیسی 2 تولہ گیرو، نیلہ تھوتھہ ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر سفوف کر لیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: دو وقت حسب دستور دانتوں پر ملیں۔

## (118) دیگر

منافع: درد دانت نیز درد سر کو چند منٹ میں دور کرتی ہے۔ نہایت سریع الاثر مسیحائی دوا ہے۔

نسخہ: نوشادر تین تولہ، کافور دیسی ایک تولہ، افیون تین ماشہ۔

ترکیب: تینوں ادویہ الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں اور دوبارہ باریک کریں۔ پھر کپڑ چھان کر کے شیشی میں مضبوط ڈاٹ لگا کر رکھیں۔

استعمال: جس دانت کو درد ہو وہاں مل دیں اور منہ ڈھیلا چھوڑ دیں تاکہ رطوبت آسانی سے نیچے بہہ سکے درد سر میں ڈاٹ اتار کر اسے خوب سونگھیں۔

## (119) درد داڑھ

منافع: درد داڑھ کے علاوہ ہر قسم کے خارجی درد مثلاً درد کان، درد سر، درد شقیقہ کے لئے اکسیر ہے۔

نسخہ: کلورل ہیڈریٹ' کافور ہر ایک 4 ماشہ' کوکین 2 رتی۔

ترکیب: سب کو ملا کر انگریزی کھرل میں کھرل کریں۔ جب تیل بن جائے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: دانت کے ارد گرد لگائیں۔ دیگر دردوں میں بھی درد کی جگہ لگائیں۔ ساتھ نسوار' چاول اور دودھ آک والی (مندرجہ مجربات سلطانی حصہ اول) بھی دو وقت استعمال کی جائے تو زیادہ فائدہ ہو گا۔

## (120) روغن درد داڑھ

منافع: درد داڑھ اور درد دانت کے لئے اکسیر ہے۔ فوری فائدہ ہوتا ہے۔

نسخہ: آئیل آف کلوز (روغن لونگ ولائتی) کاربالک ا۔سڈ' کریازوٹ' ٹنکچر آیوڈین' ٹنکچر اوپیم ہر ایک برابر وزن لے کر شیشی میں ملا لیں۔

استعمال: تھوڑا سا روئی پر لگا کر احتیاط سے درد کرنے والے دانت پر لگائیں۔

## (121) منجن اکسیر دندان

منافع: ایک جامع الفوائد دوا ہے یعنی دانتوں کی تمام امراض کو زائل کرنے میں بے مثل ہے۔ مثلاً دانتوں سے خون و پیپ بہنا' پانی لگنا' دانتوں سے بدبو آنا' دانتوں کا ہلنا کیڑا لگ جانا' مسوڑھے پھول جانا' درد دانت' ورم وغیرہ' ہفتہ میں تین چار دن استعمال کرنے سے دانت مضبوط اور صاف رہتے ہیں اور دانتوں کو تمام امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ نہایت آسان اور قابل تعریف منجن ہے۔ جو ہر گھر اور ہر مطب میں تیار رہنے کے قابل ہے۔ ہمارے ہاں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ ہمارا خاندانی نسخہ ہے۔

نسخہ: نیلا تھوتھ 6 ماشہ' کتھ سفید' مرچ سیاہ' مجیٹھ' باؤبڑنگ' مازو' سعد کوفی' سنبل الطیب' دانہ الائچی کلاں ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: نیلا تھوتھ کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پھول کر سفید ہو جائے اتار لیں پھر سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملا کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت آہستہ آہستہ انگلی سے دانتوں پر ملیں اور منہ ڈھیلا چھوڑ کر رال نیچے گرائیں پھر ایک پان کھا کر سو رہیں صبح اٹھ کر پانی سے غرغرا کر لیں جہاں پان نہ ملے کوئی مضائقہ نہیں البتہ بعد میں پانی نہیں پینا چاہئے اور نہ ہی کلی کرنی چاہئے۔

## (122) منجن عجیب

منافع: دانتوں کی جملہ امراض مثلاً گوشت خورہ (پائیوریا) درد دندان' دانتوں سے خون آنا' مسوڑھوں کا پھول جانا دانتوں کا میلے کچیلے رہنا وغیرہ کے لئے موثر چیز ہے اور نہایت مجرب ہے۔

نسخہ: کتھ سفید' سپاری ہر ایک 2 تولہ گیرو' کھڑیا مٹی ہر ایک 5 تولہ' کافور ایک تولہ' ست پودینہ 3 ماشہ۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں پھر کاربالک آئیل یوکلپٹس آئل ہر ایک ایک تولہ اچھی طرح ملا کر محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** تھوڑی مقدار صبح و شام دانتوں پر احتیاط سے ملیں اور منہ ڈھیلا چھوڑ کر لعاب نیچے گرائیں۔

## (123) منجن دانت خوشبودار

**نسخہ و ترکیب استعمال:** گل سرخ تین تولہ کبابہ 1 تولہ، متھر ان ایک تولہ، باریک پیس کر دانتوں پر ملیں۔ دانت مثل موتیوں کے چمکیں گے۔

## (124) سفوف حابس خون لثہ

**منافع:** اگر مسوڑھوں سے خون جاری ہو تو اس نسخہ سے جلد آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت سریع الاثر ہے۔

**نسخہ:** طباشیر، کتھ گلابی، پھٹکڑی بریاں، سرد چینی ہر ایک 2 تولہ کافور، نیلا تھوتھ ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب:** سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملا کر خوب کھرل کریں۔

**استعمال:** مسوڑھوں پر بار بار لگاتے رہیں حتیٰ کہ خون بند ہو جائے جس جگہ سے خون آتا ہو بار بار لگانے سے آرام ہو جاتا ہے۔

## (125) منجن اکسیری

**اسناد:** میرے پیارے دوست چودھری علی احمد صاحب منشی محکمہ نہر نے عنائت فرمایا اور اسے پیٹنٹ کرانے کے لئے ہدایت کی۔

**منافع:** پائیوریا کا اکسیری علاج ہے۔ منہ کی بدبو، مسوڑھوں سے خون آنا، رطوبت آنا، مسوڑے پھول جانا اور کمزور ہو جانا وغیرہ شکایات کے لئے اکسیر ہے۔ یہ نسخہ آج تک جب بھی تجربہ کا موقعہ ہوا کبھی خطا نہیں گیا پہلے دن اثر دکھانا اس کا کام ہے۔

**نسخہ:** کرنٹا پرپرنٹا، سوڈا بائیکارب، پھٹکڑی بریاں ہر ایک 6 ماشہ، راکھ چھلکا کیکر 2 تولہ کاربالک آئل، یوکلپٹس آئل ہر ایک 10 بوند، ست پودینہ متھول 3 رتی۔

**ترکیب:** پہلی چار چیزیں باریک پیس کر ملا لیں بعد ازاں باقی چیزیں ان میں خوب ملا کر سفوف بنا لیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** صبح نہار اور دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد اور رات کو سوتے وقت انگلی یا برش سے دانتوں پر ملیں۔ تکلیف زیادہ ہو یعنی منہ میں زخم ہو گئے ہوں۔ اور تمام رگوں وغیرہ میں درد ہو تو دوائی کو شہد خالص میں ملا کر انگلی سے لگا دینا چاہئے اور اس کے بعد پھٹکڑی والے پانی سے غرغرے کریں اس کے بعد زیری سیاہ گھی میں جلا کر صاف کر کے اس گھی کو گرم کر کے غرغرے کریں اور منہ بند کر لیں تاکہ ہوا نہ لگے اسی وقت تکلیف کو آرام ہو جائے گا۔

**نوٹ:** دوائی کے بعد منہ ڈھیلا چھوڑ کر لعاب نیچے گراتے رہنا چاہئے چھلکا کیکر کا اوپر والا سخت حصہ اور اندرونی نرم حصہ اتار کر پھینک دینا چاہئے۔ باقی کو خشک کر کے کوٹ لینا چاہئے دوا نہایت احتیاط سے تیار کر کے باقاعدہ استعمال کی جائے۔

## (126) منجن دندان

**منافع:** دانتوں کی جملہ امراض کے لئے بے نظیر اور نہایت آسان ہے۔ آزمائیں اور داد دیں۔

**نسخہ و ترکیب:** کچلہ کو جلا کر کوئلہ بنالیں پھٹکڑی کچلہ کے حساب سے پھٹکڑی بریاں نیلہ تھوتھہ بریاں، کالی مرچ ہر ایک ایک ماشہ باریک کر کے ملالیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** حسب دستور تھوڑا سا صبح و شام یا رات کو سوتے وقت دانتوں پر ملیں۔ لعاب نیچے گراتے رہیں۔

# مجربات امراض حلق و دہن

## (127) استرخاء لہات (کوے کا لٹک جانا)

**منافع:** استرخاء لہات (کوے کا لٹک جانا) کے لئے جس میں بچہ سوکھ جاتا ہے۔ خصوصاً گردن کمزور اور تالو بیٹھ جاتا ہے۔ کان پتلے ہو جاتے ہیں۔ کبھی کبھی سبز یا سفید دست بھی جاری ہو جاتے ہیں نہایت مجرب ہے۔

**نسخہ:** مغز کنول ڈوڈہ تین تولہ، طباشیر، مغز تخم بنق دانہ، الائچی خورد ہر ایک 6 ماشہ، جائفل 2 رتی۔

**ترکیب:** تمام دوائیں الگ الگ کوٹ کر سفوف تیار کریں۔

**استعمال:** 4 رتی سے ایک ماشہ تک ماں کے دودھ یا شربت حب الاس میں ملا کر پلائیں۔

## (128) دیگر

**نسخہ:** انار کی ڈوڈی ایک عدد، طباشیر، دانہ الائچی خورد، کتھ سفید، مازو ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب:** تمام دوائیں خوب باریک کوٹ کر کپڑچھان کریں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** ایک ماشہ دوا لے کر والدہ کے دودھ میں گھول کر پلادیں۔

**یادداشت:** انار کی ڈوڈی سے مراد، انار کے پھل کی ڈوڈی ہے۔ اسے خشک کر کے کام میں لائیں۔

## (129) گلا صاف کرنے کی گولیاں

**منافع:** واعظوں، لیکچراروں بلند آواز سے قصے اور غزلیں پڑھنے والوں گانے کے شائقینوں کے لئے مجرب ہیں۔ ان سے گلا صاف ہو جاتا ہے۔ آواز زور سے اور صاف نکلتی ہے۔

**نسخہ:** سہاگہ بریاں، گوند کیکر، سنبل الطیب ہر ایک تین ماشہ، مرچ سیاہ، جو کھار، پپلا مول ہر ایک 6 ماشہ، ملٹھی کا آٹا، شکرتری (کھانڈ) ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب:** سنبل الطیب کو قینچی سے باریک کترلیں پھر سب کو ملا کر باریک کریں اور کپڑچھان کرلیں۔ پھر پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں اور سایہ میں خشک کریں۔

استعمال: ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں۔

### (130) اکسیر خناق

اسناد: محترم دوست حکیم جمال دین صاحب جراح کا مایہ ناز مجرب نسخہ ہے۔
منافع: اگر حلق میں ورم ہو یعنی ابتدائی درجہ ہو تو اس کو جلا دیتی ہے۔ اگر پیپ بن گئی ہو تو پھاڑ دیتی ہے۔ خناق کے واسطے عمدہ چیز ہے۔
نسخہ و ترکیب: سیاہ سانپ کو کسی برتن گلی میں ڈال کر برتن کا منہ چینی سے بند کر کے گل حکمت کریں اور خشک کر کے 25 سیر اوپلوں کی آگ میں پھونک لیں۔ جب سرد ہو جائے پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: بقدر ایک رتی دوا لے کر شہد میں ملا کر چٹائیں۔ دن میں دو بار دیں۔
یادداشت: خناق کے لئے ایک تیر بہدف نسخہ مجربات سلطانی حصہ دوم میں درج ہو چکا ہے۔

### (131) غرغرہ برائے خناق مجرب

منافع: خناق (یعنی تالو، حلق، حنجرہ وغیرہ کے اندر جو ورم ہو جاتا ہے جس سے مریض کوئی چیز نہیں نگل سکتا) کے لئے نہایت نافع ہے۔ کئی دفعہ کا آزمودہ ہے۔
نسخہ: گل سرخ ایک تولہ، کشنیز خشک، مکو خشک ہر ایک 2 تولہ عدس یعنی مسور 4 تولہ، گودہ املتاس 5 تولہ۔
ترکیب و استعمال: سوائے گودہ املتاس کے باقی دوائیں تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے مل چھان کر گودہ املتاس اس میں حل کر کے دوبارہ چھان لیں۔ نیم گرم دوا سے غرغرہ کرتے رہیں۔ تکرار عمل سے غافل نہ رہیں۔ ساتھ ہی گودہ املتاس 3 تولہ کو ایک پاؤ شیر بز گرم میں حل کر کے چھان لیں اور مصری سے میٹھا کر کے پلائیں۔ مندرجہ ذیل نسخہ کا ضماد کریں۔

### (132) ضماد برائے خناق

منافع: خناق کی ورم پختہ کرتا ہے۔ نیز ورم کو پھاڑ دیتا ہے اور درد کو تسکین دیتا ہے۔
نسخہ: بنفشہ، بابونہ، اکلیل الملک، تخم کنوچہ، مویز منقہ ہر ایک ایک تولہ، تخم خطمی، مکو خشک ہر ایک 5 تولہ آرد جو نیم پاؤ روغن گل 6 تولہ۔
ترکیب و استعمال: سب کو کوٹ کر مناسب پانی ملا کر ضماد تیار کر کے لگائیں۔

## مجربات امراض سینہ و پھیپھڑے وغیرہ

### (133) حریرہ خشک کھانسی

منافع: خشک کھانسی کے لئے بہترین نسخہ ہے اور مقوی دماغ اور مجرب ہے۔
نسخہ: سبوس گندم 5 تولہ، مغز تخم کدو، مغز تخم خیارین، مغز تخم خربوزہ، مغز تخم تربوز ہر ایک ایک تولہ

گڑ کا گھی 2 تولہ، کھانڈ تین تولہ۔

ترکیب: سبوس گندم کو تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے مل چھان کر رکھ دیں۔ مغزیات کو پیس لیں پھر سوائے کھانڈ کے سب اشیاء کو دیگچہ قلعی شدہ میں ڈال کر جوش دیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو کھانڈ ملا کر اتار لیں۔

استعمال: نیم گرم ہی ایک ایک گھونٹ کر کے پلا دیں یا چمچہ سے کھلائیں۔ دن کی نسبت رات کو سوتے وقت استعمال کرانا بہتر ہے۔ یہ سب دوا ایک دفعہ کے لئے ہے۔

## (138) شربت برائے امراض سینہ و شش

منافع: تپدق، سل، کھانسی ہر قسم پختہ و خام کے لئے اکسیر ہے۔ دمہ نزلی کو فائدہ بخشتا ہے۔

نسخہ: مغز تخم خیارین 4 تولہ، ملٹھی، تخم کتان ہر ایک 1 تولہ، خشخاش سفید 15 تولہ، گل بنفشہ ایک تولہ، بیخ سوسن، بیخ پان، گاؤزبان، گل گاؤزبان ہر ایک 2 تولہ، لسوڑیاں 25 عدد، عناب 30 عدد، کوکنار 6 تولہ، بورہ صندل سفید، ابریشم خام ہر ایک تین تولہ، قند سفید 3 پاؤ۔

ترکیب: کوٹنے والی دوائیں کوٹ کر پھر سب کو چار پہر تک ایک سیر پانی میں بھگو دیں۔ پھر جوش دیں جب نصف رہ جائے مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: دو دو تولہ صبح و شام تین حصہ پانی ملا کر استعمال کریں۔

## (135) دوائے ضیق النفس و سعال

منافع: ضیق النفس (دمہ) اور کھانسی کا دورہ روک دیتی ہے۔ خصوصاً دمہ نزلی میں مفید ہے۔ عام طور پر دمہ اور کھانسی کے لئے مفید ہے۔ کئی دفعہ کی مجرب ہے۔

نسخہ: سبوس گندم 2 تولہ، کوکنار ایک عدد، صمغ عربی 2 ماشہ، لسوڑیاں 11 عدد، ملٹھی 7 ماشہ، تخم کتان ایک تولہ، مصری تین تولہ۔

ترکیب: سوائے صمغ عربی کے باقی دوائیں آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف یا تہائی رہ جائے تو مل چھان کر صمغ عربی باریک پیس کر اس پر چھڑک دیں اور مصری ملا کر ہمراہ سفوف مندرجہ ذیل تین ماشہ استعمال کریں۔

نسخہ سفوف: ملٹھی، بہدانہ، خشخاش ہر ایک 6 ماشہ، مغز بادام 11 عدد، کتیرا 2 ماشہ، مویز منقہ 11 عدد، مصری تین تولہ سب کو باریک کر کے سفوف کر لیں۔

## (136) سفوف اکسیر تپ دق

اسناد: شمس الحکماء حکیم مولوی شمس الدین صاحب کا معمول مطب اور مجرب ہے۔

نوٹ: اس کے بعد جو تین نسخے لکھے جا رہے ہیں۔ یہ بھی علامہ ممدوح کے عطیہ و مجرب ہیں اور دستور العمل بنانے کے قابل ہیں۔ حکیم صاحب ممدوح سل دق کے مشہور معالج تھے۔

اعضاء رئیسہ شریفہ کو طاقت دیتا ہے۔

**منافع:** تپدق کے لئے اکسیر ہے۔ اعضاء رئیسہ شریفہ کو طاقت دیتا ہے۔

**نسخہ:** طباشیر، الائچی خورد، ست گلو، آرد گلو، رب السوس، صمغ عربی، نشاستہ، شکر تیغال، آرد ملٹھی، مغز تخم کدو، خشخاش سفید، تخم خرفہ، تخم کاہو، سبوس اسبغول، ورق نقرہ، کشتہ مرجان، کشتہ عقیق ہر ایک تین ماشہ مصری کوزہ چھ ماشہ۔

**ترکیب:** الگ الگ باریک پیس کر ملالیں۔ بس تیار ہے۔

**استعمال:** تین ماشہ صبح تین ماشہ شام ہمراہ شربت اعجاز، عرق گاؤزبان، عرق گلو، عرق کاسنی، عرق مکو ہر ایک تین تولہ استعمال کریں۔

## (137) عرق تپ مرکبہ

**منافع:** تپ خلطی مرکب، تپ کہنہ (جو دق کے مشابہ ہو اور کئی مہینوں سے دامن گیر ہو اور معمولی علاجوں سے نہ جاتا ہو) کے لئے نہایت مفید ہے۔ عام مرکب تپوں اور دق میں مفید ہے۔ نہایت عمدہ و مجرب ہے۔ اور کئی دواخانوں میں مستعمل ہے۔

**نسخہ:** تخم کاسنی، تخم خیارین، تخم کدو، تخم خربوزہ، تخم تربوز، تخم کاہو ہر ایک 10 تولہ، گل نیلوفر، گل سرخ، برادہ صندل سفید، برادہ صندل سرخ، مکو خشک، خطمی خبازی ملٹھی، گلو سبز، عناب، پوست بیخ کاسنی، تخم خرفہ، بادیاں، خوب کلاں ہر ایک 4 تولہ، برگ گاؤزبان 6 تولہ، برگ بید سائیدہ آب خیار، آب کدو شیریں ہر ایک 15 تولہ، پانی 10 سیر۔

**ترکیب:** کوٹنے والی دوائیں کوٹ کر سب کو ملا کر 24 گھنٹہ تک بھگو رکھیں پھر دس بوتل عرق کشید کریں۔ نیچہ کے منہ پر کافور، طباشیر، زہر مہرہ ہر ایک 3 ماشہ پوٹلی باندھ کر لٹکائیں۔

**استعمال:** 5 تولہ سے 8 تولہ تک روزانہ صبح و شام پلادیں۔

## (138) سفوف سل ودق

**منافع:** سل دق میں ایسے موقع پر دیا جاتا ہے جب کھانسی شدید ہو اور بلغم کا نکلنا مقصود ہو مرض دوسرے درجہ پر ہو اور کمزوری بہت ہو پسینہ زیادہ اور پیشاب و پاخانہ میں رسوب اور دہنیت ظاہر ہو تو بھی نفع مند ہے۔

**نسخہ:** مغز تخم خیارین، گل سرخ ہر ایک 16 ماشہ، مغز تخم کدو شیریں، مغز بہدانہ، مغز تخم خربوزہ تخم خرفہ، زہر مہرہ اصلی، سنگ یشب سبز، صندل سفید ہر ایک 4 ماشہ، طباشیر، کیرا، زعفران، شادنہ عدسی مغسول رب السوس، تخم خشخاش سفید، افیون خالص ہر ایک 5 ماشہ، گل ارمنی، کافور ہر ایک 6 ماشہ سرطان سوختہ 1 ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو جدا جدا باریک پیس کر سفوف کرلیں۔ گاہے لعاب اسبغول میں قرص تیار کرلئے جاتے ہیں۔

استعمال: تین ماشہ سے 5 ماشہ تک ہمراہ آب خالص یا عرق گاؤزبان استعمال کریں۔

## (139) شربت سل ودق

منافع: سل دق کے لئے مجرب و آزمودہ ہے۔ اگر کھانسی زیادہ ہو اور بلغم کا پکانا مطلوب ہو تو ایسے موقع پر زیادہ زیر معمول ہے۔ عام کھانسی اور زکام کے لئے بھی مفید ہے۔ بلغم کو پکا کر خوب خارج کرتا ہے۔

نسخہ: بنفشہ، گل نیلوفر، زوفا ہر ایک تین تولہ عناب 20 دانہ، پرساؤشاں، تخم خبازی تخم خطمی، گاؤزبان، بہدانہ، تخم کتان، تخم حلبہ، سونف، مغز کدو، ملٹھی، منقہ ہر ایک دو تولہ، انجیر 7 دانہ، لسوڑیاں 5 تولہ، بیخ سوسن ایک تولہ مصری ایک سیر، حسب دستور شربت تیار کرلیں۔

استعمال: 5 تولہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان یا پانی استعمال کریں مگر پہلے لعوق خیار شنبر 7 ماشہ کھالیں۔

نسخہ لعوق: لسوڑیاں کوفتہ 30 دانہ، عناب 50 دانہ، مویز منقہ 40 دانہ کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب ایک تہائی رہ جائے مل چھان کر اس میں مغز فلوس، خیار شنبر 2 تولہ خوب مل کر چھان کر مصری 1 پاؤ ملا کر کے لعوق تیار کریں۔

## (140) سفوف سل دق دیگر

منافع: سل دق کے لئے نہایت مجرب ہے۔ خصوصاً خون آرہا ہو تو اس کو بلا تکلیف بند کر دیتا ہے۔

نسخہ: بہدانہ، گل خطمی، گل ارمنی، تخم خرفہ، دارچینی، صمغ عربی، کتیرا، نشاستہ، شاخ گوزن سوختہ خشخاش سفید، برادہ دندان فیل ہر ایک نصف درم، مغز تربوز، مغز خربوزہ ہر ایک ایک درم، سب کو الگ الگ باریک کر کے ملالیں۔

استعمال: تین ماشہ سے 7 ماشہ تک ہمراہ پانی یا شربت مناسب استعمال کریں۔

## (141) حب اکسیر سل

منافع: جب کہ سل کے مریض کو خون آرہا ہو ایسے موقعہ پر نہایت سریع التاثیر ہیں۔ ان سے دوسرے تیسرے روز ہی بلا تکلیف خون بند ہو جاتا ہے۔ اور کامیابی کے آثار ظاہر ہونے لگتے ہیں۔ چند روز کے بعد اور مناسب دوا ساتھ شروع کر دینا چاہئے۔ مجرب و تیر بہدف ہیں۔

نسخہ: کشتہ سکہ 2 رتی، افیون خالص 8 رتی۔

ترکیب: دونوں دواؤں کو آپس میں کھرل کر کے پانی کی مدد سے اس تمام دوا کی 16 گولیاں بنائیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ عرق خاص 2 تولہ استعمال کریں۔ طاقت کے لئے دواء المسک معتدل یا کشتہ سونا یا مالتی بسنت استعمال کریں۔

ترکیب کشتہ سکہ: سکہ حسب ضرورت لے کر باریک پترے کر کے لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب گل جائے تو اس میں آکسن بوٹی کی جڑ ہلاتے رہیں۔ آگ تیز جلائیں۔ جب سکہ خاک ہو جائے تو اتار لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

نوٹ: سکہ کے باریک پترے کر کے کترلینا چاہئے۔

**نسخہ عرق خاص:** کشتہ 2 تولہ تیزاب نمک 30 قطرہ، کشتہ کو باریک پیس کر ایک بوتل پانی میں حل کر لیں تیار ہے۔

## (142) سفوف اکسیر سل ودق

**منافع:** سل میں ایسے موقع پر استعمال کرایا جاتا ہے۔ جب پیپ آ رہی ہو اور مایوسی ہو سل کی آخری حالت میں تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔ اور یقینی و فوری فائدہ ظاہر ہونے لگتا ہے۔ اس سفوف کی قدر استعمال کے بعد بخوبی معلوم ہوگی۔ مجرب المجرب ہے۔ مریض کو ایک ہفتہ میں افاقہ ہو جاتا ہے۔

**نسخہ:** پوست بیخ پدماکھ، آرد گلو خشک، کشنیز خشک، گل نیلوفر، برگ نیم ہر ایک ایک تولہ، سب ادویہ الگ الگ باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کرلیں۔

**استعمال:** تین ماشہ سفوف میں حب کریازوٹ ایک عدد رکھ کر پھانک لیں اوپر سے کوئی عرق یا پانی چند گھونٹ پی لیں۔

**نسخہ حب کریازوٹ:** کونین سلفاس، کریازوٹ ہر ایک ایک تولہ، کافور، آیوڈوفارم ہر ایک تین ماشہ سب کو ملا کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر 2 رتی تیار کریں۔

## (143) مفرح تپ دق

**منافع:** دق کے لئے اکسیر ہے۔ جب مریض کمزور ہو رہا ہو اور کسی طاقتور دوا کی ضرورت ہو اس حالت میں نہایت عمدہ اثر دکھاتا ہے۔ چند روز میں ہی مریض کی حالت بہتر ہونے لگتی ہے۔ مجرب ہے۔

**نسخہ:** مروارید ناسفتہ، طباشیر کبود، کہربا شمعی، ست گلو، کیرا، دانہ الائچی خورد، صندل سفید ہر ایک 4 ماشہ، سرطان سوختہ 3 ماشہ، رب السوس، ابریشم خام ہر ایک 2 ماشہ، مغز تخم کدو شیریں، مغز تخم خیارین، مغز تربوز، تخم خرفہ، تخم کاہو، گل سرخ، تخم خشخاش ہر ایک 9 ماشہ، گل بنفشہ 5 ماشہ، کافور قیصوری 2 ماشہ، زعفران ایک ماشہ، مصری ایک پاؤ۔

**ترکیب:** ابریشم، گل بنفشہ، گل سرخ، تخم کاہو، صندل سفید کو ایک پاؤ پانی میں رات کو تر کریں۔ صبح جوش دے کر مل چھان لیں اور مصری ملا کر قوام بنائیں۔ پھر باقی دوائیں باریک پیس کر ملا دیں اور ورق نقرہ 25 عدد ملا کر رکھ لیں۔

**استعمال:** چار ماشہ سے 6 ماشہ تک کسی عرق یا شربت مناسب کے ساتھ استعمال کریں۔

## (144) قرص مخفی برائے سل ودق

**منافع:** یہ بے نظیر نسخہ سل دق کے مخفی نسخہ جات میں سے ہے اگر اس مرض کی کسی خاص دوا کی تلاش ہو تو اس نسخہ کو استعمال کرنا چاہئے۔ اس سے جراثیم کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔ شروع مرض میں تو بہت جلد کامیابی ہوتی ہے۔ یہ نسخہ بڑی دقت سے حاصل کیا گیا ہے۔

**نسخہ:** مروارید ناسفتہ، یشب سبز، یاقوت سرخ، زہر مہرہ خطائی، کہربا شمعی، ورق طلا، ورق نقرہ، کافور ہر ایک ایک ماشہ، ست گلو، طباشیر، الائچی خورد، شکر تیغال، سرطان نہری سوختہ، سریش ماہی، بکرے کی آنکھ کے دونوں موتی، کیرا سفید، خشخاش سفید، ابریشم مقرض، ریشہ برگد ہر ایک 3 ماشہ، صمغ عربی، رب السوس ہر ایک 1 ماشہ، مغز کدو، مغز تربوز، مغز پیٹھہ، مغز تخم خیارین، مغز تخم خربوزہ، تخم خرفہ تخم پالک ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب:** پہلی سات دواؤں کو عرق کیوڑہ یا دودھ میں خوب کھرل کریں مگر کہربا کو پہلے کوئلوں کی آگ میں سرخ کر کے تین دفعہ عرق کیوڑہ یا دودھ میں خوب کھرل کریں۔ جب یہ اشیاء کھرل کرنے کے بعد خشک ہو جائیں تو ان میں کافور باریک شدہ ڈال کر ایک گھنٹہ تک پھر کھرل کریں۔ پھر باقی اشیاء الگ الگ باریک پیس کر ملا کر دوبارہ خوب پیسیں اور کھرل شدہ دواؤں میں اچھی طرح ملالیں اور آب پیٹھہ آدھ سیر میں مصری آدھ سیر کا قوام کر کے تمام باریک شدہ دواؤں کو اچھی طرح ملالیں۔

**استعمال:** تین ماشہ سے 6 ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان 12 تولہ یا عرق ہرا بھرا 12 تولہ۔

## (145) دیگر

**منافع:** یہ قرص بھی سل دق درجہ اول و دوم کے لئے نہایت مفید و مجرب ہیں۔ ان سے طاقت پیدا ہوتی ہے۔ اور تپ وغیرہ عوارض کو جلد نفع ہو جاتا ہے۔ اس میں تمام فوائد پائے گئے ہیں۔ جراثیم کا قلع قمع کرتا ہے۔ یہ نسخہ مندرجہ بالا نسخہ سے ارزاں ہے۔ مطب کا معمول ہے۔

**نسخہ:** کشتہ مرگانگ، کشتہ ابرک سفید، خوب کلاں مدبر، ست گلو، طباشیر کبود، الائچی خورد، کافور، کشتہ صدف ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب:** سب دواؤں کو خوب کھرل کر کے لعاب بہدانہ ملا کر قرص بقدر دو دو ماشہ تیار کریں۔

**استعمال:** نصف قرص صبح نصف شام ہمراہ عرق شیر یا عرق نمبر 137 استعمال کریں۔

**خوب کلاں مدبر کرنے کی ترکیب:** دونیاں، چونیاں، اٹھنیاں روپے ہر ایک 5 عدد خوب دھو کر ایک کٹورہ میں ڈالیں اور اس میں خوب کلاں 5 تولہ ڈال کر پانی سے بھر دیں۔ اور ہاتھ سے خوب ملیں۔ جب خوب کلاں کا چھلکا اتر کر سفید نکل آئے تو تیار سمجھیں پھر نکال کر چاول الگ کر کے خشک کریں۔

**کشتہ مرگانگ:** پارہ، آملہ سار، قلعی، نوشادر مساوی الوزن لے کر حسب دستور مرگانگ تیار کرلیں۔ جس کا طریقہ عام ہے۔ جو مجربات سلطانی حصہ دوم امراض مخصوصہ مردان میں بھی درج ہے۔

**کشتہ ابرک سفید:** گدھی کے دودھ یا مولی کے پانی میں تیار کیا گیا ہو تو بہتر ہے۔

## (146) حب کھانسی

**منافع:** کھانسی کے ہر درجہ اور ہر قسم میں مفید ہیں۔ خواہ تر ہو یا خشک نہایت موثر و مجرب ہیں۔

**نسخہ:** خشخاش، شکر تیغال، کیرا، مغز بادام مقشر، خطمی، گل گاؤزبان، افیون ہر ایک 2 ماشہ، زعفران ایک

ماشہ، صمغ عربی تین ماشہ، رب السوس، مغز تخم کدو ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب:** سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملالیں اور لعاب اسبغول و لعاب بہدانہ ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوسیں۔

## (147) دیگر

**منافع:** کھانسی ہر قسم خصوصاً کھانسی خشک کے لئے نہایت مفید ہیں۔ ایک ہی دن میں فائدہ کر دیتی ہیں۔ مطب کا معمول و مجرب نسخہ پیش کیا جاتا ہے۔ جو بالکل بے ضرر اور آسان ہے۔

**نسخہ:** تخم کاہو، تخم خرفہ، رب السوس، تخم خطمی، بہدانہ، کتیرا ہر ایک تین ماشہ، مغز تخم کدو، مغز تخم خیارین، مغز بادام ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب:** تمام ادویہ الگ الگ باریک کر کے ملا کر خوب پیسیں اور اسبغول کے لعاب سے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** ایک یا دو گولیاں منہ میں رکھ کر لعاب چوسیں۔ کھانسی زیادہ ہو تو گھنٹہ گھنٹہ کے بعد ایک ایک گولی منہ میں رکھیں۔

## (148) حب کھانسی اطفال

**منافع:** چھوٹے بچوں کی کھانسی کے لئے نہایت مجرب اور معمول مطب بنانے کے قابل ہیں۔

**نسخہ:** صمغ عربی، نشاستہ، رب السوس، خشخاش ہر ایک ایک ماشہ افیون ایک رتی۔

**ترکیب و استعمال:** الگ الگ باریک پیسیں اور پانی میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نصف نصف رتی تیار کریں۔ ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## (149) لعوق کالی کھانسی

**منافع:** یہ لعوق ہوپنگ کف یعنی کالی کھانسی اطفال کے لئے ہمارے مطب میں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ یہ نسخہ مستند اور ہمیشہ کا معمول و مجرب ہے۔ زود اثر و مجرب ہونے کے لحاظ سے قابل قدر ہے۔

**نسخہ:** اتیس، شکر تیغال، کاکڑہ سنگی، نمک سونچر، ناگر موتھ، دانہ الائچی کلاں، سہاگہ شگفتہ ہر ایک 6 ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو الگ الگ باریک پیس کر شہد اس قدر ملائیں کہ لعوق تیار ہو جائے۔

**استعمال:** تھوڑی تھوڑی مقدار میں بچہ کو دن میں چار بار چٹائیں۔

## (150) چٹنی برائے کھانسی ہر قسم

**اسناد:** حضرت استاذ علامہ حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کی معمول ہے۔

**منافع:** کھانسی ہر قسم، نزلہ، زکام کے لئے مفید ہے۔ بلغم کو آسانی سے نکالتی اور کھانسی کی شدت میں آرام

ہے۔ ہمارے بہت دوستوں کی معمول ہے۔

نسخہ: رب السوس 9 ماشہ، طباشیر، دانہ الائچی خورد ہر ایک تین ماشہ، کتیرا، صمغ عربی ہر ایک 6 ماشہ، خشخاش سفید 7 ماشہ، مغز تخم کدو، مغز بادام مقشر، روغن بادام ہر ایک تولہ۔

ترکیب: سب دوائیں کوٹ پیس کر شہد میں چٹنی بنالیں۔

استعمال: دن رات میں ضرورت کے مطابق کئی دفعہ چٹائیں مناسب ہو تو کسی شربت کے ہمراہ دیں۔

## (151) دیگر

مرسلہ: ہمارے محترم دوست جناب حکیم مولوی شمس الدین صاحب چوکناں وال ضلع گجرات کے عنایت سے ہے۔

فوائد: کھانسی ہر قسم کے لئے بلالحاظ مزاج و اسباب مفید و مجرب ہے۔

نسخہ: تخم خطمی 15 ماشہ، ملٹھی کوفتہ، بہدانہ ہر ایک 7 ماشہ، خشخاش سفید و سیاہ ہر ایک 10 ماشہ، صمغ کتیرا ہر ایک 5 ماشہ مصری ایک پاؤ۔

ترکیب: پہلی تینوں دوائیں رات کو آدھ سیر پانی میں تر کریں۔ پھر جوش دیں جب آدھ پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر قوام بنائیں پھر باقی دواؤں کا سفوف "جو پہلے تیار پڑا ہو" ملا دیں۔ بس تیار ہے۔ تین ماشہ دن میں تین چار دفعہ پلائیں۔

## (152) سفوف کھانسی ہر قسم

فوائد: اس نسخہ کے متعلق اسی قدر عرض کر دینا کافی ہے کہ یہ ہمارے ہاں کئی مطبوں میں ہمیشہ تیار اور بکثرت سے استعمال ہوتا ہے۔ ہر قسم کی کھانسی کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: آرد ملٹھی، آرد خطمی، گل بنفشہ، گاؤزبان، کتیرا، مغز تخم کدو، مغز تخم تربوز ہر ایک 8 تولہ، الائچی خورد، سونف ہر ایک 4 تولہ، برگ بانسہ، لسوڑیاں ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ کوٹ کر وزن کر کے ملا لیں۔

استعمال: ایک ایک ماشہ صبح، دوپہر و شام ہمراہ عرق گاؤزبان استعمال کریں یا شہد یا شربت بنفشہ یا شربت میں ملا کر چٹنی بنا کر استعمال کریں۔

## (153) شربت شفاء

فوائد: کھانسی خشک و تر، ذات الجنب، نزلہ، زکام پختہ و خام انفلوائنزا کے لئے بہت مفید ہے۔ نزلہ، زکام، کھانسی کے ساتھ تپ ہو تو اس کو بھی فوری فائدہ کرتا ہے۔ بلغم کو پکاتا، غلبہ صفرا کو دور کرتا ہے۔ ہم صفت نہایت آسان اور ارزاں شربت ہے۔

نسخہ: لسوڑیاں، عناب ہر ایک 10 تولہ، خطمی، خبازی، نیلوفر، گاؤزبان ہر ایک 2 تولہ، مصری 3 پاؤ۔

ترکیب: لسوڑیاں، عناب کو کوٹ کر باقی اشیاء کے ساتھ ملا کر چوبیس گھنٹہ تک سیر پانی میں بھگو رکھیں اور

جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔
**استعمال:** تین تولہ صبح تین تولہ شام سے چند پانی ملا کر پلائیں یا دن میں تین چار بار استعمال کرائیں۔ موسم سرما میں گرم کر لینا ضروری ہے۔

## (154) شربت مرکب ابریشم والا

**منافع:** نزلہ، زکام، کھانسی ہر قسم میں مفید ہے۔ نزلہ دائمی کو روکتا ہے۔ رقیق مواد کو غلیظ کر کے نزلہ، زکام اور کھانسی کو فائدہ کرتا ہے۔ ذات الجنب، پرانی کھانسی ہر قسم نزلہ و زکام ہر قسم کے لئے نہایت کارآمد ہے۔
**نسخہ:** بنفشہ، زوفا، گاؤزبان، تخم کتان، بیخ سوسن، کوکنار، ملٹھی خبازی ہر ایک 2 تولہ، لسوڑیاں 30 دانہ، عناب 40 دانہ، ابریشم خام 8 تولہ، مصری تین پاؤ، خشخاش 15 ماشہ۔
**ترکیب:** کوٹنے والی دوائیں کوٹ لیں۔ ابریشم کو کتر کر صاف کر لیں پھر سب کو چار پہر ایک سیر پانی میں تر کریں اور جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔
**استعمال:** تین تین تولہ صبح و شام یا دن میں تین چار دفعہ ضرورت کے مطابق پانی یا عرق گاؤزبان ملا کر استعمال کریں۔

## (155) حب اکسیر ذات الجنب

**منافع:** ذات الجنب (درد پسلی) کا ایک اکسیری نسخہ بنام سفوف اکسیر اوجاع حصہ دوم میں درج ہو چکا ہے۔ اب یہ نسخہ حاصل کر کے ناظرین کی خاطر درج کیا جاتا ہے۔ جو ذات الجنب نمونیہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ ایک مخلص دوست نے مطب کے لئے عطا فرمایا تھا۔ جو لوگوں کے فائدہ کے لئے شائع کیا جاتا ہے۔ درد ریح، درد ہر قسم کے لئے مخصوص چیز ہے۔
**نسخہ:** اسٹرکنیا تین ماشہ، ہیرا ہینگ ایک تولہ، عرق گلاب دو آتشہ 15 تولہ۔
**ترکیب:** پہلے اسٹرکنیا کو پانچ منٹ تک کھرل کریں پھر ہیرا ہینگ ڈال دیں اور عرق تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے رہیں۔ جب تمام عرق خرچ ہو جائے حبوب مقدار دانہ باجرہ تیار کریں۔
**استعمال:** ایک گولی دودھ گرم یا کسی جوشاندہ یا شربت کے ساتھ استعمال کرائیں۔ بہتر ہے پہلے کوئی چیز کھلا دی جائے۔ عام دردوں میں ہمراہ گھی گرم شدہ پانچ تولہ استعمال کرائیں۔
**نوٹ:** گولی کا وزن زیادہ نہ ہو اس نسخہ میں اسٹرکنیا سخت زہریلی دوا ہے اس لئے استعمال میں احتیاط لازمی ہے۔

## (156) سفوف اکسیر ذات الجنب

**منافع:** ذات الجنب، ذات الریہ، ذات العرض، درد ریح، درد سینہ شوصہ کے لئے اکسیر ہے۔ جہاں فصد سے آرام نہ ہو اس کے استعمال سے فائدہ ہو جاتا ہے۔

نسخہ: چونہ، افیون ہر ایک تین تین ماشہ شورہ قلمی 8 تولہ۔
ترکیب: الگ الگ پیس کر خوب ملالیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: چار چار رتی صبح و شام ہمراہ دودھ گرم استعمال کرائیں۔ اگر درد زیادہ ہو تو تین تین گھنٹہ کے بعد دیں۔ اگر ساتھ کھانسی کی شکایت ہو تو ہمراہ شربت بنفشہ تین تولہ عرق گاؤزبان 10 تولہ استعمال کرائیں۔ درد ریح میں ہمراہ عرق سونف، عرق پودینہ، عرق الائچی ہر ایک تین تولہ دیں، درد کی جگہ پر کسی قسم کی مالش بھی کریں۔ سردی سے اجتناب کریں۔

## (157) یونانی لال شربت

منافع: کھانسی ہر قسم، دق و سل کے لئے نہایت مفید ہے۔ تمام امراض سینہ و شش میں بہت موثر ثابت ہوا۔ خون ریہ کو بند کرتا ہے۔ انگریزی لال شربت سے زیادہ مفید ثابت ہوا ہے۔ دیسی شربت کی طرح تیار ہوتا ہے۔
نسخہ: زخم حیات بوٹی خشک آدھ سیر، گل گاؤزبان، ملٹھی، صندل سفید، صندل سرخ، بنفشہ، خطمی، خبازی ہر ایک 2 تولہ، انجبار، گلو خشک ہر ایک 5 تولہ، پرسیاؤشان 1 تولہ، انجیر 5 عدد، مویز منقی 30 عدد، برگ بانسہ 3 تولہ۔
ترکیب: زخم حیات بوٹی کو تین روز تک ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو دیں پھر دو جوش دیں اور مل چھان کر اس کے پانی میں باقی تمام دوائیں تین پہر تک تر کریں اور خوب جوش دے کر مل چھان کر مصری تین پاؤ ملا کر قوام شربت تیار کریں۔ تیار شدہ شربت میں کشتہ ابرک سفید "گدھی کے دودھ میں تیار کیا گیا ہو تو زیادہ مفید ہے" ایک تولہ ملا کر محفوظ رکھیں۔
استعمال: ایک ایک تولہ، صبح، دوپہر، شام عرق گاؤزبان 5 تولہ میں ملا کر بغیر عرق کے استعمال کریں۔

## (158) دیگر

منافع: سل اور دق کی خاص دوا ہے۔ کھانسی وغیرہ تمام امراض سینہ و شش کے لئے مفید اور سستی ہے۔
نسخہ: گاؤزبان، نیلوفر، لسوڑیاں ہر ایک ایک پاؤ ملٹھی 10 تولہ، برگ بانسہ ایک سیر، سرطان نہری 3 تولہ، کشتہ سنگ جراحت ایک تولہ، کچنیل اصلی یا رنگ سرخ شیریں بقدر ضرورت۔
ترکیب: سوائے کچنیل اور کشتہ سنگجراحت کے باقی تمام دواؤں کا ایک بوتل عرق تیار کریں اور پھر اس میں مصری ایک سیر اور کچنیل یا رنگ سرخ شیریں ایسی بقدر ضرورت ملا کر شربت تیار کریں بعد میں کشتہ سنگ جراحت خوب ملالیں۔
استعمال: چار چار ماشہ صبح، دوپہر، شام شربت مرکب 2 تولہ یا شربت اعجاز 2 تولہ عرق گاؤزبان میں ملا کر یا ویسے ہی استعمال کریں۔
نوٹ: کچنیل انگریزی دوافروشوں سے مل سکتا ہے جو حل شدہ لال رنگ ہے اگر کسی جگہ یہ نہ مل سکے تو

جو میٹھا رنگ شربتوں اور چاولوں میں استعمال ہوتا ہے استعمال کرنا چاہئے رنگ اس قدر ہو کہ شربت کا رنگ لال ہو جائے۔

## (159) دوائے ضیق النفس

**منافع:** ضیق النفس (دمہ) کے بہت نسخہ جات مجربات سلطانی حصہ اول و دوم میں درج ہو چکے۔ یہ دوا دمہ کی ہر حالت میں بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ کھانسی کہنہ اور دمہ کا دورہ روکنے کے لئے عجیب چیز ہے۔ بلغم کو پکانے میں مجرب ہے۔ ہر مزاج اور ہر خلط کے لئے مناسب ہے۔ خواہ جس مادہ سے مرض ہو موافق پڑتا ہے۔ خاص مجربات سے ہے۔ آپ بھی معمول مطب بنائیں۔

**نسخہ:** ہڑتال ورقی ایک تولہ، کوئلے بقدر ضرورت۔

**ترکیب:** کوئلے کسی انگیٹھی وغیرہ میں ڈال کر روشن کریں پھر ان پر ابرک کا ٹکڑا رکھ کر اس پر ہڑتال کی ڈلی رکھ دیں اور نگاہ رکھیں تاکہ ہڑتال نیچے نہ گر جائے۔ جب ہڑتال کا ایک طرف سرخ ہو جائے تو الٹ کر دوسرا رخ اوپر کر دیں۔ آگ زیادہ تیز نہیں ہونی چاہئے۔ جب ہڑتال کا دھواں بند ہو جائے تو ابرک کا ٹکڑا بمعہ ہڑتال احتیاط سے نکال کر باہر رکھ دیں۔ جب سرد ہو جائے ہڑتال کو باریک پیس لیں۔ سرخ رنگ کا کشتہ ہو گا۔

**استعمال:** ایک ایک چاول صبح و شام پتاشہ میں رکھ کر ہمراہ شربت دمہ 3 تولہ، عرق گاؤزبان 6 تولہ استعمال کریں۔

**نسخہ شربت دمہ:** بنفشہ، زوفا، پرسیاؤشان، عناب، لسوڑیاں، ملٹھی، منقہ، بیہدانہ، خشخاش سفید، صمغ عربی، کیرا، تخم ہلبہ، تخم کتان، ابریشم خام، انجیر، خطمی، خبازی، بیخ سوسن نیلگوں ہر ایک ایک تولہ مصری تین پاؤ، حسب دستور شربت تیار کریں۔ صمغ عربی اور کیرا کو شربت تیار ہو جانے کے بعد باریک کر کے ملانا چاہئے۔

## (160) اکسیر دمہ

**منافع:** دمہ کے تمام نسخہ جات کا سرتاج بڑی محنت سے حاصل کیا ہوا۔ نہایت اطمینانی نسخہ ہے۔ ہر قسم کے دمہ کو بیخ و بن سے اکھاڑ دیتا ہے۔ ایک مخفی اسراری دوا ہے۔ آپ بھی معمول مطب بنا کر داد دیں۔

**نسخہ:** سم الفار سفید ایک تولہ، بادام روغن اپنا تیار کیا ہوا پانچ تولہ۔

**ترکیب:** پہلے سم الفار کو خوب کھرل کریں پھر بادام روغن تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرنا شروع کریں جب تمام روغن بادام جذب ہو کر دوائی اس قابل ہو جائے کہ گولیاں بن سکیں تو گولیاں نہایت احتیاط سے بقدر دانہ باجرہ تیار کریں۔

**استعمال:** ایک گولی ملائی میں رکھ کر بعد غذا استعمال کریں۔ غذا مرغن ہونی چاہئے مثل روٹی مرغن یا شوربہ گوشت بٹیر یا تیتر یا چوزہ مرغ۔

پرہیز: تمام گرم ترش تیل دار اشیاء سے پرہیز کریں مثل اچار ہر قسم، بینگن دال مسور، لال مرچ، مچھلی، قند سیاہ، گوشت گائے وغیرہ۔

انتباہ: یہ دوائی موسم گرما میں جلدی تیار ہو سکتی ہے۔ کھرل متواتر کرنا چاہئے گھسنے والا نہ ہو۔

## (161) شربت ضیق النفس

منافع: ضیق النفس (دمہ) کی ہر حالت میں مفید و مجرب ہے۔ گرم مزاج مریض کے لئے اور موسم گرما میں زیادہ مناسب ہے۔ بلغم کو پکا کر خارج کر کے دمہ کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: عناب ولائتی 20 دانہ، لسوڑیاں 15 دانہ، بہدانہ، ملٹھی، گل نیلوفر ہر ایک 2 تولہ، برگ بانسہ، خطمی، خبازی، زوفا، انجبار، کیرا ہر ایک ایک تولہ، مصری 3 پاؤ، بیخ کاسنی 5 تولہ۔

ترکیب: سوائے کیرا کے باقی دواؤں کا شربت تیار کریں بعد میں کیرا باریک پیس کر ملائیں۔

استعمال: تین تین تولہ صبح و شام سہ چند پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

ہدایات: تمام گرم، ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔

## (162) دوائے دمہ

منافع: دمہ کی خاص دوا ہے۔ زیادہ تعریف کی محتاج نہیں بہت زود اثر ثابت ہوئی ہے۔

نسخہ: سم الفار سفید بلوری، سہاگہ چوکیہ، شہد اصلی ہر ایک ایک تولہ، کوری مسی 5 تولہ۔

ترکیب: سم الفار اور سہاگہ کو الگ الگ خوب کھرل کر کے شہد میں ملا لیں (شہد اس قدر ہونا چاہئے کہ لیپ تیار ہو سکے) پھر کوری مسی میں لیپ کریں اور دھوپ میں رکھیں۔ دوائیں گرمی سے پگھل کر کوری میں آ جائیں گی پھر لگا دیں یہی سلسلہ جاری رکھیں۔ بار بار لگانے سے دوائی کوری میں سوکھ جائے گی اور پگھل کر نیچے نہیں جائے گی۔ پھر کوری مذکور کو جس میں دوائی خشک ہو چکی ہے، ایک کوزہ گلی میں اوندھا کر کے رکھ دیں اور کوزہ کا منہ چینی سے بند کر کے دس سیر اوپلہ جنگلی کی آگ دیں۔ جب سرد ہو جائے تو نکال کر دیکھیں جو جوہر کوزہ کے منہ پر لگے ہوئے ہوں۔ آرام سے اتار لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک چاول بھر مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ غذا میں گھی زیادہ استعمال کرائیں۔ دوائی کھاتے وقت پہلے کوئی چیز کھا لینی چاہئے۔

ہدایات: تمام گرم ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز کریں۔ مثل اچار ہر قسم دال مسور، قند سیاہ، مچھلی، بینگن، گوشت گائے، سرخ مرچ وغیرہ، دودھ اور لسی سے پرہیز ہے۔ غذا شوربہ گوشت بز، شوربہ نخود، شلغم، مولی، پالک، دال مونگ، کدو، توری یا روٹی پر گھی اور کھانڈ ڈال کر کھا لیں۔

## (163) منضج ضیق النفس

منافع: جب مادہ زیادہ ہو مرض کہنہ ہو گیا ہو منضج کا استعمال کرنا سونے پر سہاگہ کا کام دیتا ہے۔ ہم دمہ میں منضج و مسہل استعمال کراتے ہیں اور علاج میں جلدی کامیابی ہوتی رہتی ہے وہ بعینہ درج کیا جاتا ہے۔

**نسخہ:** انجیر تین عدد، پرسیاوشان، گاؤزبان ہر ایک 6 ماشہ، لسوڑیاں 17 عدد، مویز منقہ 10 عدد۔

**ترکیب:** تمام ادویہ سیر بھر پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو مل چھان کر مصری تین تولہ ملا کر استعمال کریں۔ اسی طرح روزانہ تازہ تیار کر کے استعمال کریں 9 دن کے بعد مسہل ذیل دیں۔

**نسخہ مسہل:** مغز فلوس خیار شنبر یعنی گودہ املتاس 7 تولہ، تربد 6 ماشہ، مغز کدو تولہ، شہد خالص، شکر تری 3 تولہ، مغز فلوس کو ایک پاؤ گرم پانی میں خوب مل کر چھلنی میں چھان لیں اور تربد باریک کوٹ چھان کر ملائیں اور شکر تری و شہد ملا دیں۔ بعد میں مغز کدو کو پانچ تولہ پانی میں خوب گھوٹ کر ڈال دیں اور پلا دیں۔

**تبرید:** سہ پہر کے وقت جب مسہل سے فراغت ہو جائے عرق گاؤزبان 15 تولہ میں تخم ریحان 6 ماشہ، مصری 3 تولہ ملا کر پلائیں۔ اگر برف مل جائے تو ڈال لیں۔

## (164) اکسیر سوء تنفس

**منافع:** جب ضیق النفس (دمہ) کا دورہ شروع ہو اور سانس تنگ ہو رہا ہو سوء تنفس سے مریض جان بلب ہو اس وقت یہ جوشاندہ مفید ثابت ہوتا ہے۔ دورہ کو بند کر دیتا ہے۔

**نسخہ:** انیسون ایک تولہ، خمیرہ بنفشہ 4 تولہ، گلقند آفتابی 3 تولہ۔

**ترکیب:** تمام ادویہ تین سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ایک سیر رہ جائے مل چھان کر رکھیں۔

**استعمال:** ایک ایک گھونٹ تھوڑی دیر کے بعد پلاتے رہیں۔

## (165) کشتہ ہڑتال برائے دمہ

**اسناد:** قبلہ حکیم مولوی سید محمد امیر علی شاہ صاحب گانگی ضلع میانوالی نے مجربات سلطانی حصہ سوم کے لئے عنایت فرمایا ہے۔

**منافع:** ضیق النفس کہنہ اور تازہ ہر قسم کے لئے نہایت مجرب و مفید ہے۔

**نسخہ:** ہڑتال ورقی، ہڑتال گاؤدنتی ہر ایک ایک تولہ، آب برگ ترب، لعاب گھیکوار، آب بادنجان دشتی (موکڑی) ہر ایک 10 تولہ، بیخ کیلا 30 تولہ۔

**ترکیب:** ہڑتال ہر دو قسم کو باریک کھرل کر کے آب ترب لعاب گھیکوار آب بادنجان سے ترتیب وار کھرل کریں پھر بیخ کیلا کا نغدہ بنا کر اس میں قرص خشک شدہ رکھ کر گل حکمت کر کے پانچ سیر اپلوں دشتی میں پھونک لیں۔

**استعمال:** نصف رتی بھر مکھن میں یا ایک چاول بھر منقہ میں رکھ کر استعمال کریں۔

## (166) حب نفث الدم

**منافع:** نفث الدم (خون تھوکنا) نہایت تکلیف دہ مرض ہے اس کے لئے یہ گولیاں مجرب ثابت ہوئیں۔

**نسخہ:** مغز تخم ہیٹھہ 4 ماشہ، صمغ عربی، کہربا، انجبار، خون سیاوشاں، گیرو ہر ایک 2 ماشہ۔

ترکیب: تمام ادویہ الگ الگ باریک پیس کر اچھی طرح ملالیں اور لعاب بہدانہ سے کھرل کر کے حبوب
مقدار نخود تیار کریں۔
استعمال: دو دو گولیاں صبح' دوپہر' شام ہمراہ عرق گاؤزبان یا پانی استعمال کریں۔

## (167) کشتہ سکہ برائے نفث الدم

ترکیب: سکہ ایک تولہ کی گولی بنا کر واڑھی پیپل 8 تولہ کوٹ کر اس کے درمیان رکھ کر اوپر پرانا
لپیٹ کر گل حکمت کریں اور خشک کر کے 25 سیر اوپلہ دشتی کی آنچ دیں جب سرد ہو جائے نکال کر
استعمال کریں اگر ایک آنچ سے کشتہ ٹھیک تیار نہ ہو تو دوسری آگ دے دیں۔
استعمال: ایک رتی بتاشہ یا کھانڈ میں رکھ کر ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

## (168) دمہ کا مجرب نسخہ

نفع: دمہ (ضیق النفس) ہر قسم کہنہ اور تازہ کے واسطے بہت مجرب ہے۔ ایک دوست کا عطیہ ہے۔
نسخہ: اجوائن دیسی 5 تولہ' شیر مدار بقدر ضرورت' انار پختہ ایک عدد۔
ترکیب: اجوائن کو شیر مدار میں اچھی طرح تر کر کے رکھ دیں جب خشک ہو جائے تو انار کے دانے نکال
کر ان کا پانی نچوڑ کر اسی انار میں ڈال دیں اور جوائن کو بھی انار مذکور میں بھر کر ایک ہلکے کوزہ گلی میں بند کر
کے پانچ سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر نگاہ رکھیں۔
استعمال: ہر روز صبح 4 رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

## (169) دوائے دمہ مجرب

نفع: دمہ ہر قسم کے لئے نہایت سریع الاثر اور مجرب ہے نیز بلغمی کھانسی کے لئے مفید ہے۔
نسخہ: گل مدار' تھوم مقشر ہر ایک 15 تولہ' دہی گائے ایک پاؤ۔
ترکیب: گل مدار اور تھوم کو باریک کر کے دہی میں ملا کر ایک کوزہ گلی میں ڈال دیں اور چپنی سے منہ بند
کر کے گل حکمت کریں اور خشک کر کے پانچ سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس لیں۔
استعمال: دو دو رتی صبح و شام شہد میں ملا کر چٹائیں۔

## (170) مسہل برائے نمونیا الاطفال

نفع: بچوں کے ذات الریہ (نمونیہ) میں نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ اس سے دو تین اجابتیں ہو کر اور
سانس صاف ہو کر آرام ہو جاتا ہے۔ ہر وقت کا معمول ہے۔
نسخہ: عرق سونف 10 تولہ' گلقند' مغز فلوس خیار شنبر ہر ایک 2 تولہ۔
ترکیب: گلقند کو عرق میں جوش دیں جب نصف رہ جائے تو مغز فلوس خیار شنبر اس میں چھلنی سے چھان

استعمال: تمام دن رات میں تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں۔ بچہ کی عمر کے مطابق دوائی استعمال کریں۔

## (171) مطبوخ کھانسی کہنہ

منافع: کھانسی کہنہ کے لئے مجرب ہے اس کا اثر بہت جلد ہوتا ہے۔
نسخہ: طباشیر، صمغ عربی، مستیارہ، آرد ملٹھی ہر ایک تین ماشہ، مغز بادام 4 عدد، بکری کا دودھ ایک پاؤ، مصری تین تولہ۔
ترکیب و استعمال: خشک دوائیں باریک کر کے بکری کے دودھ میں جوش دیں اور مصری ملا کر پلائیں۔ یہ ایک خوراک ہے اسی طرح صبح و شام تازہ تیار کر کے استعمال کریں۔

## (172) حب سرفہ

منافع: کھانسی کہنہ کے لئے نہایت مجرب ہیں۔ کالی کھانسی نیز دیگر ہر قسم کی کھانسی میں مفید ہیں۔
نسخہ: فلفل دراز 7 تولہ، فلفل سیاہ 3 تولہ، جوکھار 1 تولہ، پوست ہلیلہ زرد 4 تولہ، قند سیاہ 28 تولہ۔
ترکیب: خشک دوائیں کوٹ چھان کر قند سیاہ کے قوام میں ملا کر بقدر دانہ نخود حبوب تیار کریں۔
استعمال: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ پانی یا عرق گاؤزبان استعمال کریں۔

## (173) دوائے ہچکی

نوشادر کی ایک ٹکیہ پانی سے تر کر کے کاغذ سفید پر تھوڑی سی گھس کر اس کی بتی بنالیں اور سگریٹ کی طرح ایک طرف آگ لگا کر پئیں فوراً آرام ہو گا۔

## (174) اکسیر دمہ سخت

منافع: اس کا بارہا تجربہ کیا جا چکا ہے۔ خواہ کیسا ہی سخت دمہ ہو چند روز کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ کئی مریض اس کی تصدیق کر چکے ہیں۔
نسخہ: نمک لاہوری تین تولہ، لعاب گھیکوار ایک پاؤ۔
ترکیب: نمک پیس کر لعاب گھیکوار میں ملا کر ایک کوزہ گلی میں ڈال کر منہ بند کر کے اس پر خوب گل حکمت کر دیں اور ایک گڑھے میں چار سیر اوپلہ کے درمیان رکھ کر آگ دے دیں۔ جب سرد ہو جائے نکال کر پیس لیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: دو دو ماشہ صبح، شام منقہ میں لپیٹ کر استعمال کریں۔

## (175) جوہر کھانسی سخت

منافع: کھانسی سخت خواہ خشک ہو خواہ بلغمی اور دمہ کے لئے نہایت زود اثر ہے۔ پانچ دن میں کافی فائدہ ہو جاتا ہے۔
نسخہ: نمک لاہوری یعنی نمک ولی 4 تولہ، نوشادر 8 تولہ۔

ترکیب: نمک کو باریک پیس کر نصف تابہ آہنی یعنی توے پر بچھا کر اس پر نوشادر جوکوب کر کے پھیلا کر رکھ دیں۔ اس پر باقی نمک ڈال کر اس پر مٹی کا پیالہ اوندھا رکھ دیں اور پیالہ پر گیلا کپڑا رکھ کر نیچے بیری کی لکڑی دس سیر دونی جلائیں۔ آنچ نرم رکھیں اور چھ گھنٹہ تک جلا کر بند کر دیں۔ جب سرد ہو جائے جوہر زرد رنگ جو اوپر کے پیالہ میں ہو گا اتار کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: دو دو رتی صبح، شام خشک کھانسی والے کو مکھن میں اور بلغمی کھانسی اور دمہ والے کو بتاشہ میں رکھ کر استعمال کریں۔

## (176) گولیاں کھانسی ہر قسم

استاد: علامہ زمان افلاطون دوران حضرت استاذ مکرم جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا اور ہمارا معمول ہے۔

نسخہ: مرچ سیاہ، زنجبیل، فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ، پوست ہلیلہ زرد دو تولہ، شہد خالص بقدر ضرورت۔

ترکیب: خشک دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملالیں اور شہد کی مدد سے گولیاں بقدر مرچ سیاہ بنائیں۔

استعمال: وقت ضرورت منہ میں رکھ کر لعاب چوسیں بعد میں دو گھنٹہ تک پانی نہ پئیں۔ 24 گھنٹہ میں دس بارہ گولیوں تک استعمال کی جاسکتی ہیں۔

## (177) مخزن اسرار

تعارف: ہمارے فاضل دوست علامہ حاذق العصر حکیم محمد یحییٰ خان صاحب کا معمول مطب نسخہ ہے جو اپنے فوائد و منافع کے لحاظ سے اس قابل ہے کہ اس کو بنا کر ہر مطب میں رکھا جائے۔

استاد: یہ نسخہ آپ کو اپنے جلیل القدر اور ماہر فن استاذ حضرت علامہ نعیم قاضی عبدالواحد صاحب خان پوری سے حاصل ہوا تھا اور آپ نے از راہ محبت و شفقت ہمیں عنائت فرمایا۔

منافع: یہ بے نظیر نسخہ امراض سینہ اور پھیھڑوں کے تمام عوارض کو پوری کامیابی سے رفع کرتا ہے۔ زکام و نزلہ کہنہ، ضیق النفس اور سل جیسے خطرناک امراض اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔ امراض بلغم کو دور کرتا ہے۔ ضعف جگر کے لئے اکسیر الاثر ہے۔ مولد خون صالح ہے۔ عام صحت بدنی کی حفاظت اور بدن کو فربہ و خوش رنگ کرتا ہے۔ باہ اور دماغ کو تقویت پہنچاتا ہے۔ ایک لاجواب بے مثل اور مفید ترین تحفہ ہے۔

نسخہ: نمک خوردنی ایک ماشہ، زعفران، کشتہ شاخ مونگہ، کشتہ فولاد آفتابی ہر ایک 2 ماشہ، ورق نقرہ 12 عدد، کاکڑا سینگی، رب السوس، دم الاخوین، طباشیر کبود، قرنفل، عقر قرحا، مصطگی رومی، ہلیلہ سیاہ، بلیلہ، آملہ، دانہ الائچی خورد، سمندر جھاگ، کلیجن، فلفل گرد، مغز بادام ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: سب کو عرق تنبول میں کھرل کر کے بمقدار فلفل گرد گولیاں باندھیں۔

استعمال: دو دو گولیاں صبح و شام پانی کے ساتھ کھلائیں۔

ہدایات:

1 **ترکیب کشتہ شاخ مونگہ:** ایک تولہ شاخ مونگہ ظرف گلی میں رکھ کر اس پر تین تولہ مغز کیکر ڈال دیں اور ایک تولہ اجوائن بھر کر منہ بند کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

2 **ترکیب کشتہ فولاد آبی:** برادہ فولاد خالص ایک تولہ کو ظرف گلی میں رکھ کر اوپر عرق جامن تین تولہ ڈال دیں اور دھوپ میں رکھ کر خشک کر لیں۔ اسی طرح سات مرتبہ عمل کریں اگر چٹکی میں مسلنے سے ذرہ ریگ معلوم نہ ہو تو تیار ہے ورنہ ایک آدھ مرتبہ اور یہی عمل کریں۔

## (178) اکسیر تپ دق نمبر ①

**منافع:** تپ دق جیسی نامراد مرض کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ اس کے باقاعدہ استعمال سے انشاء اللہ صحت ہو جاتی ہے۔ کوڑیوں کی دوا اور نہایت مفید۔

**نسخہ:** کافور، کہربا، بیخ مرجان، طباشیر کبود، رب السوس، مروارید، زیرہ گلاب مرکی، چہار مغز، بہدانہ، خشخاش ہر ایک مساوی الوزن۔

**ترکیب:** سب کو الگ الگ باریک پیس کر خوب ملا لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ مروارید کو روح کیوڑہ میں کھرل کر کے ملانا چاہئے۔

**استعمال:** صبح کے وقت 5 ماشہ ہمراہ دودھ گدھی دس تولہ استعمال کرائیں اور دوپہر کو بوٹی دھماں کا سفوف 6 ماشہ لے کر اس کا گھوٹہ یعنی شیرہ بنا کر پلائیں۔

## (179) اکسیر تپ دق نمبر ②

**منافع:** تپ دق کی ہر حالت میں مفید ہے بنا کر اور آزما کر دیکھیں مجرب ہے۔

**نسخہ:** کافور 5 تولہ، روغن سرسوں حسب ضرورت، مٹی کی کوری ہانڈی ایک عدد۔

**ترکیب:** کافور کو جوکوب کر کے مٹی کی ہانڈی میں ڈال کر اوپر مٹی کا ہی سرپوش جو کہ درمیان سے اونچا ہو۔ ہانڈی کے منہ پر الٹا رکھ کر اچھی طرح گل حکمت کر کے خشک ہونے پر ہانڈی کو چولھے پر رکھ کر نیچے سرسوں کے تیل کا چراغ جلائیں جس میں بتی کافی موٹی ہو جب دیکھیں کہ اب جوہر اڑ کر اوپر لگ گیا ہوگا تو احتیاط سے اتار کر رکھ دیں۔ سرد ہونے پر جوہر سرپوش پر موجود ہو چاقو وغیرہ سے اتار کر پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** صبح 4 رتی جوہر ایک تولہ کھانڈ کے درمیان رکھ کر کھلائیں۔ غذا زود ہضم دیں۔

## (180) دوائے قے اور برائے دمہ

**منافع:** دمہ بلغمی کے مریض کو قے سے بہت عرصہ تک افاقہ رہتا ہے۔ اس غرض کے لئے یہ نسخہ نہایت مفید و موثر ہے۔ بخلاف عام زہریلی دواؤں کے کسی قسم کی تکلیف یا ضرر کا اندیشہ نہیں۔

**نسخہ:** ریوند عصارہ اصلی ایک ماشہ، گلقند 2 تولہ۔

**ترکیب و استعمال:** ریوند کو باریک کر کے گلقند میں ملا کر کھلائیں یا پانی گرم میں ملا کر پلائیں۔ تھوڑی دیر میں قے ہو جائے گی۔ پھر گرم پانی پلائیں اور قے کرائیں۔ ساتھ ہی اسہال بھی شروع ہوں گے۔ جب بند کرنا چاہیں۔ سفوف مفرح دو ماشہ گلقند میں ملا کر کھلائیں جس کا نسخہ امراض قلب میں درج ہے۔

# مجربات امراض معدہ و امعاء و مقعد

## (181) سفوف معدہ

**منافع:** قوت ہاضمہ کو بڑھاتا اور غذا اچھی طرح ہضم کرتا ہے۔ کھٹے ڈکار، پیٹ میں ریح کا چکر لگاتے رہنا اور بوجھ معلوم ہونا۔ پیٹ میں درد معلوم ہونا، بھوک کم لگنا وغیرہ۔ تمام امراض و عوارض معدہ کے لئے اکسیر و ہیضہ کے لئے بھی مفید ہے۔ ہر گھر اور ہر شفاخانہ میں اس کا تیار رہنا ضروری ہے۔ نہایت سریع الاثر و خوش ذائقہ ہے۔

**نسخہ:** نمک لاہوری، نمک سیاہ، نمک سانبھر، نمک تلی ہر ایک 1. تولہ (یعنی ڈیڑھ تولہ)، سونٹھ، سفوف کچور، اجوائن، پودینہ، کرفس، زیرہ سیاہ، دار چینی، مرچ سیاہ، الائچی کلاں، گل سرخ، ساذج ہندی ہر ایک ایک تولہ، مصطگی رومی، نوشادر، شورہ قلمی ہر ایک 6 ماشہ، ٹاٹری 2 ماشہ، ست پودینہ، ست اجوائن ہر ایک ایک ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو کوٹ کر پیس کر ملا لیں۔

**استعمال:** ایک ماشہ یا 2 ماشہ تک کھانا کھانے کے بعد استعمال کیا جائے تو غذا کو بخوبی ہضم کرتا ہے۔ نہار صبح و شام استعمال کیا جائے تو ہاضمہ کو درست کرے گا۔ پیٹ درد کے لئے دو دو ماشہ پندرہ پندرہ منٹ کے بعد ہمراہ عرق سونف استعمال کرنا چاہئے۔ ہیضہ کے لئے بھی اسی طرح برتیں۔

## (182) سفوف مقوی قوائے اربعہ معدہ

**منافع:** معدہ کی چاروں قوتوں یعنی ہاضمہ، ماسکہ، جاذبہ، دافعہ کو قوت دیتا ہے۔ جملہ شکایات متعلقہ ہضم کے لئے اکسیر ہے۔ بھوک پیدا کرتا ہے۔ درد شکم، کثرت ریاح، ہیضہ، بد ہضمی، کمی اشتہاء کے لئے نہایت مجرب اور معمول ہے۔

**نسخہ:** نوشادر، الائچی کلاں، نمک لاہوری، مرچ سیاہ، فلفل دراز ہر ایک ہم وزن۔

**ترکیب:** سب کو الگ الگ باریک کر کے ملا لیں۔

**استعمال:** دو دو ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کرنا چاہئے۔ بد ہضمی، درد شکم، ہیضہ کے لئے پندرہ پندرہ منٹ کے بعد ہمراہ عرق سونف دس تولہ استعمال کرائیں۔ غذا بخوبی ہضم نہ ہوتی ہو تو بعد غذا استعمال کرائیں۔

## (183) سفوف ہاضم خوش ذائقہ

**منافع:** غذا کو خوب ہضم کرتا اور معدہ کو طاقت دیتا' اشتہا پیدا کرتا ہے۔ ثقیل غذا کو جلد ہضم کرتا ہے۔ جملہ شکایات متعلقہ ہضم کے لئے معمول ہے۔ ہر گھر اور ہر مطب میں اس کا تیار رہنا لازمی ہے۔

**نسخہ:** نوشادر' مرچ سیاہ' نمک سیاہ' سونف' زیرہ سفید' الائچی کلاں' الائچی خورد' پودینہ' گل سرخ' انار دانہ' نمک لاہوری' اجوائن دیسی ہر ایک ایک تولہ' لیموں 2 ماشہ۔

**ترکیب:** سب ادویہ الگ الگ باریک پیس کر ملا کر کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** دو دو ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق سونف یا عرق گلاب یا پانی یا خشک استعمال کریں۔ غذا ہضم نہ ہوتی ہو تو غذا کے بعد استعمال کریں۔ ہیضہ' درد شکم' بدہضمی کے لئے 20 منٹ کے بعد ہمراہ عرق سونف استعمال کرائیں جب تک آرام نہ ہو۔

## (184) سفوف ہاضم شیریں

**منافع:** ہاضم و خوش ذائقہ ہے۔ ضعف معدہ' ضعف ہضم' بھوک نہ لگنا' ریح کا پیدا ہونا' ترش ڈکار آنا وغیرہ تمام امراض و عوارض معدہ کے لئے نہایت مجرب و معمول ہے۔ اگر خوش ذائقہ ہاضم دوا کی ضرورت ہو تو اس کو تیار کیجئے۔ ہمارے مطب میں تیار رہتا ہے۔

**نسخہ:** گل سرخ' سونف ہر ایک 4 تولہ' الائچی کلاں' اجوائن دیسی ہر ایک 3 تولہ' زیرہ سیاہ' زیرہ سفید ہر ایک 1 تولہ' پودینہ خشک' آملہ' پوست ہلیلہ زرد' مرچ سیاہ' زنجبیل ہر ایک 2 تولہ' فلفل دراز ایک تولہ مصری 11 چھٹانک۔

**ترکیب:** تمام اشیاء الگ الگ باریک پیس کر خوب ملا لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** غذا ٹھیک طور پر ہضم نہ ہوتی ہو تو بعد غذا نصف گھنٹہ ٹھہر کر اور نہار صبح و شام بقدر 3 ماشہ استعمال کریں۔ باقی ضرورت کے لئے جب دل چاہے 3 ماشہ کھا لیں۔

## (185) سفوف دار چینی

**منافع:** اعلیٰ درجہ مقوی معدہ اور مصلح جگر ہے یعنی جگر و معدہ کی اصلاح کرتا اور ان کو طاقت دیتا ہے۔ ضعف معدہ کی شکایت کو دور کرتا ہے۔ بچہ کو دودھ ہضم نہ ہوتا ہو تو اس کی والدہ کو استعمال کرایا جاتا ہے اور دودھ کی اصلاح کرتا ہے۔ مدت کا معمول مطب خاص الخاص نسخہ ہے۔ جس کے فوائد بعد تجربہ معلوم ہوں گے نسخہ صدری ہے۔

**نسخہ:** دار چینی' الائچی کلاں' سوڈا بائی کارب' سہاگہ بریاں ہر ایک 5 تولہ' مصری 5 چھٹانک۔

**ترکیب:** سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں۔

**استعمال:** تین ماشہ صبح' تین ماشہ شام استعمال کریں۔

## (186) سفوف پنج رتن

اسناد: استاد مکرم علامہ حضرت حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا معمول مطب ہے۔
منافع: معدہ کی جملہ شکایات متعلقہ ہضم کے لئے نہایت سریع الاثر ہے۔
نسخہ: شورہ قلمی، مرچ سیاہ ہر ایک 3 ماشہ، جوکھار 6 ماشہ، فلفل دراز، نوشادر ہر ایک ایک تولہ۔
ترکیب: سب کو الگ الگ باریک کوٹ کر ملا کر سفوف تیار کریں۔
استعمال: بوقت ضرورت ایک ماشہ سے دو ماشہ تک ہمراہ عرق سونف یا عرق پودینہ استعمال کریں۔

## (187) سفوف ریوند

منافع: بچوں کے معدہ کو طاقت دیتا اور ہضم کو درست کرتا ہے۔ جوانوں اور بوڑھوں کے لئے بھی معمول ہے۔ جس قدر آسان ہے اسی قدر مفید ہے۔ معمول مطب ہے۔
نسخہ: زنجبیل 2 تولہ، ریوند چینی، سوڈا بائی کارب ہر ایک 5 تولہ۔
ترکیب: تمام دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں۔
استعمال: بچہ کو 4 رتی سے ایک ماشہ تک عرق سونف میں ملا کر استعمال کریں جوان کو تین ماشہ تک دیں۔ صبح و شام استعمال ہونا چاہئے۔

## (188) سفوف درد شکم و قبض

منافع: درد شکم، قبض، ریح بواسیر، کثرت ریاح، ضعف معدہ کے لئے ہروقت کا معمول مطب اور مجرب ہے۔ جن مریضوں کو قبض کی وجہ سے تیسرے چوتھے روز درد شکم ہو جاتا ہو۔ عام ہاضم دواؤں سے آرام نہ ہوتا ہو ان کے لئے خصوصاً بہت مفید چیز ہے۔ یعنی درد شکم دودی اور معدہ کے نقائص ہضم کے لئے منتخب نسخہ ہے۔
نسخہ: مرچ سیاہ 3 ماشہ، زنجبیل 6 ماشہ، نمک سونچل تولہ، افستین، ریوند چینی ہر ایک 2 تولہ۔
ترکیب: تمام ادویہ الگ الگ باریک پیس کر ملا کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: تین ماشہ صبح ہمراہ سرد پانی استعمال کریں۔ ضرورت ہو تو شام کو بھی دیں۔

## (189) عرق مرکب ہاضم و مشتہی

منافع: ضعف معدہ، ضعف ہضم، کثرت ریاح، نفخ، ہیضہ، درد شکم، متلی قے غذا کے بعد یا نہار درد شکم ہونا، غذا کا اچھی طرح ہضم نہ ہونا، کھٹے ڈکار آنا، بھوک نہ لگنا، تمام شکایات جو ضعف معدہ و امعاء وغیرہ کے لئے ایک جامع اور اکسیر الاثر دوا ہے۔
نسخہ: سونف ایک سیر الائچی کلاں، زیرہ سفید، پودینہ ہر ایک آدھ سیر، طباشیر 2 تولہ، انار دانہ، پوست اترج، دارچینی، آب لیموں ہر ایک ایک پاؤ، خولنجاں، درونج عقربی، سماق ہر ایک 5 تولہ، زرشک 6 تولہ، مصطگی ایک تولہ، ...

ترکیب: حسب دستور ان کا عرق بقدر چار سیر کشید کریں۔

استعمال: تین تین تولہ صبح و شام بعد غذا یا نہار استعمال کریں۔

## (190) عرق گھیکوار ہاضم

منافع: ہاضم و مقوی معدہ ہے۔ قبض دائمی، بواسیر ریحی، ضعف معدہ، ریح الامعاء، درد شکم، نفخ، قراقر
وغیرہ عوارض کے لئے عمدہ چیز ہے۔ معدہ اور انتڑیوں کو پوری طرح طاقت دے کر ان کے فعل کو درست
اور جگر کی اصلاح کرتا ہے اور ریح شکم خرابی ہضم کے لئے بہت موثر ہے۔

نسخہ: گھیکوار، عنب الثعلب خشک، سونف دیسی، تخم کاسنی ہر ایک ایک سیر، تخم کنوث در پارچہ بستہ 10
تولہ گائے یا بکری کا دودھ آٹھ سیر۔

ترکیب: گھیکوار کے ٹکڑے کر کے قدرے کوٹ لیں باقی دوائیں سوائے تخم کنوث کے کوٹ کر سب کو
دودھ میں 24 گھنٹہ تک بھگو رکھیں پھر اس کا عرق بقدر 8 بوتل کشید کریں۔

استعمال: پانچ پانچ تولہ صبح شام مصری ملا کر پلا دیا کریں۔ عام دیر ہضم اور قابض اشیاء سے پرہیز۔

## (191) دوائے درد شکم

منافع: درد شکم، بدہضمی، نفخ، ہیضہ، متلی، قے، کھٹے ڈکار آنا، کمی اشتہا وغیرہ تمام امراض و عوارض شکم
متعلقہ ہضم کے لئے نہایت سریع الاثر ہے۔ عموماً پہلی خوراک سے اثر ہوتا ہے۔

نسخہ: سوڈا بائی کارب ایک تولہ، ست لیموں 6 ماشہ، سرکہ، عرق سونف، سکنجبین، عرق پودینہ، عرق گلاب
ہر ایک 5 تولہ۔

ترکیب: ست لیموں کو باریک پیس لیں پھر سب اشیاء کو ایک بوتل میں بھر کر پلائیں تاکہ یکذات ہو
جائیں۔

استعمال: تمام دوا کی چار خوراک بنائیں اور گھنٹہ گھنٹہ کے بعد پلائیں۔ بچوں کو عمر کے مطابق کم مقدار
میں دیں۔ سخت طبیعت آدمی کو درد شکم ہو تو تمام دوا نصف نصف گھنٹہ کے بعد دو دفعہ پلائیں۔ آرام ہو
گا۔

## (192) سفوف اکسیر قبض دائمی و بدہضمی وغیرہ

اسناد: پنجاب کے نامی طبیب حکیم سید عالم شاہ صاحب مرحوم لاہوری کا معمول مطب ہے جو ان کے
ایک شاگرد نے عطا کیا ہے۔ حکیم صاحب مرحوم کا چلتا ہوا مخفی نسخہ ہے۔
منافع: قبض دائمی، بدہضمی، درد شکم، بواسیر، درد گردہ، احتباس، حیض اختناق الرحم، مالیخولیا مراقی، نزلہ
دائمی کے لئے بہت مفید ہے۔ اس مایہ ناز نسخہ کی قدر استعمال کرنے والوں کو بعد تجربہ ہی معلوم ہوگی۔
نسخہ: برگ سناء 5 تولہ، انار دانہ، نمک سیاہ ہر ایک 4 تولہ، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، آملہ، منقہ،
چترہ، ساذج ہندی، مرچ سیاہ، فلفل دراز، زنجبیل، دارچینی، ہلیلہ سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: تمام ادویہ الگ الگ باریک کوٹ کر اور کپڑ چھان کر ملالیں۔
استعمال: چھ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ سوڈا واٹر کھارا یا دودھ میں سوڈا واٹر ملا کر استعمال کریں۔ اس کے بعد بھی دودھ اور سوڈا واٹر ملا کر پیتے رہیں۔ ثقیل دیر ہضم چیزوں سے پرہیز کریں۔ روزانہ اسی طریق سے استعمال کریں۔ اگر کسی جگہ سوڈا کھارا نہ مل سکے تو شربت لیموں 3 تولہ عرق پودینہ 10 تولہ کے ساتھ بات لیموں کو پانی میں حل کر کے صرف ایک وقت صبح استعمال کرنا چاہیے۔

## (193) دوائے معدہ

منافع: معدہ کی تمام شکایات متعلقہ ہضم مثلاً درد شکم، نفخ، ضعف ہضم تے ثقل معدہ وغیرہ کے لئے نہایت سریع التاثیر مجرب اور آزمودہ ہے۔ نیز درد دندان کے لئے مفید ہے اسے ہر گھر میں تیار رہنا چاہیے۔
نسخہ: نوشادر 5 تولہ، مرچ سیاہ، ہرمچی ہر ایک تین تولہ ست پودینہ، ست اجوائن، ست الائچی، کافور ہر ایک 3 ماشہ۔
ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا کر کھرل کریں تاکہ یکذات ہو جائیں۔
استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام استعمال کرائیں۔ اگر غذا ہضم نہ ہوتی ہو تو غذا کے بعد کھائیں۔

## (194) دیگر

منافع: تمام مذکورہ بالا فوائد اس میں بھی موجود ہیں اور نہایت سستا تیار ہوتا ہے تجربہ شرط ہے۔
نسخہ: نوشادر، مرچ سیاہ، نمک سیاہ ہر ایک ایک تولہ مصری 6 تولہ۔
ترکیب: سب کو الگ الگ کوٹ پیس کر ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: دو ماشہ بعد غذا یا جس وقت ضرورت ہو استعمال کریں۔

## (195) حب ہاضم اکسیری

منافع: یہ گولیاں ہاضم طعام مقوی معدہ، مشتہی اور مخرج ریاح ہیں اور کئی دفعہ کی مجرب ہیں۔
نسخہ: کاکڑہ سنگی، نوشادر، سہاگہ، ہینگ، باؤ بڑنگ، نمک سونچل، نمک تلی، نمک شیشہ، نمک سیاہ، نمک سانبھر، فلفل دراز، پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، پوست آملہ، اجوائن، زنجبیل ہر ایک 2 تولہ لعاب گھیکوار ایک سیر۔
ترکیب: تمام خشک دوائیں الگ الگ ہاون دستہ میں کوٹ کر ملالیں اور کپڑ چھان کر کے لعاب گھیکوار تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب لعاب ختم ہو جائے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔
استعمال: ایک سے 5 گولی تک صبح و شام ہمراہ پانی یا عرق سونف استعمال کریں۔

## (196) سفوف قاطع قبض

منافع: یہ نسخہ تمام قبض کشا نسخہ جات کا سرتاج ہے۔ اس کی زیادہ تعریف کی ضرورت نہیں۔ ہر مزاج

کے موافق اور ہر حال میں مفید ثابت ہوتا ہے۔ معدہ کی اصلاح کرتا اور ریح و قبض کا قاطع ہے۔ قبض دائمی کا استیصال اور قبض سے جو عوارض پیدا ہو گئے ہوں ان کی بیخ کنی کرتا ہے۔

**نسخہ:** زنجبیل یعنی سونٹھ نمک سونچل' برگ سناء مصفی پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک 2 تولہ۔

**ترکیب:** سب کو جدا جدا باریک پیس کر آپس میں خوب ملا لیں۔

**استعمال:** 6 ماشہ ہمراہ پانی رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔

## (197) سفوف شہریاران

**منافع:** قبض' ریح گردہ' ریح امعاء' ریح معدہ' پیچش کے لئے مفید ہے۔ دماغ اور بصارت کو طاقت دیتا ہے اور قبض کشاء کے ساتھ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ کسی قسم کی تکلیف نہیں پہنچاتا' قبض یا قبض کے عوارض کو زائل کرنے میں نہایت موثر ہے۔ ہمیشہ استعمال میں رہتا ہے۔

**نسخہ:** سناء مکی' سونف' مغز بادام ہر ایک تین تولہ' قند سفید 9 تولہ۔

**ترکیب:** سب کو باریک کر کے ملا کر خوب کھرل کریں۔

**استعمال:** پانی گرم 5 تولہ گھی' کھانڈ سفید ہر ایک ایک تولہ ملا کر اس کے ساتھ ایک تولہ سفوف عصر کے وقت استعمال کریں۔

## (198) سفوف اکسیر قبض و پیچش

**منافع:** قبض ہر قسم عارضی ہو یا دائمی اور پیچش سدی کے لئے مجرب ہے۔ جسم پر رونق لاتا اور انتڑیوں کو طاقت دیتا ہے۔ انتڑیوں کی خشکی کو زائل کر کے قبض کی عادت کو دور کرتا ہے۔ ہمہ صفت موصوف ہے۔ اس سے قبض دائمی کا عارضہ دور ہو جاتا ہے۔

**نسخہ:** مغز بادام 100 عدد' الائچی خورد ایک تولہ' مغز کدو' مغز خیارین' مغز تخم خربوزہ' مغز تخم تربوز ہر ایک 6 ماشہ' برگ سناء مصفی تین تولہ کھانڈ دیسی 10 تولہ۔

**ترکیب:** سب ادویہ جدا جدا باریک پیس کر سفوف کریں۔

**استعمال:** پیچش کاذب سدی کے لئے ایک تولہ ہمراہ شیر یا آب نیم گرم قبض کے لئے 9 ماشہ سے ایک تولہ تک اور قبض دائمی کے لئے 9 ماشہ روزانہ ہمراہ دودھ رات کو سوتے وقت استعمال کریں مگر 15 یوم کے بعد 6 ماشہ خوراک کر دیں۔ قبض دائمی کے لئے ایک ماہ کافی ہے پھر کچھ عرصہ تک مہینہ میں پندرہ خوراک استعمال کریں یعنی ایک دن استعمال کریں اور ایک دن ناغہ کریں جب قبض کی عادت نہ رہے آہستہ آہستہ بند کر دیں۔

## (199) سفوف معدہ و اسہال معدی

**منافع:** معدہ اور جگر کو از حد طاقت دیتا ہے۔ ضعف معدہ یا بد ہضمی سے اسہال ہوں' قوت ہاضمہ کمزور ہو تو سو فیصدی فائدہ کرتا ہے۔ معمول و مجرب ہے۔ اسہال معدی کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔

نسخہ: پوست ساق (چھلکا تنتری) زرشک' انار دانہ' پودینہ خشک' سونف پوست' ترنج ہر ایک ایک تولہ' سب ادویہ الگ الگ باریک کوٹ کر سفوف کرلیں۔

استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام غذا کے بعد یا نہار صبح و شام استعمال کریں۔

## (200) سفوف اسہال و پیچش

منافع: اسہال اور پیچش کے لئے بہت مفید قابل قدر دوا ہے۔ ایک بیاض کہنہ کا نسخہ ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد' زیرہ سفید' اجوائن خراسانی ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: تینوں دوائیں الگ الگ مٹی کی ٹھیکری یا کسی مٹی کے برتن میں بریان کرلیں۔ آنچ نرم ہو۔ پوست ہلیلہ کو جوکوب کرلینا چاہئے۔ باقی دواؤں کو نہ کوٹیں۔ جب بریاں ہو جائیں پھر سب کو کوٹ کر سفوف بنالیں۔

استعمال: چار چار ماشہ صبح و شام ہمراہ دہی یا لسی کھائیں۔ غذا مونگ کی کھچڑی۔

## (201) سفوف اکسیر پیچش

منافع: پیچش کے تمام نسخہ جات سے فائق ہے۔ اکثر جہاں اور کوئی نسخہ کار آمد ثابت نہ ہو اس سے فوری کمل ہو جاتا ہے۔ اس سے کہنہ اسہال کا عارضہ بھی دور ہوتا ہے۔

نسخہ: کرکس' موچرس ہر ایک 9 ماشہ' دارچینی ایک تولہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر خوب ملالیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ڈیڑھ ماشہ سفوف میں 2 چاول افیون ملا کر خوب کھرل کرلیں اور ہمراہ لسی خام استعمال کریں۔ ایک ایک خوراک صبح و شام دیں۔ اگر آرام نہ ہو تو کوئی ہلکا سا مسہل دے کر دوبارہ ایک یا دو دن استعمال کریں۔ بچے کی عمر کے مطابق دہی پر ڈال کر چٹا دیا کریں۔ دال مونگ اور چاول کی مرغن کھچڑی کے سوا اور کچھ نہ کھلائیں۔

## (202) حب برائے پیچش

مرسلہ: علامہ دوراں جناب حضرت استاد حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے مطب کا نسخہ ہے۔

نسخہ: جدوار خطائی ایک ماشہ' افیون' صمغ عربی' چونہ ہر ایک 2 ماشہ۔

ترکیب: سب کو الگ الگ پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر دانہ موٹھ تیار کرلیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ لعاب بہدانہ یا پانی استعمال کریں۔

## (203) سفوف مغص امعاء

منافع: جب اسہال کے ساتھ انتڑیوں میں درد ہو اس کے لئے مفید ہے۔ عام اسہال کو پورا فائدہ کرتا

نسخہ: بیلگری 2 ماشہ، پوست سماق، انار دانہ، طباشیر، گل سرخ، تخم کاسنی، زرشک شیریں، تخم لیموں، تخم
موز، خستہ جامن، کشنیز خشک، مغز خستہ انبہ ہر ایک ایک ماشہ۔
ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے سفوف کر لیں۔
استعمال: دو دو ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## (204) سفوف اسہال و پیچش

منافع: اسہال اور پیچش و نفث الدم کے لئے معمول و مجرب ہے۔
نسخہ: کہربا، دم الاخوین، بارتنگ، سبوس اسبغول، گل ارمنی ہر ایک ایک تولہ۔
ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملا کر سفوف تیار کریں۔
استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

## (205) سفوف اسہال و پیچش اطفال

منافع: یہ سفوف بچوں کے اسہال اور پیچش ضعف معدہ بچوں کی تمام معدی امراض کے لئے ہمارے مطب میں تیار رہتا ہے۔ بڑوں کے لئے بھی مفید ہے۔ ایک دو دن میں فائدہ بخشتا ہے۔
نسخہ: دار چینی، کھڑیا مٹی ہر ایک ایک تولہ، جائفل 9 ماشہ، قرنفل 6 ماشہ، دانہ الائچی خورد، سیماب ہر ایک تین ماشہ، گل ارمنی 2 تولہ، کھانڈ 6 تولہ۔
ترکیب: پہلے سیماب اور کھڑیا مٹی کو ملا کر کھرل کریں پھر گل ارمنی ڈال کر کھرل کریں پھر باقی اشیاء پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں۔
استعمال: ایک ماشہ سے تین ماشہ تک ہمراہ پانی صبح و شام یا دن میں تین چار دفعہ ضرورت کے مطابق استعمال کریں۔

## (206) سفوف حابس اسہال و مقوی معدہ

منافع: اسہال کے لئے عمدہ ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے اور ضعف ہضم کے لئے سریع الاثر ہے۔ خصوصاً گرم مزاجوں کے لئے نہایت موزوں اور موافق ہے۔ جو اسہال ضعف معدہ کی وجہ سے ہوں ان کے لئے مفید ہے۔
نسخہ: کہربا، طباشیر کبود، سنگ یشب، پوست بیرون پستہ ہر ایک 6 ماشہ، زہر مہرہ، آملہ، سماروبر ہر ایک 9 ماشہ، دانہ الائچی خورد 7 ماشہ، پوست اندرون سنگدانہ مرغ تین ماشہ۔
ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے سفوف تیار کر لیں۔
استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## (207) درد شکم کا مجرب نسخہ

نسخہ: سوڈا بائی کارب 10 رتی، ٹنکچر کارڈ کو، ٹنکچر جنجر، کلوروڈین ہر ایک 15 بوند امرت دھارا، ٹنکچر بلاڈونا

...نمی پودینہ پانی 2 تولہ۔
ترکیب: سب دوائیں پانی میں ملا کر خوب ہلائیں تاکہ یکذات ہو جائیں۔
استعمال: سب ایک دفعہ پلا دیں۔ ایک خوراک سے آرام نہ ہو تو تھوڑی دیر کے بعد دوسری خوراک
...دیں اور پیٹ پر بوتل میں گرم پانی ڈال کر ٹکور کرتے رہیں۔

## (208) نمک سلیمانی کا مستند نسخہ

منافع: نمک سلیمانی کا مستند نسخہ ہے۔ جس کو اکثر دوا خانے فروخت کرتے ہیں اور اشتہاری لوگ اس کا
اشتہار دے کر کافی نفع حاصل کرتے ہیں۔ فی الواقعہ اگر یہ نسخہ باقاعدہ تیار کی جائے تو بہت نفع مند ثابت
ہوتا ہے۔ یہ مرکب معدہ کے ضعف' بدہضمی' درد شکم' جی متلانا' ضعف اشتہائے طعام کے لئے نہایت سریع
الاثر ہے۔ اس کے علاوہ دائمی قبض اسہال' پیچش' بواسیر' درد گردہ' ضعف دماغ' خفقان' ضعف بصر'
ضعف باہ اور ہر قسم کی زہروں کے لئے مفید ہے۔ ہر موسم اور ہر مزاج میں استعمال ہو سکتا ہے۔ اس کی
تجلی کرنے والا پانی لاگ سے نجات پاتا ہے۔ اسے بدہضمی کی کبھی شکایت نہیں ہوتی۔ ہمارے مطب میں
...کے نام سے بک رہا ہے۔

نسخہ: نمک دیسی' نوشادر ہر ایک 6 تولہ' نمک اندرانی' مرچ سیاہ ہر ایک 4 تولہ' نمک سانبھر آدھ سیر' تخم
کرفس 2 تولہ' مرچ سفید 1 تولہ' اذخر 9 ماشہ' افتیمون' ہینگ اصلی' زیرہ سیاہ' سنبل الطیب' زیرہ سفید'
...سوف رومی ہر ایک چھ ماشہ' ملٹھی' دارچینی' مغز تخم کنب ہر ایک 4 ماشہ۔

ترکیب: نمک سانبھر کو جوکوب کر کے کڑاہی میں ڈال کر تیز آگ پر خوب بھون لیں پھر پیس کر کسی مٹی
کے کوزہ میں ڈال کر گرم تنور میں رکھیں جب تنور کی آگ سرد ہو جائے نکال کر پیس لیں اور باقی تمام
دوائیں بھی باریک کر کے اس میں ملا لیں۔ چینی یا مٹی کے روغنی مرتبان میں ڈال کر آٹے سے منہ بند کر
کے اور کپڑے سے باندھ کر جو کے غلہ میں دفن کریں۔ چالیس دن کے بعد نکال کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: معدہ کی بیماریوں کے لئے ایک ماشہ کھانا کھانے کے بعد طاقت مردی کے لئے زردی بیضہ مرغ
...کولاں میں ملا کر کھائیں۔ ہر قسم درد جسم اور ورم کے لئے شہد میں ملا کر مل دیں۔ مگر تدکورہ تکالیف کے
...نہار منہ ہمراہ پانی استعمال کریں۔ خوراک ہر حال میں ایک ماشہ کافی ہے۔ بچوں کو کم مقدار میں عمر کے
...مطابق دیں۔

## (209) حب صغیر قبض کشاء

منافع: یہ گولیاں عمدہ قبض کشاء ہیں۔ زیادہ استعمال کرنے سے اسہال لاتی اور بے ضرر ہیں۔
نسخہ: سقمونیا ولائتی' ریوند عصارہ ہر ایک 9 ماشہ' مصبر 2 تولہ' صمغ عربی 4 ماشہ۔
ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک کھرل کر کے ملا کر دوبارہ خوب کھرل کریں اور پانی کی مدد سے
گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

استعمال: ایک یا دو گولیاں سوتے وقت ہمراہ دودھ یا عرق گلاب یا عرق گاؤزبان استعمال کریں۔ اسہال کے لئے دو گولیاں دیں۔

## مسہل اکسیری (210)

منافع: یہ مسہل ثقیل الاخلاط کو با آسانی خارج کرتا ہے۔ خصوصاً سخت طبیعت کے لئے قابل اعتماد ہے اور قولنج کا نہایت عمدہ علاج ہے۔ بفضل ایزدی اس کے بعد حقنہ کی حاجت نہیں رہتی۔ ہر مطب میں تیار رہنے کے قابل ہے۔

نسخہ: جلاپہ، گل سرخ، گل بنفشہ، ترنجبین، سناء مکی، پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، آملہ ہر ایک تولہ، مغز جمالگوٹہ مدبر 3 تولہ، روغن بادام اصلی یا گائے کا گھی 5 تولہ شہد حسب ضرورت۔

ترکیب: پہلی آٹھ دوائیں الگ الگ باریک کوٹ چھان کر سفوف بنالیں پھر مغز جمال گوٹہ کو ایک کونڈی ڈنڈہ میں بالکل باریک پیس کر سفوف مذکورہ ملا کر شہد اس قدر ملائیں کہ دوائیں آپس میں مل جائیں پھر بادام روغن یا گھی ڈال دیں اور دو گھنٹہ تک خوب زور سے گھوٹیں اور کھلے منہ والی شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: قولنج کے لئے دو ماشہ سے تین ماشہ تک ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ مسہل ہو جانے کے بعد ایک دن مونگی کھچڑی کھلائیں۔ عام مسہل کے لئے ضرورت ہو تو ایک ماشہ سے 1 ماشہ تک پانی یا دودھ ایک پیالہ میں گھی 2 تولہ کھانڈ 3 تولہ ملا کر اس کے ہمراہ کھلادیں۔ اسہال بند کرنے مطلوب ہوں تو اسبغول ایک تولہ مصری کے شربت کے ساتھ استعمال کرائیں۔ مسہل سے قبل اور مسہل کے بعد ایک دن صبح شام مونگی کھچڑی کھلائیں۔

## مسہل عجیب (211)

منافع: تیز مسہل ہے۔ سخت مزاجوں اور قولنج کے مریضوں کو استعمال کرایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ وجع مفاصل، نقرس، عرق النساء، وجع الورک، درد کمر، درد ریاحی اور تمام بلغمی و ریاحی امراض میں استعمال ہوتا ہے اس سے مواد خوب خارج ہوتے ہیں اور مذکورہ امراض کو نفع ہوتا ہے نیز آتشک، جذام، پھوڑے پھنسیاں وغیرہ تمام جلدی امراض کے لئے مفید ہے۔ نہایت زود اثر قلیل المقدار مفید مسہل ہے۔ نازک مزاجوں کو احتیاط سے دینا چاہئے۔

نسخہ: مغز جمال گوٹہ مدبر، مغز بادام، مغز کدو، مغز ارنڈ ہر ایک 5 تولہ۔

ترکیب: سب کو ملا کر کونڈہ ڈنڈہ میں گھوٹ کر بادام روغن کی طرح روغن نکالیں یا بادام روغن والی مشین میں نکال لیں پھر اس میں اجوائن دیسی جس قدر تر ہو سکے تر کرکے رکھ دیں۔

استعمال: ایک ماشہ ہمراہ چائے گرم استعمال کریں۔ نازک مزاجوں کو تھوڑی مقدار میں دیں۔

## دیگر (212)

منافع: اس میں بھی مندرجہ بالا مسہل کے خواص موجود ہیں۔ البتہ یہ آسان ہے۔ فوری ضرورت کے

وقت جلدی آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔ قولنج، درد گردہ، قبض وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ جمال گوٹہ
ہی کے تو خام بھی استعمال ہو سکتا ہے۔

نسخہ: مغز جمالگوٹہ، زنجبیل، نوشادر ہر ایک تولہ تولہ تینوں چیزیں جدا جدا باریک پیس کر خوب ملا لیں۔

استعمال: چار رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ پانی استعمال کریں۔ نازک مزاج کو اس سے تھوڑی مقدار میں استعمال کرائیں۔ مسہل کے بعد کوئی تبرید ضرور استعمال کرائیں مثلاً تخم ریحان بالنگو کو تھوڑی دیر تک پانی میں بھگو کر شربت صندل 5 تولہ، عرق گلاب 10 تولہ، روح کیوڑہ چھ ماشہ میں ملا کر پلائیں یا صرف اسپغول ایک تولہ صاف کر کے پانی سے دھو کر سادہ شربت میں ملا کر پلا دینا چاہئے۔

نوٹ: اس مسہل اور مسہل نمبر 211 کے ہر اسہال کے بعد عرق گاؤزبان 5 تولہ پلاتے رہیں تو بہتر ہے۔

## (213) مسہل بے ضرر

اسناد: حضرت استاذ مکرم علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات سے ہے۔

منافع: نازک مزاج امراء کے لئے موزوں ہے۔ ہر ایک مرض میں منضج کے بعد یا بغیر منضج کے بھی استعمال کرایا جاتا ہے۔ اس سے کسی قسم کی تکلیف یا گھبراہٹ وغیرہ نہیں ہوتی۔ آسانی سے مواد خارج کرتا ہے۔ عام پرانی و نئی امراض میں ہر قسم کے مریضوں کو استعمال کرایا جاتا ہے۔ ہمارا معمول مطب سے ہے۔ مرکب پرانی امراض میں یہی مسہل استعمال کرایا جاتا ہے۔

نسخہ: فلوس خیار شنبر (گودہ املتاس)، ترنجبین ہر ایک 5 تولہ، بادام روغن ایک تولہ، عرق گلاب، عرق سونف، عرق کاسنی ہر ایک 14 تولہ۔

ترکیب و استعمال: عرقیات کو ملا کر خوب گرم کر کے نصف املتاس اور نصف ترنجبین پر ڈال کر حل کر چھان لیں۔ املتاس کو چھلنی میں چھاننا چاہئے۔ پھر ملا کر روغن بادام ملا کر پلا دیں۔ ہر اسہال کے بعد عرق گاؤزبان ایک ایک چھٹانک پلاتے رہیں۔ شام کو مسہل کے بعد عرق گاؤزبان 15 تولہ میں مصری تین تولہ ملا کر پلائیں۔ رات کو نرم کھچڑی کھلائیں۔ دوسرے دن صبح بھی عرق گاؤزبان پلائیں۔

## (214) مسہل جامع

منافع: اس کی زیادہ تعریف کی ضرورت نہیں۔ بنانے میں آسان سستا اور ہر مزاج کے موافق ہے۔ کسی قسم کا ضرر یا تکلیف نہیں پہنچاتا۔ بلا تکلیف اسہال آجاتے ہیں۔ ہر مرض میں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ عام حالتوں میں ہمارا یہی معمول ہے۔ اس سے اسہال خوب کھل کر ہوتے ہیں اور جسم ہلکا ہو جاتا ہے۔ تینوں اخلاط نکالتا ہے۔

نسخہ: کنیشیا 2 تولہ، گلقند 4 تولہ، برگ سناء 6 ماشہ، عرق سونف ایک پاؤ۔

ترکیب و استعمال: گلقند و سناء اور عرق کو ملا کر ایک جوش دیں پھر اتار کر کو ٹھنڈا ہونے میں خوب گھوٹ لیں اور کنیشیا ملا کر چھان کر پلا دیں پہلے ایک دن صبح و شام اور مسہل کے بعد ایک دن نرم کھچڑی

استعمال کرانی چاہئے۔

## (215) حب کبیر

منافع: یہ گولیاں نہایت جامع الاوصاف اور اکسیر الاثر ہیں۔ تمام امراض شکم مثلاً درد شکم، قبض، سنگرہنی، اکتہ، بادی گولہ، نفخ شکم، سوء ہضم معدی کے دور کرنے میں اکسیر ہیں۔ اسی طرح ورم جگر، تپ نوبتی، تپ لازم، عسر ہضم بلغمی و صفراوی، ضیق النفس ام الصبیان کے لئے معمول ہیں۔ اور فالج، لقوہ، خدر، تمدد، کزاز کو کمال فائدہ کرتی ہیں۔ ایک ہمدرد دوست کا صندوقچہ کا معمول عام نسخہ ہے جو بڑی محنت سے حاصل ہوا ہے اور خود تجربہ کیا ہے۔ آپ بھی ایک دفعہ تجربہ کریں۔

نسخہ: پچوک مصفیٰ، مغز جمالگوٹہ مدبر، سیماب مصفیٰ، آملہ سار مدبر ہر ایک 5 تولہ، مٹھا تیلیہ مدبر بہ شیر ایک تولہ۔

ترکیب: پہلے سیماب اور آملہ سار کو کھرل کر کے کجلی بنالیں باقی دواؤں کو باریک پیس لیں پھر سب کو ملا کر چار دن تک آب لیموں میں کھرل کر کے گولیاں بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ یا چائے یا پانی یا کسی عرق کے ساتھ نگلوا دیں۔ تجربہ کار طبیب بدرقہ مناسبہ سے موقعہ و محل دیکھ کر استعمال کر سکتا ہے۔ قبض کشائی کے لئے ایک یا دو گولیاں رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ گرم استعمال کرائیں۔

## (216) حب قبض کشاء

استاد: عطائی جناب حکیم مفتی مقیم اللہ خان صاحب خلف الرشید حضرت استاد جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب نے عطا فرمایا ہے نیز حب ملین 217 بھی آنجناب کی ہی معمول ہیں جو اس نسخہ کے بعد درج ہو گئی۔

منافع: یہ دافع قبض اور مسہل ہیں۔ معدہ کو خوب صاف اور ریاح خارج کرتی ہیں۔ بلغمی امراض کے لئے مفید ہیں۔

نسخہ: صبر سقوطری ایک تولہ 8 ماشہ، ہلیلہ زرد 10 ماشہ، کتیرا، مصطگی، سقمونیا، زعفران ہر ایک تین ماشہ، گل سرخ 6 ماشہ۔

ترکیب: سب ادویہ الگ الگ باریک پیس کر شہد کی مدد سے گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

استعمال: قبض کے لئے ایک گولی ہمراہ عرق گلاب یا دودھ یا پانی معمولی اسہال لانے کے لئے 4 گولیاں اور مسہل کامل کے لئے 10 گولیاں استعمال کرائیں۔

## (217) ودیگر

منافع: معدہ قبض کشاء ہیں۔ اسہال بافراغت لا کر مواد بلغمی کو خوب نکالتی ہیں۔ ایک گولی سے دو اور دو گولی سے پانچ اسہال آتے ہیں۔

نسخہ: کیلول، عصارہ ریوند، سقمونیا، رب حنظل، رب نانخواہ، رب جلابہ ہر ایک ہم وزن۔
ترکیب: خشک ادویہ کو باریک پیس کر رب ملائیں اور قدر ضرورت پانی ملا کر خوب حل کر کے بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔
استعمال: ایک سے 4 گولی تک ہمراہ دودھ گرم استعمال کریں۔

## (218) اکسیر سنگرہنی

منافع: سنگرہنی کے عارضہ کے لئے نہایت مفید ہیں اس کے علاوہ معدہ اور انتڑیوں کی کمزوری دور کرتی ہضم کے فتور کے لئے بے نظیر ہے۔ اس سے معدہ اور انتڑیوں کا فعل درست ہو جاتا ہے۔
نسخہ: سنکھ 10 تولہ، پارہ، آملہ سار، چترہ، لوٹہ کھار سونٹھ، نمک طعام، نمک سیاہ نمک تلی، نمک سانبھر ہر ایک ایک تولہ۔
ترکیب: سنکھ کو گرم کر کے لیموں کے پانی میں بار بار بجھائیں۔ سات آٹھ دفعہ سے سب سنکھ کشتہ ہو کر لیموں کے پانی میں جمع ہو جائے گا پھر اس کو نکال کر باریک پیس لیں۔ پارہ اور آملہ سار کو کھرل کریں۔ جب خوب یک جان ہو جائیں تو الگ رکھیں۔ باقی اشیاء کو باریک پیس لیں پھر سب کو ملا کر لیموں کے پانی میں دو تین گھنٹہ کھرل کر کے خشک کر لیں بس تیار ہے۔
استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام دہی کے گھڑ ایک گلاس کے ساتھ استعمال کریں۔ اگر اسہال زیادہ آ رہے ہوں تو ایک وقت گنگا دھر رس دیا جاتا ہے جس کی ترکیب عام ہے اور ایک وقت یہ اکسیر سنگرہنی استعمال ہوتا ہے۔

## (219) کشتہ سنکھ برائے سنگرہنی

منافع: سنگرہنی اور اسہال ہر قسم کے لئے قابل تعریف ہے۔ سنگرہنی اور اسہال کہنہ جیسے عارضہ کو چند خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔ مجرب اور نہایت بے ضرر ہے۔ معدہ اور انتڑیوں کو طاقت دیتا ہے۔
نسخہ: سنکھ 5 تولہ، آب لیموں ایک پاؤ۔
ترکیب: سنکھ کو باریک پیس کر آب لیموں سے کھرل کریں پھر اس کی پانچ ٹکیہ تیار کر لیں اور خشک کر کے ایک کوزہ گلی میں ڈال کر اس کا منہ چینی سے بند کر کے گل حکمت کر لیں اور خشک کر کے 15 سیر اوپلہ میں آنچ دیں۔ جب سرد ہو نکال کر دوا باریک پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: ایک ماشہ معجون مربہ جات ایک تولہ میں رکھ کر صبح کو کھلا دیں۔
نسخہ معجون مربہ جات: مربہ آملہ ختہ بر آوردہ، مربہ ہلیلہ ختہ بر آوردہ، مربہ بہی، مربہ سیب، مربہ گزر ہر ایک 5 تولہ سب کو کونڈہ ڈنڈہ میں خوب گھوٹ کر ملا لیں تیار ہے۔

## (220) سفوف سنگرہنی

منافع: یہ سفوف سنگرہنی کے عارضہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ ہضم کو طاقت بخشتا ہے۔ اسہال کو بہت

جلد روک دیتا ہے۔
**نسخہ:** بل کتھ، گل دھاوا، موچرس رال، گلنار، مازو، مائیں، اندر جو، ہلیلہ سیاہ، کشنیز خشک، کچور، صمغ عربی، کیرا، طباشیر نقرہ، تخم خرفہ، تخم کاسنی، برادہ صندل سفید، مغز کدو، مغز خیارین، مغز خربوزہ، بیدانہ، تخم اسبغول، تخم پیٹھ، مغز تخم آم، گل ارمنی، کاکنج، اقاقیا، گل سرخ، تج، نشاستہ گندم ہر ایک 6 ماشہ، کوکنار 2 تولہ تمام چیزیں جدا جدا باریک پیس کر سفوف بنالیں۔
**استعمال:** چار چار ماشہ صبح و شام ہمراہ آب سرد دیں۔ غذا مونگ کی کھچڑی دال مسور اور چپاتی دیں۔

## (221) عرق اکسیر ہیضہ

**منافع:** مرض ہیضہ کے لئے مفید ہے۔ ہیضہ کے دنوں میں ہر مطب میں تیار رہنا چاہئے۔ معدہ کی اصلاح کر کے طبیعت کی گھراہٹ وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ پیاس کو تسکین بخشتا ہے۔ عمدہ مفرح ہے۔
**نسخہ:** زرشک شیریں، برادہ صندل سفید ہر ایک تین پاؤ، الائچی خورد نیم کوفتہ، دار چینی ہر ایک 15 تولہ، طباشیر 7 تولہ، آلو بخارا 40 تولہ، پودینہ ایک سیر، انار تازہ ترش ایک پاؤ، کافور 4 تولہ۔
**ترکیب:** سوائے کافور کے باقی دوائیں کوٹ کر 24 گھنٹہ تک ایک سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ پھر اس کا عرق بقدر چار سیر کشید کریں۔ عرق نکالتے وقت کافور کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر نیچہ کے منہ پر باندھ دیں۔
**استعمال:** دو دو تولہ ہر تین گھنٹہ کے بعد پلائیں۔ زیادہ تکلیف ہو تو عرق کی مقدار زیادہ کریں۔

## (222) ہیضہ وغیرہ کی مجرب گولیاں

**منافع:** یہ گولیاں ہیضہ کے لئے جادو اثر ہیں۔ بشرطیکہ ردی حالت سے قبل استعمال کی جائیں نیز بدہضمی قے، اسہال، درد شکم وغیرہ کے لئے نہایت مفید و قابل تعریف ثابت ہوئی ہیں۔
**نسخہ:** آملہ سار صاف، تھوم، زیرہ سفید، فلفل دراز، سنڈھ، نمک سیندھا، ہیرا ہینگ ہر ایک ایک تولہ آب لیموں بقدر ضرورت۔
**ترکیب:** سب دوائیں جدا جدا باریک پیس کر آب لیموں میں چار پہر تک کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔
**استعمال:** بچہ کو ایک گولی اور بڑے کو دو یا تین گولیاں دو دو گھنٹہ کے بعد ہمراہ عرق لیموں یا عرق سونف استعمال کریں۔
**آملہ سار مدبر کرنے کا طریقہ:** آملہ سار حسب ضرورت باریک کر کے گھی میں ملا کر ایک کڑچھے میں آگ پر پگھلا کر دودھ میں ڈالیں جب سرد ہو جائے نکال لیں اور باریک پیس لیں۔

## (223) گھٹی اطفال

**منافع:** بچوں کی بدہضمی، قے، اسہال، خرابی خون کے لئے نہایت عجیب الاثر ہے۔ تندرستی کی حالت میں بچہ کو وقتاً فوقتاً استعمال کرائی جائے۔ تو اس کا ہاضمہ ٹھیک رہتا اور صحت قائم رہتی ہے۔

نسخہ: کشنیز خشک، برگ نیم، نوشادر، گلو خشک، خوب کلاں، کوڑ، کچور ہر ایک چھ ماشہ۔
ترکیب: سب کو جدا جدا باریک پیس کر سفوف کر لیں۔
استعمال: چار رتی کی مقدار پانی میں حل کر کے حلق میں ڈالیں۔

## (224) حب بواسیر خونی

منافع: بواسیر خونی کے لئے مجرب اور قبض کشا ہیں۔ ریح خارج کرتی ہیں۔ یہ نسخہ ایک قلبی دوست کا معمول مطب ہے۔ جوانہوں نے ازراہ عنایت ہمیں مطب کے لئے عطا فرمایا۔
نسخہ: مغز تخم بکائن، مغز تخم اندرائن ہر ایک تولہ تولہ اجوائن خراسانی، تخم گندنا ہر ایک 6 ماشہ، رسوت مصفیٰ، مصبر ہر ایک 1 تولہ۔
ترکیب: سب دوائیں جدا جدا باریک پیس کر مولی کے پانی سے کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنا لیں۔ مولی کا پانی نہ مل سکے تو خالص پانی سے گولیاں بنا لیں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ باسی پانی کھائیں اور ایک گولی لعاب دہن میں گھس کر مسوں پر طلا کریں۔

## (225) دیگر

اسناد: ایک دوست کا عطیہ ہے جو خود اس کا اشتہار دیتے ہیں۔
منافع: بواسیر خونی کے لئے نہایت سریع الاثر اور مجرب المجرب و آزمودہ ہیں۔ بواسیر کے تمام عوارض کو جلد آرام بخشتی ہیں۔ خون بند کرتی ہیں۔
نسخہ: نیلا تھوتھ، سرمہ سفید ہر ایک 6 ماشہ بکائن یعنی دھریک کے تازہ پھل کا چھلکا، برگ نیم ہر ایک 1 تولہ۔
ترکیب: سب ادویہ الگ الگ پیس کر لعاب گھیکوار یعنی کنوار گندل کے پانی سے کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں تیار کریں۔
استعمال: ایک گولی صبح ہمراہ پانی استعمال کریں۔ اور دودھ گھی زیادہ استعمال کریں۔

## (226) بواسیری مسوں کا مکمل علاج

منافع: اگر مسے پھول گئے اور درد کرتے ہوں تو اس تدبیر سے درد کو بہت جلد آرام ہو کر مسے خشک ہو جاتے ہیں اور کسی قسم کی تکلیف نہیں رہتی۔ کئی دفعہ کا مجرب و آزمودہ ہے۔ اس سے پہلے دن آرام آتا ہے۔
نسخہ: پیاز 5 تولہ، روغن زرد، برگ بھنگ ہر ایک 2 تولہ، ہڑتال ورقی ایک ماشہ، زردی بیضہ مرغ ایک عدد۔
ترکیب: پہلے درد کے لئے پیاز کو کتر کر گھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پیاز گل جائے تو بھنگ کو

باریک پیس کر ملا دیں اور ہلاتے رہیں۔ جب گاڑھا ضماد تیار ہو جائے نیم گرم مسوں پر رکھ کر لنگوٹ باندھ دیں۔ چند دن صبح و شام یا صرف ایک وقت ضرورت کے مطابق تازہ تیار کر کے باندھتے رہیں۔ جب درد کو خوب آرام ہو جائے تو ہڑتال کو باریک پیس کر زردی بیضہ مرغ میں ملا کر مسوں پر دن میں دو دفعہ لیپ کر دیا کریں جب سب سے خشک ہو جائیں بند کر دیں ہر روز ایک ماشہ ہڑتال اور ایک زردی بیضہ مرغ استعمال کرنی ہو گی۔

## (227) بخور برائے بواسیر

**منافع:** اس بخور یعنی دھونی کے استعمال سے مسوں کی تکلیف کو آرام ہوتا ہے۔ درد اور خارش وغیرہ دور ہو جاتے ہیں اور مسے خشک ہو جاتے ہیں۔

**نسخہ:** سرگین ابابیل، بھینس کے سینگ کا برادہ، تخم بھنگ ہر ایک 2 ماشہ بیری کی لکڑی کا برادہ 6 ماشہ، برادہ کچلہ 2 تولہ، سب چیزیں باریک پیس کر ملا کر رکھ لیں۔

**استعمال:** ہر روز صبح و شام ایک ماشہ آگ پر ڈال کر دھونی دیں۔ دھونی دیتے وقت کمر تک کپڑا اوڑھ لینا چاہئے۔ آنکھوں اور منہ کو کپڑے سے باہر رکھنا چاہئے تاکہ آنکھوں کو نقصان نہ پہنچائے۔

## (228) اکسیر ریح البواسیر و مالیخولیا مراقی

**منافع:** ریح البواسیر اور مالیخولیا مراقی مجرب المجرب ہے۔ اس کا بارہا تجربہ ہو چکا ہے۔ ضعف معدہ کو مفید اور ریاح کو خارج کرتی ہے۔ سرد مزاج کو زیادہ مفید ثابت ہوئی ہے۔

**نسخہ:** افستین 2 تولہ، ہینگ اصلی ایک تولہ، مشک خالص 5 رتی۔

**ترکیب:** افستین اور ہینگ کو باریک پیس کر مشک ملا کر باریک کر کے اچھی طرح ملا لیں اور اس کی 24 پڑیہ باندھ لیں۔

**استعمال:** روزانہ صبح و شام ایک پڑیہ ہمراہ آب خالص دیں۔ بادی اور قابض چیزوں سے پرہیز۔

## (229) دوائے بواسیر ریحی

**منافع:** بواسیر ریحی کے لئے اس جلیل القدر دوا کا کئی دفعہ تجربہ ہوا ہے۔ آپ بھی ایک دفعہ تجربہ کریں۔

**نسخہ:** گوگل 6 ماشہ، لاجورد مغسول تین ماشہ، مربہ ہلیلہ 24 عدد۔

**ترکیب:** گوگل کو باریک کوٹیں، مربہ ہلیلہ کی گٹھلیاں نکال کر باریک پیس لیں پھر تینوں کو خوب ملا کر اس کی 12 خوراک بنالیں۔

**استعمال:** ایک خوراک صبح ایک شام ہمراہ عرق مکو، عرق گاؤزبان، عرق سونف ہر ایک پانچ تولہ دیں۔

**پرہیز:** تمام بادی اور ثقیل اور تیل دار اشیاء مثلاً اچار ہر قسم مچھلی بینگن دال مسور و چنے گوشت گائے وغیرہ سے پرہیز لازم ہے۔

## (230) حب بواسیر ریحی

فوائد: بواسیر ریحی کے لئے نہایت موثر مجرب المجرب اور معمول مطب ہیں۔ سریع الاثر اس قدر کہ تین [دن] میں ہی اثر دکھاتی ہیں۔ عرصہ سے زیر استعمال ہیں۔ معمولی نسخہ نہیں۔

نسخہ: شگوفہ کریر، رسوت مصفی، سناء مکی، مویز منقہ، سرخ مرچ تازہ، لونگ مدار ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا کر کوتڈہ ڈنڈہ میں خوب باریک گھوٹ لیں اور کنار دشتی (جنگلی بیر) کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی نگلوا دیں۔

## (231) شربت ریح البواسیر و مالیخولیا مراقی

فوائد: ریح البواسیر اور مالیخولیا مراقی کے لئے عجیب الاثر ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا اور بخارات کو روکتا اور [غذا] ہضم کرتا ہے۔ طبیعت کی گھبراہٹ، گرمی، قبض وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: ترنجبین اعلیٰ 20 تولہ، گل سرخ، تخم کاسنی، افسنتین ہر ایک 4 تولہ، تمر ہندی 10 تولہ، مصری 40 [تولہ]۔

ترکیب: سوائے ترنجبین کے باقی سب دوائیں رات کو ایک سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دیں جب [ایک] پاؤ رہ جائے تو ترنجبین جو نصف بوتل عرق گلاب میں بھگویا گیا ہو چھان کر اور مصری بھی ملا کر شربت [بنا لیں]۔

## (232) سفوف ریح بواسیر

فوائد: ضعف معدہ، ریح البواسیر، مالیخولیا مراقی کے لئے نہایت نافع ہے نیز ضعف قلب، ضعف دماغ، [...] بخاروں کو فائدہ کرتا ہے۔

نسخہ: افسنتین، گل سرخ ہر ایک ایک تولہ، گل گاؤزبان 9 ماشہ، مصطگی رومی 6 ماشہ، عود خام 4 ماشہ، [زیرہ] 5 ماشہ، الائچی خورد 2 ماشہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں۔

استعمال: دو دو ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## (233) سفوف قبض کشاء

فوائد: نہایت عمدہ قبض کشاء ہونے کے علاوہ مقوی معدہ و امعاء ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا اور ہضم [درست] کرتا ہے اور ریح بواسیر کے لئے نافع ہے۔ مصفی خون اور شیر خوار بچوں کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: آرد ملٹھ، برگ سناء ہر ایک 10 تولہ، سونف، گندھک مصفی ہر ایک 5 تولہ، مصری 30 تولہ۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملا کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: 9 ماشہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ گاؤ استعمال کریں۔

## (234) سفوف دیدان شکم

**منافع:** دیدان (پیٹ کے کرم) خواہ کدو دانہ خواہ چھوٹے (چمونے) خواہ لمبے ہوں اس سفوف کے چار روزہ استعمال سے بالکل نابود ہو جاتے ہیں۔ تمام اقسام کے لئے مجرب ہے۔

**نسخہ:** اجوائن، مغز کرنجوہ، مغز پلاس پاپڑا، باؤبڑنگ، کٹھ تلخ ہر ایک تین ماشہ کمیلہ، آرد تربد سفید ہر ایک 6 ماشہ، نمک دیسی 5 ماشہ۔

**ترکیب:** سب ادویہ جدا جدا باریک پیس کر خوب ملالیں۔ بس تیار ہے۔

**استعمال:** اول تین روز آدھ سیر دودھ میں مصری ملا کر پلاتے رہیں چوتھے روز سفوف 6 ماشہ ہمراہ عرق مکو 20 تولہ استعمال کریں۔ اسی طرح چار دن کریں پھر کسٹر آئل 2 تولہ عرق مکو ایک پاؤ مصری 6 تولہ ملا کر نیم گرم کر کے پلائیں۔ بچہ کو عمر کے مطابق کم مقدار میں دیں۔

## (235) سفوف عطاش اطفال

**منافع:** عطاش یا علت عطاشہ جس میں پیاس اسہال قے کے علاوہ اکثر ساتھ تپ بھی ہو جاتا ہے۔ آلو بیٹھ جاتا ہے۔ بچہ دن بدن سوکھتا جاتا ہے۔ بہت موذی مرض ہے اس کے لئے یہ سفوف اور اس کے بعد کے نسخہ جات مجرب اور منتخب ہیں۔

**نسخہ:** طباشیر تین ماشہ کہربا، ستو جو ہر ایک ایک ماشہ زمرد 2 چاول، مروارید 4 چاول، زرورد 4 رتی۔

**ترکیب:** مروارید زمرد کو روح کیوڑہ میں کھرل کر کے باقی دوائیں باریک پیس کر ملالیں۔

**استعمال:** دو رتی سے چار رتی تک حسب عمر عرق گلاب میں حل کر کے صبح و شام یا تین وقت استعمال کرائیں۔

## (236) نقوع عطاش

**منافع:** مغز کول ڈودہ ایک تولہ، زیرہ سفید، بیلگری، خس ہر ایک 6 ماشہ، گل دھاوا ابریشم مقرض، گاؤزبان، طباشیر ہر ایک تین ماشہ، الائچی خورد 4 ماشہ، ریت خطمی بریاں 5 تولہ، پھلیاں برنج 2 تولہ، پانی تین سیر۔

**ترکیب:** ابریشم کو کترلیں باقی دوائیں کوٹنے والی کوٹ لیں پھر سب کو پانی میں بھگولیں۔

**استعمال:** بچہ کو تھوڑا تھوڑا پانی کی جگہ پلاتے رہیں۔

## (237) دوائے عطاش

**نسخہ:** طباشیر 3 ماشہ، مغز کنول گٹہ ایک تولہ، زرشک شیریں، کشنیز خشک، الائچی خورد، تخم خرفہ ہر ایک 6 ماشہ، زرورد 2 ماشہ، عرق بید مشک، عرق کیوڑہ ہر ایک 12 تولہ۔

**ترکیب:** سب دوائیں کوٹ کر عرقیات میں بھگو رکھیں۔

**استعمال:** پیاس کے وقت اس کا زلال لے کر اس میں زہر مہرہ خطائی گھس کر پلاتے رہیں۔

## (238) حب اکسیر سنگرہنی

فوائد: سنگرہنی کے لئے مفید ہے۔ کئی بار تجربہ میں آ چکا ہے۔
نسخہ: شنگرف رومی، مصطگی رومی، کتھ، گیرو، افیون ہر ایک 3 ماشہ۔
ترکیب: سب دوائیں خوب باریک کر کے سفوف بنا کر لعاب اسبغول میں حل کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ لعاب اسبغول 6 ماشہ، آدھ پاؤ پانی میں نکلے ہوئے کے ساتھ نگل لیا کریں۔
پرہیز: غذا کھچڑی، چاول، دہی استعمال کریں۔ روٹی یا کوئی اور ثقیل غذا نہ دیں۔

## (239) مرہم مسہ ہائے بواسیر

ارسال: عالی جناب محترم حکیم ڈاکٹر مقصود احمد خاں صاحب سکنہ موئی ضلع بارہ بنکی کا عطیہ ہے۔ آپ نے یہ مجرب صدری مخفی نسخہ خاص طور پر میری درخواست پر مجربات سلطانی حصہ سوم کے لئے دیا ہے۔
فوائد: بواسیری مسے خواہ اندر ہوں یا باہر تین یوم میں آرام بخشتی ہے اور درد کو فوری آرام دیتی ہے۔ یہ نایاب نسخہ ان نسخہ جات میں سے ہے جنہیں اطباء مخفی رکھنا پسند کرتے ہیں اور یہ نسخہ ہر ایک مطب میں تیار رکھنے کے قابل ہے۔
نسخہ: آب برگ گکروندہ سبز، آب برگ گندنا سبز، آب برگ نیم سبز، آب برگ بھنگ سبز، آب مکو سبز، آب برگ حنا سبز ہر ایک تین تولہ گوگل، رسوت ہر ایک 9 ماشہ، گل کنجد، گل بابونہ، مغز تخم خوبانی، مردہ سنگ، سفید کاشغری ہر ایک 6 ماشہ، سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد، روغن گل 5 تولہ۔
ترکیب: بوٹیوں کے پانی مذکور میں رات کو گوگل اور رسوت بھگو دیں۔ صبح خوب مل چھان کر گل کنجد، گل بابونہ، مغز خوبانی باریک پیس کر ملا دیں۔ اور گل روغن ملائیں پھر مردہ سنگ اور سفیدہ کاشغری باریک پیس کر ملائیں اور آگ پر چڑھائیں۔ جب پانی جل جائے ٹھنڈا کریں اور سفیدی بیضہ مرغ ملا کر رکھ لیں۔
استعمال: تھوڑا سا مسوں پر صرف رات کو یا دو وقت لگا دیا کریں۔

# مجربات امراض قلب

## (240) جواہر مہرہ سلیمی

ارسال: حضرت علامہ استاذ فاضل جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم لاہوری کے معمولات خاص سے ہے جو انہوں نے از راہ لطف و کرم مطب کے لئے عنایت فرمایا تھا۔
فوائد: دل، دماغ، معدہ جگر کو نہایت طاقت بخشتا ہے۔ حرارت غریزی کی حفاظت اور طاقت کے لئے بے

نظیر ہے اور مدت تک کسی مرض میں مبتلا رہنے کے بعد جو کمزوری لاحق ہو جاتی ہے۔ اس کے لئے نہایت مفید ہے۔ اعضاء رئیسہ و شریفہ کو طاقت بخشتا ہے۔ ضعف عامہ کے لئے مفید ہے۔

**نسخہ:** فاد زہر حیوانی 6 درم، مروارید بسد، لاجورد، یاقوت احمر، یاقوت کبود، یاقوت زرد، یشب سبز، زمرد، عقیق، ورق نقرہ، مصطگی ہر ایک 4 درم، ورق طلاء، جدوار بنفسجی، نارجیل دریائی، عنبر اشہب، مشک خالص، مومیائی ہر ایک ایک درم۔

**ترکیب:** تمام دوائیں جدا جدا باریک پیس کر عرق گلاب میں تین پہر کھرل کریں۔

**استعمال:** 2 رتی سے 4 رتی تک خمیرہ گاؤزبان سادہ ایک تولہ یا دواء المسک معتدل جواہر والی 5 ماشہ میں ملا کر استعمال کریں۔

## (241) دیگر

**اسناد:** استاذ الاطباء حضرت استاذیم جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ مجرب ہے۔

**منافع:** اسکے منافع جواہر مہرہ سلیمی نمبر 240 کے مطابق ہیں۔

**نسخہ:** یاقوت زرد، فاد زہر حیوانی، ورق نقرہ، ورق طلا ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، عنبر اشہب 4 رتی، طباشیر، مروارید ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب:** تمام ادویہ جدا جدا کھرل کر کے عرق گلاب قسم اول میں تین پہر تک کھرل کر کے بقدر دانہ مسور گولیاں بنادیں۔

**استعمال:** ایک گولی ہمراہ یخنی گوشت یا شیر گاؤ یا دیگر بدرقہ کے ساتھ استعمال کریں۔

## (242) سفوف مقوی قلب

**منافع:** ضعف قلب، تپش و حرارت، قلب توحش خفقان کے لئے مفید ہے۔ اور نہایت آسانی سے تھوڑے داموں میں تیار ہو جاتا ہے۔

**نسخہ:** سنگ یشب، زہر مہرہ خطائی، کہربا شمعی ہر ایک ایک تولہ، دانہ الائچی خورد 6 ماشہ، عرق گلاب، عرق گاؤزبان ہر ایک 5 تولہ۔

**ترکیب:** خشک دوائیں جدا جدا باریک پیس کر عرقیات سے آہستہ آہستہ کھرل کریں اور خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** ایک ایک ماشہ صبح و شام شربت صندل 3 تولہ عرق گاؤزبان 12 تولہ کے ساتھ کھائیں۔

## (243) شربت مفرح و مقوی قلب

**منافع:** دل کو فرحت اور طاقت بخشتا ہے اور تپش و حرارت قلب، دل کی گرم امراض مثلاً خفقان، دل دھڑکنا، ضعف دل و دماغ حفاظت حرارت غریزی کے لئے مفید اور آسان ہے۔

**نسخہ:** بورہ صندل سرخ، آب انار ترش ہر ایک 6 تولہ، مغز بادام مقشر 5 تولہ، دانہ الائچی خورد، روح کیوڑہ

ہر ایک 2 تولہ، عرق گلاب ایک پاؤ، مصری ایک سیر۔

ترکیب: بورہ صندل کو ایک سیر پانی میں رات کو بھگو کر صبح جوش دیں۔ جب چوتھا حصہ باقی رہ جائے تو مل چھان کر نگاہ رکھیں۔ پھر مغز بادام، الائچی خورد کا ڈیڑھ پاؤ پانی میں شیرہ نکال کر چھان لیں اور بمعہ مصری و آب انار ترش صندل والے پانی میں ملا کر جوش دیں۔ پھر عرق گلاب ملا کر خوب جوش دے کر شربت تیار کریں۔ قدرے سرد کر کے بوتلوں میں بھر دیں۔ اور روح کیوڑہ ملا کر کارک لگا دیں۔

استعمال: چار چار تولہ صبح و شام ٹھنڈا پانی ملا کر استعمال کریں۔

## (244) حلوہ مقوی اعضاء رئیسہ

منافع: دل، دماغ، معدہ، جگر کو نہایت طاقت بخشتا ہے۔ قوت باہ اور قوت بدن کے لئے مفید ہے۔ دماغی محنت کرنے والوں اور جسمانی طاقت کے لئے عجیب چیز ہے اور عورتوں کے لئے بہت مفید ہے۔

نسخہ: آرد ماش مقشر آدھ سیر، گوند پھلاہ پندرہ تولہ، روغن گاؤ ایک سیر، ثعلب مصری، موصلی سفید ہر ایک 5 تولہ، دارچینی 3 تولہ، دانہ الائچی خورد 4 تولہ، مغز بادام مقشر ایک پاؤ، مغز پستہ 10 تولہ، شکر سفید ایک سیر، گل گاؤزبان، بھلیرا، گل سرخ، بادر نجبویہ ہر ایک 2 تولہ، صندل سرخ، صندل سفید ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: ثعلب، موصلی سفید، دارچینی، دانہ الائچی خورد کو باریک کر کے سفوف کر لیں اور گل گاؤزبان، گل سرخ، بادر نجبویہ، بھلیرا، صندل سرخ، صندل سفید کو ایک سیر پانی میں 24 گھنٹہ تک بھگو رکھیں پھر اس کا منہ بند کر کے جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے مل چھان کر اس میں شکر سفید ملا کر چاشنی تیار کریں۔ روغن گاؤ کو آگ پر چڑھا کر سرخ کریں اور گوند پھلاہ ملا کر ہلاتے رہیں۔ جب گوند سرخ ہو جائے نکال کر روغن کو رومال وغیرہ سے چھان کر الگ رکھیں۔ احتیاط رہے کہ گوند کچی نہ رہے اور نہ ہی سیاہ ہو جائے پھر اس روغن میں آرد ماش ڈال کر نرم آگ پر بریاں کریں۔ جب آٹے کی خوشبو بدل جائے اور ٹھیک بریاں ہو جائے تو ثعلب و موصلی وغیرہ کا سفوف اس میں ڈال کر دو چار منٹ تک اور آگ پر رکھیں پھر چاشنی ڈال کر چمچہ کے ساتھ زور دار ہاتھوں سے پھرتی کے ساتھ ہلانا شروع کر دیں اور مغز بادام مغز پستہ کو جو کوب کر کے ساتھ ساتھ ملاتے جائیں۔ جب سب اشیاء آپس میں بخوبی مل کر یکجان ہو جائیں تو سرد کر کے کسی قلعی دار برتن یا مرتبان میں ڈال لیں۔

استعمال: روزانہ صبح و شام تین یا چار تولہ تک نہار منہ کھائیں۔

## (245) سفوف مفرح بارد

منافع: ضعف و گرمی اعضاء رئیسہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ دل دھڑکہ، خفقان، غشی، کمزوری، بزدلی، بخاروں کے بعد کی گرمی، آگ یا دھوپ وغیرہ سے جگر کو تاؤ لگ جانا، گرمی کا شانا تھوڑا چلنے سے ہانپنا اور زبان رہنا وغیرہ وغیرہ تمام ایسے عوارض کے لئے عجیب و غریب اور مجرب المجرب نیز نہایت آسان اور ارزاں ہے اور غریب طبقہ کے لئے ایک نعمت ہے۔

نسخہ: گلاب کے تازہ پھول 5 تولہ' یاقوت رمانی' طباشیر' دانہ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ' کافور 5 ماشہ' سنگ یشب سبز' روح کیوڑہ' روح بید مشک ہر ایک 6 ماشہ' زہر مہرہ خطائی 9 ماشہ۔

ترکیب: گلاب کے پھول کوٹ کر نغدہ بنا لیں اور یاقوت سنگ یشب زہر مہرہ کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے نغدہ مذکور کے درمیان رکھ کر اس پر آدھ سیر کپڑا کہنہ خوب زور سے لپیٹ کر ایک سیر اوپلے توڑ کر اس کے اردگرد رکھ کر آگ لگا دیں۔ سرد ہونے پر دوائیں نکال کر باقی دواؤں کے ساتھ خوب کھرل کریں پھر روح کیوڑہ و روح بید مشک تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کیں اور خشک کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ دودھ استعمال کریں یا شربت انار یا شربت سیب میں ملا کر چٹائیں۔ زیادہ گرمی کی حالت میں ہمراہ شربت بزوری یا شربت صندل 4 تولہ' عرق گاؤزبان 3 تولہ استعمال کریں۔ گرم چیزوں سے پرہیز کریں۔

## (246) سفوف مفرح

منافع: یہ دوا دل کی تمام امراض کے لئے نہایت جامع الاوصاف ہے۔ دل' دماغ' معدہ' جگر وغیرہ اندرونی اعضاء کو طاقت و تسکین بخشتی ہے اور نفث الدم نکسیر' کثرت خون' حیض یا نفاس اسہال خونی مروڑ کو مفید ہے۔ بچوں کے اسہال کو بند کرتی ہے۔ تپوں کی گرمی' بے چینی' خفقان' گھبراہٹ اور وبائی امراض کے لئے اچھی چیز ہے۔ دل کو طاقت اور پیاس دور کرنے اور ہر طرح کے اضطراب خفقان' دل دھڑکنے اور غشی وغیرہ میں بہت موثر ہے۔

نسخہ: طباشیر کبود' بورہ صندل سفید' مغز کشنیز' الائچی خورد' زہر مہرہ خطائی کہربا ہر ایک 5 تولہ' نارجیل دریائی تین تولہ' کشتہ عقیق 2 تولہ' کشتہ مرجان ایک تولہ' ورق نقرہ تین ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر خوب کھرل کر کے ملا لیں۔

استعمال: ایک ماشہ سے 2 ماشہ تک ہمراہ شربت صندل یا مربہ ہی۔

# مجربات امراض جگر و طحال

## (247) شربت فولاد اکسیر جگر

منافع: معدہ اور جگر کے لئے اکسیر ہے۔ معدہ اور جگر کی کمزوری اور گرمی کو زائل کر کے طاقت دیتا اور ان کے فعل کو درست کر کے خون وافر پیدا کرتا ہے۔ جس سے غذا جزو بدن ہو کر بدن طاقتور ہوتا ہے اور بدن سرخ ہو جاتا ہے۔ بھوک خوب پیدا کرتا ہے۔ ہر قسم کی کمزوری بدن کے لئے مفید ہے۔ بھس کی خون کو دور کرتا اور تفریح بخشتا ہے۔ یہ نسخہ بڑی مشکل سے حاصل ہوا ہے۔ قابل قدر تحفہ ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد' پوست ہلیلہ کابلی' آملہ' مجیٹھ' مویز منقہ ہر ایک 30 تولہ' بورہ آہن 20 تولہ' بورہ

صندل سفید 10 تولہ۔

ترکیب: کوٹنے والی دوائیں کوٹ کر اور بورہ آہن کو کپڑے میں نرم پوٹلی باندھ کر سب کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال دیں اور سولہ سیر پانی ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ ہر روز بورہ آہن کی پوٹلی کو ہاتھ سے مل دیا کریں اور دوائیں کسی لکڑی وغیرہ سے خوب ہلا دیا کریں۔ پندرہ دن کے بعد اگر ضرورت ہو تو پانی اور ڈال کر بذریعہ انبیق اس کا 8 بوتل عرق کشید کریں۔ وقت ضرورت ایک بوتل عرق میں مصری پانچ پاؤ رنگ سرخ شیریں یا کچنیل بقدر ضرورت ملا کر شربت تیار کریں۔ قدرے ٹھنڈا ہونے کے بعد بوتلوں میں بھر کر عرق کیوڑہ دو دو تولہ ہر ایک بوتل میں ملا کر منہ بند کر کے رکھ لیں۔

استعمال: چار چار تولہ شربت میں پانی ملا کر صبح و شام استعمال کرنا چاہئے۔ گرمیوں میں برف مل سکے تو ملا لیں۔ اس شربت کے ساتھ گرم و ترش اشیاء مثل لال مرچ اچار وغیرہ سے پرہیز ضروری ہے۔

## (248) دیگر

فوائد: اس کے فوائد شربت فولاد نمبر 247 کے برابر ہیں۔ یہ نسخہ بھی ہم نے اپنے ہاتھ سے تیار کیا ہے۔ نہایت مفید ترکیب ہے۔ جو صحیح صحیح درج کر دیا جاتا ہے۔ امید ہے اہل قدر اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔

نسخہ: بورہ فولاد دیسی، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، پوست آملہ ہر ایک ایک پاؤ، سرکہ انگوری اصلی ... پاؤ، الائچی خورد، بورہ صندل سفید ہر ایک 5 تولہ، زرنچور، سنبل الطیب، زیرہ سیاہ درجہ اول ہر ایک 2 تولہ، دار چینی، اجوائن دیسی ہر ایک 6 ماشہ، شیر گاؤ تازہ 16 سیر۔

ترکیب: بورہ فولاد اور سرکہ کو ایک آہنی ڈول میں ڈال کر رکھ دیں۔ دوسرے روز ہلیلہ اور آملہ کوٹ کر ڈال دیں اور دھوپ میں رکھ دیں اور دو سیر پانی بھی ڈال دیں۔ ہر روز کسی لوہے کی چیز سے دن میں تین بار ہلا دیا کریں۔ گرمی کے موسم میں ایک ہفتہ اور سردیوں میں دو ہفتہ تک یہ عمل جاری رکھیں۔ پھر اس کو ایک بڑے برتن میں ڈال کر باقی اشیاء کوٹ کر ملائیں۔ صبح اس کا 8 بوتل عرق نکالیں۔

نوٹ: اگر عرق بوتلوں میں نکالا گیا ہو تو سب کو دوبارہ ملا لینا چاہئے۔ وقت ضرورت ڈیڑھ پاؤ عرق میں 2 پاؤ مصری اور بقدر ضرورت رنگ سرخ شیریں یا کچنیل ملا کر شربت تیار کریں اور سرد کر کے بوتل میں بھر کر عرق کیوڑہ 2 تولہ ملا کر کارک سے منہ خوب بند کر دیں۔

استعمال: تین تولہ صبح و شام ٹھنڈا پانی ملا کر پئیں۔

## (249) حب خبث الحدید

فوائد: جگر کے تمام امراض و عوارض مثلاً بھس، کمی خون، یرقان، سوء القنیہ، ضعف جگر وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ ضعف معدہ کے لئے عمدہ چیز ہے۔ معدہ اور جگر کے فعل کو درست کر کے بھوک اور خون بڑھاتی ہیں۔ جس سے بدن میں طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ سدہ جگر صلابت جگر کے لئے مفید ہیں۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ، آملہ مصفی ہر ایک ایک تولہ، خبث الحدید مدبر 5 تولہ، دہی گائے دو

ترکیب: پہلی خشک دوائیں باریک کوٹ چھان کر خبث الحدید ملا کر ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر گائے کی دہی تھوڑی تھوڑی ملا کر آہنی دستہ سے گھوٹتے رہیں۔ جب تمام دہی جذب ہو جائے پھر سرکہ انگوری ایک بوتل اسی طرح جذب کریں پھر دوائی خشک کر کے قدرے عرق گلاب ملا کر گولیاں بقدر نخود کابلی تیار کریں اور خشک کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: دو دو گولی صبح و شام ہمراہ شربت دینار یا شربت بزوری 5 تولہ استعمال کریں۔

## (250) دوائے سوء القنیہ مجرب

نسخہ: فری ایٹ کونین سائٹراس یعنی کونین فولادی ایک تولہ، مگنیشیا 7 تولہ، عرق سونف ایک بوتل۔

ترکیب: پہلے نصف بوتل عرق سونف میں دونوں اشیاء باریک پیس کر ملا کر بوتل کو خوب ہلائیں۔ جب یکجان ہو جائیں باقی عرق ڈال دیں اور کارک لگا کر رکھ دیں۔

استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ شام خوب ہلا کر پلائیں۔ دودھ، گھی کثرت سے استعمال کرائیں۔ لسی، لال مرچ، ترش اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔

## (251) اکسیر استسقاء زقی وغیرہ

منافع: استسقاء زقی کے لئے نایاب اکسیر ہے اور استسقاء لحمی و طبلی کے لئے بھی نہایت مفید ہے۔ یہ نسخہ بے شک اسراری چیز ہے۔ بڑی محنت سے حاصل کیا گیا ہے۔

نسخہ: ہڑتال ورقی ڈلی سالم ایک تولہ، نمک شور 20 تولہ۔

ترکیب: نمک شور نصف آہنی توے پر بچھا کر اس پر ہڑتال کی ڈلی رکھ کر باقی نمک اوپر ڈال کر ہاتھ سے خوب دبا دیں۔ پھر توے کو آگ پر رکھ کر نیچے نرم آگ جلائیں۔ جس جگہ سے درز آنے لگے اس جگہ اور نمک ڈال دیا کریں تاکہ دھواں نہ نکلنے پائے۔ تین پہر تک آگ جلاتے رہیں پھر بند کر دیں۔ سرد ہو جائے تو ہڑتال کو باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: چار چار رتی صبح و شام ہمراہ شربت افستین تین تولہ استعمال کریں۔

## (252) امروزہ

منافع: ضعف جگر کے لئے اکسیر ہے۔ ضعف جگر کے تمام عوارض مثلاً سوء القنیہ، استسقاء بھی کو شرطیہ حکمیہ فائدہ کرتا ہے۔ خون پیدا کر کے بدن کو سرخ و طاقتور بنا دیتا ہے۔ نیز ضعف معدہ کے لئے مفید ہے۔ یہ نسخہ بھی بڑی مشکل سے حاصل ہوا اور مخفی چیز ہے۔

نسخہ: بورہ آہن 20 تولہ، بول شتر بقدر ضرورت روغن تارامیرا 5 تولہ۔

ترکیب: بورہ آہن کو کڑچھی آہنی میں ڈال کر آگ پر خوب گرم کر کے بول شتر میں بجھائیں پھر نکال کر دوبارہ گرم کر کے بول شتر میں بجھاؤ دیں اسی طرح ایک سو ایک دفعہ عمل کریں۔ اور دھو لیں پھر روغن تارا

برابر ملا کر کسی کوزہ گلی میں بند کر کے 41 دن تک گوبر کے ڈھیر کہنہ (اروڑی) میں دفن رکھیں۔ پھر نکال کر باریک پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک ماشہ صبح پھانک کر بعد میں دہی کا گھرڑ یعنی ادھ رڑکہ ایک پیالہ پئیں۔

## (253) اکسیر طحال

منافع: طحال کے چند عمدہ نسخے مجربات سلطانی حصہ اول و دوم میں درج ہو چکے ہیں۔ یہ نسخہ ان سے بیگانہ طرز کا ہے۔ طحال کے لئے نہایت بے ضرر و مفید تر ثابت ہوا ہے۔ عظم طحال، نفخ طحال، صلابت طحال کو نہایت مفید ثابت ہوتا اور طحال کو اپنی اصلی حالت پر لے آتا ہے۔

نسخہ: کونین سلفاس 7 ماشہ، فرائی سلفاس 4 ماشہ، ٹنکچر سٹیل 3 ماشہ، ا۔سڈ سائٹرک 15 ماشہ، مگنیشیا 12 ت۔

ترکیب: پینے والی دوائیں باریک پیس کر سب کو نصف بوتل پانی میں ڈال کر خوب ہلائیں۔ جب حل ہو جائیں بوتل کو پانی سے بھر لیں۔

استعمال: 2 تولہ صبح و شام بوتل کو ہلا کر پئیں۔

پرہیز: تمام گرم ترش اور تیل دار اور میٹھی اشیاء سے پرہیز کریں۔

## (254) عرق طحال

منافع: اس سے بڑھی ہوئی طحال، صلابت، نفخ دور ہو کر طحال (تلی) اپنی اصلی حالت پر آجاتی ہے۔ معمولی حالت میں ایک بوتل اور زیادہ کے لئے تین بوتلیں استعمال کرانی پڑتی ہیں۔

نسخہ: سبز کاہی، کونین سلفاس ہر ایک 3 ماشہ، شورہ قلمی دو تولہ، نوشادر ایک تولہ، تیزاب گندھک 14 بوند، مگنیشیا 12 تولہ۔

ترکیب: سوائے کونین اور تیزاب کے باقی دوائیں باریک پیس کر نصف بوتل پانی میں بمعہ تیزاب و کونین ڈال کر خوب ملائیں پھر بوتل کو پانی سے بھر لیں۔

استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ شام پلایا کریں۔

ہدایات: مونگ کی کھچڑی، چاول اور دودھ استعمال کریں۔ سیب، انگور، ناشپاتی، انار کھا سکتے ہیں۔ دودھ کی خوب استعمال کریں۔

## (255) سفوف ورم طحال

منافع: ورم طحال، عظم طحال، نفخ طحال کے لئے مجرب و آزمودہ ہے۔ اس سے بھوک پیدا ہوتی ہے اور آہستہ آہستہ مکمل فائدہ ہو جاتا ہے۔ تلی کے لئے عمدہ دیسی ترکیب کا نسخہ ہے جو آہستہ آہستہ تلی کو اپنی اصلی حالت پر لاتا ہے۔

نسخہ: نوشادر، سہاگہ، شورہ قلمی، جوکھار، نمک سونچل ہر ایک 2 تولہ پوست ہلیلہ زرد، پوست آملہ، زیرہ

سیاہ، زیرہ سفید، پودینہ، مرچ سیاہ ہر ایک 5 تولہ۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر خوب ملالیں۔

استعمال: دو یا تین ماشہ صبح و شام ہمراہ سکنجبین 3 تولہ، عرق سونف و کاسنی ہر ایک 5 تولہ۔

## (256) پلستر برائے ورم طحال و جگر وغیرہ

منافع: ورم طحال و جگر و معدہ و ماساریقا و امعا کے لئے نہایت مفید اور مجرب ہے۔

نسخہ: خطمی، خبازی، عنب الثعلب، سنبل الطیب، گل بنفشہ، جو مقشر، بابونہ ہر ایک ایک تولہ، گودہ املتاس 3 تولہ، روغن کنجد 4 تولہ، عرق گلاب 5 تولہ۔

ترکیب: گودہ املتاس کو عرق گلاب میں بھگو کر ہاتھ سے خوب مل کر چھلنی میں چھان لیں پھر اس میں باقی اشیاء باریک پیس کر ملا دیں اور کڑچھے میں گرم کر کے لیپ کریں اسی طرح چند روز تازہ تیار کر کے لیپ کیا کریں۔

## (257) معجون مقوی جگر وغیرہ

منافع: جگر کو طاقت دیتی ہے۔ اسہال جگری و معدی کے لئے از حد مفید ہے اور نہایت آسانی سے تیار ہو سکتی ہے۔ مطب سلیمی کی معمول ہے۔

نسخہ: مربہ آملہ، مربہ ہی ہر ایک 8 تولہ، طباشیر، مصطگی رومی، بل کتھ، الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: خشک دوائیں، خوب باریک پیس کر اور مربہ جات کو علیحدہ باریک کر کے سب کو کونڈہ ڈنڈہ میں ملا کر خوب پیس لیں اور ڈبہ میں احتیاط سے رکھیں۔

استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام استعمال کرائیں۔

## (258) دوائے اسہال جگری

نسخہ: ابریشم خام تین ماشہ، گل دھاوا، مغز کنول ڈوڈہ ہر ایک 6 ماشہ، عرق مکو 10 تولہ، عرق کاسنی 7 تولہ۔

ترکیب و استعمال: کول ڈوڈہ باریک کر لیں پھر تینوں دوائیں عرقیات میں ڈال کر دو جوش دے کر چھان کر شیرہ مربہ آملہ 3 تولہ ملا کر پلا دیں۔

## (259) دوائے عظم طحال

منافع: یہ دوا عظم طحال کو بذریعہ اسہال نیست و نابود کرتی ہے۔ ساتھ ہی جگر کو طاقتور کر دیتی ہے۔ ضعف جگر کے لئے نہایت مفید ہے۔ زیادہ گرم مزاج کو یہ دوا استعمال نہیں کرانی چاہئے۔

نسخہ: حنظل یعنی اندرائن جسے پنجابی میں تماں کہتے ہیں۔ پختہ شدہ پانچ سیر، پوست ہلیلہ زرد سالم 40 تولہ، کھانڈ 40 تولہ۔

ترکیب: حنظل کو کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے بنائیں اور کڑاہی آہنی صاف شدہ میں ڈال کر پانی پانچ سیر ڈال

پانی اور پوست ہلیلہ زرد بھی ڈال دیں (پوست ہلیلہ زرد کو کوٹا نہ جائے) نیچے آگ جلائیں جب پانی خشک ہونے کے قریب ہو اتار کر پوست ہلیلہ زرد حفاظت سے نکال کر سایہ میں خشک کریں اور کوٹ چھان کر کھانڈ ملا لیں۔

استعمال: تین ماشہ سے چھ ماشہ تک بقدر طاقت مریض ہمراہ دودھ رات کو استعمال کرائیں۔ صبح کشتہ فولاد جو رس جامن میں تیار کیا گیا ہو ایک رتی مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

غذا: چوری مرغن۔

## (260) اچار انجیر

منافع: اس کے چوبیس دن استعمال کرنے سے ورم طحال اور عظم طحال کو کافی آرام ہو جاتا ہے۔ بھوک پیدا کرتا ہے اور روز بروز مریض کی حالت رو بصحت ہوتی جاتی ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ: انجیر 24 عدد، نوشادر، خوب کلاں، ریوند چینی، زیرہ سیاہ، زیرہ سفید، پودینہ، الائچی کلاں، ناٹری ہر ایک ایک تولہ، سرکہ عمدہ 36 تولہ۔

ترکیب: سوائے انجیر کے باقی دوائیں باریک کوٹ کر چینی یا شیشہ کے مرتبان میں ڈال دیں اوپر سرکہ ڈال کر انجیر ڈال دیں اور منہ بند کر کے بیس دن تک رکھ دیں۔ بیس دن کے بعد تیار ہو جائے گا۔

استعمال: روزانہ ایک انجیر استعمال کریں۔ تیل اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

# مجربات امراض گردہ و مثانہ

## (261) دوائے درد گردہ

منافع: درد گردہ کے لئے مجرب ہے۔ دورہ کو روک دیتی ہے اور کچھ عرصہ تک متواتر استعمال کی جائے تو آئندہ ہمیشہ کے لئے دورہ موقوف ہو جاتا ہے۔

نسخہ: شورہ قلمی 11 چھٹانک، نوشادر ٹھیکری 3 تولہ، خرگوش خواہ جنگلی ہو خواہ پالتو ایک عدد۔

ترکیب: خرگوش کو ذبح کر کے شورہ قلمی اور نوشادر کو باریک پیس کر اس کے شکم میں ڈال کر ایک مٹی کے برتن میں رکھ دیں اور اس کے منہ پر چپنی دے کر اور روئی دار مٹی سے خوب گل حکمت کر کے خشک کر لیں اور گڑھے میں ایک من کی آنچ دیں۔ جب سرد ہو جائے نکال کر تھوڑی سی دوائی انگاروں پر ڈالیں۔ اگر دھواں دے تو دوبارہ بدستور بارہ سیر اوپلہ کی آگ دیں اور سرد ہونے کے بعد باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: وقت ضرورت ایک ماشہ لسی پختہ میں حل کر کے استعمال کریں۔ اگر آرام نہ ہو تو تھوڑی دیر کے بعد دوسری تیسری خوراک اسی طرح دیں۔ لسی نہ مل سکے تو پانی یا کسی بدرقہ مناسبہ سے استعمال

کرائیں۔ دورہ بند ہو جانے کے بعد ہر ماہ میں یہ دوا ایک ہفتہ استعمال کرانی چاہئے تاکہ ہمیشہ کے لئے آرام ہو جائے۔

**نوٹ:** خرگوش کی آنتیں اور کھال نہ اتاریں۔ دوبارہ آگ دیتے وقت دوسرے خرگوش کی ضرورت نہیں۔

## (262) اکسیر درد گردہ

**منافع:** یہ نسخہ درد گردہ کے لئے اکسیر ہے۔ سنگ گردہ اور مثانہ کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ سنگ گردہ و مثانہ اور ریگ کی وجہ سے درد ہو تو اس کو بھی کمال نفع بخشتا ہے۔ منتخب نسخہ ہے جو درد گردہ کے ایک ماہر اور مشہور معالج سے حاصل کیا ہے۔

**نسخہ:** شورہ قلمی 40 تولہ، لونگ ایک تولہ، بھنگرہ، نوشادر ہر ایک 2 تولہ، سہاگہ 1 تولہ۔

**ترکیب:** شورہ قلمی کو ایک مٹی کے فراخ برتن میں (مثلاً صحنک جس میں آٹا گوندھتے ہیں) رات کو ڈال کر پانی سے بھر دیں اور لکڑی سے ہلائیں پھر اس صحنک پر سرکنڈے کی تیلیاں ایک دوسری سے ملا کر رکھ دیں مگر پانی تیلیوں کے ساتھ ملا ہوا ہو۔ شورہ تیلیوں پر لگ جائے گا۔ تیلیوں کے ساتھ جو شورہ لگا ہوا ہو اس کو اتار کر اس میں سے تیسرا حصہ لے کر اس میں باقی چاروں دوائیں باریک شدہ ملا کر برگ مدار یعنی اک، برگ سہانجنہ سبز، گل بھاؤ یعنی بوراکاہ سبز، برگ حرمل سبز ہر ایک ایک سیر کوٹ کر نغدہ بنا کر ایک گلی برتن میں اس نغدہ کے درمیان خشک دواؤں کا سفوف رکھ کر برتن کا منہ چینی سے بند اور گل حکمت کر کے ایک من اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر برتن کا منہ کھول کر اس میں جو سفید دوا ہو نکال کر پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** گھی گرم شدہ دو تولہ، شیر گاؤ 20 تولہ، مصری 3 تولہ اس کے ساتھ ایک رتی دوائی استعمال کریں۔ زیادہ تکلیف ہو تو چار پہر میں دو تین دفعہ حسب ضرورت استعمال کرائیں۔ درد گردہ ریحی کے لئے پھنکہ میں رکھ کر استعمال کریں۔ سنگ گردہ و مثانہ و ریگ گردہ و مثانہ کے لئے استعمال کرتا ہو تو مندرجہ بالا طریق سے دودھ اور گھی گرم شدہ کے ساتھ استعمال کرا کر پانی کا ٹب یا دیگ بھر کر اس میں بٹھائیں اور درمیان میں ایک یا دو دفعہ کھڑا ہو جائے۔ پیشاب آ کر سنگ گردہ و مثانہ خارج ہو گا۔ پتھری یعنی سنگ گردہ کی وجہ سے درد گردہ ہو اور تکلیف زیادہ ہو تو بھی پانی میں بٹھانا مفید ہو گا اگر دوائی قے سے خارج ہو جائے تو دوبارہ دے دیں۔ درد گردہ میں درد کے دورہ کے بعد چند روز تک کشتہ عقیق استعمال کرائیں۔ جس دن درد کا دورہ ہو اس دن غذا بند رکھیں۔ ٹب کا پانی گرمیوں میں تازہ ہو اور سردیوں میں گرم۔

## (263) درد گردہ ریحی وغیرہ

**منافع:** درد گردہ کے لئے خواہ ریحی ہو خواہ پتھری کی وجہ سے ہو) نہایت مفید ہے۔

نسخہ: جنگلی کبوتر کی بیٹ ایک ماشہ، نمک مولی، شورہ قلمی، سنگ یہود ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: سب کو کوٹ کر سفوف بنالیں۔

استعمال: ایک ماشہ سے تین ماشہ تک پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

## (264) سوزاک کا ہمروزہ علاج

اسناد: حکیم مفتی مقیم اللہ خان صاحب خلف الرشید حضرت استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا مطب و مجرب و معمول ہے۔ آپ نے مطب کے لئے عنائت فرمایا تھا۔

منافع: سوزاک کو ایک دن میں دور کرتا ہے۔ شاذ و نادر ہی دوسرے دن استعمال کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر مرض کہنہ ہو تو پہلے اندری جلاب استعمال کر کے استعمال کرنا چاہئے۔

نسخہ: سرد چینی 2 تولہ، بالسم آئل 1 تولہ۔

ترکیب: سرد چینی باریک پیس کر بالسم آئل میں ملا کر 60 گولیاں تیار کریں۔

استعمال: یہ تمام گولیاں پندرہ پندرہ منٹ کے بعد تھوڑی تھوڑی ہمراہ پانی کھلاتے رہیں اور ایک دن میں ختم کردیں خواہ دو گھنٹہ میں ختم کر دی جائیں۔ درست ہے۔ کچھ کسر باقی رہ جائے تو دوسرے دن پھر تازہ تیار کر کے اسی طرح استعمال کریں۔

## (265) پچکاری سوزاک

اسناد: یہ نسخہ بھی حضرت ممدوح کا عطیہ ہے جو سوزاک کے لئے نہایت مفید ہے۔

منافع: سوزاک کہنہ سے کہنہ کے لئے مجرب ہے اور حضرت مفتی صاحب کا معمول ہے۔

نسخہ: دہی کا زلال یعنی صاف پانی ایک بوتل رسوت 2 تولہ، کتھ 6 ماشہ، نیلہ تھوتھہ ایک ماشہ، مردار سنگ [illegible] ماشہ۔

ترکیب: خشک دوائیں باریک کھرل کر کے دہی کے پانی میں ملا کر چار پہر تک دھوپ میں رکھیں۔

استعمال: حسب دستور دن میں تین دفعہ پچکاری کریں۔

## (266) پچکاری اکسیر سوزاک

منافع: سوزاک کہنہ کے لئے مفید ہے۔ ایک صدری و اطمینانی نسخہ ہے۔ ہمارے ایک دوست نے اس کا استعمال کیا ہوا ہے۔ اور اس نسخہ سے بہت نفع حاصل کر رہے ہیں۔

نسخہ: رسوت، کتھ، ست اسبغول، بھنگڑی بریاں، گیرو ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں۔

استعمال: تین ماشہ دوائی لے کر 2 تولہ پانی میں پندرہ منٹ تک بھگو رکھیں۔ پھر اس کا زلال لے کر حسب دستور پچکاری کریں۔ دو منٹ تک پانی اندر رہنا چاہئے پھر گرا دینا چاہئے۔ پچکاری ڈراپر سے "جو آنکھ میں پانی ڈالنے کا مشہور آلہ ہے" کرنی چاہئے۔

## (267) اکسیر سوزاک

**منافع:** سوزاک خواہ نیا ہو خواہ پرانا دونوں کے لئے مفید ہے۔ مرض دوبارہ عود نہیں کرتا اور سات یوم میں کلی شفا ہو جاتی ہے۔ ایک دوست کا معمول مطب ہے اور آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔

**نسخہ:** سنگ جراح، رال سفید، ست سلاجیت، الائچی خورد، طباشیر ہر ایک ایک تولہ، کافور 2 تولہ، کتھ سفید 10 تولہ۔

**ترکیب:** سب دوائیں خوب باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

**استعمال:** چھ ماشہ سے 9 ماشہ تک صبح بھیڑی کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

**ہدایات:** تمام ترش و گرم اشیاء مثلاً مرچ لال، دال مسور، بینگن اچار ہر قسم مچھلی، شراب، میتھی، قند سیاہ وغیرہ سے پرہیز ضروری ہے۔ غذا دودھ چاول استعمال کریں۔

## (268) سوزاک کا مجرب نسخہ

**منافع:** سوزاک کی ہر حالت میں مفید ہے۔ اس سے سوزش بول کی شکایت پہلے ہی دن دور ہو جاتی ہے۔ باقی شکایات مثلاً درد، پیپ، پیشاب بار بار آنا وغیرہ جلدی دور ہو جاتے ہیں۔

**نسخہ:** طباشیر، الائچی خورد، سرد چینی، ریوند خطائی، گل مغیل ہر ایک تولہ تولہ، روغن صندل اصلی، روغن بیروزہ ہر ایک تین تولہ۔

**ترکیب:** خشک دوائیں جدا جدا باریک پیس کر روغن صندل و بیروزہ میں خوب ملالیں۔

**استعمال:** تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شیرہ چار مغز چار تولہ استعمال کریں۔

**ہدایات:** چار مغز یہ ہیں۔ مغز تخم خربوزہ، مغز تربوز، مغز تخم کدو، مغز تخم خیارین۔

## (269) دیگر

**نسخہ:** طباشیر، دانہ الائچی خورد، ست بیروزہ، مصطگی رومی ہر ایک ایک تولہ، پوست ریٹھہ 2 تولہ، روغن صندل تین تولہ۔

**ترکیب:** تمام خشک دوائیں الگ الگ باریک پیس کر روغن صندل میں ملالیں۔

**استعمال:** تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری تین تولہ (جس میں تین گنا پانی ملایا گیا ہو) استعمال کریں۔

## (270) دیگر

**نسخہ:** قلمی شورہ، جوکھار، کتھ سفید، ست بیروزہ، طباشیر ہر ایک ایک تولہ، روغن صندل، روغن بیروزہ ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب:** تمام خشک دوائیں باریک پیس کر روغن میں خوب آمیز کریں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ لسی خام استعمال کریں۔

## (271) اکسیر پتھری

منافع: سنگ گردہ و مثانہ کے لئے ایک مستند و اطمینانی چیز ہے۔ نیز ریگ گردہ و مثانہ کے لئے نہایت مفید سینکڑوں دفعہ کا مجرب نسخہ ہے۔ جو بلا بخل درج کیا جاتا ہے۔

نسخہ: کشتہ سنگ یہود (جو آب مولی میں تیار کیا گیا ہو) جوکھار، مولی کھار، انطفار الطیب، حب القلت، پاشنہ پوست خربوزہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: تمام ادویہ الگ الگ باریک کر کے سفوف کریں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری صندل والا یا ہمراہ پانی استعمال کریں۔ شربت بزوری ایک بوتل تیار کرتے وقت بورہ صندل سفید 2 تولہ ڈالنا چاہئے یہی شربت بزوری صندل والا ہے۔

ترکیب کشتہ سنگ یہود: سنگ یہود 5 تولہ کو آب بیخ مولی 10 تولہ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کر کے دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر دوبارہ اسی قدر پانی میں کھرل کر کے آگ دیں اسی طرح تین آنچیں دیں۔ بس تیار ہے۔ پیس کر نگاہ رکھیں۔

## (272) دیگر

استاد: جناب حاذق الحکماء حکیم مولوی امیر علی شاہ صاحب ساکن گاگی والا ضلع میاں والی نے اس کتاب کے لئے عنایت کیا ہے۔

منافع: پتھری کو دو ہفتہ میں انشاء اللہ تعالیٰ ریزے ریزے کر کے نکال دیتا ہے۔ بہت آسان اور ارزاں ہے۔

نسخہ: کشتہ سنگ یہود ایک تولہ، جوکھار، مولی کھار ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: سب کو خوب ملا کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: پانچ پانچ رتی صبح و شام ہمراہ شربت بزوری تین تولہ استعمال کریں۔ جب تک پتھری کے ریزے نکلتے رہیں اور پیشاب صاف نہ ہو جائے استعمال کرتے رہیں۔

ترکیب سنگ یہود: ایک کوزہ گلی میں 5 تولہ قلمی شورہ ڈال کر اوپر سنگ یہود 5 تولہ رکھیں اور اوپر پھر شورہ قلمی 5 تولہ ڈال دیں اور آب مولی آدھ سیر ڈال کر گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہو جائے تو سنگ یہود کو نکال کر دوبارہ دس تولہ شورہ قلمی کے درمیان رکھ کر اس پر آب مولی آدھ سیر جذب کر کے آدھ سیر ڈال کر منہ چکنی مٹی سے بند اور خشک کر کے 5 سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ اسی طرح دس آنچیں پوری کریں پھر تیار سمجھیں۔

## (273) سفوف کاسنی

منافع: سوزاک کی بقایا گرمی، پیشاب جلن، تپ کی بقایا حرارت گھبراہٹ ہر قسم کے لئے مفید ہے۔ جگر کی

اصلاح کرتا ہے۔ ہر قسم کی سوزش، پیشاب، گھبراہٹ اور گرمی تپ کے لئے مجرب و معمول ہے۔ تپ صفراوی، سردرد گرم کو مفید ہے۔

**نسخہ:** سفوف تخم کاسنی 10 تولہ، الائچی کلاں ایک تولہ، سرد چینی 6 ماشہ، کھانڈ 11 تولہ۔

**ترکیب:** سب کو خوب باریک کرکے ملالیں۔

**استعمال:** چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ یا شربت، بزوری تین تولہ عرق گاؤزبان 12 تولہ استعمال کریں۔

## (274) دوائے سوزاک

**منافع:** سوزاک کی ہر حالت میں اکسیر ہے اور زیادہ معتبر دوا ہے۔ ایسے مریض جو مدت سے نہایت خراب حال تھے۔ پیپ بکثرت خارج ہوتی تھی۔ کئی مختلف علاج کرا چکے تھے اور آرام نہیں ہوا تھا وہ اس اکسیر سے شفایاب ہو گئے ہیں۔ نہایت ہی مفید اور فقیرانہ معتبر دوا ہے۔

**نسخہ:** شورہ قلمی 5 تولہ، آب کیلہ ایک سیر۔

**ترکیب:** ایک گڑھا کھود کر اس میں اوپلہ جنگلی ڈال کر سلگا دیں۔ جب دھواں موقوف ہو جائے تو ایک کوزہ گلی میں شورہ ڈال کر ان انگاروں پر رکھ دیں اور تھوڑا تھوڑا آب کیلہ ڈالتے جائیں۔ جب تمام آب کیلہ ختم ہو جائے تو دوائی خشک شدہ کھرچ کر باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** 2 ماشہ صبح 2 ماشہ شام ہمراہ کچی لسی استعمال کریں۔ مگر پہلے اندری جلاب تین دن استعمال کر لیا جائے تو بہتر ہے۔

## (275) اندری جلاب

**منافع:** سوزاک کے علاج سے پہلے اس کا تین دن استعمال کرنا نہایت مفید ثابت ہوتا ہے اور علاج میں جلد کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ اس سے پیشاب بکثرت آتا ہے اور مثانہ صاف ہو جاتا ہے۔

**نسخہ:** شورہ قلمی، ریوند خطائی ہر ایک 7 ماشہ، جوکھار 6 ماشہ، زیرہ سفید 3 ماشہ، شکر سفید 2 تولہ پیس کر سفوف بنالیں۔

**ترکیب و استعمال:** ایک تولہ صبح ایک تولہ دو بجے دن دودھ کی لسی سے استعمال کریں اور دودھ کی لسی بار بار پیتے رہیں۔ سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

## (276) کشتہ نقرہ اکسیر سلسل بول

**اسناد:** یہ اکسیری نسخہ ایک سیاح سے حاصل ہوا ہے۔ ہم نے اپنے ہاتھ سے تیار کیا ہے۔

**منافع:** اس سے سلسل بول کا عارضہ دور ہو جاتا ہے۔ ضعف گردہ کثرت بول کے لئے اکسیر ہے۔ ضعف گردہ کی وجہ سے جتنے عوارض مثلاً پیشاب بار بار آنا، زیادہ آنا، جریان، ضعف باہ خصوصاً جو ضعف گردہ کی وجہ سے ہو درد کمر وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ ذیابیطس اور حرارت مزاج اور جریان کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: برادہ چاندی، کشتہ قشر بیضہ مرغ ہر ایک 2 تولہ، گھیکوار بقدر ضرورت۔

ترکیب: برادہ نقرہ اور کشتہ قشر بیضہ مرغ کو آب گھیکوار سے دو پہر تک کھرل کریں پھر قرص بنا کر ایک کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کر کے دس سیر اوپلہ کی ہوا سے بچا کر آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر دوبارہ آب گھیکوار سے دو پہر کھرل کر کے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اسی طرح سات آنچیں دیں۔

استعمال: ڈیڑھ رتی کشتہ ہذا میں ڈیڑھ رتی کشتہ صدف جو بہ ترکیب ذیل تیار کیا گیا ہو ملا کر صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔ گرم ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

## (277) کشتہ صدف

نسخہ: صدف اصلی 4 تولہ، گل سرخ اصلی پشاوری، لعاب گھیکوار ہر ایک دس تولہ۔

ترکیب: گل سرخ کو باریک کر کے لعاب گھیکوار کے ساتھ گھوٹ کر نغدہ بنا کر اور صدف کو اس میں رکھ کر اس پر پارچہ کہنہ لپیٹ کر دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ جب سرد ہو جائے نکال کر باریک پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

## (278) دوائے کثرت بول

منافع: کثرت بول، سلسل بول، بول فی الفراش، ذیابیطس کے لئے نہایت سریع الاثر ہے۔ جب ذیابیطس کی پیشاب پر چیونٹیاں بیٹھتی ہوں۔ مفید ثابت ہوا ہے۔

نسخہ: ناریل یعنی کھوپہ گری کدوکش کیا ہوا تین ماشہ سبوس اسبغول 2 ماشہ، کشتہ قلعی 1 ماشہ، مصطگی رومی ایک ماشہ، مصری 4 ماشہ۔ سب دوائیں ملا کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: 1 ماشہ صبح ہمراہ دودھ گائے ایک پاؤ استعمال کریں۔

ہدایات: تمام گرم ترش اشیاء مثل لال مرچ، تیل، دال مسور وغیرہ سے پرہیز کریں۔

## (279) کثرت بول و سلسل بول

منافع: کثرت بول و سلسل بول کے لئے مفید ہے۔ گردہ کو طاقت بخشتا اور نہایت آسان ہے۔

نسخہ: آروز نجیل، مغز بادام، مغز نارجیل (کھوپا گری) ہر ایک 5 تولہ، شکر تری 15 تولہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر ملا لیں۔

استعمال: دو دو تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے استعمال کریں۔

## (280) دیگر مجرب غائت درجہ مفید

نسخہ: عدس (مسور) بریاں، کنجد سیاہ (تل سیاہ) بریاں، خشخاش بریاں ہر ایک 5 تولہ، قند سیاہ بقدر ضرورت۔

ترکیب: خشک دوائیں الگ الگ باریک پیس کر قند سیاہ اس قدر ملائیں کہ آپس میں خوب مل جائیں اور

عوارض جاتے۔ اس کا پتا ہے۔

استعمال: ایک تولہ سے تین تولہ تک صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## (281) دیگر نہایت عمدہ

نسخہ: مغز بادام، مغز پستہ، مغز چلغوزہ، مغز اخروٹ، کشمش ہر ایک 5 تولہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملالیں۔

استعمال: دو تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

نوٹ: روغن بیضہ مرغ 2 قطرہ صبح و شام مکھن میں رکھ کر استعمال کرنا سلسل بول کے لئے اکسیر کا اثر دکھاتا ہے۔

## (282) دوائے احتباس بول

منافع: احتباس بول (بند شدہ بول) عموماً اس کی پہلی خوراک سے کھل جاتا ہے۔ پیشاب بند شدہ کے کھولنے میں اکسیر ہے۔

نسخہ: زیرہ سفید، نکور ہر ایک 14 ماشہ۔

ترکیب: دونوں دوائیں الگ الگ باریک کر کے تین پڑیہ بنالیں۔

استعمال: ایک پڑیہ ہمراہ چھاچھ استعمال کریں۔ اس سے پیشاب جاری نہ ہو تو ایک ایک گھنٹہ کے بعد دوسری اور تیسری پڑیہ استعمال کریں۔

## (283) اکسیر احتباس بول

منافع: پیشاب بند ہو جانا یا قطرہ قطرہ آنا خصوصاً اگر ریگ یا سنگریزہ کی وجہ سے ہو اس دوا کے دو ماشہ کے استعمال کرنے سے دور ہو جاتا ہے۔ ریگ گردہ و مثانہ کے لئے بھی مفید اور مجرب ہے۔

نسخہ: سنگ یہود، سنگ سرماہی ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: دونوں دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملالیں۔

استعمال: سونف، خار خسک، تخم کاسنی، تخم خرفہ ہر ایک 2 ماشہ لے کر آدھ پاؤ پانی میں گھوٹ کر چھان کر نیم گرم کر کے مصری ملا کر اس کے ساتھ ایک ماشہ دوائی پھانک لیں۔ زیادہ تکلیف ہو تو دو وقت استعمال کریں۔

## (284) دیگر

منافع: اگر پتھری یا ریگ گردہ و مثانہ کی وجہ سے پیشاب بند ہو یا قطرہ قطرہ آتا ہو تو اس اکسیر کے استعمال سے چند دن میں آرام ہو جاتا ہے۔ [illegible] اور کئی دفعہ تجربہ ہوا ہے۔

نسخہ: [illegible] ہر ایک 2 تولہ۔ سب کو باریک پیس کر ملالیں۔

استعمال: دن میں تین بار ایک ایک ماشہ ہمراہ جوشاندہ حب القلت یعنی کلتھی استعمال کریں۔ ہر بار کلتھی دو ماشہ ہونی چاہیے۔

## (285) اکسیر ذیابیطس

منافع: ذیابیطس جیسی عسر البرء مرض کے لئے نہایت مفید ثابت ہوئی ہے۔ یہ متبرک نسخہ مجھے بہت محنت کے ساتھ ایک مخلص دوست سے حاصل ہوا ہے جو بلا بخل نفع رسائی مخلوق کے لئے درج کر دیا جاتا ہے۔ یہ اکسیر اس موذی مرض کے ہر درجہ میں مفید ثابت ہوئی ہے۔ مزید براں سلسل بول، ضعف باہ اور جریان کے لئے بھی فائدہ مند ثابت ہوئی ہے بنا کر دعائے خیر سے یاد کریں۔ 80 فی صدی تو یقینی فائدہ بخشتی ہے۔

نسخہ: پوست بیضہ مرغ 10 تولہ، شنگرف رومی، عصارہ غافث ہر ایک 5 تولہ، طباشیر تین تولہ، پوست سماق دو تولہ۔

ترکیب: پوست بیضہ مرغ کو اول پانی سے خوب دھوئیں جس میں نمک ملایا گیا اور گرم کیا گیا ہو پھر باریک کر کے ایک کوزہ گلی میں ڈال کر منہ چینی سے بند اور گل حکمت کر کے آوہ کمہاراں میں برتنوں کے ساتھ رکھا دیں۔ جب آوہ سرد ہو جائے تو نکال کر باریک پیس لیں یا ایک من اوپلہ کی آنچ دے کر کشتہ کر لیں پھر شنگرف رومی کو دو گھنٹہ تک شیر زقوم مثلث (ڈنڈا تھوہر) میں کھرل کر کے گولی بنا کر ایک کوزہ گلی کشتہ قشر بیضہ مذکور کے درمیان رکھ کر منہ بند اور گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہو جانے پر جو کچھ کوزہ گلی سے نکلے اس میں پوست سماق طباشیر، عصارہ غافث باریک کر کے ملا دیں۔ بس اکسیر تیار ہے۔

استعمال: ایک ماشہ سے دو ماشہ تک صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔ دودھ، گھی، مکھن، گوشت بکثرت استعمال کریں۔ ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز کریں۔

## (286) دیگر

منافع: ذیابیطس خواہ سادہ ہو خواہ شکری ہر حال میں مفید ہے۔

نسخہ: سکہ شیریں 2 تولہ، کشنیز خشک 40 تولہ کیکر کی سبز لکڑی بقدر ایک ہاتھ ایک عدد۔

ترکیب و استعمال: سکہ کا باریک پترا بنا کر باریک باریک کتر لیں اور کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب پگھل جائے تو کشنیز کی ایک ایک چٹکی ڈالتے جائیں اور کیکر کی لکڑی سے خوب ہلاتے رہیں۔ چار گھنٹہ کے اندر سبز رنگ کا کشتہ تیار ہو جائے گا۔ ایک رتی صبح گائے کے دہی کے ساتھ کھلائیں۔

## (287) دیگر

منافع: ذیابیطس کے ہر درجہ میں مفید و مجرب ثابت ہوا ہے۔

نسخہ: کشتہ قشر بیضہ مرغ، کشتہ فولاد بارو جامن والا ہر ایک تین ماشہ خشت کہنہ دو تولہ، افیون 20 ماشہ، زہر مہرہ خطائی، کہربا شمعی، برگ ببول سبز، مغز تخم جامن ہر ایک 6 ماشہ، کافور ایک ماشہ، زعفران کشمیری 4

ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو جدا جدا باریک پیس کر پانی کی مدد سے کل دوا کی چالیس 40 گولیاں بنائیں۔

**استعمال:** مغز پنبہ دانہ دو تولہ رات کو ایک پاؤ گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح ذلال لے کر اس میں شربت بزوری 4 تولہ ملا کر اس کے ساتھ ایک گولی کھلا دیں پھر اسی میں ایک پاؤ اور پانی ڈال کر رکھ دیں۔ شام کو اس کا ذلال لے کر شربت بزوری 4 تولہ ملا کر اس کے ہمراہ ایک گولی کھلا دیں۔

## (288) اکسیر حرقت البول

**منافع:** سوزاک تازہ اور کہنہ کے لئے مجرب الجرب ہے۔ پیشاب کی جلن' درد کو فوراً فائدہ کرتی ہے اور عسر البول میں بھی بہت نفع مند ثابت ہوئی ہے۔ سوزاک کو دو تین خوراک سے ہی کافی آرام ہو جاتا ہے۔ معمول مطب بھروسہ کا نسخہ ہے۔

**نسخہ:** زیرہ سفید' ریوند چینی' کباب چینی' قلمی شورہ' دانہ الائچی خورد' جو کھار ولائتی ہر ایک تین تولہ' مصری 12 تولہ' جملہ ادویہ جدا جدا باریک کر کے ملا کر سفوف بنا لیں۔

**استعمال:** 4 ماشہ سے 5 ماشہ تک صبح' دوپہر' شام شربت بزوری یا لسی خام یا پانی سے استعمال کرائیں۔

## (289) آبشار

**اسناد:** فاضل محترم علامہ حاذق العصر صاحب خان پوری مدظلہ کا مجرب و معمول ہے۔ اس لئے فیضان شفاء کا آئینہ دار ہے۔ تجربہ کیجئے آپ بھی اس کے حیرت انگیز فوائد دیکھ کر اپنے صندوقچہ میں رکھنے پر مجبور نہ ہوئے تو سہی بڑے۔

**منافع:** مثانہ کی تمام بیماریوں کو چند دن میں کافور کر دیتا ہے۔ عسر البول اور بول فی الفراش میں بدرجہ غائت مفید ہے۔

**نسخہ:** برگ سرو خشک ایک تولہ' مرکی تین ماشہ خوب باریک کر لیں۔

**استعمال:** نصف ماشہ بدرقہ مناسبہ کے ساتھ استعمال کریں۔

## (290) دوائے ذیابطس شکری

**منافع:** ذیابطس شکری کے لئے نہایت کام کی چیز ہے۔ کمزور جسم کو طاقت دیتی' اعضاء رئیسہ و شریفہ کی قوت کو زیادہ کرتی ہے۔

**نسخہ:** ورق طلا تین ماشہ زمرد' سبز چھ ماشہ۔

**ترکیب:** زمرد کو باریک پیس کر پھر دونوں چیزیں ملا کر آب ثمر جامن سے چار پہر تک کھرل کر کے قرص بنائیں اور خشک کر کے مغز تخم جامن کے نیم پاؤ نغدہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ دوسری دفعہ چار پہر ذلال املی میں کھرل کر کے نیم کی نرم کونپلوں کے نغدہ میں بدستور آگ دیں۔ تیسری دفعہ آب پوست نیم میں چار پہر کھرل کر کے نیم کی نرم کونپلوں میں آگ دیں۔ چوتھی

بعدہ چار پہر تک آب گلو میں کھرل کر کے نغدہ مغز کدل ڈوڈہ میں دس سیر کی آگ بدستور دیں پھر باریک پیس لیں۔

استعمال: نصف رتی سے ایک رتی تک مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

# مجربات امراض مخصوصہ مردان

## (291) کشتہ شنگرف اکسیری

استاد: ایک نواب صاحب نے اپنے مرشد بزرگوار کی خدمت میں بطور تحفہ پیش کیا تھا۔

منافع: اعلیٰ درجہ محرک و مقوی باہ ہونے کے باوجود مولد خون صالح ہے اور بدن کو طاقتور بنا کر جوانمرد بناتا ہے۔ جو نفع عام کے لئے درج کیا جاتا ہے۔ بالکل آسان مجرب اور قابل قدر نسخہ ہے۔

نسخہ: شنگرف رومی سالم ڈلی ایک تولہ، سم الفار سفید 4 تولہ، زردی بیضہ مرغ 100 عدد۔

ترکیب: ایک دیگچہ قلعی شدہ (جس میں دو سیر پانی سما سکے) لے کر اس میں زردی بیضہ مرغ سب ڈال کر سم الفار کو جوکوب کر کے ڈال دیں یعنی زیادہ باریک نہ کریں اور شنگرف کی ڈلی پر چاندی کی باریک تار بقدر ایک گز مضبوط لپیٹ کر اور کچھ حصہ تار کا بچا کر اس کے ذریعہ ڈلی شنگرف کو دیگچہ میں لٹکا دیں اور دیگچہ کے منہ پر لکڑی رکھ کر تار کو اس کے ساتھ باندھ دیں مگر ڈلی دیگچہ کے پیندے سے ذرا اوپر ہی رہے نیچے نہ لگے اور دیگچہ کے منہ پر چپنی دے کر اس پر مضبوط گل حکمت کر دیں اور نیچے بیری کی لکڑی کی دو چوبی آنچ جلا دیں۔ لکڑی پانچ سیر ہونی چاہئے جس پر کل تین گھنٹے کے قریب وقت خرچ ہوتا ہے اور آنچ نرم ہونی چاہئے جو لگاتار جلائی جائے پھر سرد کر کے شنگرف کو نکال کر باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک دانہ باجرہ کے برابر مکھن میں رکھ کر صبح استعمال کریں۔ غذا مرغن اور دودھ زیادہ استعمال کرنا چاہئے۔

## (292) کشتہ پارہ قائم النار

منافع: جریان کے لئے نہایت مفید ہے۔ مغلظ اور مقوی باہ ہے۔ دودھ، گھی ہضم کر کے بدن کو طاقت دینے میں حد درجہ موثر ہے۔ امید ہے کشتہ پارہ کے شائق اسے تیار کر کے نسخہ کی قدر کریں گے۔ خاص الخاص صدری قابل قدر نسخہ ہے۔

نسخہ: کشتہ قشر بیضہ مرغ، ایک پاؤ قلعی، پارہ ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: قلعی کو گلا کر آرام سے پارہ اس میں ڈالیں تاکہ قرص بن جائے پھر ایک کوزہ گلی میں کشتہ بیضہ مرغ نصف ڈال کر اس پر قرص مذکور رکھیں۔ اس پر باقی کشتہ ڈال کر مضبوط گل حکمت اور خشک کر کے اوپلے بچا کر دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر قرص کو نکال کر دیکھیں اس کے کناروں پر جو پھولا یا کشتہ تیار ہوا اسے چاقو سے احتیاط کے ساتھ اتار لیں پھر اس قرص کو احتیاط سے دوبارہ کشتہ بیضہ مرغ میں بدستور سابق دس سیر کی آگ دیں۔ سرد کر کے کناروں پر جو پھولا ہوا ہے اسے اتار لیں اور پھر اسی

طرح آگ دیں اسی طرح دس بارہ آنچوں میں تمام تیار ہو جائے گا جو ڈیڑھ تولہ کے قریب ہو گا اسے شیشی میں نگاہ رکھیں جو عجیب چیز ہو گی۔

**استعمال:** دانہ مونگ کے برابر مکھن میں رکھ کر صبح استعمال کریں۔

## (293) سفوف اکسیر جریان حار

**منافع:** جریان کے لئے نہایت مفید ہے۔ ذکاوت حس' احتلام' رقت کو نافع ہے۔ گرم مزاج جوانوں کی شکایات کے لئے نہایت آسان کم خرچ اور مفید ہے جو ہدیہ ناظرین ہے۔ خصوصاً ذکاوت کو دفع کر کے جریان رقت کے دور کرنے میں نہایت مفید ہے اور کم خرچ ہے۔

**نسخہ:** خشخاش' کشنیز خشک ہر ایک 2 تولہ' آرد پستان کلاں' کوکنار ہر ایک 4 تولہ' مصری 12 تولہ۔

**ترکیب:** تمام ادویہ الگ الگ باریک کوٹ کر ملا کر سفوف بنا لیں۔

**استعمال:** ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## (294) تکور برائے مجلوق

**منافع:** یہ نسخہ مجلوق اور نامرد کے لئے نہایت مفید ہے ایک کہنہ مشق نامی طبیب کا معمول ہے جو آپ کو بالکل مفت میں حاصل ہو رہا ہے۔ مجلوق و نامرد کے علاج میں ابتدا میں اس تکور کا استعمال کرنا نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔ مجرب المجرب نسخہ ہے جو بلا بخل درج کرتا ہوں اس کے بعد طلا شباب استعمال کرایا جاتا ہے جو بعد میں درج کیا جائے گا اور اندرونی استعمال کے لئے سفوف اکسیر جریان حار نمبر 293 اور اس کے بعد کوئی کشتہ وغیرہ مقوی و محرک باہ دوا استعمال کرانی چاہئے۔

**نسخہ:** عقر قرحہ' قرنفل' کنجد سیاہ' خردل' مال کنگنی' آرد نخود ہر ایک 5 تولہ' آب پیاز سفید 10 تولہ' روغن تلخ' قند سیاہ کہنہ ہر ایک 20 تولہ۔

**ترکیب:** پہلی پانچ دواؤں کو الگ الگ باریک پیس کر سفوف بنا کر جدا رکھیں اور آرد نخود و آب پیاز روغن تلخ اور قند سیاہ کہنہ کو ملا کر پکائیں۔ جب خوب مل جائیں باقی دواؤں کا سفوف ملا لیں اور دو دو تولہ کی پوٹلیاں بنا کر رکھ لیں۔

**استعمال:** بھیڑی کا دودھ یا روغن سرسوں ایک برتن میں ڈال کر آگ پر گرم کریں اور دو پوٹلیاں اس میں گرم کر کے باری باری سے آلہ تناسل پر ایک گھنٹہ تک تکور کریں۔ پیڑو اور اوپر بھی تکور کریں اور تکور کے بعد ایک پوٹلی آلہ تناسل پر باندھ کر سو رہیں اور اس کے بعد سرد ہوا نہ لگنے دیں۔ پوٹلی کھولنے کے بعد اوپر ململ کا کپڑا باندھ دینا چاہئے۔ اسی طرح تمام دوائی ختم کر دیں۔

## (295) طلائے شباب

**منافع:** عضو مخصوص کی کجی باریکی' ناہمواری' کمزوری' کوتاہی وغیرہ مجلوق کے تمام عوارض کے لئے نہایت عجیب الاثر اور اطمینانی چیز ہے۔ ایک ہفتہ سے زیادہ استعمال کرانے کی ضرورت نہیں رہتی ایک

نہایت مہربان درویش سے بصد کوشش اپنے مطب کے لئے حاصل کیا گیا تھا جو درج کتاب کر کے اپنے فرض منصبی سے سبکدوش ہوتا ہوں۔ ایسی چیزیں آسانی سے نہیں ملا کرتیں۔ اس کے علاوہ اور بھی کئی اعلیٰ سے اعلیٰ مشکل کے ساتھ حاصل کئے ہوئے مجربات صدریہ اس کتاب کی زینت و رونق کو چار چاند لگانے کے لئے درج ہوں گے۔ اب نسخہ کے اجزا ملاحظہ فرمایئے۔

**نسخہ:** کچلہ 5 تولہ، شک سیاہ (سم الفار سیاہ)، قرنفل، میٹھا تیلیہ، جلوتری بھلاوہ ہر ایک ایک تولہ زعفران 6 ماشہ، شاہ دیمک 2 عدد، زردی بیضہ مرغ 21 عدد۔

**ترکیب:** تمام خشک دوائیں الگ الگ باریک کھرل کر کے زردی بیضہ مرغ میں کھرل کریں۔ جب گولیاں بنے کے قابل ہو جائیں۔ لمبی لمبی گولیاں بنا کر خشک کر کے آتشی شیشی میں تیل کشید کریں۔

**استعمال:** حسب دستور رات کو تین رتی کے قریب حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کر کے بھوج پتر یا برگ پان لپیٹ کر اوپر کپڑا لپیٹ دیا کریں۔ اسی طرح روزانہ استعمال کریں۔ جب دانے نکل آئیں تو روغن چنبیلی یا روغن زرد میں پیاز جلا کر اس سے چپڑتے ہیں۔ جب دانے درست ہوں اگر ضرورت ہو پھر اسی طرح استعمال کریں۔

## (296) سفوف دافع جریان

**تعارف:** یہ نسخہ علامہ حضرت استاذیم جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم کے استاذ بزرگوار جناب سلطان الاطباء عالی جناب حکیم محمد بخش صاحب مرحوم لاہوری کے معمولات سے ہے۔

**اسناد:** میرے استاد بھائی جناب حکیم سید رحمت اللہ شاہ صاحب لاہوری نے از راہ شفقت و عنائت مرحمت فرمایا جو فیض رسانی خلائق کے لئے درج کر دیا جاتا ہے۔

**منافع:** قاطع جریان ہونے کے باوصف مقوی باہ ہے۔ ذکاوت حس، رقت منی، سرعت انزال کے لئے عمدہ چیز ہے۔ منی کی اصلاح کر کے عمدہ طاقت باہ پیدا کرتا ہے۔ اس میں تمام اوصاف موجود ہیں۔

**نسخہ:** کوکنار 5 تولہ، نخود سیاہ، ثعلب مصری، شقاقل مصری، خولنجاں، ستاور، موصلی سیاہ، موصلی سفید، قضیب گاؤ، سوہان کردہ ہر ایک تین تولہ الائچی خورد، طباشیر گل سرخ، بہمن سفید ہر ایک ایک تولہ۔

**ترکیب:** کوکنار کو کوٹ کر اس کے تین حصے کریں۔ ایک حصہ کو مناسب پانی میں 24 گھنٹہ تک تر رکھیں پھر مل چھان کر اس میں نخود سیاہ مذکور کو تر کریں۔ جب پانی خشک ہو جائے دوسرے حصہ کو اسی طرح تر کر کے اس میں نخود سیاہ کو تر اور خشک کریں۔ اسی طرح کوکنار کے تینوں حصوں میں نخود کو تر اور خشک کر کے باریک کوٹ لیں اور باقی تمام دواؤں کو بھی باریک کر کے سب کو خوب ملا لیں۔

**استعمال:** چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ آدھ سیر استعمال کریں۔

## (297) سفوف اکسیر جریان

**منافع:** جریان کی ہر قسم کے لئے معمول مطب و مجرب ہے اور سریع الاثر اس قدر کہ پہلے دوسرے دن

منی کو غلیظ کر کے طاقت باہ پیدا کرتا ہے۔ آسان ہے۔
ہی اپنا اثر دکھاتا ہے۔

**نسخہ:** طباشیر کبود، دانہ الائچی خورد، ثعلب مصری، مصطگی رومی، دارچینی، کبابہ، بہمن سرخ و سفید، برگ گاؤزبان، گوند پلاس، ست بیروزہ، تودری سفید و سرخ، ست گلو، ست سلاجیت، مغز تخم املی، تالمکھانہ، بیج بند، گوند، سنبل، موچرس ہر ایک 6 ماشہ، کشتہ قلعی یا نقرہ ایک تولہ۔

**ترکیب:** سوائے کشتہ کے باقی دوائیں الگ الگ باریک پیس کر کشتہ ملا کر خوب کھرل کر کے یکجان کر لیں بس تیار ہے۔

**استعمال:** چھ ماشہ صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

## (298) دوائے سیاہ اکسیر جریان

**اسناد:** عالی جناب قاضی فقیر محمد صاحب لیہ والے کا مستند و مجرب مشہور عام و خاص نسخہ ہے جو ان کے کسی شاگرد نے میرے ایک دوست کو بتایا اور تجربہ پر ہمہ صفت موصوف پا کر درج کتاب کرتا ہوں۔ جناب قاضی صاحب کا صندوقچہ کا خاص الخاص نسخہ ہے اور دوائے سیاہ کے نام سے مشہور ہے۔

**منافع:** جریان منی و مذی و ودی، کثرت احتلام، رقت منی، گرمی مثانہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ میں نے اسے خود تیار کیا ہے۔

**نسخہ:** سیماب، جست، قلعی، سکہ، بورہ چاندی ہر ایک ایک تولہ، آب حنا سبز بقدر ضرورت۔

**ترکیب:** سکہ، جست، قلعی کو اکٹھا کر کے کٹھالی میں گلا کر اور پارہ کو ایک برتن میں ڈال کر پارہ پر ڈالیں۔ سب مل کر یکجان ہو جائیں گے پھر ان کو گرم گرم ہی کوٹ کر بمعہ بورہ چاندی کھرل میں ڈال کر آب برگ حنا سبز کے ساتھ چھ دن تک کھرل کریں۔

**استعمال:** ایک رتی مکھن میں رکھ کر صبح استعمال کریں اور مضرات سے پرہیز کریں۔

## (299) اکسیر شباب ✓

**اسناد:** ایک دوست کی پیٹنٹ شدہ دوا ہے جس کو وہ پیکٹوں میں بند کر کے اشتہار کے ذریعہ اور مقامی مطب میں کثرت سے فروخت کرتے ہیں۔ ان کا مستند و مجرب صدری نسخہ ہے جو تجربہ کرنے پر نہایت سریع الاثر ثابت ہوا۔ خصوصاً دل دھڑکہ کے لئے جن کو جریان کے ساتھ دل کی کمزوری ہو اکسیر ثابت ہوا ہے۔

**منافع:** ہر قسم جریان، کثرت احتلام کے لئے اکسیر ہے۔ منی کو غلیظ کر کے مردمی طاقت پیدا کرتا ہے۔ گرم مزاج، کمزور مریضوں اور مجلوقوں کے لئے خصوصیت سے زیادہ مفید ہے۔ اسی لئے اس کا نام اکسیر شباب رکھا گیا ہے۔ خصوصاً اعضاء رئیسہ کو طاقت دیتا ہے۔

**نسخہ:** موصلی سفید، موصلی سیاہ، ستاور، شقاقل، تالمکھانہ، موچرس، کیرا، تخم اٹنگن ہر ایک تولہ تولہ، ثعلب مصری، بہمن سرخ، بہمن سفید، تخم کونچ، سیوس اسبغول ہر ایک 9 ماشہ، کشتہ قلعی، کشتہ مرجان، ست سلاجیت ہر ایک تین ماشہ، اکسیر نقرہ 5 ماشہ، سب دوائیں باریک کوٹ پیس کر سفوف تیار کر لیں۔

استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام گائے کے تازہ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ تمام گرم ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز کریں۔ اکسیر نقرہ کی ترکیب ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

## (300) اکسیر نقرہ

منافع: جریان، کثرت احتلام، رقت منی، ضعف اعضاء رئیسہ، ضعف باہ مجلوق کے عوارض کے لئے نہایت مفید ہے۔

نسخہ: قلعی 4 تولہ، سیپ اصلی 8 تولہ، چورہ ورق نقرہ چھ ماشہ، لعاب گھیکوار بقدر ضرورت۔

ترکیب: قلعی کو باریک کوٹ کر پترا بنالیں اور قینچی وغیرہ سے باریک باریک کتر لیں پھر اس کے ساتھ سیپ ہاون دستہ میں خوب کوٹ کر کپڑ چھان کرلیں پھر چورہ ورق نقرہ ملا کر لعاب گھیکوار سے خوب کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں اور ایک کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح تین آنچیں دیں۔ نہایت ملائم سرخی مائل نفیس کشتہ تیار ہو جائے گا۔ شیشی میں لگا رکھیں۔

استعمال: ایک رتی صبح مکھن میں رکھ کر یا اکسیر شباب میں شامل کر کے استعمال کریں۔

Govt. Tibbia College

## (301) حب مقوی و ممسک تحفہ

اسناد: عالی جناب قبلہ حضرت استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم و مغفور کا عطیہ اور خاص الخاص تحفہ ہے نیز اس کے بعد جو دو نسخہ جات درج ہوں گے یہ بھی حضرت ممدوح کے عطیہ خاص ہیں۔

منافع: نہایت مقوی باہ، ممسک، مقوی اعضاء رئیسہ و مفرح ہے۔ ذیابیطس کے لئے بھی مفید ہے۔ بدن کی پرورش کرتا اور دودھ، گھی خوب ہضم کرتا، طاقت بدنی پیدا کرتا ہے۔

نسخہ: مروارید 4 رتی، افیون خالص تین ماشہ، کشتہ ابرک سیاہ، کشتہ نقرہ ہر ایک ایک ماشہ، کشتہ سونا 4 رتی۔

ترکیب: مروارید کو روح کیوڑہ تین ماشہ میں کھرل کریں پھر باقی دوائیں ملا کر خوب کھرل کر کے کیرا کے پانی کی مدد سے حبوب بقدر مسور تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

## (302) دیگر

نسخہ: کشتہ ابرک سیاہ سو آتشہ سرخ رنگ، کشتہ عقیق، کشتہ مرگانگ، کشتہ چاندی، کشتہ فولاد، کشتہ سکہ، کشتہ مرجان، کشتہ شنگرف، کشتہ یشب، افیون ہر ایک تین ماشہ، سٹرکنیا تین رتی، شہد خالص بقدر ضرورت۔

ترکیب: افیون کو باریک کر کے کشتہ جات ملا کر خوب کھرل کر کے آمیز کرلیں اور شہد کی مدد سے حبوب بقدر ایک ایک رتی تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ آدھ سیر استعمال کریں۔ دودھ زیادہ استعمال کریں۔

## (303) دیگر

**نسخہ:** کشتہ طلا 4 رتی، کشتہ نقرہ، برق حیات ہر ایک 6 رتی، کشتہ ابرک سیاہ سو آتشہ، کشتہ مرگانگ، کشتہ فولاد سو آتشہ، کشتہ سکہ، کشتہ شنگرف، افیون ہر ایک ایک ماشہ، مارفیا 5 رتی، سٹرکنیا نصف رتی کونین 1 ماشہ، جائفل 2 ماشہ۔

**ترکیب:** افیون اور جائفل کو خوب باریک پیس کر پانی کی مدد سے گولی بنائیں اور گندم کے آٹے میں لپیٹ کر گرم بھوبھل میں دفن کریں۔ جب سرخ ہو جائے تو نکال کر گولی دوائی کی نکال لیں اور باقی دواؤں کے ساتھ خوب کھرل کر کے قدرے شہد ملا کر حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

**استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ آدھ سیر استعمال کریں۔ وقتی امساک کے لئے ایک گولی عصر کے وقت ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ اس دن روٹی نہ کھائیں۔ صرف دودھ پر گزارہ کریں اگر کھانا کھانا ہو تو بہت کم کھائیں یا فراغت کے بعد کھائیں۔ ان تینوں نسخہ جات کے متعلق صرف اسی قدر لکھ دینا ہی کافی ہے کہ یہ ایک بہت نامور ہستی کے مخفی صندوقچہ کے تحائف ہیں اور ان سے فائدہ یقینی ہوتا ہے بشرطیکہ مزاج اور طبیعت دیکھ کر استعمال کئے جائیں۔

## (304) برق حیات

**اسناد:** استاذ الاطباء ارسطوئے زمان عالی جناب حضرت حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا خاص الخاص مخفی تحفہ ہے جو آج تک پوشیدہ ہی رہا ہے۔ آج اسے شائع کیا جاتا ہے۔ امید ہے ناظرین اس نسخہ کی قدر کریں گے اور دعائے خیر سے یاد فرمائیں گے۔

**منافع:** اعلیٰ درجہ ہاضم نیر ہے۔ بدن کو طاقت دیتا ہے۔ ہاضم طعام اور دافع ریح ہے۔ اس کے ساتھ جس قدر دودھ، گھی استعمال کیا جائے ہضم ہو کر جزو بدن بن جاتا ہے اور بدن کی پرورش کرتا ہے۔ اس میں اشتہا طعام اور قوت باہ پیدا کرنے کی بہت طاقت ہے اور آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔

**نسخہ:** سنکھیا سفید ایک تولہ، بھنگڑی سفید، نمک دیسی ہر ایک 3 تولہ، روغن زرد 2 تولہ۔

**ترکیب:** بھنگڑی کو باریک پیس کر روغن زرد میں ملا لیں اور اس کی دو پڑیہ بنا لیں اور نمک باریک کر کے اس کی بھی دو پڑیہ باندھ لیں اب ایک کوزہ گلی لیں اس میں پہلے نمک کی ایک پڑیہ بچھا کر اس پر بھنگڑی کی ایک پڑیہ بچھا دیں اور اس پر سنکھیا کی ڈلی رکھ کر اوپر پھر بھنگڑی کی دوسری پڑیہ بچھا دیں اور اس پر نمک کی دوسری پڑیہ بچھا دیں اور ہاتھ سے خوب درست کر کے کوزہ کے منہ پر چپنی رکھ کر چکنی مٹی سے بند کر دیں اور تمام کوزہ پر گل حکمت کر کے خشک کریں اور ہوا سے بچا کر سات سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہو جائے تو نکال کر باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** نصف رتی سے ایک رتی تک ملائی یا پیڑے میں رکھ کر صبح صرف ایک ہی وقت کھلائیں۔ دودھ، گھی زیادہ استعمال کریں اور دوائی کھانے سے پہلے کوئی چیز ضرور کھا لیں۔

## (305) اکسیر طاقت مردی

منافع: ہیجان قوت مردی کے لئے ایک تسلی بخش چیز ہے۔ معمولی کمزور کو سات دن میں اور نامرد کو بارہ دن میں فائدہ ہو جاتا ہے۔ یہ اکسیر اپنا اثر دوسرے تیسرے دن بخوبی دکھا دیتی ہے۔ اس سے دودھ، گھی خوب ہضم ہو کر بدن سرخ ہو جاتا ہے۔

نسخہ: شنگرف رومی، ہڑتال ورقی سم الفار سفید، رسکپور ہر ایک تولہ تولہ، زردی بیضہ مرغ 12 عدد۔

ترکیب: خشک دواؤں کو الگ الگ کھرل کر کے زردی بیضہ مرغ ملا کر کھرل کریں۔ ویسے تو 12 زردیاں جلدی جذب ہو جاتی ہیں مگر اس دوا کو کم از کم پانچ دن ضرور کھرل کرنا چاہئے اور زیادہ نہیں تو دوپہر تک روزانہ ضرور کھرل کیا جائے۔ پتھر کے کونڈہ ڈنڈا میں دوائی تیار کی جائے تو زیادہ آسانی ہوتی ہے کیونکہ دوائی کو زیادہ کوٹنا پڑتا ہے پھر اس کی گولیاں بنا کر پتال جنتر کے ذریعہ تیل کشید کریں اور کھلے منہ والی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک یا دو قطرہ صبح مکھن میں رکھ کر کھائیں اور دودھ گھی زیادہ استعمال کریں۔

نوٹ: ایک یا دو قطرہ صبح مکھن میں رکھ کر کھائیں اور دودھ گھی زیادہ استعمال کریں۔

نوٹ: پہلے دن چار انڈوں کی زردی ملا کر کھرل کریں پھر دو دو زردیاں روزانہ ڈال کر کھرل کرتے رہیں اور دوائی پتھر کے کونڈہ میں تیار کریں گے تو آسانی ہو گی زیادہ کھرل کرنے یا کوٹنے سے عمدہ تیل سرخی مائل برآمد ہوتا ہے۔

## (306) حب مقوی و ممسک عنبری

اسناد: ہمارے ایک مخلص برادران گولیوں کا اشتہار دیتے ہیں اور ان کے ہاں بکثرت بکتی ہیں۔

منافع: مقوی باہ و محرک ہیں۔ اعضاء رئیسہ کو طاقت دے کر بدن کو طاقت و توانائی بخشتی اور کمزوروں کی جان ہیں۔ دودھ، گھی خوب ہضم کر کے ازحد طاقت مردی پیدا کرتی ہیں اور ممسک بھی ہیں۔ امراء و روسا کے لئے مناسب ہیں۔

نسخہ: کشتہ طلا اعلیٰ، مشک خالص، مروارید ناسفتہ، عنبر اشہب ہر ایک ایک رتی، کشتہ نقرہ، سٹرکنیا، لونگ، بولتل، جلوتری ریگ ماہی نر ہر ایک 2 رتی۔

ترکیب: مروارید کو روح کیوڑہ میں کھرل کر کے خشک کریں باقی دواؤں کو باریک پیس لیں پھر سب کو ملا کر خوب کھرل کر کے شہد کی مدد سے حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی صبح ہمراہ دودھ آدھ سیر استعمال کریں۔ صرف ایک وقت کافی ہے۔ بہتر ہے پہلے کوئی چیز کھا کر استعمال کریں اور ان کے ساتھ دودھ، گھی زیادہ استعمال کریں۔

## (307) حب ممسک دافع سرعت

منافع: امساک اور سرعت انزال کے لئے نہایت مفید ہیں۔ طاقت بھی پیدا کرتی ہیں جن کو کمزوری کے

ساتھ سرعت کا عارضہ ہو ان کے لئے یہ گولیاں بہت موزوں ہیں ایک دوست کا معمول مطب نسخہ ہے۔

**نسخہ:** افیون، سم الفار سفید ہر ایک 6 ماشہ، کوگل ہینسیا ایک تولہ، شیر بڑ بقدر ضرورت۔

**ترکیب:** خشک دوائیں جوکوب کر کے شیر بڑ میں خوب تر کریں، ایک ہفتہ کے بعد جب دودھ خوب جذب ہو جائے اسے آہرن پر ایک سو ضرب لگائیں ورنہ ہاون دستہ میں دو سو ضرب لگا دیں پھر دانہ مونگ کے برابر حبوب تیار کریں۔

**استعمال:** سرعت کے لئے عصر کے وقت پہلے کچھ غذا کھلا کر ایک گولی ہمراہ دودھ آدھ سیر صرف ایک وقت ہی استعمال کریں۔ جب گرمی خشکی محسوس ہو دودھ استعمال کریں ان کے دوران استعمال میں دودھ، گھی بہت مقدار میں استعمال کرنا ضروری ہے۔ جو ہضم ہو جاتا ہے اور وقتی امساک کے لئے ایک گولی رات کا کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ بعد ہمراہ دودھ آدھ سیر نگل لیں۔

## (308) دوائے دافع سرعت

**منافع:** یہ دوا سرعت جیسی عسر البرء مرض کا شافی علاج ہے۔ قوت باہ بعض دفعہ اس قدر پیدا کرتی ہے کہ ضبط مشکل ہوتا ہے۔ سرعت انزال اور ضعف باہ کے شاکیوں کے لئے نہایت مفید ہے۔ مادہ تولید کو غلیظ کرتی اور امساک پیدا کرتی ہے۔ اس مرض کا مفید ترین علاج ہے۔

**نسخہ:** سیماب، آملہ سار، بیہدانہ، کوکنار (جس سے خشخاش دور کر دیا گیا ہو) ہر ایک 2 تولہ۔

**ترکیب:** سیماب اور آملہ سار کو خوب کھرل کریں تاکہ کجلی تیار ہو جائے یعنی سیاہ رنگ کا سفوف بن جائے مگر کم از کم چار گھنٹہ ضرور کھرل کریں باقی دواؤں کو باریک کوٹ لیں پھر سب کو ملا کر خوب کھرل کرے اس کے چار حصے بنائیں۔

**استعمال:** عصر کے وقت ایک حصہ کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر ایک سیر گائے کے دودھ میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے پوٹلی کو نکال کر محفوظ رکھیں اور دودھ میں مصری ملا کر پی لیں۔ دوسرے دن پھر اسی پوٹلی کو آدھ سیر دودھ میں عصر کے وقت جوش دے کر جب نصف رہ جائے دودھ میٹھا کر کے پی لیں اور پوٹلی کو رکھ لیں اسی طرح ایک پوٹلی کو چار دن استعمال کریں اسی طرح چاروں حصوں کو 16 دن استعمال کریں۔

**نوٹ:** پوٹلی کو ابال چکنے کے بعد نچوڑنا نہیں چاہئے۔

## (309) حب مقوی باہ

**منافع:** یہ گولیاں نہایت مقوی باہ ہیں۔ ضعف اعضاء رئیسہ اور ضعف بدن کے لئے بہت اچھا اثر پیدا کرتی ہیں جن لوگوں کی طاقت باہ اور طاقت بدنی بہت کمزور ہو بدن میں خون کی کمی ہو کچھ کھا پی نہ سکتے ہوں ان کے لئے آب حیات ہیں۔ غذا کو جزو بدن بناتی اور حد درجہ طاقت مردی پیدا کر کے رنگ سرخ کر دیتی ہیں۔ نہایت عجیبہ ہمہ صفت موصوف مقوی گولیاں ہیں۔ شائقین کو اس نسخہ کی قدر کرنی چاہئے۔

نسخہ: سم الفار سفید، برادہ نقرہ، برادہ طلا ہر ایک تین ماشہ شراب برانڈی یا آب لیموں ۱ پاؤ۔

ترکیب: سم الفار کو باریک پیس کر سب کو پختہ کھرل میں ملا کر شراب یا آب لیموں تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب سب جذب ہو جائے بقدر دانہ مونگ گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی صبح یا شام ہمراہ شیر تازہ آدھ سیر استعمال کریں۔ پہلے کوئی چیز کھا لینی چاہئے۔ دوران استعمال میں دودھ، گھی اور مرغن اغذیہ بکثرت استعمال کرنی چاہئے۔

## (310) دیگر

منافع: مقوی باہ ہیں۔ غذا کو جزو بدن بنا کر بدن کو طاقت دیتی ہیں۔ ہر قسم کی مردمی کمزوری اور مجلوق کے لئے آب حیات ہیں۔ اعضاء رئیسہ اور پٹھوں کو طاقت بخشتی ہیں۔ نہایت قابل قدر نسخہ ہے۔ اس نسخہ میں تمام صفات موجود ہیں۔ قدردان اطبا اس کی قدر ضرور کریں گے۔

نسخہ: سم الفار سفید، ورق نقرہ، مروارید ہر ایک 13 رتی، آب لیموں 63 عدد۔

ترکیب: پختہ کھرل میں الگ الگ کھرل کر کے ملا لیں اور تمام آب لیموں کھرل کے ذریعہ جذب کر کے حب بقدر دانہ موٹھ تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ آدھ سیر نگل لیں۔ صرف ایک وقت کافی ہے۔ پہلے کوئی تھوڑی سی چیز کھا کر استعمال کریں۔ ان گولیوں کے دوران استعمال میں مرغن غذا کھائیں۔

## (311) معجون مقوی باہ

منافع: نہایت مقوی باہ ہے۔ کمزور کو طاقتور اور طاقتور کو شہ زور بناتی ہے۔ مغلظ منی ہونے کے علاوہ عمدہ ممسک ہے۔ عام شائقین قوت باہ کے لئے نہایت مفید تحفہ ہے اور موسم سرما کے لئے زیادہ موزوں ہے۔

نسخہ: زردی بیضہ مرغ 20 عدد، آرد مال کنگنی 2 پاؤ، لونگ، جائفل، دارچینی، مرچ سیاہ، مرچ سفید، فلفل دراز، پیپلا مول، موصلی سفید، موصلی سیاہ، مصطگی رومی، زعفران، ثعلب مصری ہر ایک 2 ماشہ، شہد خالص [illegible] پاؤ۔

ترکیب: حسب دستور معجون تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے آدھ سیر (جس میں جلیبی ملا لی جائے تو بہتر ہے) استعمال کریں۔

ہدایات: تمام گرم ترش اشیاء اور مجامعت سے پرہیز کریں۔

## (312) کھیر مقوی باہ

منافع: یہ کھیر مقوی باہ ہونے کے علاوہ مغلظ منی اور دافع جریان ہے۔ یہ نہایت آسان اور ارزاں نسخہ ہے۔ تجربہ پر قابل قدر ثابت ہوگا۔

نسخہ: بہمن سرخ، بہمن سفید، موصلی سفید، موصلی سیاہ، ستاور، ثعلب مصری، تودری سرخ، تودری سفید ہر

ایک 2 تولہ، سب کو الگ الگ پیس کر سفوف تیار کریں۔

**استعمال:** آدھ سیر دودھ میں دو تولہ سفوف اور سات تولے مصری ملا کر آگ پر جوش دیں۔ جب کھیر تیار ہو جائے اتار کر سرد کر کے کھالیں بہتر طریق یہ ہے کہ رات کو تیار کر کے رکھ دی جائے اور صبح استعمال کی جائے۔

## (313) کشتہ شنگرف آسان

**منافع:** ضعف باہ کے لئے معمول ہے۔ موسم و مزاج کا خیال رکھ کر استعمال کرایا جائے تو نہایت مفید ثابت ہوتا ہے اور لطف یہ کہ محنت طلب نسخہ جات کا مقابلہ کرتا ہے۔

**نسخہ:** مغز تخم ہرنولی ایک سیر، شنگرف رومی ایک تولہ۔

**ترکیب:** مغز تخم ہرنولی کو باریک کر کے آہنی توے پر نصف بچھا دیں۔ اس پر شنگرف کی ڈلی رکھ کر اس پر باقی ہرنولی بچھا کر ہاتھ سے خوب دبا دیں اور نیچے آگ متوسط جلائیں۔ جب مغز ہرنولی کو آگ لگ جائے تو آگ بند کر دیں۔ جب سرد ہو جائے شنگرف کو نکال کر باریک پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** صبح دو چاول سے چار چاول تک مسکہ یا ملائی میں رکھ کر استعمال کریں۔

## (314) تریاق باہ

**منافع:** یہ دوا نامردی، سستی، کمزوری کے لئے اکسیر ہے جو ایک سادھو فقیر کے سینہ کا راز ہے۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔ تجربہ پر پوری حقیقت معلوم ہو گی اور پھر قدر بھی ہو گی۔ یہ نسخہ بڑی منت و خوشامد سے حاصل کیا گیا ہے۔

**نسخہ:** سم الفار سفید، تخم دھتورہ سیاہ ہر ایک ایک تولہ اونٹنی کے بچہ کا پیشاب۔

**ترکیب:** دونوں اشیاء الگ الگ باریک کھرل کر کے پختہ کھرل میں ڈالیں اور اونٹنی کے بچہ کا پیشاب تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں جب تمام جذب ہو جائے دوائی کو خشک کر کے شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

**استعمال:** صبح ایک چاول مسکہ یا ملائی میں رکھ کر استعمال کریں اور ساتھ دودھ گھی زیادہ استعمال کریں۔ مقدار سے زیادہ نہ دیں اور پہلے کوئی چیز کھا کر استعمال کریں۔

**نوٹ:** پیشاب بچہ نر کا چاہئے اور جب بچہ پیدا ہوا اس کا پہلا پیشاب تمام حفاظت سے جمع کر کے شیشی میں رکھا جائے۔

## (315) طلائے اعلیٰ

**منافع:** یہ طلا عضو مخصوص کے نقائص کے لئے نہایت مفید ہے۔ عضو کی کجی کوتاہی، ناہمواری، سستی، لاغری کو درست کرتا اور ازحد طاقت بخشتا ہے۔ پہلے دن ہی عموماً اثر دکھلاتا ہے۔ ایک محسن کا مخفی نسخہ ہے۔ لطف یہ کہ آسان اور خوشبودار بھی ہے اور باندھنے کی ضرورت نہیں۔ آبلہ وغیرہ پیدا نہیں کرتا۔

نسخہ: قضیب خرس ریتی سے سوہان کیا ہوا، روغن لونگ ولائتی، روغن دار چینی ولائتی ہر ایک تین ماشہ، عطر کستوری، عطر خس، چربی ریچھ اصلی، چربی شیر اصلی ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: بورہ قضیب خرس کو خوب کھرل کریں۔ پھر باقی اشیاء ملا کر خوب کھرل کر کے یکذات کر لیں اور کھلے منہ کی شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: دو رتی کے قریب عضو مخصوص پر حشفہ اور سیون بچا کر پانچ منٹ تک مالش کریں حتی کہ جذب ہو جائے۔ باندھنے کی ضرورت نہیں۔

## (316) طلائے خاص الخاص

اسناد: ارسطوئے زمان عالی جناب حکیم مفتی فہیم اللہ خان صاحب خلف الصدق حضرت استاذیم مدظلہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا معمول خاص ہے جو آسانی سے تیار ہو سکتا ہے اور مخفی نسخہ ہے۔

منافع: آلہ تناسل کے تمام نقائص کے لئے نہایت سریع الاثر ہے۔ مجلوق کے لئے ایک مستند علیہ دوا ہے۔ عضو مخصوص کے نقائص کو دور کر کے نئی طاقت اور نئی زندگی بخشتا ہے۔ نہایت آسان ہے۔ بدبودار نہیں سستا بنتا ہے۔ ہمارا معمول مطب خاص الخاص مخفی نسخہ ہے۔

نسخہ: خراطین مصفی 6 ماشہ، کستھر پڈیز پلاسٹر ایک ماشہ، روغن برق 2 تولہ، بیر بہوٹی، چربی شیر ہر ایک تولہ تولہ، روغن جمالگوٹہ، روغن دار چینی ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: اول الذکر دونوں اشیاء کو روغن برق میں جوش دیں پھر اس میں باقی اشیاء ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: حسب دستور رات کو حشفہ و سیون چھوڑ کر مالش کر کے اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ جب دانے نکل آئیں تو بند کر دیں اور روغن چنبیلی یا گھی جلا کر لگاتے رہیں۔ کچھ کسر باقی ہو تو زخم وغیرہ درست ہونے کے بعد پھر اسی طرح استعمال کریں۔ روغن برق کا نسخہ امراض سر میں درج ہو چکا ہے۔

## (317) طلائے بے آبلہ

اسناد: میرے دوست و استاذ بھائی جناب حکیم رحمت اللہ شاہ صاحب کا عطیہ ہے۔ آپ کے مطب میں بکثرت استعمال ہوتا ہے۔ آپ اس کی بہت تعریف فرماتے ہیں۔

منافع: عضو مخصوص کی کمزوری، کوتاہی، ناہمواری کجی کو دور کر کے نہایت طاقت بخشتا ہے اور نہایت مقوی اعصاب ہے۔ مجلوق کے لئے معمول مطب ہے۔ لطف یہ کہ نہایت آسان اور سستا ہے۔ اس سے آبلہ یا زخم پیدا نہیں ہوتا۔ فاسد رطوبات کو خشک کر کے عضو کو سخت کر دیتا ہے۔

نسخہ: روغن کنجد خالص ایک پاؤ، مال کنگنی، جائفل ہر ایک تولہ تولہ، مغز بادام 5 تولہ، بسباسہ، افیون ہر ایک تین ماشہ، بیر بہوٹی 2 تولہ۔

**ترکیب:** سوائے بیر بہوٹی کے باقی خشک دوائیں باریک کوٹ کر روغن کنجد میں جوش دیں۔ جب خوب پختہ ہو جائے تو آگ سے اتار کر سرد کر کے ہاتھ سے مل کر تیل کو باریک کپڑے میں چھان لیں پھر اس میں بیر بہوٹی باریک پیس کر ملا کر شیشی میں ڈال دیں اور مضبوط کارک لگا کر ایک ہفتہ تک گندم کے ڈھیر میں دفن کریں پھر نکال لیں۔

**استعمال:** رات کو حشفہ و سیون بچا کر عضو مخصوص پر خوب مالش کر کے برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ صبح نیم گرم پانی سے دھو دیا کریں۔ اسی طرح روزانہ عمل کریں۔ سرد پانی سے پرہیز۔

## (318) طلائے سلیمی بے ضرر

**منافع:** عضو مخصوص کے نقائص کے لئے معمول و مجرب ہے۔ نہایت سریع الاثر طلاء ہے۔ آبلہ وغیرہ پیدا نہیں کرتا۔ ہمہ صفت موصوف مطب سلیمی کا معمول ہے۔ بے ضرر اور مقوی اعصاب ہے۔

**نسخہ:** مغز پستہ 10 تولہ، شنگرف 3 تولہ، ہڑتال ورقی زرد، تخم دھتورہ ہر ایک تولہ تولہ، جائفل 6 ماشہ، مال کنگنی 5 تولہ۔

**ترکیب:** تمام ادویہ جدا جدا باریک پیس کر پانی کی مدد سے کوکن بیر کے برابر گولیاں بنا کر پتال جنتر کے ذریعہ تیل کشید کریں پھر اس طلا میں اس کے مساوی روغن بیضہ ملا کر شیشی میں رکھیں۔

**استعمال:** حسب دستور متعارف رات کو طلا کریں۔ صبح کھول دیا کریں۔ حد دو ہفتہ کافی ہے۔

## (319) طلائے اسرار

**اسناد:** ایک سیاح کی منت سماجت سے اس شرط پر حاصل ہوا کہ اسے کسی پر ظاہر نہ کیا جائے اور یہ نسخہ مطب میں تیار رکھیں۔ اس کا قصہ بہت طویل ہے جس کی ضرورت نہیں۔ نسخہ بہت اعلیٰ ہے جو صحیح درج کیا جاتا ہے۔ ناظرین تیار کر کے استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں۔

**منافع:** مجلوق کے لئے واقعی اسرار سے کم نہیں۔ عضو مخصوص کے نقائص مثلاً کجی، کوتاہی، لاغری، باریکی، ناہمواری، رگوں میں پانی بھر جانا وغیرہ کے لئے معتبر و مستند والا ہے۔ طاقت خوب پیدا کرتا اور ہمیشہ کے لئے بے پروا کر دیتا ہے۔ معمول مطب بنانے کے قابل ہے۔

**نسخہ:** شنگرف رومی، زرنیخ ورقی، قرنفل کلاہ دار، مغز حب الملوک ہر ایک 2 تولہ، شیر میش (بھیڑ کا دودھ) آدھ سیر۔

**ترکیب:** خشک ادویہ باریک پیس کر شیر میش کے ذریعہ کھرل کریں اور کنار دشتی کے برابر گولیاں تیار کر کے بذریعہ پتال جنتر تیل کشید کریں۔

**استعمال:** رات کو دو قطرہ حشفہ اور سیون بچا کر مالش کریں اوپر برگ پان یا ارنڈ یا بھوج پتر باندھ دیں۔ روزانہ طلا کریں۔ جب دانے نکل آئیں طلا موقوف کر کے روغن چنبیلی وغیرہ لگاتے رہیں۔ جب تک مکمل آرام نہ ہوا اسی طریق پر طلاء استعمال کرتے رہیں۔

## (320) طلائے مخفی مجرب (صندوقچہ)

منافع: مجلوق اور نامرد کو ایک دو ہفتہ میں تندرست کرتا ہے۔ عضو مخصوص کے تمام نقائص کا شرطیہ تک علاج ہے۔ اسناد اور اجزاء کے لحاظ سے نہایت قابل قدر چیز ہے۔ تجربہ عمدہ کسوٹی ہے۔

نسخہ: پلاس پاپڑہ 5 تولہ، تخم بینگن دیسی، عقرقرحہ، فرفیون، فلفل دراز، مال کنگنی، تخم کونچ، جائفل، دارچینی، افیون، مغز بنولہ، چوب چینی، خراطین، بیر بہوٹی، مغز جمال گوٹہ، پوست بیخ کنیر سفید، ہڑتال ورقی، میٹھا تیلیہ، کچلہ، سم الفار سفید، سیماب، چربی شیر، سمندر سوکھ، تخم پنواڑ، تخم ترب، بیخ نرگس، بیخ چنبیلی ہر ایک نصف تولہ، بیخ کیوڑہ، لونگ، تخم دھتورہ در شیر مدار تر و خشک کردہ، عقرب ہر ایک 4 عدد، مغز سر کنجشک نر، سر چام چٹھ، زردی بیضہ مرغ ہر ایک 5 عدد، مشک خالص 1 ماشہ، روغن کنجد، روغن ارنڈ ہر ایک 15 تولہ۔

ترکیب: خشک دوائیں جدا جدا باریک پیس کر سوائے روغن کنجد اور روغن ارنڈ کے تمام اشیاء کو پختہ فراخ کھرل میں ڈال کر روغن کنجد اور روغن ارنڈ تھوڑی تھوڑی مقدار میں ملاتے جائیں اور کھرل کرتے رہیں۔ جب پارہ اور تمام دوائیں آپس میں مل جائیں تو بقایا روغن ڈال کر خوب ملا کر ایک فراخ منہ بوتل میں ڈال دیں اور دو ہفتہ تک دھوپ میں لٹکائے رکھیں۔ جو تیل مقطر ہو جائے اسے اتار کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: حسب دستور رات کو حشفہ اور سیون و خصیتین بچا کر عضو مخصوص پر مالش کر کے برگ ارنڈ وغیرہ باندھیں۔

## (321) حب قوت باہ و امساک

اسناد: ایک سیاح نے کمال محبت سے عطا فرمایا جو تجربہ پر صحیح اترا۔

منافع: دائمی قوت باہ و امساک پیدا کرتا ہے۔ سرعت انزال کے عارضہ کا خاص علاج ہے۔ دودھ، گھی خوب ہضم کرتا اور ایک ہفتہ میں نہایت طاقت پیدا کرتا ہے۔

نسخہ: براوہ نقرہ، ہڑتال ورقی، افیون، زعفران کشمیری، شنگرف رومی ہر ایک تولہ تولہ، شیر بڑ 5 تولہ، مرغ جوان ایک عدد۔

ترکیب: براوہ نقرہ اور ہڑتال کو ایک جگہ خوب کھرل کریں پھر افیون ملا کر اس حد تک کھرل کریں کہ چمک نہ رہے پھر زعفران و شنگرف ملا کر خوب کھرل کریں اس کے بعد شیر بڑ ڈال کر کھرل کر کے قرص بنا لیں اور قدرے خشک کر کے مرغ جوان (جس نے ابھی اذان نہ دی ہو) کو ذبح کر کے اس کے پر اتار دیں اور اس کا پیٹ چاک کر کے آلائش سے صاف کر کے اس میں یہ قرص رکھ کر اس کے پیٹ کو سی دیں اور ایک کڑاہی آہنی میں رکھ کر اس پر گھی اس قدر ڈالیں کہ مرغ بخوبی بریاں ہو جائے۔ جب بریاں ہو کر سرخ سیاہی مائل ہو جائے نکال کر سرد ہونے کے بعد قرص نکال کر باریک پیس کر شہد بقدر ضرورت ملا کر نخود

کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال**: ایک گولی صبح ہمراہ دودھ آدھ سیر نگلوا دیں۔ دوران استعمال میں دودھ، گھی زیادہ استعمال کریں۔ وقتی امساک کے لئے ایک گولی عصر کے وقت ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## (322) حب امساک

**منافع**: شائقین امساک ان کا تجربہ کریں۔ انشاء اللہ بے حد فائدہ دکھانے والا اعلیٰ نسخہ ہے۔

**نسخہ**: افیون ایک ماشہ کافور دیسی 4 رتی، زعفران کشمیری 2 ماشہ، چھوہارے شیر بڑ بقدر ضرورت۔

**ترکیب**: افیون، کافور، زعفران کو باریک پیس کر سفوف بنا دیں اور چند چھوہارے لے کر ان کی گٹھلیاں نکال کر سفوف مذکور کو چھوہاروں میں ڈال کر ان پر آٹا گندم لگا کر گرم بھوبھل میں دفن کریں۔ جب آٹا سرخ سیاہی مائل ہو جائے تو نکال کر آٹا اتار دیں اور دوائی بمعہ چھوہارے خوب باریک کر کے شیر بڑ ملا کر گولیاں بقدر کنار دشتی بنا لیں۔

**استعمال**: عصر کے وقت ایک گولی ہمراہ دودھ گائے نگلوا دیں۔

## (323) حب قوت باہ

**اسناد**: میرے دوست حکیم محمد حیات صاحب قادری نے اس نسخہ کی شہرت سن کر صاحب نسخہ کے پاس پہنچ کر کوشش سے حاصل کیا اور مجھے عنایت کیا جو کمزور کے لئے نہایت مفید ہے۔

**منافع**: یہ گولیاں کمزور سے کمزور مریض کو بہت جلد مرد بنا دیتی ہیں اور پھر تمام عمر میں کسی دوا کی ضرورت مطلق نہیں رہتی غرض اشتہا و باہ بے انداز پیدا کرتی ہیں۔ دودھ، گھی خوب ہضم کرتی ہیں۔

**نسخہ**: سم الفار سفید ایک تولہ، آب لیموں کاغذی 360 عدد، کتھہ سفید، آرد سنگھاڑا ہر ایک 2 تولہ۔

**ترکیب**: سم الفار کو پختہ کھرل میں ڈال کر آب لیموں ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب تین سو لیموں کا پانی جذب ہو جائے تو کتھہ، آرد سنگھاڑہ باریک پیس کر ملا دیں اور بقایا 60 عدد لیموں کاغذی کا پانی ملا ملا کر کھرل کریں۔ جب گولیاں بن سکیں تو گولیاں بقدر دانہ نخود تیار کریں اور خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال**: ایک گولی صبح ناشتہ کے بعد ہمراہ دودھ گائے استعمال کریں۔ دوران استعمال میں گائے کا گھی اور مکھن کس قدر کھا سکیں ضرور کھائیں خواہ روٹی پر ڈال کر خواہ ہانڈی میں خواہ دودھ میں ملا کر استعمال کریں۔

## (324) سفوف اکسیر جریان

**اسناد**: یہاں ایک مشہور طبیب کا ہمیشہ کا معمول مطب اور مجرب نسخہ ہے جو ایک طبیب کے ذریعہ سے حاصل ہوا ہے۔

**منافع**: یہ نسخہ جریان کے لئے لاجواب چیز ہے۔ ذکاوت حس، کثرت احتلام، رقت منی کو دور کرتا ہے۔ گری دل دھڑکہ وغیرہ وغیرہ تمام عوارض متعلقہ جریان کو جو جوانوں کو لاحق ہو جاتے ہیں۔ زائل کرکے

کامل صحت و تندرستی بخشتا ہے۔

نسخہ: سنگھاڑا، طباشیر، الائچی خورد، تال مکھانہ، مازو سبز، موصلی سفید ہر ایک تولہ تولہ، مصطگی رومی 6 ماشہ، گوند کیکر 1 تولہ، سبوس اسبغول 9 ماشہ، کشتہ فولاد ایک ماشہ، کشتہ سہ دھاتہ 2 ماشہ۔

ترکیب: جملہ ادویہ جدا جدا باریک پیس کر کشتہ جات ملا کر کھرل کر کے خوب ملا لیں۔

استعمال: چھ ماشہ ہر صبح ہمراہ دودھ گاؤ آدھ سیر استعمال کریں۔

## (325) سفوف جریان

منافع: جریان کے لئے بارہا کا مجرب ہے۔ ذکاوت حس کو فائدہ کرتا ہے۔ منی پیدا کرتا اور منی کو گاڑھا کرتا ہے۔ آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔ خصوصاً گرم مزاجوں کے لئے نہایت موزوں و مجرب ہے۔

نسخہ: سمندر سوکھ، تخم سریالہ، بیج بند، تخم لاجونتی، تال مکھانہ، تخم کاہو ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں۔

استعمال: ایک تولہ صبح ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ گرم ترش اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔

غذا: دال مونگ دال ماش، کدو، توری، پالک تمام سرد سبزیاں دودھ گھی کا استعمال جائز ہے۔

## (326) سفوف اکسیر جریان

اسناد: ایک محترم دوست کا مستند و مشہور عام مجرب نسخہ ہے۔ اس کو وہ اپنے مطب میں اور اشتہارات کے ذریعہ عام فروخت کر کے کافی پیسہ کما رہے ہیں۔ میرے دوست نے مجھے بڑی مہربانی سے اپنے مطب کے لئے یہ نسخہ عنائت فرمایا ہے۔ جو مفید سمجھ کر درج کیا جاتا ہے۔

منافع: جریان کے ہر درجہ اور ہر حالت میں مفید ثابت ہوتا ہے۔ منی غلیظ کر کے قوت باہ بھی پیدا کرتا ہے۔ بے ضرر اور خاص الخاص جامع ترکیب ہے۔ کثرت احتلام کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: تج، تال مکھانہ، ثعلب مصری، موصلی سفید، شقاقل مصری، اندرجو، تودری سرخ، تودری سفید، اندر جو شیریں، بیج بند، کمرکس، بہمن سرخ، بہمن سفید، تخم انگن، تخم کونچ، سمندر سوکھ، بو پھلی تخم سروالی، کتھ سفید ہر ایک تولہ تولہ تخم دھتورہ سیاہ 2 ماشہ، کھانڈ سفید ہم وزن۔

ترکیب: سب ادویہ جدا جدا کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ اگر تمام سفوف میں شیر برگد 2 تولہ اور کشتہ مرجان 6 ماشہ ملا لیا جائے تو زیادہ قوی الاثر بن جاتا ہے۔

استعمال: ایک تولہ صبح ہمراہ شیر گاؤ آدھ سیر استعمال کریں۔ گرم ترش اشیاء اور جماع سے پرہیز۔

## (327) گولیاں دافع جریان

منافع: ہر قسم جریان کے لئے مجرب و آزمودہ ہیں۔ ان کی تصدیق ہو چکی ہے۔ نہایت مغلظ منی اور دافع گرمی ثابت ہوئی ہیں۔ لہٰذا گرم مزاج جوانوں کے لئے خصوصیت سے مفید ہیں۔ جریان، کثرت احتلام کو یقینی فائدہ کرتی ہیں۔ میری مجرب ہیں۔

نسخہ: تا لکھمانہ 5 تولہ، شیر برگد 15 تولہ، کشتہ قلعی، کشتہ فولاد آبی ہر ایک تولہ تولہ۔
ترکیب: تا لکھمانہ کو صاف کر کے کوٹ لیں اور شیر برگد تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کریں پھر کشتہ جات کو ملا کر تھوڑی دیر کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔
استعمال: دو دو گولیاں صبح و شام ہمراہ شربت مندرجہ ذیل 5 تولہ استعمال کریں۔
نسخہ شربت: برگ نرم درخت، پیپل ایک پاؤ، لیتہ اتیس (داڑھی بوہڑ) ایک پاؤ کو نیم کوب کر کے ڈیڑھ سیر پانی میں رات کو تر کر کے صبح جوش دیں۔ جب آدھ سیر رہ جائے مل چھان کر مصری تین پاؤ ملا کر شربت تیار کریں۔ خوراک تین تولہ پندرہ تولہ پانی میں ملا کر دیں۔

## (328) سفوف جریان

اسناد: شمس الاطباء حکیم مولوی شمس الدین صاحب ساکن چوکنانوالی ضلع گجرات کا عطیہ جو مجرب ہے۔
منافع: جریان کے لئے مفید ہے۔ جریان کے ساتھ سوزاک کی شکایت ہو تو اس کو بھی نفع بخشتا ہے۔ منی کو غلیظ کر کے اس کی اصلاح کرتا ہے۔ مجرب اور آسان و کم خرچ ہے۔
نسخہ: تج، تا لکھمانہ، کیرا، شورہ قلمی ہر ایک 2 تولہ گوکھرو، اسبغول ہر ایک 4 تولہ۔
ترکیب: تمام دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں۔
استعمال: 6 ماشہ ہر صبح ہمراہ دودھ استعمال کرنا چاہئے۔

## (329) سفوف اکسیر جریان و قوت باہ

منافع: کم خرچ بالا نشین کا مصداق ہے۔ جریان ضعف باہ کے لئے نہایت مفید اور مادہ تولید کو غلیظ کرنے میں بے عدیل ہے۔ اس سے گرمی کے عوارض بھی زائل ہو جاتے ہیں۔ جوانوں کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔ یہ خاص صدری راز ہے۔ اسے ہر مطب میں تیار رکھنا چاہئے جو ایک فاضل طبیب کا تمام عمر کا بایہ ناز و مجرب نسخہ ہے۔
نسخہ: لیتہ اتیس (داڑھی بوہڑ) خشک، سبوس اسبغول ہر ایک 5 تولہ، موصلی سفید 2 تولہ، مصری کوزہ دس تولہ۔ سب ادویہ جدا جدا باریک کوٹ چھان کر ملا لیں۔
استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے آدھ سیر استعمال کریں۔

## (330) شیر مقوی باہ

منافع: نہایت مقوی باہ ثابت ہوا ہے۔ جریان کو دفع کرتا اور امساک پیدا کرتا ہے۔ ایک جامع ترکیب ہے جس کی موجودہ زمانہ میں نہایت ضرورت ہے۔ موسم سرما میں خصوصیت سے زیادہ مفید و مستعمل ہے۔
نسخہ: گوند چھوارہ چھ ماشہ دودھ ایک سیر مصری بقدر ضرورت۔
ترکیب و استعمال: گوند چھوہارہ کو باریک پیس کر دودھ میں ملا کر جوش دیں۔ جب دودھ کا رنگ گلابی

ہو جائے اتار کر مصری ملا کر رات کو سوتے وقت تیار کر کے نوش فرمایا کریں۔

## (331) حبوب امساک وغیرہ اعلیٰ

اسناد: یہ نسخہ محترم حکیم فتح محمد صاحب ساکن راجوری نے کمال فراخ دلی اور مہربانی سے عنایت فرمایا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

منافع: ممسک ہونے کے علاوہ عمدہ طاقت پیدا کرتی ہیں۔ سرعت انزال کے لئے مفید ہیں۔ وقتی ضرورت کے لئے مناسب ہیں۔ امساک کے علاوہ ازحد طاقت باہ پیدا کرتی ہیں۔ اگر کچھ عرصہ تک متواتر ایک گولی استعمال کی جائے تو ان سے سرعت انزال کا عارضہ دور ہو جاتا ہے۔ مجرب و معمول اور قابل قدر ہیں۔

نسخہ: سیماب، آملہ سار ہر ایک تولہ تولہ، شنگرف رومی مدبر، مصطگی رومی، زعفران، دارچینی افیون، تخم جوز ماثل سیاہ، جلوتری، جائفل، دانہ الائچی خورد، لونگ ہر ایک تین ماشہ، مشک خالص تین رتی۔

ترکیب: پہلے آملہ سار اور سیماب کو ملا کر کھرل کریں۔ جب کجلی تیار ہو جائے باقی دوائیں باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں تاکہ یکجان ہو جائیں پھر قدرے شہد یا سفیدی بیضہ مرغ ملا کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی جماع سے دو گھنٹہ پہلے ہمراہ دودھ آدھ سیر استعمال کریں۔ بہتر ہے کہ اس دن روٹی نہ کھائیں۔ صرف دودھ ہی پئیں۔ اگر غذا کھائیں تو بہت کم اور دودھ زیادہ پئیں۔ گولی کے بعد اگر کوئی خشکی محسوس ہو تو دودھ پینا چاہئے۔ غذا سے بعد کھائی جائے تو غذا سے ڈیڑھ گھنٹہ بعد کھانی چاہئے۔

شنگرف مدبر کرنے کی ترکیب: شنگرف رومی 2 تولہ، بھلاوہ، مال کنگنی، شہد، روغن گاؤ ہر ایک 20 تولہ، مال کنگنی کوٹ کر ایک کڑاہی میں بچھا کر اس پر شنگرف رکھیں۔ اس پر بھلاوہ کوٹ کر رکھیں۔ پھر اوپر شہد و روغن زرد ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب آگ بھڑک اٹھے اور سب اشیاء جل جائیں تو اتار کر سرد کر کے پیس لیں۔

## (332) دیگر

اسناد: استاذ الاطباء جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کی معمول و مجرب ہیں۔

منافع: قوت باہ اور امساک پیدا کرنے میں نہایت موثر و مفید ہیں۔

نسخہ: تخم الفار سفید 4 رتی، افیون، صمغ عربی ہر ایک ایک ماشہ دھتورہ سیاہ تین ماشہ۔

ترکیب: تمام ادویہ خوب کھرل کر کے قدرے پانی ملا کر حبوب بقدر دانہ مسور تیار کریں۔

استعمال: دو سے تین گولی تک جماع سے تین گھنٹے پہلے ہمراہ دودھ آدھ سیر جس میں روغن زرد، مصری ہر ایک تین تولہ ملائے گئے ہوں نگل لیں۔ اور پہلے کوئی چیز کھلا کر استعمال کریں۔ گرمی محسوس ہو تو دودھ پئیں۔

## (333) معجون مقوی باہ

**اسناد:** شمس الاطباء جناب حکیم سید عالم شاہ صاحب لاہوری مرحوم و مغفور کا خاص الخاص معمول مطب نسخہ ہے۔ جو میرے محترم ہم درس بھائی حکیم سید رحمۃ اللہ شاہ صاحب نے عطا کیا ہے۔

**منافع:** تقویت باہ کے لئے مخصوص ہے۔ مولد و مغلظ مفرح و مقوی اعضاء رئیسہ مقوی اعصاب و مقوی گردہ وغیرہ نہایت عمدہ ہمہ صفت موصوف قابل قدر اور معمول مطب بنانے کے قابل ہے۔

**نسخہ:** آب گاجر، مصری ہر ایک 1 سیر، ابریشم خام ایک تولہ، خشخاش سفید، مغز تخم خیار ہر ایک تین تولہ، آرد خرما خشک، مغز بادام، مغز نارجیل، ثعلب مصری، بہمن سفید، شقاقل، خار خشک ہر ایک 6 تولہ، آرد نخود، آرد برنج ہر ایک 11 تولہ، صمغ عربی، روغن گاؤ، عرق گاؤزبان، گلاب ہر ایک 15 تولہ، دانہ الائچی خورد، دارچینی ہر ایک 10 ماشہ، زنجبیل 14 ماشہ، زردی بیضہ مرغ 25 عدد، مشک خالص 2 ماشہ، ورق نقرہ ایک دفتری۔

**ترکیب:** ابریشم کو کتر کر صاف کر کے رات کو 1 پاؤ پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں۔ جب آدھ پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر رکھیں۔ آرد نخود، آرد برنج کو روغن زرد میں بریاں کریں۔ بیضہ مرغ کو پانی میں جوش دے کر ان کی زردیاں الگ کرلیں۔ باقی خشک دواؤں کو جدا جدا پیس کر سفوف بنالیں۔ اب آب گاجر اور ابریشم کا پانی آگ پر چڑھا کر مصری ملا کر قدرے جوش دیں۔ پھر عرقیات ملا کر جوش دیتے رہیں۔ تاکہ قوام تیار ہو جائے پھر باقی تمام ادویہ ملا کر ہلائیں۔ ورق نقرہ نیچے اتار کر ڈال دیں اور چمچہ سے خوب ہلائیں تاکو یک ذات ہو جائیں۔

**استعمال:** ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ گاؤ استعمال کریں۔

**نوٹ:** گاجریں سفید رنگ عمدہ کوٹ کر ان کا پانی کپڑے میں نچوڑ کر استعمال میں لائیں۔

## (334) ماء اللحم خاص الخاص

**اسناد:** شمس الحکماء استاذ الاطباء جناب حضرت استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات خاص سے ہے۔

**منافع:** طاقت باہ اور تفریح کے لئے خاص الخاص چیز ہے۔ اعضاء رئیسہ کو طاقت دیتا اور بدن کو طاقتور بناتا ہے۔ ہمہ صفت موصوف ہے۔

**نسخہ:** گوشت بکرا آٹھ سیر، تیتر، مرغ، بٹیر ہر ایک دو عدد، آب پیاز ڈیڑھ سیر، دارچینی 2 تولہ، ادرک 7 تولہ، زیرہ سیاہ دو تولہ، کشنیز خشک 5 تولہ، الائچی خورد دو تولہ، گھی دو سیر، گل گاؤزبان، تودری سفید، تودری سرخ، بہمن سرخ، بہمن سفید، دارچینی، صندل سفید، موصلی سیاہ ہر ایک 5 تولہ، ثعلب مصری، خولنجان ہر ایک 7 تولہ، کشنیز سبز، عرق کیوڑہ ہر ایک آدھ سیر، الائچی کلاں، الائچی خورد ہر ایک تین تولہ، زعفران، عشبہ، عود ہندی ہر ایک تولہ تولہ، عرق بید مشک تین سیر، تخم شلغم 2 تولہ، حب القرطم، تخم گذر، شقاقل مصری، خوشہ

ورق زر ہر ایک 4 تولہ، عنبر اشہب، مشک خالص ہر ایک ایک ماشہ۔

ترکیب: پہلی دس چیزوں کو الائچی خورد تک گھی مذکور میں بریاں کر کے یخنی نکال کر باقی دواؤں کے ساتھ حسب دستور عرق بقدر 20 بوتل کشید کریں مگر عنبر اور مشک کو نیچہ کے منہ پر باندھیں۔

استعمال: پانچ پانچ تولہ صبح و شام مصری ملا کر پلائیں۔

## (335) معجون مقوی باہ و دافع جریان

فوائد: اس میں تمام فوائد پائے جاتے ہیں۔ مولد و مغلظ منی ہے۔ جریان کو دور کرتی اور احتلام کو روکتی اور قوت باہ پیدا کرتی ہے۔ قبض نہیں ہونے دیتی بلکہ قبض کشاء ہے جو ضعف باہ جریان وغیرہ کے مریض قبض میں مبتلا ہوں ان کو خاص طور پر مفید ہے۔ نہایت مجرب ہے۔

نسخہ: تج، تال مکھانہ، کیرا، تخم انگن، تخم کونچ، ثعلب مصری، شقاقل بہمن سفید، بہمن سرخ، موصلی سفید موصلی سیاہ، تودری زرد، تودری سفید، تخم سریالہ، بیجبند، ستاور ہر ایک تولہ تولہ، ترنجبین 32 تولہ۔

ترکیب: سوائے ترنجبین کے باقی دوائیں باریک کوٹ کر سفوف بنا دیں اور ترنجبین کو عرق گلاب خالص ایک بوتل میں ایک جوش دیں۔ پھر اتار کر کپڑے میں چھان لیں اور تھوڑی دیر تک رکھ دیں۔ جب صاف پانی اوپر آجائے تو احتیاط سے نتھار لیں اور دوبارہ آگ پر پکائیں۔ جب قوام تیار ہو جائے دواؤں کا سفوف ملا کر خوب ملالیں اور شیشہ یا مٹی کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## (336) سفوف کثرت احتلام

فوائد: کثرت احتلام کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

نسخہ: تج، دارچینی ہر ایک 7 تولہ۔

ترکیب: دونوں دوائیں جدا جدا باریک پیس کر خوب ملالیں اور نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک تولہ صبح گائے کے دہی پر ڈال کر استعمال کریں۔

ہدایات: تمام گرم ترش اور تیل کی بنی ہوئی اشیاء سے پرہیز کریں۔

## (337) حب ذکاوت حس مجرب

فوائد: جب جلق وغیرہ قبیحہ عادات سے ذکاوت حس یعنی جھوٹی شہوت کا عارضہ پیدا ہو جائے کثرت احتلام جریان کی شکایات دامن گیر ہوں۔ اس حالت میں سب سے پہلے یہ گولیاں استعمال کرا کر بعد میں سفوف مغلظ استعمال کرانا چاہئے۔ اس کے بعد مقوی و محرک ادویہ استعمال کی جائیں۔ تجربہ "یہ علاج مفید ثابت ہوا ہے۔ اس غرض کے لئے یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔ طبیعت میں اعتدال پیدا کرتی اور جریان احتلام کے عارضہ کو فائدہ بخشتی اور تسکین پیدا کرتی ہیں۔

نسخہ: کافور ایکسٹریکٹ بلاڈونا، کشتہ قلعی، پارہ شورہ والا، کشتہ سہ دھاتہ ہر ایک چھ ماشہ، افیون 3 ماشہ۔

ترکیب: کافور کو باریک پیس لیں پھر سب کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ تاکہ یکجان ہو جائیں پھر پانی کی مدد سے دو دو رتی کی گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت نیلوفر 5 تولہ یا صرف پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔ ایک ہفتہ حد دو ہفتہ کافی ہیں۔

## (338) سونا محلول مقوی باہ

اسناد: ایک دوست کا مشہور عام معمول ہے وہ اشتہارات کے ذریعہ بھی فروخت کرتے ہیں اور اس کی بہت تعریف ہے۔

منافع: مقوی باہ ہے۔ ضعف اعضاء رئیسہ، ضعف عامہ کے لئے مخصوص ہے۔ خون صالح پیدا کرتا اور جسم میں طاقت و توانائی پیدا کرتا ہے۔ ضعف اعصاب، ضعف دماغ کے لئے مفید ہے۔ غذا کو جزو بدن بناتا ہے۔

نسخہ: ورق طلا 6 ماشہ، تیزاب گندھک، تیزاب شورہ ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: تینوں اشیاء ایک شیشی میں ڈالیں جس کا کچھ حصہ خالی رہے پھر اس پر مضبوط کارک لگا کر دو گھنٹہ تک ایک صندوق میں رکھ دیں اور صندوق کو اندھیرے میں بند کر کے رکھیں۔

استعمال: اس میں سوئی کا سر ڈبو کر چائے کی پیالی میں ڈبو کر پلائیں۔ صرف ایک وقت کافی ہے۔

## (339) حب اکسیر جریان و قوت باہ

منافع: نہایت جامع ہمہ صفت موصوف سو فیصدی مفید نسخہ ہے۔ جریان ضعف باہ، ضعف دل، دماغ، معدہ، گردہ، مثانہ، اعصاب کو دور کر کے از حد طاقت پیدا کرتی ہیں۔ دودھ، گھی ہضم کرنے میں بے مثل ہیں۔ اسی لئے ان سے خون صالح پیدا ہو کر بدن موٹا اور طاقتور ہو جاتا ہے۔ آج کل کی مردانہ شکایات کے لئے بے حد مفید و مجرب ہیں۔

نسخہ: ایکسٹریکٹ بلاڈونا 8 گرین، ایکسٹریکٹ نکس وامیکا 16 گرین، کونین سلفاس 30 گرین، فاسفیٹ آف آئرن 20 گرین، گولڈ کلورائیڈ، سوڈیم 15 گرین، ایکسٹریکٹ جنشن ایک ڈرام۔ سب کو اچھی طرح ملا کر اس کی 60 گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ بعد دودھ کے ساتھ نگل لینی چاہئے اور دودھ گھی زیادہ استعمال کرنا چاہئے۔

## (340) حب مقوی و ممسک عجیبہ

منافع: بے حد قوت پیدا کرتی ہیں اور ممسک بھی ہیں۔ دودھ، گھی خوب ہضم کرتی اور اپنا اثر خوب دکھاتی ہیں۔ تجربہ کر کے اس کا اثر دیکھیں۔

نسخہ: مشک خالص، عنبر اشہب، مروارید ناسفتہ، ورق طلاء، ورق نقرہ، زعفران، افیون خالص، اسٹرکنیا ہر

2 رتی۔
ترکیب: مروارید کو عرق گلاب میں کھرل کریں اور باقی دواؤں کے ساتھ ملا کر عرق گلاب میں کھرل کر کے 64 گولیاں تیار کریں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ غذا سے ایک گھنٹہ بعد نگل لیں۔

## (341) حب اکسیر الاجسام (صندوقچہ)

منافع: قوت اور امساک پیدا کرتی ہیں اعضاء رئیسہ و شریفہ اور اعصاب کو طاقت دیتی ہیں۔ غذا جزو بدن کر کے طاقت بخشتی ہیں۔ بھوک پیدا کرتی اور طبیعت کی سستی کو زائل کرتی ہیں۔ قوت باہ اور امساک کے علاوہ نہایت درجہ مقوی بدن اور بدن پرور و حافظ صحت ہیں۔ کئی دفعہ کی تجربہ شدہ اعتباری چیز ہے۔
نسخہ: مروارید ناسفتہ، مشک خالص، عنبر اشہب، پنیر مایہ شتر اعرابی، ست سلاجیت، ورق طلا، ورق نقرہ، ابریشم مقرض، زعفران ہر ایک ایک ماشہ، اسٹرکنیا 3 رتی، مارفیا 6 رتی۔
ترکیب: ابریشم کتر کر صاف کر لیں اور دوبارہ خوب باریک کتر لیں۔ مروارید عرق گلاب میں آدھ گھنٹہ تک کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے باقی سب دوائیں ملا کر خوب کھرل کر کے یکجان کر لیں۔ شہد اس قدر ملائیں کہ گولیاں بن سکیں پھر بقدر دانہ جوار گولیاں تیار کریں۔
استعمال: پہلے کوئی چیز کھا کر صبح ایک گولی ہمراہ دودھ کھائیں۔ غذا مرغن کھائیں۔
نوٹ: اگر مارفیا اور اسٹرکنیا کے بغیر یہ گولیاں تیار کی جائیں تو ضعف قلب تمام اقسام کے لئے دواء المسک اور مفرحات ہر قسم سے زیادہ قوی ثابت ہوئی ہیں۔ اعضاء و قویٰ کو از حد طاقت بخشتی ہیں۔ قوت و ولولہ پیدا کرتی ہیں اور فوری اثر ہوتا ہے۔ ہر قسم کی کمزوری بدنی اور ضعف اعضاء رئیسہ کے لئے بدرجہ غایت اکسیر ہیں۔

## (342) حب مقوی باہ دیگر

منافع: ضعف باہ کے لئے نہایت سریع النفع ہیں۔ مردی طاقت کے خواہش مند کو تھوڑے دن میں فائدہ پہنچاتی ہیں۔ کمزوری بدن اور امساک کے لئے بہت مفید ہیں۔ دودھ گھی اور مقوی غذاؤں کو عمدہ طور پر ہضم کر کے جزو بدن بناتی اور طاقت بکثرت پیدا کرتی ہیں۔ تجربہ میں آ چکی ہیں۔ موسم سرما کے لئے عمدہ بے مثال چیز ہے۔ ایک دوست کا معمول ہے۔ میں نے اسے تیار کیا مفید پایا۔
نسخہ: شنگرف رومی ایک تولہ، پھل دھتورہ جو پختہ ہونے کے قریب ہوں 9 عدد، کشتہ سم الفار 3 ماشہ، افیون ایک تولہ۔
ترکیب: پھل دھتورہ تین عدد کوٹ کر پانی نکال لیں۔ اور شنگرف میں تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کریں۔ جب سب پانی جذب ہو کر ٹکیہ بن سکے تو ٹکیہ بنا کر خشک کر لیں اور پھل دھتورہ کے اسی فضلہ میں لپیٹ کر اوپر آٹا گندم کا انگلی بھر لیپ کر دیں اور گھی میں بریاں کریں۔ آگ زیادہ نہ ہو۔ جب سیاہی مائل ہو جائے

توگولہ نکال کر سرد کر کے شنگرف نکال لیں اور پھر تین عدد پھل دھتورہ کے پانی میں بدستور کھرل کر کے کشتہ عمل کریں۔ اسی طرح تین بار بریاں کریں۔ پھر اس میں کشتہ سم الفار اور افیون ملا کر کھرل کر کے پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نصف رتی تیار کریں۔ گولیاں مقدار سے موٹی نہ ہوں۔

**استعمال:** ایک گولی صبح 5 تولہ گھی کے ساتھ یا مکھن میں رکھ کر کھالیں۔ جب خشکی گرمی کا اثر معلوم ہو دودھ پئیں۔ غذا خوب مرغن کھائیں۔ اور دوائی کھانے سے پہلے کوئی چیز کھالینی چاہئے۔

**نوٹ:** کشتہ سم الفار خواہ جس ترکیب سے بنا ہوا ہو جائز ہے۔

## (342) حب امساک و قوت باہ

**منافع:** ہمہ صفت موصوف ہیں یعنی عیش پسند حضرات جو طاقت اور امساک کے شائق ہوں ان کے لئے نہایت عجیب و غریب ہیں اور لطف یہ کہ مادہ تولید میں غلظت پیدا کر کے قوت مردمی میں اضافہ کرتی ہیں۔ وقتی امساک کے لئے عمدہ چیز اور بے ضرر ہیں۔

**نسخہ:** گولہ نارجیل جو وزن میں 5 تولہ کے قریب ہو ایک عدد ہو تال مکھانہ افیون ہر ایک 6 ماشہ، زعفران 1 ماشہ۔

**ترکیب:** گولہ نارجیل میں سوراخ کر کے باقی تینوں دوائیں باریک کر کے اس میں ڈال کر شیر بڑے پر کر دیں اور اس کا منہ کارک سے بند کر کے اوپر آٹا گندم ایک پاؤ کے قریب گوندھ کر لگا دیں اور غلہ گندم میں اکیس دن تک دفن رکھیں پھر نکال کر آٹا دور کر کے گولہ نارجیل معہ ادویہ خوب کوٹ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

**استعمال:** جماع سے ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی ہمراہ دودھ آدھ سیر نگل لیں۔ دائمی طاقت و امساک کے لئے ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## (344) اکسیر قوت باہ و امساک

**اسناد:** یہ نسخہ فاضل دوست حکیم مولوی شمس الدین صاحب سکنہ چوکناں والی ضلع گجرات کا معمول و مجرب ہے۔

**منافع:** قوت باہ اور امساک کے لئے نہایت مفید ہے۔ ضعیفوں کی جان ہے اور دودھ گھی ہضم کرنے میں لاجواب چیز ہے۔ نامردی کے لئے نہایت مفید ہے۔

**نسخہ:** برادہ چاندی، برادہ تانبہ، ہڑتال ورقی، سنکھیا سفید، گندھک آملہ سار، پارہ ہر ایک 2 تولہ، لیموں 120 عدد۔

**ترکیب:** تمام ادویہ 40 عدد لیموں کے رس میں کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں اور مٹی کے کوزہ میں ڈال کر گل حکمت کریں اور دو سیر اوپلہ کی آگ دیں پھر نکال کر 40 عدد لیموں کے رس میں کھرل کر کے آگ دیں۔ اسی طریق سے تیسری دفعہ آگ دیں پھر خوب کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔ سیاہ رنگ کی دوا تیار ہوگی۔

استعمال: نصف رتی مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر استعمال کریں۔ صرف ایک وقت کافی ہے۔ اس کے ساتھ گھی جس قدر ہضم ہو سکے کھالیں۔

## (345) سفوف اکسیر جریان حار

منافع: جریان کے گرم مزاج مریضوں کے لئے نہایت مفید ہے۔ جن کی طبع سخت گرم ہو تھوڑی سی گرم دوا یا غذا بھی برداشت نہ کر سکیں۔ ان کے لئے مناسب ہے۔ اس سے جریان کے علاوہ دل دھڑکہ وغیرہ بھی دور ہو کر دس بارہ دن میں فائدہ ہو جاتا ہے۔ بنانے میں بھی آسان اور سستا ہے۔ مغلظ و مولد منی اور مقوی باہ بھی ہے۔ مجرب ہمہ صفت موصوف ہے۔

نسخہ: کیرا، موصلی سفید، ثعلب مصری، سبوس اسبغول ہر ایک 2 تولہ، طباشیر کبود 6 ماشہ، دانہ الائچی خورد ایک تولہ، مصری 10 تولہ۔

ترکیب: سبوس اسبغول کے علاوہ باقی دوائیں کوٹ کر سفوف بنا دیں پھر سبوس اسبغول بغیر کوٹے ملائیں۔

استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے ایک پاؤ استعمال کریں۔

## (346)

اسناد: یہ اکسیری نسخہ میرے محب و مخلص جناب حکیم ڈاکٹر مقصود احمد خاں صاحب سکنہ موئی ضلع بارہ بنکی نے عنائت فرمایا ہے۔ اور اپنے فوائد اور خواص کے لحاظ سے اس قابل ہے کہ اسے ہر مطب میں تیار کر کے رکھا جائے۔

منافع: مجلوق کے لئے آب حیات ہے۔ اس سے تین ہی دن میں کجی، کمزوری، سستی، ڈھیلاپن وغیرہ تمام عوارض دور ہو جاتے ہیں۔ خوب طاقت پیدا ہوتی ہے۔ ایک ہفتہ تک استعمال کرانا چاہئے۔

نسخہ: دودھ تھوہر خاردار 5 تولہ، ہڑتال ورقی ایک تولہ۔

ترکیب: ہڑتال کو خوب کھرل کریں پھر دودھ تھوہر تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب تمام دودھ جذب ہو کر دوائی گاڑھی ہو جائے تو ایک کپڑے پر لیپ کر کے اس کی بتی بنا کر ذرا خشک کریں پھر ایک سیخ سے پکڑ کر آگ لگا دیں۔ نیچے ایک طشتری رکھیں جو تیل نکلے اس میں جمع کرتے جائیں۔ اخیر میں یہ تیل کسی شیشی میں ڈال کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: تھوڑا سا تیل دو تین رتی کے قریب لے کر حشفہ و سیون چھوڑ کر مالش کریں اوپر برگ پان یا برگ ارنڈ باندھ دیں۔ روزانہ رات کو یہ عمل کریں۔ صبح کھول دیا کریں اگر چھوٹے چھوٹے دانے نکل آئیں تو ایک دن لگا کر پھر نہ لگائیں اور روغن چنبیلی یا روغن زرد سے دن میں دو دفعہ چپڑ دیا کریں۔ جب دانے درست ہو جائیں پھر طلاء لگانا شروع کریں۔

## (347) دوائے ممسک و مقوی آسان

**منافع:** مقوی باہ و ممسک ہے۔ سرعت انزال کے لئے مفید اور محرک باہ ہے۔ ضرورت کے وقت آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔ نہایت سستا نسخہ ہے۔ دو ہفتہ تک متواتر استعمال کرنا چاہئے۔ کم خرچ بالا نشین کا مصداق ہے۔

**نسخہ:** تخم حرمل بریاں، کنجد سیاہ، کوکنار ہر ایک تین تولہ۔

**ترکیب:** سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملالیں۔

**استعمال:** سات ماشہ ہمراہ شیر گاؤ عصر کے وقت استعمال کریں۔

## (348) دوائے محرک باہ و ممسک

**منافع:** یہ دوائی اعلیٰ درجہ کی ممسک و مقوی باہ ہے۔ دیکھنے میں معمولی اور فوائد کے لحاظ سے نہایت عمدہ چیز ہے۔

**نسخہ:** بیر بہوٹی خشک شدہ، افیون، عقر قرحہ ہر ایک 6 ماشہ، تینوں دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملالیں۔

**استعمال:** نصف رتی صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔ زیادہ ضرورت ہو تو دونوں وقت دیں۔

## (349) طلائے آسان

**منافع:** مندرجہ بالا دوا کے ساتھ اکثر استعمال کرایا جاتا ہے۔ بہت زود اثر کم خرچ بالا نشین کا مصداق ہے۔

**نسخہ:** آسگند، عقر قرحہ، فرفیون، سرسوں سفید، پوست بیخ کنیر سفید، پوست بیخ مدار، دردی بول خر ہر ایک تولہ تولہ۔

**ترکیب:** خشک دوائیں باریک پیس کر دردی بول خر ملا کر خوب کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** وقت ضرورت قریباً دو ماشہ لے کر پانی میں حل کر کے حشفہ و سیون بچا کر عضو مخصوص پر ضماد کریں اور اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ چھ گھنٹہ کے بعد کھول دیں۔ تین روز استعمال کر کے تین دن ناغہ کریں۔ پھر استعمال شروع کریں۔ اسی طرح تین بار عمل کریں۔ غسل منع ہے۔

**دردی بول خر:** گدھے کا پیشاب دو دن تک ایک برتن میں حفاظت سے رکھیں۔ جو چیز نیچے تہ نشین ہو یہ دردی بول خر ہے۔

**نوٹ:** یہ تینوں نسخہ جات ایک طبیب کے معمول مطب قابل اعتبار اور مجرب ہیں۔

## (350) دوائے اکسیر احتلام

**اسناد:** عالی جناب محترم حکیم سید امیر علی شاہ صاحب گانگی ضلع میاں والی کا عطیہ اور آپ کا مجرب ہے۔

**منافع:** اکسیر کثرت احتلام کے لئے ازحد مفید ہے۔ اس کا بہت دفعہ تجربہ کیا گیا ہے۔ جریان کو فائدہ کرتی اور منی کو غلیظ کرتی ہے۔ طاقت باہ اور امساک میں مدد دیتی ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ: افیون، مغز کنوچہ ہر ایک تین ماشہ، شقاقل، کشتہ قلعی ہر ایک 6 ماشہ، گوند کیکر، الائچی سبز، کیرا، موچرس، تخم ریحان، چھال کیکر ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: سب دوائیں کوٹ پیس کر خوب ملالیں۔

استعمال: تین ماشہ صبح ہمراہ دودھ ڈیڑھ پاؤ استعمال کریں۔

## (351) دیگر

منافع: کثرت احتلام کے لئے عجیب الاثر ٹوٹکا ہے۔ احتلام خواہ جتنا پرانا ہو چند خوراک سے دور ہو جاتا ہے۔

نسخہ: غنچہ ڈھاک، قند سیاہ کہنہ ہر ایک دو تولہ۔

ترکیب: دونوں کو پہلے جدا جدا کوٹ لیں پھر ملا کر اس حد تک کوٹیں کہ گولی بننے کے قابل ہو جائے پھر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔

استعمال: دو گولیاں رات کو سوتے وقت روزانہ ہمراہ دودھ یا پانی استعمال کریں۔

## (352) سفوف عجیبہ برائے جریان

منافع: جریان کے لئے بہت عجیب دوا ہے۔ مزاج کی گرمی کو دور کرتی ہے۔ کثرت احتلام سرعت انزال دور کر کے منی کو غلیظ کرتی ہے۔ دو ہفتہ کا استعمال کافی ہے۔

نسخہ: ریش برگد، مغز کنول گٹہ، تالمکھانہ، صمغ عربی، کیرا سفید، بوٹی ہزاروں کا سفوف ہر ایک 5 تولہ، کشتہ فولاد، موچرس ہر ایک تولہ تولہ، ثعلب مصری 3 تولہ، مصری کوزہ 35 تولہ۔ تمام ادویہ جدا جدا باریک کوٹ چھان کر کشتہ فولاد خوب ملا کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: 4 ماشہ سے 6 ماشہ تک صبح ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

## (353) حبوب اکسیر جریان

مرسلہ: عالی جناب حکیم مولوی امیر علی شاہ صاحب گانگی والا ضلع میاں والی کا عنائت کردہ مجرب نسخہ ہے۔

منافع: جریان ہر قسم نئے اور کہنہ کے لئے نہایت عجیب صفت ہیں۔ منی کو نہایت غلیظ کر کے اس کی اصلاح کرتی ہیں اور گرمی مزاج دور کر کے طاقت وصحت اور منی پیدا کرتی ہیں۔

نسخہ: مغز تخم املی، ست برگد، موچرس، ست بہو پھلی، کشتہ سہ دھاتہ، کیرا سفید، صمغ عربی ہر ایک 2 تولہ، [illegible]، سلاجیت ہر ایک تولہ تولہ، کشتہ قلعی 6 ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک کر کے شیر برگد 10 تولہ کے ساتھ کھرل کریں اور چار چار رتی کی گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام دودھ کے ہمراہ۔

## (354) دیگر

**نسخہ:** گوند کیرا، برگ بھنگرہ خشک، دودھی خورد سایہ میں خشک کی ہوئی ہر ایک 2 تولہ۔
**ترکیب:** سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملالیں۔
**استعمال:** چھ چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ شیرِ گاؤ استعمال کریں۔

## (355) اکسیر جریان حار و ضعف جگر

**منافع:** جریان حار (جو جریان گرمی کی وجہ سے ہو یا مریض گرم مزاج ہو) اور ضعف جگر کے لئے اکسیر ہے۔ اگر جریان کے ساتھ گرمی اور ضعف جگر کا عارضہ ہو تو یہ نسخہ نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ ویسے جریان ہر قسم کے لئے نہایت مفید اور مجرب ہے۔
**نسخہ و ترکیب:** سیسہ یعنی سکہ حسب ضرورت لے کر کوٹ کر کاغذ کی مانند باریک باریک ورق بنا دیں پھر مقراض سے اس کے باریک باریک ٹکڑے کرلیں اور کھرل میں ڈال کر لعاب اسبغول کے ساتھ یہاں تک کھرل کریں کہ اس پر دودھ کی مانند سفید جھاگ نمودار ہو جائے پھر اسے خشک کر کے شیشی میں نگا[illegible] رکھیں۔
**استعمال:** دو سے چار رتی تک صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

## (356) حب مقوی باہ بے نظیر

**اسناد:** جناب محترم دوست حکیم سید مولوی امیر علی شاہ صاحب کا عطیہ ہے۔
**منافع:** تقویت باہ کے لئے بے نظیر ہیں۔ دو ہفتہ کھانے سے بدن میں نئی روح پھونک دیتی ہیں۔
**نسخہ:** کشتہ شنگرف، کشتہ سم الفار ہر ایک 6 ماشہ، زعفران، افیون، مومیائی ہر ایک 9 ماشہ، گوند چھوہارہ، بہمن سفید، ثعلب مصری، کشتہ قلعی ہر ایک ایک تولہ، کشتہ فولاد، مایہ شتر اعرابی ہر ایک 8 ماشہ۔
**ترکیب:** کوٹنے والی ادویہ کوٹ کر چھان لیں پھر سب کو ملا کر پہلے تین روز آب ادرک میں پھر تین روز آب لیموں میں پھر تین روز آب برگ پان میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر حبوب بقدر نخود بنا دیں۔
**استعمال:** ایک گولی صبح ہمراہ پانی یا دودھ نگل لیں اوپر مکھن یا ملائی کھا کر دودھ پئیں۔

## (357) مقوی باہ دیگر

**اسناد:** عالی جناب حکیم مولوی امیر علی شاہ صاحب گانگی والا ضلع میانوالی کا عطیہ اور مجرب ہے۔
**منافع:** نہایت مقوی باہ ہے۔ منی کو گاڑھا کرنے اور طاقت بخشنے میں اعلیٰ ثابت ہوئی ہے۔
**نسخہ:** ثعلب مصری، سپاری سرخ، ہلدی، گوند چھوہارہ، کشتہ قلعی، سلاجیت ہر ایک تولہ تولہ، کشتہ فولاد [illegible] ماشہ۔
**ترکیب:** سب کو جدا جدا باریک پیس کر خوب ملالیں اور اس کی 24 پڑیہ بنالیں۔
**استعمال:** روزانہ صبح ایک پڑیہ پھانک کر بعد میں مرغی کا ایک انڈا خام پئیں۔ اوپر بقدر ایک چھٹانک [illegible]

ہیں۔ اسی طرح روزانہ عمل کریں۔

## (358) دوائے ملذذ

منافع: نہایت اعلیٰ درجہ ملذذ ہے۔ مجرب المجرب اور آزمودہ ہے۔

نسخہ: زعفران، کافور، روغن گاؤ ہر ایک پونے دو ماشہ۔

ترکیب: ایک چائے کی چھوٹی پیالی میں ڈال کر انگلی سے حل کرتے رہیں۔ حتیٰ کہ یکجان ہو جائیں بس تیار ہے۔

استعمال: وقت حاجت ایک گھنٹہ پیشتر طلا کریں۔

## (359) دیگر

نسخہ: بیر بہوٹی، خراطین ہر ایک تین ماشہ خاکستر موئے سر عورت ایک ماشہ، عرق گلاب بقدر ضرورت عطر موتیا 2 رتی۔

ترکیب: پہلی تینوں دوائیں عرق گلاب میں پیس لیں تاکہ پتلا سا ضماد بن جائے پھر اس میں عطر موتیا ملا کر رکھ لیں۔

استعمال: وقت ضرورت قدرے اس میں سے لے کر عضو مخصوص پر طلا کریں۔ جب خشک ہو جائے مشغول ہوں۔

## (360) حبوب مقوی باہ عجیبہ

منافع: نہایت ہی مقوی باہ ثابت ہوئی ہیں۔ اعضاء رئیسہ کو طاقت دیتی اور ہاضم طعام ہیں۔ خصوصاً بلوغت کے لئے عمدہ چیز ہے۔ مجرب و آزمودہ اور قابل قدر نسخہ ہے۔

نسخہ: شنگرف، سنکھیا، مشک اصلی ہر ایک تین ماشہ، عرق پیاز سفید، عرق لیموں کاغذی، عرق ادرک ہر ایک ایک پاؤ، دار چینی، مصطگی رومی ہر ایک 9 ماشہ، جائفل جلوتری، عقرقرحہ، تخم دھتورہ ہر ایک 6 ماشہ، ثعلب مصری، شقاقل، دانہ الائچی خورد ہر ایک تولہ تولہ مغز بادام شیریں 15 دانہ، اسٹرکنیا 2 رتی۔

ترکیب: شنگرف اور سنکھیا کو عرق پیاز، عرق لیموں، عرق ادرک میں ترتیب وار کھرل کریں۔ پھر باقی اشیاء باریک کوٹ کر چھان کر ملا دیں اور بقدر نخود حبوب بنائیں۔

استعمال: صبح حلوہ مرغن کھا کر اوپر ایک گولی حلوہ میں رکھ کر نگل لیں پھر ایک سیر دودھ پئیں۔ دوران استعمال میں غذا خوب مرغن مرطوب کھائیں۔

## (361) طلائے نامردی

اسناد: حضرت استاذیم قبلہ حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم و مغفور لاہوری کا معمول مطب ہے۔ حضرت ممدوح کے مطب میں میں نے اپنے ہاتھ سے تیار کیا ہے۔

**منافع:** عضو مخصوص کے تمام نقائص کے لئے عجیب الصفت اور مجلوق و نامرد کا اعلیٰ ترین علاج ہے۔

**نسخہ:** سیماب، آملہ سار، ہڑتال ورقی، سم الفار سفید، سم الفار زرد، قسط تلخ، شنگرف رومی، زہرہلدیہ، زعفران ہر ایک ایک تولہ، عقرقرحا، کچلہ سیاہ، مغز جمال گوٹہ ہر ایک 5 تولہ، بھنگری بریان، کمیلہ، سہاگہ بریاں، زرد چوبہ، درج ہر ایک 2 تولہ، مال کنگنی، کنجد سیاہ ہر ایک 10 تولہ، زردی بیضہ مرغ 14 عدد۔

**ترکیب:** خشک ادویہ جدا جدا باریک پیس کر زردی بیضہ مرغ ملا کر کھرل کر کے کو کن بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔ خشک ہونے پر آتشی شیشی میں ڈال کر تیل کشید کریں۔

**استعمال:** رات کو چار قطرہ حشفہ و سیون بچا کر مالش کر کے برگ پان یا ارنڈ باندھیں۔ جب دانے نکل آئیں۔ روغن چنبیلی یا گھی جلا کر لگاتے رہیں۔ جب دانے درست ہو جائیں پھر طلا شروع کریں۔ تاصحت یہی دستور جاری رکھیں۔

## (362) حب دردر منی و مذی

**منافع:** جریان منی اور جریان مذی کے لئے مفید ہیں اور آسانی سے تیار بھی ہو سکتی ہیں۔ مجرب ہیں۔

**نسخہ:** تج 2 تولہ، افیون 6 ماشہ۔

**ترکیب:** تج کو پیس کر چھان لیں اور افیون ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

**استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام دودھ سے کھائیں۔

**ہدائت:** دوران استعمال میں ترش و بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

## (363) حلوائے جریان

**منافع:** جریان اور رقت منی کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ سات دن میں جریان کی بیخ کنی کرتا ہے۔ پورے 15 دن تک استعمال کیا جائے تو امساک اور طاقت باہ پیدا کر کے منی کو غلیظ کرتا ہے۔ اور انشاء اللہ نطفہ میں اولاد نرینہ کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے۔ نہایت قابل قدر اور مجرب المجرب نسخہ ہے۔

**نسخہ:** دال ماش یعنی ماہنہ، تخم املی خورد، موصلی سفید، سنگھاڑہ ہر ایک آدھ سیر۔

**ترکیب:** دال ماش رات کے وقت گائے کے تازہ دودھ میں تر کریں۔ صبح چھان کر سایہ میں خشک کر لیں۔ تخم املی کو پانی میں تر کریں۔ صبح بھٹی میں جس طرح دانے بھونے جاتے ہیں۔ بھون لیں۔ مگر سیاہی مائل نہ ہونے پائے۔ موصلی سفید کو بھی بھٹی میں بھون لیں۔ پھول جاتی ہے۔ پھر سنگھاڑہ سمیت سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

**استعمال:** اس سفوف میں سے ہر صبح تین تولہ لے کر اس میں گھی 5 تولہ ملا کر نرم آگ پر بھونیں پھر اس میں کھانڈ سفید 5 تولہ اور ایک پاؤ کے قریب پانی ملا کر آگ پر رکھیں اور ہلاتے رہیں۔ جب حلوہ کا قوام بن جائے اتار لیں اور نیم گرم کھالیں خواہ صبح خواہ شام۔

**ہدایات:** دوران استعمال میں ترش اور بادی اشیاء اور جماع سے پرہیز کریں۔

## (364) حب ممسک

منافع: سرعت، رقت، جریان کو دور کر کے عجیب اساک پیدا کرتی ہیں۔ مقوی باہ بھی ہیں۔ غرض مذکورہ شکایات کے لئے نہایت عمدہ جامع دوائی ہے۔ کچھ عرصہ متواتر استعمال کرنے سے سرعت رقت جریان دور ہو کر امساک اور قوت باہ پیدا ہو جاتی ہے۔

نسخہ: افیون، جوزبوا، جلوتری، بسباسہ، قرنفل، نخود بریان، زعفران ہر ایک 6 ماشہ، مشک ایک ماشہ، ورق نقرہ 30 عدد، منقہ، ورق طلا 1 عدد، ست سلاجیت ایک تولہ۔

ترکیب: سوائے افیون کے باقی دوائیں باریک پیس کر رکھیں۔ افیون کو روح کیوڑہ میں حل کر کے باقی دوائیں ملا دیں۔ اور شہد بقدر ضرورت ملا کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

استعمال: تین گولی صبح ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ گرمی خشکی محسوس ہو تو دودھ لیں۔

## (365) دیگر

اسناد: یہ نسخہ جناب حکیم مولوی سید امیر علی شاہ صاحب گانگی ضلع میاں والی کا عطیہ ہے۔ آپ نے مجربات سلطانی حصہ سوم کے لئے ارسال فرمایا ہے۔

منافع: وقتی اور دائمی امساک کے لئے مجرب المجرب ہے۔ اس سے خاصہ امساک پیدا ہو جاتا ہے اور بے ضرر ہے۔

نسخہ: نخود بریاں مقشر، عقر قرحا ہر ایک 2 تولہ، پوست بیخ کونچ، مغز بادام شیریں ہر ایک 4 تولہ، جائفل اسگند ناگوری، تخم بھنگ ہر ایک تولہ تولہ، زعفران خالص 6 ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک کر کے شہد کی مدد سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

استعمال: بوقت ضرورت جماع سے دو گھنٹہ پیشتر ہمراہ شیر گاؤ ایک گولی نگل لیں اور بعد میں دودھ پئیں اور کوئی چیز نہ کھائیں۔ روزانہ استعمال کے لئے ایک گولی ہر صبح ہمراہ دودھ گاؤ استعمال کیا کریں۔

## (366) ٹکور برائے مجلوق

منافع: نہایت مفید سریع الاثر نسخہ ہے۔ ہفتہ عشرہ میں خوب اثر ہو جاتا ہے۔ جلق زدہ بحکم خالق اس کے استعمال سے یقیناً فائدہ حاصل کرتا ہے۔

نسخہ: بیر بہوٹی، قرنفل، کنجد سیاہ، میدہ سک، انبہ ہلدی، جلوتری، اسپند، ہنگوچھڈی، پوست بیخ کنیر سفید ہر ایک 2 تولہ، عرق پیاز، نرگس، عرق ادرک، روغن مال کنگنی ہر سہ ادویہ بقدر ضرورت۔

ترکیب: خشک دواؤں کو جدا جدا باریک پیس کر ملا لیں اور آخری تینوں اشیاء حسب ضرورت ملا کر اچھی طرح گھوٹ لیں اور محفوظ رکھیں۔

استعمال: دو تولہ لے کر ململ کے کپڑے میں پوٹلی باندھ لیں اور تابہ آہنی کو آگ پر چڑھا کر پوٹلی کو اس پر گرم کر کے عضو پر آہستہ آہستہ ٹکور کریں۔ جب ٹھنڈی ہو جائے پھر گرم کر لیا کریں نیز پیڑو اور کنج ران

اور خصیتین پر بھی ٹکور کریں۔ روزانہ رات کو نصف گھنٹہ ٹکور کر کے اوپر کپڑا باندھ دیا کریں تاکہ ہوا سرد سے محفوظ رہے۔ اس کے بعد کوئی عمدہ طلا استعمال کریں۔ 9 دن تک ضرور استعمال کرنا چاہئے۔

نوٹ: روغن مال کنگنی اس قدر ملائیں کہ دوا خوب مرغن ہو جائے۔

## (367) طلائے غربا

**منافع:** عضو مخصوص کے نقائص کو رفع کر کے عمدہ طاقت بخشتا ہے۔ مجلوق و نامرد کے لئے عمدہ چیز ہے۔ غریب مریض کے لئے مناسب ہے جو زیادہ قیمت صرف نہ کر سکتا ہو۔

**نسخہ:** پتہ روہو مچھلی ایک عدد، شنگرف، عقر قرحہ ہر ایک تولہ تولہ، روغن دار چینی تین تولہ۔

**ترکیب:** خشک دوائیں باریک پیس کر خوب کھرل کریں اور پتہ کا پانی اور روغن دار چینی ملا کر کھرل کر کے یکجان کرلیں۔

**استعمال:** حسب دستور مالش کر کے اوپر ارنڈ یا پان کا پتہ باندھیں۔ چند دن رات کو اسی طرح استعمال کریں۔

## (368) طلائے فیض عام

**منافع:** اس سے سینکڑوں مریض صحت یاب ہوئے ہیں۔ عضو کی رگوں میں از سر نو برقی طاقت پیدا کرتا ہے۔ مجلوق و نامرد کے لئے نہایت عجیب ہے۔ نہایت مختصر جامع الاوصاف مجرب طلا ہے۔

**نسخہ:** برادہ کچلہ، سم الفار سفید، خراطین، زلو خشک، رتک سفید، قرنفل، مال کنگنی ہر ایک 2 تولہ۔

**ترکیب:** خشک دوائیں جدا جدا باریک کر کے رکھیں اور سانڈہ کا قیمہ کر کے سب اشیاء کو خوب ملا کر پتال جنتر کے ذریعہ روغن کشید کریں۔

**استعمال:** عضو مخصوص پر رات کے وقت تین رتی کے قریب مالش کر کے اوپر برگ پان یا ارنڈ یا بھوج پتر باندھ دیں۔ صبح کھول دیا کریں۔ جب دانے باریک نکل آئیں طلاء کا استعمال ترک کر کے روغن چنبیلی یا گھی جلا کر حشفہ اور سیون بچا کر لگایا کریں۔

## (369) طلائے اعلیٰ

**اسناد:** محترم دوست حکیم سید امیر علی شاہ صاحب گانگی والا ضلع میاں والی کا عطیہ خاص ہے اور آپ کا مجرب و آزمودہ ہے۔

**منافع:** آلہ تناسل کے تمام نقائص کو دور کر کے از سر نو زندگی بخشتا ہے۔ اس کے استعمال سے ناکارہ مریض بھی جماع پر قادر ہو جاتا ہے۔ مگر مادر زاد نامرد نہ ہو۔

**نسخہ:** سنکھیا سفید سالم ڈلی 2 تولہ، شیر میش تین سیر، مغز تخم ارنڈ، عقر قرحہ ہر ایک تین تولہ، بیر بہوٹی، خراطین ہر ایک تولہ تولہ۔

**ترکیب:** سنکھیا کی ڈلی کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر شیر میش میں لٹکا کر ہانڈی میں جوش دیں۔ جب دو

ہر دودھ رہ جائے تو ہانڈی کو نیچے اتار کر سرد کر کے ڈلی سم الفار نکال کر اور کام میں لائیں اور صرف دودھ کو رات کے وقت ضامن لگا کر رکھ دیں۔ صبح بلو کر مسکہ حاصل کریں۔ پھر اس مسکہ میں باقی ادویہ جدا جدا باریک کر کے ملا کر پانچ روز تک کھرل کرتے رہیں۔ تیار ہو جائے گا پھر کسی شیشی میں نگاہ رکھیں۔ مسکہ تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔

استعمال: چار رتی کے قریب لے کر ہر روز رات کو بطریق معروف طلا کر کے برگ پان وغیرہ باندھیں۔

## (370) کشتہ روپیہ سالم الحروف

منافع: جریان کے لئے نہایت مفید ہے۔ گردوں کو طاقت دیتا اور قوت باہ پیدا کر کے منی کو غلیظ کرتا۔ بدن کو سرخ اور طاقتور کرتا ہے۔

نسخہ: روپیہ (یا خالص چاندی کا پترہ بقدر روپیہ) ایک عدد، سفوف بھو پھلی دو سیر۔

ترکیب: بھو پھلی بوٹی تازہ لے کر خشک کر کے باریک سفوف کر لیں پھر ایک پاؤ سفوف میں روپیہ یا پترہ چاندی جو روپیہ کے برابر ہو رکھ کر کپڑا میں خوب لپیٹ لیں اور اوپر چکنی مٹی کو روئی میں کوٹ کر انگل بھر لیپ کریں۔ جب خشک ہو جائے ہوا سے بچا کر گڑھے میں دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہو جائے تو نکال کر دوبارہ ایک پاؤ سفوف بھو پھلی میں رکھ کر کپروٹی کر کے آگ دیں۔ اسی طرح آٹھ دفعہ آگ دیں۔ سفید کشتہ تیار ہو گا اگر کچھ کسر باقی رہ جائے تو ایک دو آنچ اور دیں پھر پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک رتی صبح مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کریں۔

## (371) کشتہ نقرہ اکسیری

منافع: جریان احتلام کے لئے نہایت مفید ہے۔ گرمی اور سانس پھول جانا زردی رنگ بدن کی طاقت کا واحد علاج ہے۔ جوانوں کے لئے عمدہ چیز ہے۔ یہ نسخہ بہت زود اثر اور اطمینانی ثابت ہوا ہے۔ جو افادہ عام کے لئے شائع کیا جاتا ہے۔ اور ہمارے ہاں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔

نسخہ: بورہ نقرہ ایک تولہ، ابرک سیاہ باریک شدہ دو تولہ، عرق گلاب عمدہ ڈیڑھ پاؤ، آب انار 10 تولہ، شیر میش ایک پاؤ۔

ترکیب: بورہ نقرہ کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر عرق گلاب تھوڑا تھوڑا ملا کر آہنی دستہ سے رگڑنا شروع کریں۔ جب تمام عرق جذب ہو جائے آب انار کابلی اور شیر میش اسی طرح رگڑ کر ختم کر دیں پھر خشک کر کے کپڑ چھان کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: تین رتی صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

نوٹ: ابرک کو محلوب کر لینا چاہئے۔

## (372) جوان مرد

منافع: یہ نسخہ اپنے اثرات و فوائد کے اعتبار سے مجربات باہ میں فی الواقعہ بے نظیر حیثیت رکھتا ہے۔ حافظ

رمضان پشاوری کے معمولات سے ہے۔ ان سے حضرت مولانا قاضی محمد صاحب خان پوری کو ملا اور انہوں نے ہمارے محترم دوست رسالہ معین الاطبا کے مدیر اعزازی حضرت مولانا حاذق العصر حکیم محمد یحییٰ خاں صاحب شفاء کو عطا کیا۔

**منافع:** باہ و امساک کے لئے مجرب بلا تخلف ایک لاجواب اور قابل قدر تحفہ ہے۔

**نسخہ:** ریگ ماہی، جوہر لوبان، مروارید ناسفتہ، خراطین، عروسک مصفی، مشک عنبر، ورق نقرہ، ورق طلا جملہ مساوی الوزن۔

**ترکیب:** سب کو باریک کھرل کریں حتیٰ کہ غبار سا ہو جائے پھر اس میں شہد مصفی بقدر ضرورت ڈال کر فلفل و نخود کے درمیان گولیاں باندھ لیں۔

**استعمال:** ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ تازہ صبح و شام استعمال کریں۔

**ہدایات:** دوران استعمال میں جماع، تیل اور ترشی وغیرہ سے محترز رہیں۔ وقتی امساک و نعوظ کے لئے شام کو ایک گولی دودھ کے ساتھ کھائیں اور اوپر کھانا نہ کھائیں۔ صرف دودھ پیتے رہیں۔

## (373) محلول لفاح

**منافع:** جریان، احتلام، ذکاوت حس مجلوق کے لئے مجرب ہے اور قبض دائمی بواسیر بادی و خونی کے لئے مفید ہے۔ ہمارے مطب میں کثرت سے استعمال ہوتا ہے۔ اور مجلوق کے عوارض کے لئے مجرب ہے۔

**نسخہ:** سپرٹ ایمونیا ایرومینک ایکسٹریکٹ کاسکارا سگریڈا لیکوئیڈ ہر ایک چار اونس، ٹنکچر بلاڈونا ایک اونس، ایکسٹریکٹ آف لیکرس 6 اونس، گلیسرین 2 اونس۔

**ترکیب:** سب کو ایک شیشی میں ڈال کر خوب ہلائیں تاکہ یکجان ہو جائے۔

**استعمال:** 9 ماشہ دوائی میں قدرے پانی ملا کر رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔

# مجربات امراض مخصوصہ زنان

## (374) عرق شیر مدر حیض

**منافع:** نہایت اعلیٰ مدر حیض ہے اور عام مدر حیض دواؤں کی طرح گرم خشک نہیں جس سے اور تکلیف کا خطرہ ہو بلکہ حیض کھولنے کے باوجود سڑے ہوئے خون کو درست اور صاف کر کے مزاج کی اصلاح کرتا ہے۔ ہر مزاج کے موافق ہے۔ بندش بے قاعدگی حیض درد، کمی حیض کو دور کر کے باقاعدہ طور پر جاری کر دیتا ہے اور کسی قسم کی تکلیف ہرگز نہیں دیتا۔ نہایت قابل قدر مخفی نسخہ ہے جو آج پیارے ناظرین کی خاطر شائع کیا جاتا ہے۔ ہم اس کی ایک بوتل ایک روپیہ آٹھ آنہ کو فروخت کرتے ہیں۔ آپ بھی بنائیں اور فائدہ حاصل کریں۔ نفیس و نازک مزاج عورتوں کے لئے یہی عرق موزوں ہے۔

نسخہ: زہد ایک پاؤ، عشبہ مغربی ایک تولہ، چوب چینی، گاؤزبان، الائچی خورد ہر ایک 5 تولہ، جدوار، تخم شبت (سوئے) ہاؤبیر، بابرنگ، زیرہ سیاہ، دارچینی، سنبل الطیب، الائچی کلاں، ریوند خطائی ہر ایک تین تولہ، ...ڈنگ 2 تولہ، مصری کوزہ دس تولہ، عرق گلاب آدھ سیر۔

ترکیب: سوائے ریوند خطائی اور عرق گلاب کے باقی تمام دواؤں کو آٹھ پہر تک مناسب پانی میں بھگو رکھیں اور شیر گاؤ دو سیر ملا کر اس کا 5 بوتل عرق نکالیں۔ ریوند خطائی باریک پیس کر عرق گلاب میں ملا کر جس برتن میں عرق جمع ہو گا اس میں ڈال دیں تاکہ اس میں عرق جمع ہوتا رہے۔

استعمال: پانچ تولہ صبح پانچ تولہ شام پلا دیا کریں۔

## (375) مطبوخ مدر حیض

فوائد: حیض کو بخوبی کھولتا ہے۔ خصوصاً سرد مزاج کے لئے زیادہ مناسب و معمول ہے۔

نسخہ: پودینہ جنگلی، تخم خربوزہ، کاکنج، کلو، تخم گندر، تخم شبت (سوئے) ہاؤبیر، بیخ اذخر ہر ایک 4 ماشہ، قند سیاہ ...ڈ 2 تولہ۔

ترکیب و استعمال: کوٹنے والی ادویہ کوٹ لیں پھر سب کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب تہائی باقی رہ جائے مل چھان کر روغن زرد ایک تولہ ملا کر پلائیں۔ کمی حیض اور درد حیض کے لئے حیض سے ایک دن پہلے شروع کر کے تین دن پلائیں۔ بندش کی حالت میں جب دل چاہے استعمال کر سکتے ہیں۔ دوران استعمال میں آب دست اور غسل سے پرہیز ضروری ہے۔

## (376) شربت مدر حیض

فوائد: احتباس حیض، درد ہونا، بے قاعدہ آنا، تھوڑا آنا اور ان کے تمام عوارض مثلاً سستی، کاہلی، دوران سر، درد سر، درد کمر، بے خوابی، نفخ شکم وغیرہ تمام تکالیف کے لئے معمول و مجرب ہے۔ کسی قسم کی تکلیف ہو یہ شربت پورا فائدہ کرتا ہے۔ مگر نقصان رساں کسی طرح بھی نہیں۔ ہر مزاج کے موافق ہے۔ خصوصیت سے گرم مزاج عورتوں کے لئے یہی شربت زیادہ مناسب ہے۔

نسخہ: تخم کاسنی، تخم بادیاں (سونف) تخم خربوزہ تخم کدو، حب قرطم، پوست بیخ کاسنی، بیخ بادیاں ہر ایک 2 تولہ، گل غافث، تخم خطمی، تخم خبازی، تخم کرفس، انیسون ہر ایک 9 ماشہ، سنبل الطیب، گاؤزبان، بنفشہ، بیخ کرفس، بیخ کبر، مغز تخم تربوز، نیلوفر، مغز بادام، تخم کاہو ہر ایک ایک تولہ، مویز منقہ 1 تولہ، مصری ایک سیر۔

ترکیب: کوٹنے والی دوائیں کوٹ لیں پھر سب کو ملا کر رات کو ڈیڑھ سیر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں جب آدھ سیر رہ جائے مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: چار چار تولہ صبح و شام حسب منشا پانی ملا کر پلائیں۔

## (377) معجون مدر حیض

**منافع:** بندش حیض کی تمام اقسام مثلاً بندش، بے قاعدگی، درد، کمی حیض وغیرہ کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔ ہمارے ایک دوست اسی طریقہ پر علاج کرتے ہیں۔

**نسخہ:** ہاؤ بیر 4 تولہ، شہد 8 تولہ۔

**ترکیب:** ہاؤ بیر کوٹ کر شہد میں ملا کر محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت ادرار حیض نمبر 378 تین تولہ (جس میں پانی حسب ضرورت ملایا گیا ہو) استعمال کریں۔

## (378) شربت ادرار حیض

**منافع:** ادرار حیض کے لئے نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔ حیض کی بے قاعدگی درد سے اور کم آنا وغیرہ تمام عوارض کے لئے عمدہ چیز ہے۔

**نسخہ:** مغز تخم خیارین، انجیر، تخم کاسنی ہر ایک تین تولہ، پوست نارنج، تخم کاکنج ہر ایک 4 تولہ، تخم کنب، تخم کرفس ہر ایک 2 تولہ، مصری تین پاؤ۔

**ترکیب:** انجیر کے سوائے باقی کوٹ لیں پھر سب ادویہ کو ڈیڑھ سیر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش دیں۔ جب آدھ سیر رہ جائے مل چھان کر مصری ملا کر شربت کا قوام بنائیں۔

**استعمال:** تین تولہ شربت میں دس تولہ پانی ملا کر پہلے معجون مدر حیض نمبر 377 تین ماشہ کھا کر پلائیں۔ اسی طرح صبح و شام استعمال کریں۔

## (379) سفوف مدر حیض

**منافع:** احتباس حیض کے لئے مجرب ہے۔ اس کے استعمال سے حیض باقاعدہ درست حالت میں آنا شروع ہو جاتا ہے۔ خصوصاً گرم مزاج کے لئے نہایت مفید ہے۔ ایک دوست کا عام دستور العمل ہے۔

**نسخہ:** ریوند چینی، زیرہ سفید، شورہ قلمی، جوکھار ہر ایک 6 ماشہ، جوہر نوشادر تین ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو باریک کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔

**استعمال:** 4 ماشہ صبح 2 ماشہ شام ہمراہ شربت پلچھی تین تولہ، عرق گاؤزبان عرق کاسنی ہر ایک 5 تولہ استعمال کریں۔

## (380) شربت پلچھی

**نسخہ:** درخت پلچھی جسے پنجابی میں لئی کہتے ہیں جو درخت اکاہ کی قسم کا چھوٹا درخت ہوتا ہے۔ اس کا بور یعنی پھول 5 تولہ، تخم گندر 2 تولہ، تخم سوئے 2 تولہ، مصری تین پاؤ۔

**ترکیب:** تمام ادویہ رات کو ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دیں۔ جب آدھ سیر رہ جائے مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

## (381) ایام حیض میں درد شکم

منافع: جن مستورات کو ایام حیض میں درد شکم ہو جاتا ہو ان کے لئے یہ گولیاں نہایت مفید ہیں اور ان کے استعمال سے بدہضمی، باؤ گولہ، کمزوری رحم، غلبہ ریاح کی تکلیف بھی دور ہو جاتی ہے۔

نسخہ: چاول سونف، اجوائن دیسی، نوشادر ہر ایک تولہ تولہ، نمک دیسی 2 تولہ، ہینگ اصلی ایک ماشہ، لعاب گھیکوار ایک پاؤ۔

ترکیب: تمام خشک دوائیں باریک پیس کر لعاب گھیکوار تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب تمام لعاب گھیکوار ختم ہو جائے اور گولیاں بننے کے قابل ہو جائے بقدر دانہ نخود گولیاں بنا لیں اور سایہ میں خشک کریں۔

استعمال: جب درد شروع ہو جائے ایک ایک گولی صبح و شام پانی سے نگل لیں۔

## (382) اکسیر اختناق الرحم

منافع: عارضہ اختناق الرحم کے لئے نہایت مجرب المجرب ہے۔ ایک ڈاکٹر صاحب کا معمول ہے۔

نسخہ: ایمونیا برومائیڈ دس گرین، سپرٹ ایمونیا ایرومیٹک، سپرٹ ایتھرس کمپونڈ، ٹنکچر کارڈم کو، ٹنکچر ویلریان ایمونی ایٹا ہر ایک 10 بوند، سوڈا برومائیڈ 15 گرین، پوٹاسی برومائیڈ 5 گرین، سیرپ ارشیائی ایک ڈرام، ایکوا کلورافارم ایک اونس۔

ترکیب و استعمال: سب کو ملا لیں اور پلا دیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ دن میں ایسی تین خوراک استعمال کریں۔

## (383) سفوف کثرت حیض

منافع: اگر حیض زیادہ مقدار میں آنے لگ جائے تو اس کے لئے نہایت مجرب ثابت ہوا ہے۔

نسخہ: خون سیاؤشاں، بیخ انجبار، مجیٹھ، کہربا، اتیس، تخم موڑیوں، گل ارمنی ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: سب ادویہ جدا جدا باریک پیس کر ملا لیں اور محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک ماشہ ہمراہ شربت انجبار یا شربت بارتنگ تین تولہ استعمال کریں۔ اسی طرح دن میں تین دفعہ استعمال کریں۔

## (384) حب اسقاط حمل و اٹھرا

منافع: اگر حمل گر جاتا ہو یا بچہ پیدا ہو کر مر جاتا ہو تو اس کے لئے یہ گولیاں استعمال کرائیں۔ نہایت عمدہ ترکیب ہے۔

نسخہ: فری ایٹ ایمونیا سائٹراس، جدوار ہر ایک تین ماشہ، مشک خالص 6 ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر پانی کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

**استعمال:** جب حمل قرار پائے ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی نگلوانی شروع کریں۔ متواتر چھ ماہ تک استعمال کریں۔

## (385) دیگر

**منافع:** حمل کو اسقاط سے بچاتی ہے۔ اس عارضہ کے لئے نہایت چوٹی کا نسخہ ہے۔

**نسخہ:** مشک خالص ایک ماشہ، طباشیر، زعفران، گل سرخ دیسی، زیرہ سفید ہر ایک 4 ماشہ، برگ تلسی 3 تولہ، جلوتری 2 تولہ، برگ شہد یوی 4 تولہ۔

**ترکیب:** ایک ایک رتی کی گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** ایک ایک گولی صبح و شام و دوپہر ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ ایام حمل سے شروع کر کے وضع حمل تک استعمال کرائیں۔

## (386) دیگر آسان

**منافع:** اسقاط حمل و اٹھرا کے لئے نہایت مفید اور تمام اوصاف سے متصف ہے۔ نیز سستی چیز ہے۔

**نسخہ:** پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، پوست آملہ، فلفل سیاہ، فلفل دراز، گیری، صندل سفید، صندل سرخ، برگ نیم، برگ حنا، مجیٹھ، کچور، ملٹھی، اجوائن دیسی، ہرمچی ہر ایک تین تین ماشہ۔

**ترکیب:** جدا جدا باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔

**استعمال:** حمل ٹھہر جانے کے بعد شروع کر کے بچہ پیدا ہونے تک ایک ایک رتی صبح و شام روزانہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔

**تنبیہہ:** جب بچہ پیدا ہو حب تریاق الاطفال مندرجہ مجربات سلطانی حصہ اول ماں کے دودھ یا عرق گلاب میں حل کر کے استعمال کراتے رہنا چاہئے۔ شروع میں گولی کا چوتھا حصہ دیا جائے پھر آہستہ آہستہ عمر کے مطابق بڑھائی جائے۔ جب تک بچہ دودھ پیتا رہے استعمال کرائی جائے۔ اخیر میں ایک گولی سالم دی جایا کرے۔ صبح و شام استعمال کرائی جائے۔ یا انہی تینوں نسخہ جات میں سے جو نسخہ استعمال کرایا جائے اس سے عمر کے مطابق تھوڑی مقدار سے شروع کر کے روزانہ صبح و شام بچہ کو بھی استعمال کرایا جائے۔ انشاء اللہ بچہ تندرست ہو گا۔

**نوٹ:** جب تک بچہ دودھ پیتا رہے تب تک استعمال کراتے رہنا چاہئے۔

## (387) دوائے ترقی شیر عورت

**منافع:** جس عورت کا دودھ کم ہو اور بچہ بھوک سے تنگ ہو اس کے لئے اول درجہ کی مجرب دوا ہے۔ اس سے عورت کو دودھ ایک ہفتہ کے استعمال سے ازحد اتر آتا ہے۔

**نسخہ:** چاول ساٹھی، پھانی لودھ، زیرہ سفید ہر ایک 7 ماشہ، روغن زرد تین تولہ، شیر گائے ایک پاؤ، مصری حسب ضرورت۔

ترکیب و استعمال: پہلی تینوں دوائیں آدھ پاؤ پانی میں رگڑ کر کپڑے میں چھان لیں پھر دودھ، گھی ملا کر اچھی طرح پکائیں پھر مصری بقدر مٹھاس ملا کر سوتے وقت نیم گرم پلا دیں۔ اسی طرح صبح یعنی تازہ تیار کر کے استعمال کرائیں۔

## (388) علاج عقر مجرب

منافع: جس عورت کی اولاد نہ ہوتی ہو یا دو تین ماہ یا چھ سات ماہ کا حمل ضائع ہو جاتا ہو اس کے لئے یہ علاج نہایت کامیاب ثابت ہوا ہے۔ چھ ماہ تک استعمال کرنے سے ضرور اولاد ہوتی ہے۔ نہایت آسان اور سادہ علاج ہے۔

## حب معین حمل ①

نسخہ: مین پھل، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک تولہ تولہ، قند سیاہ کہنہ 4 ماشہ۔
ترکیب: پہلی ہر دو ادویہ باریک پیس کر قند سیاہ ملا کر خوب کوٹیں۔ جب اچھی طرح مل جائیں گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔
استعمال: اخیر چاند میں یعنی جب چاند سے تین دن باقی رہ جائیں ایک گولی ہر صبح ہمراہ پانی نگلوا دیا کریں۔ اسی طرح چھ ماہ تک جاری رکھیں۔ ہر ماہ کے آخری تین دنوں میں استعمال کریں۔ اور ساتھ ہی چھ ماہ تک حب معین حمل نمبر② استعمال کراتے رہیں۔ جس کا نسخہ ذیل میں درج ہے۔

## حب معین حمل ②

نسخہ: مغز تخم کرنجوہ، تخم سرسوں ہر ایک تین ماشہ، شیر عورت 9 ماشہ۔
ترکیب: پہلی دونوں دوائیں باریک پیس کر شیر عورت ملا کر کھرل کریں اور گولیاں بقدر گٹھلی سیو بیر تیار کریں۔ سیو بیر کی گٹھلی خرما یعنی کھجور کی گٹھلی سے کچھ موٹی ہوتی ہے۔
استعمال: ہر ماہ میں فراغت حیض سے بعد ایک ایک گولی روزانہ تین دن تک کسی لائق دایہ سے رکھایا کریں۔ یہ بھی چھ ماہ تک استعمال کرتے رہیں۔ جب حمل ہو جائے علاج بند کر دیں۔

## (389) حب معین حمل

منافع: رحم کی جملہ خرابیاں دور کر کے بانجھ پن کو دور کر کے قابل اولاد بناتی ہے۔ مجرب ہے۔
نسخہ: مشک خالص 2 رتی، جائفل، زعفران ہر ایک ایک ماشہ، بھنگ 1 ماشہ، سپاری تین عدد، قرنفل 4 عدد، قند سیاہ 5 ماشہ۔
ترکیب: خشک دواؤں کو کوٹ کر قند سیاہ میں ملا کر کوٹیں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔
استعمال: ایک گولی معجون موچرس سات ماشہ کے ہمراہ بوقت صبح کھائیں۔ فراغت حیض کے بعد شروع کر کے ساتھ یوم استعمال کریں۔

## (390) دوائے عقر نمبر ①

**منافع:** عقر (بانجھ پن) کے لئے نہایت مجرب و آزمودہ علاج ہے۔ اس سے بہت بے اولاد عورتیں بامراد ہوئی ہیں۔ اس کے ساتھ دوائے عقر نمبر ② اور اوبھاس کا نسخہ و سفوف استقرار حمل استعمال کرانے سے پورا فائدہ ہوتا ہے۔ نہایت آسان اور سستا علاج ہے۔

**نسخہ:** اسبغول، تخم کتان یعنی السی ہر ایک تولہ تولہ، شہد حسب ضرورت۔

**ترکیب و استعمال:** دونوں دوائیں باریک پیس کر شہد خالص میں ملا کر روئی یا نرم کپڑے کی بتی بنا کر اس دوا میں آلودہ کر کے رات کو کسی لائق دایہ سے رکھائیں۔ صبح نکال کر دوسرے دن پھر اسی طرح رکھائیں۔ چار روز یہ عمل کریں۔ چار روز کے بعد دوائے عقر نمبر 2 چار دن استعمال کریں۔

## (391) دوائے عقر نمبر ②

**نسخہ:** شیر گاؤ آدھ سیر، شہد 4 تولہ۔

**ترکیب:** دونوں دوائیں ملا کر جوش دیں۔ جب قوام گاڑھا ہو جائے اس کی بتیاں حسب دستور بنا لیں۔

**استعمال:** ہر روز رات کو دایہ سے رکھائیں۔ چار روز کے بعد مندرجہ ذیل اوبھاس چار دن استعمال کریں۔

**نسخہ اوبھاس:** برگ نیم پانچ تولہ کو آدھ سیر پانی میں جوش دے کر کپڑا اوڑھ کر مریضہ کو اوبھاس لینے کی ہدایت کریں۔ پھر انہی پتوں کو گرم کر کے ناف کے نیچے ٹکور کی جائے۔ پھر لنگوٹ باندھ لی جائے۔ یہ عمل رات کو کیا جائے۔

## (392) سفوف استقرار حمل

**منافع:** یہ استقرار حمل کے لئے مجرب و آزمودہ ہے۔ مندرجہ بالا خارجی علاج کے ساتھ استعمال کرایا جاتا ہے۔ اور علیحدہ بھی استعمال کرایا گیا ہے۔ پورا نفع بخشتا ہے۔

**نسخہ و ترکیب استعمال:** اسگند 5 تولہ باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔ ہر روز تین ماشہ صبح حلوہ میں رکھ کر کھلائیں۔ بیس دن تک استعمال کرائیں۔ مگر جب 14 دن کھا چکیں تو اس وقت جماع کی اجازت دے دیں۔ 14 دن سے پہلے جماع منع ہے۔

**نوٹ:** مرد کی طاقت مردی ٹھیک ہونی ضروری ہے۔

## (393) دوائے جریان زنان

**منافع:** جن عورتوں کو جریان یا سیلان الرحم کی شکایت ہو یعنی سفید پانی جاری رہتا ہو ان کے لئے یہ دوائی نہایت فائدہ مند ثابت ہوئی ہے۔ یہ عارضہ دور ہو کر عورت کی کمزوری درد کمر وغیرہ کو آرام ہو جاتا ہے۔ اور مرض کی بیخ کنی ہو کر رحم طاقتور ہو جاتا اور اقرار حمل کے قابل ہو جاتا ہے۔ 21 یوم استعمال کرنے

ے تمام شکایات دور ہو جاتی ہیں۔ میرے مطب کی مجرب دوا ہے۔

نسخہ: سمندر سوکھ، گوند ڈھاک، بھکڑا، کیکر کی پھلی کا آٹا، موچرس ہر ایک 9 ماشہ، پوست ہلیلہ زرد، موصلی سفید، پٹھانی لودھ، سونف، بیج پان ہر ایک تولہ تولہ، روغن زرد آدھ سیر، کھانڈ سفید ایک پاؤ۔

ترکیب: تمام خشک ادویہ کوٹ چھان کر ملالیں پھر روغن زرد ملا کر احتیاط سے بھونیں تاکہ جل نہ جائے۔ جب خوشبو بدل جائے تو کھانڈ ملا کر چار منٹ تک چولھے پر رکھیں۔ پھر اتار کر کسی برتن میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: 1 تولہ صبح 1 تولہ شام نہار ہمراہ دودھ کھلائیں۔ گرم اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

نسخہ: گل سپاری، گل انبہ، گل پستہ، صمغ ڈھاک ہر ایک تولہ تولہ، پوست بیروں پستہ 2 تولہ، مصری 6 تولہ۔

ترکیب واستعمال: سب کا سفوف بنا کر چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گاؤ کھائیں۔

## (395) اکسیر سیلان الرحم

منافع: سیلان الرحم (لیکوریا) کے لئے اکسیر ہے۔ چند روز متواتر استعمال کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔ نیز ہر قسم کے جریان خون کو روکتی ہے۔ مثلاً خون دندان، بواسیر خونی، نفث الدم، سیلان خون و رطوبت وغیرہ اس کے علاوہ جریان اور کثرت احتلام کے لئے مفید ہے۔ نہایت سستی اور آسان چیز ہے جو ہر مطب میں تیار رہنی چاہئے۔

نسخہ: گل ببول یعنی کیکر کے پھول 15 تولہ، پھٹکڑی بریاں 5 تولہ۔

ترکیب: دونوں دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملالیں اور محفوظ رکھیں۔

استعمال: دانتوں اور مسوڑھوں پر دن میں تین بار انگلی سے ملیں۔ دوسری امراض کے لئے دن میں تین بار دو دو ماشہ تازہ پانی سے چند روز استعمال کریں اور سیلان الرحم میں کھلانے کے علاوہ تھوڑی سی دوا پانی میں حل کر کے آب دست کرائیں۔

## (396) حب بے قاعدگی حیض

منافع: یہ گولیاں بے قاعدگی حیض کے لئے مفید ثابت ہوئی ہیں۔ ان کے استعمال سے حیض باقاعدہ اپنے وقت پر آنے لگ جاتا ہے۔ اور باؤ گولہ کے لئے مفید ہیں۔ قبض رفع کرتی اور جگر کو طاقت بخشتی ہیں۔ حیض کو بھی جاری کرتی ہیں۔ میرے مطب میں ہر وقت تیار رہتی ہیں۔

نسخہ: دارچینی 4 تولہ، ایلوا، ہیرا کسیس ہر ایک 1 تولہ، شہد حسب ضرورت۔

ترکیب: تینوں دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں۔ پھر شہد اس قدر ملائیں کہ گولیاں بن سکیں پھر دو دو رتی کی گولیاں تیار کریں۔

استعمال: دو دو گولیاں صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

## (397) حب درد حیض وغیرہ

**منافع:** یہ گولیاں درد حیض کے لئے نہایت مفید ہیں اور تسہیل ولادت کے لئے بھی مجرب ہیں اور اسقاط حمل کے لئے بھی موثر و مفید ہیں۔ نہایت مفید ترکیب ہے۔

**نسخہ:** کچلہ مدبر، تخم دھتورہ، افیون ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب:** تینوں دوائیں باریک پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نصف رتی تیار کریں۔

**استعمال:** حیض درد سے آتا ہو تو ایک ایک گولی صبح و شام حیض کے دنوں میں ہمراہ دودھ گرم استعمال کرائیں۔ تسہیل ولادت کے لئے ایک گولی درد زہ کے وقت ہمراہ چائے استعمال کرائیں۔ اسقاط حمل کے لئے ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ یا چائے کھالیں۔

## (398) دوائے کرنگ

**منافع:** کرنگ کے لئے نہایت عمدہ دوا ہے۔ اس سے اگر بچہ زندہ ہونے کے قابل ہو تو زندہ اور تازہ ہو جاتا ہے۔ اور اگر زندہ ہونے کے قابل نہ ہو تو ساقط ہو جاتا ہے۔

**نسخہ:** زیرہ سیاہ، مغز تخم گاجر، قند سیاہ کہنہ ہر ایک 12 تولہ۔

**ترکیب:** جدا جدا کوٹ کر پھر سب کو ملا کر ہاون دستہ میں خوب کوٹیں پھر سب دوا کے سات حصے کریں۔

**استعمال:** ہر روز رات کے وقت آدھ سیر گائے کے دودھ میں ایک حصہ ڈال کر رکھ دیں۔ صبح دو جوش دے کر پلا دیں۔

## (399) اکسیر سیلان الرحم و کثرت حیض

**منافع:** سیلان الرحم یعنی سفید رطوبت کا جاری رہنا اور کثرت حیض یعنی حیض کا مقدار میں زیادہ آنا اور استحاضہ یعنی حیض کا مقررہ دنوں سے زیادہ آنا تینوں عوارض کے لئے مجرب ہے۔

**نسخہ:** گوند ڈھاک، موچرس، کشتہ سنگ جراحت ہر ایک 2 تولہ، مائیں خورد، گل دھاوا، کشتہ بیضہ مرغ ہر ایک تولہ تولہ، گل ارمنی 6 ماشہ۔

**ترکیب و استعمال:** سفوف بنا کر صبح و شام سات سات ماشہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

# مجربات حمیات (تپ ہر قسم)

## (400) شربت اکسیر شفا

**منافع:** تپ ہر قسم کے لئے اکسیر ثابت ہوا ہے۔ موتی جھرہ (مبارکی) اور پرانے بخاروں کے لئے ازحد مفید ہے۔ ہمارے مطب میں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ تپ موسمی کے لئے معمول ہے۔

**نسخہ:** گاؤزبان، گل نیلوفر، عناب ہر ایک 4 تولہ، گل گاؤزبان 5 تولہ، گل بنفشہ، تخم کاسنی، گلو خشک ہر ایک

تین تولہ، مصری ایک سیر۔

ترکیب: گلو خشک اور تخم کاسنی کوٹ لیں پھر سب کو ملا کر ڈیڑھ سیر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں۔ جب آدھ سیر رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: چار چار تولہ صبح و شام پانی ملا کر استعمال کریں۔ ضرورت کے وقت دن میں تین دفعہ استعمال کریں۔ بچوں کو کم مقدار میں مطابق عمر دیں۔

## (401) سفوف اکسیر تپ

اسناد: ایک سیاح کا عطیہ خاص ہے جو محض مطب کے لئے مرحمت ہوا تھا اور تجربہ پر مفید پایا۔

منافع: سوائے تپ دق اور موتی جھرہ (مبارکی) کے باقی تمام اقسام تپ کے لئے اکسیر ہے۔ تپ خواہ بلغمی ہو خواہ ملیریا اس سے تین چار یوم میں اتر جاتا ہے۔ خصوصاً ملیریا کے لئے نہایت نایاب چیز ہے۔ تجربات سلطانی حصہ دوم میں تپ کے جس نسخہ کے اظہار کے متعلق وعدہ کیا گیا تھا وہ یہی نسخہ ہے۔ یہ نایاب نسخہ ہر ایک مطب میں تیار رہنا چاہئے۔ لطف یہ کہ بالکل سستا اور بہت آسان ہے۔ پس قدر شناس ناظرین پر تجربات سلطانی کی تہ دل سے قدر کرنی واجب ہے۔ کیونکہ وہ اس کے ذریعہ نہایت نایاب تحائف حاصل کر رہے ہیں۔

نسخہ: افسنتین، سوڈا اسلی سلاس، مغز تخم کرنجوہ ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: افسنتین اور مغز کرنجوہ جدا جدا باریک پیس کر سوڈا ملا کر خوب کھرل کر لیں تاکہ یکجان ہو جائیں۔

استعمال: چار چار رتی صبح و شام ہمراہ دودھ یا پانی گرم استعمال کریں۔

غذا: مونگ کی دال، کدو، توری، پالک وغیرہ۔

## (402) جورنگس برائے تپ ہر قسم

منافع: تپ ہر قسم کے لئے مفید ہے۔ نیز سوزاک، درد گردہ ضعف ہضم کو فائدہ کرتا ہے۔ اختلاج القلب کے لئے فائدہ مند ہے۔ پیشاب بافراغت لاتا ہے۔ اور قدرے پسینہ آور ہے۔

نسخہ: شورہ قلمی، پھٹکڑی، نوشادر ہر ایک تولہ تولہ مرچ سیاہ 4 تولہ۔

ترکیب: پہلی تینوں دواؤں کو باریک کر کے کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پگھل جائیں۔ مرچ باریک شدہ کی چٹکیاں دیتے رہیں اور کسی تیغ آہنی سے ہلاتے رہیں حتیٰ کہ مرچ سیاہ ختم ہو جائے پھر اسی کڑچھی سے نکال کر باریک پیس لیں۔

استعمال: تپ کے لئے ہمراہ شربت شربت بنفشہ یا نیلوفر یا بزوری تین تولہ (جس میں عرق گاؤزبان 6 تولہ، عرق ... 6 تولہ ملایا گیا ہو) استعمال کریں۔ اسی طریق سے صبح و شام استعمال کرائیں۔ اختلاج القلب کے لئے ہمراہ شربت صندل تین تولہ عرق گلاب 6 تولہ، عرق گاؤزبان 6 تولہ، سوزاک و درد گردہ کے لئے ہمراہ

لسی خام اس کی مقدار خوراک دو ماشہ ہونی چاہئے اور دو وقت دیا جائے۔

## (403) عرق تپ کہنہ

**منافع:** یہ نسخہ بظاہر معمولی معلوم ہو گا۔ مگر فوائد کے لحاظ سے نہایت عمدہ ہے۔ خواہ بیس سالہ پرانا تپ ہو اس سے دور ہو جاتا ہے۔ صرف پرانے تپ کے لئے مستعمل ہے۔ ایک صاحب نے حصہ سوم کے لئے بھیجا ہے۔

**نسخہ:** زیرہ سیاہ درجہ اول، چرائتہ ہر ایک 5 تولہ، قند سیاہ کہنہ 10 تولہ، پانی 1 سیر۔

**ترکیب:** سب کو باریک کر کے پانی میں 12 گھنٹہ تک بھگو رکھیں پھر جوش دیں۔ جب تین پاؤ رہ جائے اتار کر کپڑے میں چھان لیں اور بوتل میں ڈالیں۔

**استعمال:** پانچ تولہ صبح پلا دیں۔

**غذا:** چرب مثل چوزی، کدو، توری، پالک، دال مونگ وغیرہ گھی زیادہ استعمال کریں۔

**پرہیز:** قابض اور بادی ترشی اور تیل دار اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔

## (404) قرص تپ مطبقہ وغیرہ

**اسناد:** شمس الحکما عالی جناب حکیم مولوی شمس الدین صاحب چوکناں والی ضلع گجرات نے نہایت وثوق سے عطا فرمایا ہے ان کا مجرب و معمول ہے۔

**منافع:** تپ مطبقہ، تپ مرکب، شطرا لغب اور اورام سینہ و جگر کے لئے نہایت عمدہ ہے۔ جگر و معدہ وغیرہ کی اصلاح کرتا ہے۔ بلکہ ورم معدہ و جگر وغیرہ کے لئے مفید ہے اور پرانے تپ کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ جگر اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔

**نسخہ:** گل سرخ، افسنتین، طباشیر، صمغ عربی، کتیرا ہر ایک 6 ماشہ، ملٹھی، سنبل الطیب، مصطگی، دانہ الائچی خورد، گل غافث ہر ایک تولہ تولہ۔

**ترکیب:** تمام ادویہ جدا جدا باریک پیس کر ملا لیں اور چار چار ماشہ کے قرص بنائیں۔

**استعمال:** ایک ایک قرص صبح و شام توڑ کر کھا لیں اور پر شربت بزوری تین تولہ، عرق گاؤزبان 9 تولہ پئیں۔

## (405) حبوب تپ موسمی وغیرہ

**منافع:** تپ موسمی، تپ صفراوی، تپ نائبہ خلطیہ ہر قسم کے لئے عجیب الاثر ہیں۔ کونین کا کام دیتی اور بے ضرر ہیں۔ تپ کو بہت جلد رفع کرتی ہیں۔ مجرب و آزمودہ ہیں۔

**نسخہ:** طباشیر، زہر مہرہ خطائی، ست گلو، دانہ الائچی خورد، مغز تخم کرنجوہ، بورہ صندل سفید، گل ارمنی، صمغ عربی ہر ایک 6 ماشہ، سنکونا فیبری فیوج 1 تولہ۔

**ترکیب:** سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں پھر پانی کی مدد سے چنے کے

گولیاں تیار کرلیں۔

**استعمال:** ایک ایک گولی صبح و دوپہر و شام ہمراہ شربت بنفشہ یا شربت نیلوفر تین تولہ استعمال کریں۔

## (406) حبوب تپ موسمی

**اسناد:** یہ نسخہ استاذ الاطباء رئیس الحکماء حضرت استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات خاص سے ہے۔ آپ نے ازراہ شفقت مطب کے لئے عنائت فرمایا تھا۔

**منافع:** تپ موسمی کے لئے مجرب و معمول ہے۔

**نسخہ:** برگ شفتالو، برگ مغیل، بھنگڑی سرخ، زیرہ سفید ہر ایک تولہ تولہ، مرچ سیاہ ایک ماشہ، پوٹاسی آیوڈائیڈ 6 ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو جدا جدا باریک پیس کر پانی کی مدد سے بقدر نخود گولیاں بنالیں۔

**استعمال:** دو دو گولیاں صبح و شام ہمراہ آب خالص استعمال کریں۔

## (407) حبوب تپ کہنہ وغیرہ

**اسناد:** یہ نسخہ بھی عالی جناب حضرت استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات سے ہے۔

**منافع:** ہر قسم تپ خلطی کے لئے معمول ہیں۔ خصوصاً تپ کہنہ کے لئے زیادہ مستعمل ہیں۔ اخلاط کی اصلاح کرکے تپ کو فوراً توڑ دیتی ہیں اور بالکل بے ضرر ہر مزاج کے موافق ہیں۔

**نسخہ:** طباشیر، ست گلو، کہربا، تخم شاہترہ، تخم خرفہ، تخم خیارین، دانہ الائچی خورد، کتیرا سفید، صمغ عربی، مغز تخم کدو، گل نیلوفر، آرد ملٹھی ہر ایک تولہ تولہ۔

**ترکیب:** سب کو باریک کرکے عرق مکو سے خوب کھرل کرکے بقدر نخود گولیاں بنالیں۔

**استعمال:** دو دو گولیاں صبح، دوپہر و شام ہمراہ شربت بزوری 3 تولہ، چار گنا پانی ملا کر استعمال کریں۔

## (408) جوشاندہ تپ لرزہ مجرب

**نسخہ و ترکیب استعمال:** زرنچور، گلو خشک، صندل سرخ، کشنیز خشک، زنجبیل ہر ایک 4 ماشہ کوٹ کر رات کو ایک پاؤ پانی میں بھگو کر صبح جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر مصری سے میٹھا کرکے تپ سے ایک گھنٹہ پہلے پلانا چاہئے۔ روزانہ اسی طرح استعمال کریں۔

## (409) حبوب ملیریا کہنہ وغیرہ

**منافع:** تپ ملیریا کہنہ کے لئے خصوصاً اور عام تپ خلطی کے لئے عموماً مفید ہیں۔ معمول مطب ہیں اور بے ضرر۔

**نسخہ:** کونین سلفاس، کشتہ ابرک، سفید ہر ایک 6 ماشہ، گوند کیکر 4 ماشہ۔

**ترکیب:** سب کو ملا کر کھرل کرکے پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** دو دو گولی صبح و شام ہمراہ سکنجبین تین تولہ استعمال کریں۔

## (410) دوائے اطفال

**منافع:** بچوں کو خرابی جگر و معدہ کی وجہ سے پرانا تپ ہو یا نیا اس کے لئے نہایت عمدہ دوا ہے۔ اگر جگر و معدہ کمزور ہوں۔ ہاضمہ خراب ہو پیٹ بڑھ گیا ہو۔ خون کی کمی ہو تو یہ دوا نہایت فائدہ مند ثابت ہو گی۔ بچوں کے پرانے تپ کے لئے بہت مفید ہے۔ ایک کہنہ مشق طبیب کا مجرب و معمول مطب ہے۔ مندوقچہ کا نسخہ ہے۔

**نسخہ:** کونین فولادی، ریوند خطائی، نوشادر ہر ایک 4 رتی۔

**ترکیب:** سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** دو دو رتی صبح، دوپہر، شام ہمراہ عرق مکو، عرق گاؤزبان ہر ایک تولہ تولہ استعمال کریں۔ یہ وزن ایک سال کے بچہ کے لئے ہے۔

## (411) اکسیر موتی جھرہ

**منافع:** موتی جھرہ (مبارکی) کے لئے نہایت مفید ہے۔ مبارکی کے دانے خوب نکالتا اور دل کو طاقت بخشتا ہے۔ اور ارواح و قویٰ کی حفاظت کرتا ہے۔ اسہال کی حالت میں بھی مفید و مجرب ہے۔

**نسخہ:** مروارید ناسفتہ ایک ماشہ، ورق طلا 1 عدد، ورق نقرہ 30 عدد، کشتہ مرجان، استخوان سرطان، کشتہ سنکھ ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب:** مروارید کو روح کیوڑہ تین ماشہ میں کھرل کر کے خشک کریں پھر استخوان سرطان کو باریک پیس کر ملا لیں۔ بعدہ کشتہ جات اور ورق ملا کر خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** ایک ایک رتی صبح و شام بتاشہ یا کھانڈ یا منقہ میں رکھ کر کھلا دیں اوپر عرق گلاب 7 تولہ پلائیں۔ بچہ کو چوتھائی خوراک کھلائیں۔

## (412) تپ چوتھیہ مجرب

**نسخہ:** کافور، ہینگ ہر ایک 6 ماشہ، کونین سلفاس تین ماشہ۔

**ترکیب:** تینوں دوائیں باریک کھرل کر کے گوند کیکر کے لعاب سے ایک ایک رتی گولیاں تیار کریں۔

**استعمال:** ہر روز صبح کے وقت ایک گولی سے دو گولی تک ہمراہ شربت بزوری تین تولہ استعمال کریں۔

## (413) سفوف اکسیر تپ صفراوی

**منافع:** تپ صفراوی اور تپ محرقہ کے لئے بہت مفید ہے۔ چند خوراک سے ہی بخار رک جاتا ہے اور گرمی مزاج زائل ہو جاتی ہے۔ مجرب، مصدقہ اور نہایت آسان ہے۔

**نسخہ:** کافور، کیرو ہر ایک تولہ تولہ، طباشیر کبود، دانہ الائچی خورد ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: تمام ادویہ باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال: دن میں چار مرتبہ دو دو رتی ہمراہ عرق صندل یا عرق کیوڑہ یا عرق بید مشک استعمال کرائیں۔

## (414) اکسیر بخار ملیریا وغیرہ

منافع: ملیریا بخار اور دیگر ہر قسم کے پرانے بخاروں کے لئے نہایت مفید ہے۔ اعلیٰ درجہ مصفی خون ہے۔ داد، چنبل، پھوڑے، پھنسیاں، آتشک، جذام وغیرہ ہر قسم کی خرابی خون کے لئے اکسیر ہے۔ بخار موسمی کے دنوں میں دو خوراک استعمال کی جائیں تو ملیریا سے نجات ملتی ہے۔ مجرب و معمول ہے دو تین دن میں بخار ٹوٹ جاتا ہے۔

نسخہ: گل غافث، منڈی، چرائتہ کوفتہ، شاہترہ، گلو خشک کوفتہ، خوب کلاں، اجوائن دیسی نیم کوفتہ، تخم کاسنی نیم کوفتہ ہر ایک 5 تولہ، پھٹکڑی سفید 6 ماشہ، نوشادر 4 تولہ، سلفیورک ایسڈ 9 ماشہ۔

ترکیب: پہلی آٹھ دوائیں 24 گھنٹہ تک پانچ سیر پانی میں بھگو چھوڑیں پھر جوش دیں۔ جب دو سیر رہ جائے مل چھان کر اس میں پھٹکڑی حل کر کے رات بھر پڑا رہنے دیں۔ صبح میل نیچے بیٹھ جائے گی۔ آہستہ آہستہ نتھار لیں اور اس میں نوشادر سلفیورک ایسڈ ملا کر محفوظ رکھیں۔

استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ شام پلائیں اگر ساتھ قبض ہو تو میگنیشیا سلفاس ایک تولہ 2 تولہ پانی میں حل کریں۔ اور عرق تلخ کی ایک خوراک ملا کر صبح دے دیں۔ اسہال ہو کر صحت ہو جائے گی۔

## (415) دوائے غب غیر خالص وغیرہ

منافع: غب غیر خالص جس میں مادہ صفرا کے ساتھ بلغم شامل ہو اور غب خالص یعنی تپ باری یا صفراوی کے لئے نہایت بے نظیر ہے۔ تپ کو بہت جلد توڑ دیتی ہے۔ نیز دل دھڑکہ کے لئے مفید ثابت ہوئی ہے۔

نسخہ: بنفشہ، گل نیلوفر، گاؤزبان، سونف کوفتہ، ملٹھی کوفتہ ہر ایک 6 ماشہ، آلو بخارا، سات دانہ گلقند 3 تولہ۔

ترکیب: سب کو ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ جب چوتھائی رہ جائے مل چھان کر پلائیں اسی طریق سے صبح و شام استعمال کرائیں۔

## (416) تپ مرکب کا مجرب نسخہ

منافع: یہ بے نظیر و قابل قدر نسخہ مرکب و تپ کہنہ کے لئے سینکڑوں دفعہ کا مجرب و آزمودہ ہے۔ اس سے مشابہ دق بخار تین ہفتہ میں کافور ہو جاتا ہے۔

نسخہ: خطمی، خبازی ہر ایک 6 ماشہ، تخم کاسنی، بیخ کاسنی، بادیاں، بیخ بادیان ہر ایک 1 تولہ، اصل السوس مقشر، بال چھڑ، گل سرخ، تخم قرطم، گلو خشک، گل غافث، تخم کشوث در پارچہ بستہ، منقہ، گاؤزبان، گل نیلوفر ہر ایک تولہ تولہ، عناب، لسوڑیاں ہر ایک 18 دانہ، مغز تخم کدو، مغز تخم تربوز، مغز تخم خربوزہ، مغز تخم خیارین ہر ایک تین تولہ، کھانڈ سفید دو سیر۔

ترکیب: کوٹنے والی دوائیں کوٹ لیں پھر سب کو ملا کر تین سیر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش دیں جب نصف رہ جائے مل چھان کر کھانڈ ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: تین تین تولہ صبح و شام پانی ملا کر اس سفوف سے تین ماشہ پہلے کھا کر پئیں۔

نسخہ سفوف: طباشیر، ست گلو، دانہ الائچی خورد ہر ایک 6 ماشہ افسنتین، کشتہ ابرک سفید ہر ایک تین ماشہ، مصری کوزہ 2 تولہ سب کو باریک پیس کر سفوف کریں۔

## (417) تپ کا خارجی علاج

منافع: یہ نسخہ بجائے اندرونی استعمال کے بیرونی استعمال سے ہی تپ کو فائدہ کرتا ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

نسخہ: آملہ، بھنگ، بادیان تینوں ہم وزن شیر بز حسب ضرورت۔

ترکیب: خشک دوائیں باریک کوٹ کر شیر بز تھوڑا تھوڑا ملا کر خوب پیس لیں حتیٰ کہ پتلا ضماد بن جائے۔

استعمال: ہر دو کف دست و پا پر خوب مالش کریں۔

## (418) تپ چوتھیہ کا خارجی علاج

منافع: تپ ربع جو چوتھے دن چڑھتا ہے اس کے لئے یہ خارجی علاج مفید ثابت ہوا ہے۔ اس سے تپ رک جاتا ہے۔ آنا "فانا" مسیحائی اثر دکھاتا ہے۔

نسخہ: نوشادر، ٹھیکری، گیرو ہر ایک تولہ تولہ، فلفل سیاہ چھ ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر کپڑے میں چھان لیں اور کسی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: تپ چڑھنے سے پہلے 1 ماشہ یہ دوا لے کر سرکہ میں حل کر کے انگشت شہادت یعنی کلمہ کی انگلی پر لیپ کریں اور اوپر پیپل کا پتہ باندھ دیں۔ مگر انگلی کا سرا کھلا رہے اور انگلی کو پانی سے تر کرتے رہیں۔ نوبت کے وقت یہ انگلی گرم ہو جائے گی اور تپ رک جائے گا۔

## (419) سفوف بخار اکسیری

منافع: یہ اکسیر جہاں سستی ہے اور آسانی سے تیار ہو سکتی ہے۔ ایسے ہی نہایت موثر اور مفید بھی ہے۔ چڑھتے ہوئے بخار کو اتارتی اور اترے ہوئے میں قبل از نوبت دینے سے بخار رک جاتا ہے۔ بے حد موثر و مستند دوا ہے۔

نسخہ: مغز کرنجوہ آٹھ ماشہ گیرو، نوشادر ہر ایک ایک ماشہ، شورہ قلمی 2 ماشہ۔

ترکیب: سب کو خوب باریک کوٹ کر سفوف تیار کر لیں۔

استعمال: ایک ماشہ شربت بنفشہ یا آب تازہ یا لسی اور شربت یا عرق کے ساتھ صبح، دوپہر، شام استعمال کرائیں۔ اترے ہوئے بخار میں نوبت سے قبل ایک ایک گھنٹہ کے فاصلہ سے ایک ایک ماشہ استعمال کرائیں۔ نفیس مزاجوں کو کیپسیٹ میں بند کر کے دے دیں۔ کیونکہ یہ دوا سخت کڑوی ہے۔

## (420) حبوب بخار

منافع: موسمی اور نوبتی بخاروں کے لئے نہایت مفید اور تجربہ شدہ ہیں۔ ہمارے مطب میں ہر وقت تیار رہتی ہیں۔

نسخہ: کونین سلفاس، فنسٹین، دانہ الائچی خورد کوفتہ، ست گلو ہر ایک 6 ماشہ، طباشیر کوفتہ 2 تولہ، آب لیموں ایک پاؤ۔

ترکیب: خشک دواؤں کو باریک پیس کر آب لیموں تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب گولیاں بن سکیں بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ دودھ یا پانی استعمال کریں۔

# مجربات امراض جلد و عام امراض متعلقہ ظاہر بدن

## (421) اکسیر آتشک

اسناد: ہمارے فاضل دوست جناب حکیم ڈاکٹر مقصود احمد خان صاحب ساکن موئی ضلع بارہ بنکی کا صدری مجرب معمول نسخہ ہے۔ آپ نے از راہ شفقت عنائت فرمایا ہے۔

منافع: آتشک کے لئے بے خطا نسخہ ہے اور صرف تین ہی دن میں اس مرض کا استیصال کر دیتا ہے۔ یہ ایک سینہ کا راز ہے جو افادہ عام کے لئے طشت ازبام کیا جاتا ہے۔ کتابی نہیں احباب بنائیں اور تجربہ کر کے دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔ اس دوا سے اسہال آتے ہیں اور مرض کی بیخ کنی ہو جاتی ہے اور تین دستوں کے بعد کسی دوا کی ضرورت نہیں رہتی۔

نسخہ: مغز ریندی یعنی ارنڈ جسے ہرنولی بھی کہتے ہیں۔ پانچ تولہ مغز جمالگوٹہ ایک تولہ، رسکپور تیلیہ 6 ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر ایک ٹکیہ بنالیں۔ اس کے بعد ایک دیگچی میں پانی بھر کر اس کے اوپر ایک کپڑا باندھ دیں۔ اس پر ٹکیہ رکھ دیں۔ نیچے آگ جلائیں۔ جب ٹکیہ میں کچھ سرخی آجائے تو وہ ٹکیہ اٹھا کر ایک موٹے کپڑے میں رکھ کر گرم گرم ہی خوب نچوڑیں جو تیل برآمد ہو رکھ لیں اور اس کے بعد اسے پھر پیس کر ٹکیہ بنا کر دوبارہ اسی طرح عمل کریں اور نچوڑیں جو تیل نکلے جمع کر لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: مریض کو پہلے تین دن مونگ کی کھچڑی کھلائیں اس کے بعد چوتھے دن علی الصبح پان جس میں کل مصالحہ کے علاوہ تمباکو نہ ہو آٹھ قطرہ سے بارہ قطرہ تک حسب قوت مریض پان میں چھوڑ کر کھلا دیں۔ دوا استعمال کرنے کے بعد پان اور حقہ خوب استعمال کریں۔ بروقت پیاس گلو کا ابلا ہوا پانی نیم گرم پلائیں اور اگر اسہال اچھی طرح نہ ہوں نمک کی ضرورت ہو تو جلابہ کوفتہ ایک تولہ قند سیاہ یعنی گڑ دو تولہ

پانی مناسب مقدار میں ابال کر دیں بعد دست آنے کے چاول اور دہی کھلا دیں۔ چاول خوب ابلے ہوئے ہوں اس کے بعد ایک دن ناغہ کر کے پھر تیسرے دن دیں۔ اسی طرح تین مسہل دیں۔

## (422) جوہر اکسیر آتشک

**اسناد:** ایک سیاح کا عطیہ خاص ہے ان کا نہایت اطمینانی، مخفی خاص الخاص راز تھا جو ظاہر کیا جاتا ہے۔

**منافع:** ہر قسم اور ہر درجہ کے آتشک کا یقینی علاج ہے۔ آتشک کو ایک ہفتہ میں اور جذام کو دو ہفتہ میں آرام بخشتا ہے۔ اس کے مفید ہونے میں کوئی شک نہیں۔ نسخہ آسان ہے۔

**نسخہ:** رسکپور 2 تولہ، شراب برانڈی آدھ سیر۔

**ترکیب:** رسکپور کو شراب تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب تمام شراب جذب ہو جائے ٹکیہ بنا کر دو مٹی کے پیالوں میں حسب دستور جوہر اڑائیں لکڑی بیری کی جلانی چاہئے اوپر والے پیالہ پر کپڑا تر کر کے رکھیں۔ جب خشک ہو جائے پھر تر کر دیا کریں۔ آگ صرف دو گھنٹہ تک جلانی چاہئے۔ سرد ہونے کے بعد اوپر والے پیالہ میں جو جوہر موجود ہو وہ اتار کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** صبح مویز منقہ میں نصف چاول لپیٹ کر نگلوا دیں۔ پہلے کوئی چیز تھوڑی سی کھلا دینی چاہئے۔

**غذا:** روٹی بیسنی زیادہ بہتر ہے یا گندم کی روٹی پر گھی ڈال کر یا اس کی چوری بنا کر کھلائیں۔

**پرہیز:** تمام گرم، ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز کریں۔ جو یہ نہ کھا سکے دال مونگ، آب نخود یا کوئی سبزی گھی زیادہ ڈال کر پکا کر کھا سکتا ہے۔

## (423) حبوب اکسیر آتشک

**منافع:** آتشک خواہ نر ہو یا مادہ نیا ہو یا پرانا ان گولیوں کے باقاعدہ استعمال سے قطعاً دور ہو جاتا ہے۔ ان کا ایک خاصہ یہ ہے کہ آتشک کو جڑ سے اکھیڑ دیتی ہیں۔ مرض پھر عود نہیں کرتا۔ مجرب و آزمودہ ہیں۔ یہ نسخہ میرے ایک دوست نے خاص مہربانی سے عطا کیا ہے جو کہ ان کا ہمیشہ کا معمول خاص ہے۔ بالکل آسان و بے خطا ہے۔

**نسخہ:** مغز کرنجوہ، مغز جمالگوٹہ مدبر ہر ایک 6 ماشہ، افیون ایک ماشہ گوگل بھینسہ 9 ماشہ، سم الفار سفید 1 ماشہ، بیضہ مرغ ایک عدد۔

**ترکیب:** تمام ادویہ جدا جدا کھرل کر کے ملا لیں اور بیضہ میں تھوڑا سا سوراخ کر کے اس سے نصف کے قریب زردی اور سفیدی نکال ڈالیں اور دوائی اس میں ڈال کر کسی چیز سے خوب ملا دیں پھر بیضہ مرغ مذکور پر گندم کا آٹا گوندھ کر لگا دیں مگر بیضہ کے منہ پر آٹا نہ لگائیں اور کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ آگ درمیانہ ہو جب آٹا سرخ ہو جائے تو بیضہ کو اتار کر سرد کر کے دوائی نکال کر باریک کھرل کر کے مونگ کے دانہ سے قدرے چھوٹی گولیاں تیار کر لیں اور خشک کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** ایک یا دو گولیاں مطابق طاقت مریض صبح بکری کے تازہ دودھ کے ساتھ نگلوا دیں۔ بہتر ہے

پہلے کوئی چیز کھلا دی جائے اور گولی کھلا کر بکری کا دودھ پلاتے رہنا ضروری ہے۔ اگر خشکی زیادہ معلوم ہو تو دودھ میں گھی بھی ملا لیا جائے۔

**غذا:** مرغن روٹی یا چوری مناسب ہے جو مریض یہ نہ کھا سکے اس کو دال مونگ کدو' توری' پالک' آب نخود وغیرہ زیادہ گھی ڈال کر خشک بھلکہ کے ساتھ کھلائیں۔

**نوٹ:** اگر دوائی ایک بیضہ میں نہ آسکے تو دو عدد بیضہ میں ملا لیں۔

## (424) آتشک کی بے خطا گولیاں

**منافع:** آتشک ہر قسم کے لئے سینکڑوں دفعہ کی مجرب المجرب بے خطا گولیاں ہیں۔ ان کا ایک خاصہ یہ بھی ہے کہ ان میں تیز یا زہریلی چیز کوئی نہیں اور کسی قسم کی تکلیف یا نقصان نہیں ہوتا۔ آہستہ آہستہ مرض کی بیخ کنی ہو جاتی ہے۔ مزاج کو اعتدال پر لاتی اور خون صاف کرتی ہیں۔ ایک دوست ان گولیوں کو اشتہار کے ذریعہ فروخت کرتے ہیں۔ روسا اور نازک مزاج مریضوں کے لئے زیادہ مناسب ہیں۔

**نسخہ:** کشنیز خشک' دانہ الائچی خورد' ہریاول' کتھ سفید ہر ایک دو تولہ۔

**ترکیب:** تمام ادویہ جدا جدا باریک پیس کر ایک پختہ کھرل میں ڈال کر لعاب گھیکوار تھوڑا تھوڑا ملاتے جائیں۔ اور کھرل کرتے رہیں۔ دن میں صرف دو تین گھنٹہ تک کھرل کرنا ضروری ہے۔ اسی طرح پندرہ دن کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ جوار تیار کریں۔

**استعمال:** ایک گولی صبح ہمراہ دودھ گائے نگلوا دیا کریں۔ اور ہر روز ایک ایک گولی بڑھاتے جائیں پھر سات دن کے بعد ایک ایک گولی روزانہ کم کرتے جائیں۔ جب ایک گولی پر پہنچ جائیں بند کر دیں۔

**ہدایات:** غذا مرغن روٹی یا چوری یا سبزی کے ساتھ روٹی کھلائیں۔ گرم ترش اور تیل دار اشیاء مثلاً گوشت' اچار' سرخ مرچ وغیرہ سے پرہیز کریں۔

## (425) حب اکسیر آتشک و جذام

**اسناد:** ایک سنیاسی کا نسخہ ہے۔

**منافع:** آتشک ہر نوع کے لئے نہایت بے خطا ہے۔ سات دن سے زیادہ استعمال کرنے کی کبھی ضرورت نہیں رہی۔ جذام کا خاص علاج ہے۔

**نسخہ:** پارہ' آملہ سار' معبر' رسکپور' دار چکنا' آرد ملٹھی ہر ایک 3 ماشہ' آب لیموں 25 عدد۔

**ترکیب:** پہلے پارہ اور آملہ سار کو کھرل کریں۔ جب خوب مل جائیں۔ دوسری خشک دوائیں ملا کر خوب کھرل کریں پھر لیموں کے پانی سے کھرل کرتے رہیں۔ جب لیموں کا سب پانی خرچ ہو کر گولیاں بنانے کے لائق ہو جائے تو بقدر دانہ مرچ سیاہ گولیاں تیار کرلیں۔ اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** ایک گولی صبح مکھن میں رکھ کر نگلوا دیا کریں۔

**ہدایات ضروریہ:** دوران استعمال میں سرد پانی سے ہاتھ نہ دھوئیں۔ سردی کے موسم میں سردی سے

بچیں اور کپڑا گرم رکھیں۔ روٹی مکھن یا گھی سے کھلائیں اس کے سوا سب چیزوں سے پرہیز ہے۔

## (426) دوائے مصفی خون

**منافع:** خون صاف کرتی ہے۔ تمام جلدی بیماریوں کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ یعنی آتشک نرومادہ ہر قسم نیا اور پرانا ہر قسم کے پھوڑے پھنسیاں، جذام، خارش بدن وغیرہ کو چند دنوں میں نیست ونابود کر کے بدن کو مثل کندن بنا دیتی ہے۔ مجرب ہے۔

**نسخہ:** ہڑتال ورقی ایک تولہ، مرچ سیاہ چار تولہ، حنظل یعنی اندرائن پختہ تازہ ایک عدد۔

**ترکیب:** پہلی دونوں دوائیں جدا جدا باریک کھرل کر کے ملالیں اور 12 گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔ پھر اندرائن کا چھلکا اور بیج الگ کر کے پھینک دیں اور صرف گودا لے کر ملائیں اور کونڈا ڈنڈہ میں خوب گھوٹیں حتی کہ پانی خشک ہو جائے خوب زوردار ہاتھوں سے گھوٹیں پھر خشک کر کے اس کے برابر صندل پوڈر ملا کر رکھ دیں۔

**استعمال:** صبح ایک ماشہ سے 2 ماشہ تک مطابق عمر وطاقت مریض موسم وغیرہ کا لحاظ رکھ کر ہمراہ جوشاندہ مندرجہ ذیل استعمال کرائیں۔ دوران استعمال میں گھی زیادہ استعمال کرائیں۔ اگر اسہال زیادہ آجائیں تو مونگ کی کھچڑی یا چاول یا ڈبل روٹی دودھ استعمال کرائیں چھوٹے بچوں کو قلیل مقدار میں دیں۔

**نسخہ جوشاندہ:** برگ نیم خشک، برگ بکائن خشک، برگ سپستاں (لسوڑہ) خشک ہر ایک 6 ماشہ (اگر سبز ہوں تو ایک ایک تولہ چاہیے) ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب آدھ پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر شہد 2 تولہ ملا کر پلائیں۔

**نوٹ:** صندل پوڈر کا نسخہ مجربات سلطانی حصہ دوم میں درج ہو چکا ہے۔

## (427) اکسیر مرہم آتشک وغیرہ

**منافع:** ہر قسم کے زخم آتشک کے لئے اکسیر ثابت ہوئی ہے۔ خواہ کیسے ہی گلے سڑے اور بدبودار خراب زخم ہوں۔ اس کے استعمال سے شفا حاصل ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ چنبل، گنبھیر، پھوڑہ، پھنسی ہر قسم کے لئے نہایت مفید ہے۔ آتشک کے زخم صرف ایک یا دو دفعہ لگانے سے دور ہو جاتے ہیں۔

**نسخہ:** پارہ، زنگار، شنگرف، مردار سنگ، برگ نیم، صدف سوختہ، پیاز ہر ایک 4 ماشہ، رال 6 ماشہ، روغن زرد 5 تولہ۔

**ترکیب:** پہلی چھ دواؤں کو ایک جگہ کھرل کریں پھر ان میں پیاز باریک کر کے ملا دیں پھر رال کوفتہ اور روغن زرد کو ملا کر آگ پر گرم کر کے پہلی دواؤں کو اس میں ملالیں مرہم تیار ہے۔

**استعمال:** جس قدر زخم ہو اس کے برابر کپڑے کا پھاہہ کتر کر مرہم لگا کر زخم پر لگائیں۔

**نوٹ:** صدف پر گیلی مٹی لگا کر کوئلہ کی تیز آنچ میں رکھیں۔ جب جل جائے نکال کر پیس لیں اور صدف یعنی سیپی اصلی ہونی چاہئے۔ جسے صدف صادق کہتے ہیں۔

## (428) دوائے جذام

حالات: عالی جناب حکیم مولوی شمس الدین صاحب سکنہ چوکناں والی ضلع گجرات کے مجربات سے ہے۔

فوائد: جذام کو چالیس دن میں شفا بخشتی ہے۔ نئے اور پرانے مرض کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: ہڑتال ورقی، بچھناک ہر ایک 5 ماشہ نربسی، جدوار خطائی ہر ایک 9 ماشہ، خاکستر مار سیاہ تولہ۔

ترکیب: سب ادویہ جدا جدا باریک کھرل کر کے پانی کی مدد سے ایک ایک رتی کی گولیاں تیار کریں۔

استعمال: صبح ایک گولی ہمراہ عرق کیوڑہ بارہ تولہ نگلوا دیں۔ اور ہر روز ایک ایک گولی زیادہ کرتے جائیں۔ … سات گولیوں تک پہنچ جائیں پھر ہر روز سات گولیاں استعمال کرایا کریں۔ دوران استعمال میں دودھ، … زیادہ استعمال کرائیں۔ 40 دن کافی ہے۔

## (429) اکسیر برص و چنبل

فوائد: برص و چنبل کے لئے نہایت اکسیر ہے اور نہایت آسان اور سستی دوا ہے۔ کچھ عرصہ تک متواتر استعمال کرنی چاہئے۔ اس سے کئی مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔ منتخب دوا ہے۔

نسخہ: تخم پنواڑ، آملہ سار، خرمہرہ زرد سوختہ ہر ایک 5 تولہ، گھی گائے 10 تولہ۔

ترکیب: خشک دوائیں جدا جدا باریک کھرل کر کے روغن زرد میں ملا لیں اور کپڑے پر لیپ کر کے ایک شاخ پر لٹکا کر نیچے سے آگ لگا دیں اور نیچے برتن رکھیں۔ جب سب تیل نکل آئے۔ شیشی میں محفوظ رکھیں۔ کپڑا نصف بالشت چوڑا اور بالشت سے کچھ لمبا چاہئے۔

استعمال: ایک ماشہ کھانڈ میں ملا کر کھلائیں۔ غذا مونگ کی دال اور سبزی کسی قسم کی استعمال کرائیں۔ مگر … اور تیل کی بنی ہوئی اشیاء سے پرہیز کریں۔

## (430) معجون دافع برص

فوائد: برص جیسی مشکل مرض کے لئے مفید ثابت ہوئی ہے۔ ایک بیاض خاص کا مجرب نسخہ ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، آملہ، مرچ سیاہ، فلفل دراز، تخم کرفس، سفائج، گل سرخ، گاؤزبان، اسطوخودوس، تخم پنواڑ، بابچی، برگ نیم، برگ حنا، سناء مکی تربد موصوف مصبر، مدہ ہر ایک 6 ماشہ، زعفران … ماشہ، آملہ سار 7 ماشہ، تخم حنظل 2 ماشہ، شہد 1 پاؤ۔

ترکیب: خشک ادویہ جدا جدا باریک پیس کر شہد میں ملا لیں۔

استعمال: ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گاؤ استعمال کریں۔

## (431) اکسیر چنبل

فوائد: چنبل کا شرطیہ حکمیہ نسخہ ہے۔ جلن، خارش، زرد پانی جاری ہونا، پیپ کا خارج ہونا، چنبل کے عوارض کو تھوڑے عرصہ میں دور کر دیتا ہے۔ بہت زود اثر اور مجرب و آسان نسخہ ہے ایک دوست کا

عام معمولی ہے۔

**نسخہ:** گندھک آملہ سار، مردار سنگ، زنک آکسائیڈ ہر ایک ایک تولہ، ا۔سڈ کاربالک 2 ماشہ، وسلین 5 تولہ۔

**ترکیب:** گندھک اور مردار سنگ کو باریک کھرل کریں پھر سب اشیاء کو آپس میں ملالیں۔

**استعمال:** دن میں دو دفعہ چنبل پر لگائیں۔

## (432) دیگر

**منافع:** چنبل کے لئے شرطیہ مفید و مجرب ہے۔ اس سے کسی قسم کی تکلیف وغیرہ نہیں ہوتی۔ ہر قسم کی خارش کو فائدہ کرتا ہے۔ ورم خصیہ پر لگانے سے ایک دو دن میں پورا فائدہ کرتا ہے۔ مجرب اور اطمینانی ہے۔ مشکل سے حاصل کیا ہے۔

**نسخہ:** دیسی کھدر (جس کا عرق نصف گز ہوتا ہے) ایک بالشت، شیر مدار بقدر ضرورت، تیل کنجد بقدر ضرورت، آملہ سار 5 تولہ۔

**ترکیب:** کھدر کو شیر مدار سے خوب تر کر کے سایہ میں خشک کریں۔ اسی طرح تین دفعہ تر و خشک کریں پھر روغن کنجد سے خوب تر کر کے آملہ سار باریک پیس کر اس کپڑا پر چھڑک دیں۔ پھر ایک سیخ آہنی پر لٹکا کر نیچے سے آگ لگادیں۔ اور نیچے برتن رکھیں۔ تیل ٹپک ٹپک کر جمع ہوتا رہے گا۔ جب سب تیل نکل آئے اس کو نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** پہلے کاربالک یا نیم کے صابن یا نیم کے جوشاندہ سے زخموں کو دھو کر روئی کے پھاہہ سے لگا دیں۔

## (433) روغن ضربہ و سقطہ

**اسناد:** استاذ الاطباء جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے بیاض خاص کا نسخہ ہے۔

**منافع:** ضربہ و سقطہ یعنی چوٹ کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔ چوٹ سے جو درد ورم وغیرہ ہو گیا ہو۔ اس کو جلد آرام بخشتا ہے۔ اور آسان ہے۔

**نسخہ:** لونگ، مال کنگنی، بھنگرہ، نمک دیسی، موم دیسی، رتن جوت، انجبار، قند سیاہ، سونٹھ، اجوائن دیسی سب دوائیں ایک ایک پیسہ کی لیں۔ افیون تین ماشہ روغن کنجد 1 پاؤ۔

**ترکیب:** تمام خشک ادویہ خوب باریک کپڑ چھان کر کے روغن کنجد میں ملالیں۔

**استعمال:** حسب دستور گرم کر کے مالش کریں۔ اگر زیادہ تکلیف ہو تو روئی سے لگادیں۔

## (434) روغن چوٹ

**منافع:** جس جگہ کسی قسم کی چوٹ لگ جائے اس روغن کی مالش سے کلیتہً آرام ہو جاتا ہے۔ درد ورم اور سرخی وغیرہ کو فی الفور آرام دیتا ہے۔

نسخہ: لونگ، چین کا تیل، جائفل ہر ایک 2 تولہ، چربی شیر، چربی ریچھ ہر ایک 5 تولہ، صابن آدھ پاؤ، روغن کنجد ایک سیر، تخم حرمل ایک پاؤ۔

ترکیب: خشک دوائیں باریک کپڑ چھان کر کے سب چیزیں خوب ملا کر محفوظ رکھیں۔

استعمال: حسب دستور گرم کر کے مالش کریں۔ اگر درد اور ورم کی تکلیف زیادہ ہو تو دن میں دو یا تین دفعہ استعمال کریں اوپر روئی گرم کر کے باندھنی چاہیے۔

## (435) فساد خون وچھپاکی

منافع: ہر قسم کے فساد خون وچھپاکی کے لئے مفید ہے۔ مطب سلیمی کا فیض ہے۔

نسخہ: گیری، پوست نخود، صندل سرخ ہر ایک 2 تولہ، ورق طلا 12 عدد، شہد 12 تولہ۔

ترکیب: پہلی تینوں دوائیں جدا جدا باریک پیس کر ورق طلا ایک ایک کر کے ڈالتے جائیں اور کھرل کر کے یکجان کر لیں پھر شہد میں ملا لیں اور ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ صبح وشام چٹائیں۔

## (436) اطریفل مصفی خون

منافع: تمام جلدی امراض کے لئے مجرب ہے۔ آتشک، خارش، پھوڑے، پھنسیاں وغیرہ تمام جلدی امراض کے لئے معمول ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد، سناء مکی، پارہ ہر ایک 4 تولہ، پوست ہلیلہ کابلی پانچ تولہ، ہلیلہ سیاہ تولہ، پوست آملہ، پوست بلیلہ، افتیمون ہر ایک تین تولہ، گل سرخ، بنفشہ ہر ایک 2 تولہ، کشمش سبز 6 تولہ، شہد 35 تولہ حسب دستور اطریفل تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک تولہ صبح وشام ہمراہ شربت عناب 5 تولہ استعمال کریں۔

## (437) دوائے چھپاکی (شری)

نسخہ وترکیب استعمال: پودینہ 6 ماشہ، مصری ایک تولہ، پانی ایک پاؤ میں پیس کر چھان کر پلائیں۔ دن میں دو تین خوراک دینے سے آرام ہو جاتا ہے۔

## (438) دوائے بکھرالی

نسخہ وترکیب استعمال: روئی 2 ماشہ کو شیر برگد 6 ماشہ میں تر کر کے بکھرالی پر باندھ دیں۔ 24 گھنٹہ کے بعد اسی طرح پھر تازہ پھاہہ بنا کر باندھیں۔ صرف تین چار یوم میں آرام ہو گا۔

## (439) عرق برص

منافع: برص کے لئے مجرب و آزمودہ ہے۔

نسخہ: زرد چوب، پوست اندرون درخت نیم، ہالون، قند سیاہ کہنہ ہر ایک ایک سیر۔

**ترکیب:** سب کو کوٹ کر ایک مٹکے میں ڈال کر دس سیر پانی ڈالیں اور منہ بند کر کے گھوڑے کی لید میں دو ہفتہ تک دفن کریں پھر نکال کر عرق کشید کریں۔

**استعمال:** دس دس تولہ صبح و شام کو پلا دیں۔

## (440) ضماد اکسیر رسولی

**منافع:** رسولی خواہ جیسی ہو اس سے پھٹ کر نابود ہو جاتی ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

**نسخہ:** نیلا تھوتھہ، بجی کبوتری رنگ، چوک گانٹھ، مین پھل ہر ایک تین ماشہ، بیٹ کنجشک، بیٹ کبوتر ہر ایک 6 ماشہ، چونہ 2 تولہ، روغن کنجد 5 تولہ۔

**ترکیب:** پہلی چھ چیزوں کو باریک پیس لیں اور چونہ کو پانی میں چار پہر تک بھگو رکھیں۔ پھر اس کا زلال یعنی صاف پانی لے کر اس میں روغن کنجد ملا کر دو گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔ جب تیل مکھن کی طرح سفید اور گاڑھا ہو جائے تیل کو پانی سے الگ کر کے اس میں پسی ہوئی چھ ادویہ مذکورہ ملا لیں۔ بس تیار ہے۔

**استعمال:** ہر روز رسولی پر لگائیں جب ہفتہ عشرہ کے بعد رسولی پھٹ کر زخم بن جائے تو کوئی مرہم لگاتے رہیں حتیٰ کہ زخم مندمل ہو جائے۔

## (441) مرہم سعفہ یعنی گنج

**منافع:** سعفہ یعنی سر کے گنج کے لئے تیر بہدف ہے۔ سر کا گنج خواہ جس قدر پرانا ہو اس مرہم سے دور ہو کر نشان تک نہیں رہتا۔ مجرب اور منتخب عجیبہ نسخہ ہے۔

**نسخہ:** آملہ سار تولہ، کشتہ جست، تیل نارجیل یعنی گری کا تیل ہر ایک 2 تولہ، نیلہ تھوتھ 6 ماشہ۔

**ترکیب:** خشک ادویہ کو باریک کھرل کر کے تیل نارجیل میں ملا لیں۔

**استعمال:** بقدر ضرورت لے کر سر پر لیپ کریں۔ دس گھنٹہ کے بعد گرم پانی سے دھو کر اتار دیں اور پھر لیپ کر دیں۔

## (442) مرہم اکسیر ناسور

**منافع:** خواہ کیسا ہی کہنہ اور سخت ناسور کیوں نہ ہو اس کے چند روزہ استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

**نسخہ:** آب برگ سداب تازہ، روغن کنجد ہر ایک ایک پاؤ، چھپکلی مردہ تازہ ایک عدد، مردہ سنگ 2 تولہ۔

**ترکیب:** تمام اشیاء کو ایک لوہے کے برتن میں ڈال کر جلا دیں پھر کھرل میں اس حد تک کھرل کریں کہ جملہ اشیاء یکجان ہو جائیں۔ بعدہ کسی شیشی میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** ضرورت کے وقت کپڑے کا ٹکڑا لے کر بتی بنا کر روغن کو ملا کر اس میں بتی تر کر کے سلائی سے ناسور کے اندر پہنچا دیں یا اوپر باندھ دیا کریں۔ جیسا موقعہ ہو عمل کریں جب بتی خشک ہو جائے تبدیل کر

یا کریں۔

## (443) معجون وجع المفاصل

منافع: یہ نسخہ وجع مفاصل (جوڑوں کے درد) وجع الورک، عرق النساء (ر۔نگن) کے لئے نہایت مفید ہے۔ امراض بلغمی اور درد ریح کے لئے نہایت عمدہ موثر ثابت ہوا ہے۔ اس سے روزانہ ٹٹی بافراغت آتی ہے اور ساتھ ساتھ مواد خارج ہوتے رہتے ہیں۔ بے ضرر سریع الاثر اور آسان ہے۔

نسخہ: آرد سونف، تخم حنظل، اجوائن خراسانی، سقمونیا، سورنجان شیریں، تربد سفید، ایارج فیقرا ہر ایک ماشہ، کونین فولادی 3 ماشہ، شہد خالص 8 تولہ۔

ترکیب: سوائے شہد کے باقی دوائیں خوب باریک کوٹ چھان کر شہد میں ملالیں۔

استعمال: تین ماشہ صرف صبح کے وقت یا دونوں وقت ہمراہ آب نیم گرم کھائیں۔

## (444) حب اکسیر عرق النساء

منافع: عرق النساء یعنی ر۔نگن کے لئے مفید ثابت ہوا ہے۔ اس کے علاوہ امراض ریاحی سرد اور وجع مفاصل کے لئے مفید ہے۔ تپ باردہ لازمہ کو رفع کرتا ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ ہاضم مقوی معدہ دافع ریاح ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

نسخہ: سم الفار سفید، نمک شیشہ ہر ایک 5 ماشہ، شیر آک حسب ضرورت، فلفل سیاہ، فلفل دراز، تخم کرفس، اجوائن دیسی، اجوائن خراسانی ہر ایک 3 تولہ، آب لیموں حسب ضرورت۔

ترکیب: سم الفار اور نمک شیشہ کو باریک کھرل کر کے ایک کوزہ گلی میں ڈال کر اس پر آک کا دودھ اس قدر ڈالیں کہ دوا تر ہو جائے پھر اس کا منہ چینی سے خوب بند کر کے تمام کوزہ پر گل حکمت کر کے خشک کریں اور دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ جب سرد ہو جائے نکال کر باقی دوائیں باریک کوٹ چھان کر ملالیں اور آب لیموں سے کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنالیں۔

استعمال: ایک یا دو حبوب صبح و شام ہمراہ دودھ کھائیں۔

## (445) حبوب اکسیر وجع مفاصل

منافع: یہ بے نظیر گولیاں وجع مفاصل یعنی جوڑوں کے درد کے لئے نہایت موثر و مفید ہیں۔ نیز ریحی درد کے لئے (خواہ جوڑوں میں ہو خواہ تمام بدن میں نہایت اکسیر ہیں۔ غلبہ ریح ضعف معدہ کے لئے نہایت سودمند ثابت ہوئی ہیں۔ درد اعصابی کو فائدہ کرتی ہیں۔ ان حبوب کا کئی بار تجربہ ہوا ہے۔

نسخہ: کچلہ ایک پاؤ، شیر میش یعنی دودھ بھیڑی، کشمش، گھی یہ تینوں حسب ضرورت۔

ترکیب: کچلے ایک چینی کے برتن میں ڈال کر ان پر شیر میش اس قدر ڈالیں کہ کچلے ڈوب جائیں۔ آٹھ روز کے بعد دودھ گرا کر کچلے پانی سے دھو کر پھر شیر میش اسی قدر ڈال دیں یہی دستور جاری رکھیں۔ ہر روز تازہ دودھ ڈال دیا کریں۔ جب کچلوں سے چھلکا اترنے لگے۔ دودھ ڈالنا بند کر دیں اور دھو کر ایک آہنی

کڑ چھی وغیرہ میں ڈال کر ان پر گھی اس قدر ڈالیں کہ اوپر آجائے آگ درمیانہ جلاتے رہیں جو کچلہ پھول کر اوپر آجائے اسے باحتیاط چمچے سے پکڑ کر نکال لیا کریں۔ جب اسی طرح تمام کچلے بریاں ہو جائیں۔ ان کو ہاون دستہ میں اسی وقت گرم گرم ہی باریک کوٹ لیں۔ پھر ان کو وزن کر کے ان کے برابر کشمش باریک کوٹ کر ملالیں۔ پھر دوبارہ خوب کوٹیں تاکہ یکجان ہو جائیں پھر جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔

**استعمال**: ایک ایک گولی صبح و شام کھانا کھانے کے بعد ہمراہ گھی یا شیر بز کھائیں۔

## (446) سفوف سورنجان

**منافع**: درد مفاصل یعنی جوڑوں کے درد کے لئے اکسیر ہے۔ اور عرق النساء، نقرس، درد مفاصل ریاحی وغیرہ کے لئے معمول ہے۔ مواد کو خارج اور قبض کو رفع کرتا ہے۔ میرے مطب میں ہر وقت تیار رہتا ہے۔ اس سے روزانہ ایک دو اجابتیں ہو کر فائدہ ہوا شروع ہوتا ہے۔

**نسخہ**: سورنجاں شیریں 2 تولہ، گل سرخ، برگ سناء ہر ایک 1 تولہ، پوست ہلیلہ زرد، آرد تربد، مغز بادام مقشر، رب السوس، مصطگی ہر ایک 7 ماشہ، سقمونیا 3 ماشہ، زعفران 1 ماشہ، کھانڈ 8 تولہ۔

**ترکیب و استعمال**: سب کو باریک کر کے ملالیں۔ ایک تولہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ پھانک لیں۔

## (447) روغن وجع مفاصل اکسیری

**منافع**: یہ روغن وجع مفاصل یعنی جوڑوں کے درد کے لئے نہایت مفید ہے۔ نیز تمام اعصابی و بلغمی امراض مثلاً فالج، لقوہ، استرخا، کزاز، تشنج رعشہ کے لئے عجیب الاثر ہے۔ نہایت مفید اور آسان قابل اعتماد نسخہ ہے۔

**نسخہ**: تخم دھتورہ، اجوائن خراسانی ہر ایک 9 ماشہ، مٹھ تیلیہ، مال کنگنی ہر ایک 6 ماشہ، جائفل، زنجبیل، کٹھ تلخ، عقرقرحہ، تخم کرفس، سونف رومی ہر ایک تولہ تولہ، روغن بابونہ، روغن گل، روغن ارنڈ، روغن کنجد ہر ایک 10 تولہ، جند بید ستر 6 ماشہ۔

**ترکیب**: پہلی دس دوائیں نیم کوب کر کے دو سیر پانی میں آٹھ پہر تک بھگو رکھیں۔ پھر جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے مل چھان کر چاروں روغن ملا کر دوبارہ آگ پر پکائیں۔ جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے اتار کر جند بید ستر نہایت باریک پیس کر ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

**استعمال**: رات کو اور دوپہر کے وقت گرم کر کے مالش کیا کریں۔

## (448) دوائے گنٹھیہ

**اسناد**: حضرت استاذ علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم لاہوری کا معمول مطب ہے۔

**منافع**: گنٹھیہ یعنی جوڑوں کے درد اور درد ریح کے لئے مفید ہے۔ نیز جریان کو فائدہ بخشتا ہے۔ نہایت آسان و موثر ہے۔

نسخہ: شنگرف رومی تولہ ، بھنگرہ دو تولہ۔
ترکیب: دونوں دوائیں ایک جگہ باریک کر کے تابہ آہنی پر ڈال کر نیچے آگ جلائیں۔ جب پھول جائے بند کردیں اور سرد ہونے کے بعد باریک پیس لیں۔
استعمال: ایک ایک رتی صبح و شام پتاشہ یا کھانڈ میں ملا کر کھالیں اور اوپر سے دودھ پئیں۔ دوران استعمال میں دودھ ، گھی زیادہ استعمال کریں۔ مقدار کی کمی بیشی طبیب کی مرضی پر ہے۔

## (449) حب برائے درد زانو

فوائد: یہ نسخہ درد زانو کے لئے مجرب ہے۔ روزانہ اجابت ہو کر مواد خارج ہوتے رہتے ہیں۔ نیز درد … کو فائدہ کرتا ہے۔
نسخہ: کوگل 5 تولہ چھوہارے دس عدد برگ سنا ، سورنجان شیریں ، مصبر عمدہ ، مویز منقہ ہر ایک 2 تولہ ، مغز [illegible] تولہ۔
ترکیب: سب ادویہ جدا جدا باریک کر کے ملا کر دوبارہ خوب کھرل کریں۔ اور پانی کی مدد سے بقدر نخود گولیاں بنائیں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ کھائیں ، ترش چیزوں سے پرہیز کریں۔

## (450) حب درد کمر

فوائد: درد کمر کے لئے مفید ہے۔ جوڑوں کے درد ، ریاحی اور بلغمی امراض کو فائدہ کرتی ہے۔ درد زانو کے لئے مجرب ہے۔
نسخہ: موصلی سفید ، فلفل دراز ، اجوائن دیسی ، پپلا مول ، ہر ایک تولہ تولہ ، میدہ لکڑی ، زنجبیل ، آسگند ناگوری ہر ایک 2 تولہ ، قند سیاہ کہنہ بقدر ضرورت۔
ترکیب: دواؤں کو باریک پیس کر قند سیاہ اس قدر ملا کر کوٹیں کہ گولیاں بن سکیں۔ پھر گولیاں بقدر دانہ … تیار کریں۔
استعمال: دو دو گولی صبح و شام ہمراہ عرق سونف دس تولہ استعمال کریں۔

## (451) دوائے عرق مدنی یعنی ناروا

فوائد: عرق مدنی (ناروا) کے لئے نہایت عجیب الاثر اور مجرب المجرب ہے۔ ایک دو مرتبہ لگانے سے … آرام ہو جاتا ہے۔
نسخہ: کافور ، مرچ سیاہ ، ہر ایک ماشہ ماشہ ، پانی حسب ضرورت۔
ترکیب و استعمال: دونوں دوائیں باریک کر کے پانی میں کھرل کر کے ضماد تیار کریں۔ حسب دستور … کریں۔

## (452)دیگر

**نسخہ:** کافور، نرکچور ہر ایک دو تولہ، قند سیاہ تین تولہ۔
**ترکیب:** کافور اور نرکچور باریک پیس کر قند سیاہ ملا کر خوب کوٹیں تاکہ یکذات ہو جائیں۔
**استعمال:** فلالین کا گولا بنا کر درمیان سے سوراخ کر کے اس پر دوائی لگا کر نارو اپر چسپاں کریں جب اتر
جائے پھر تازہ تیار کر کے لگا دیں۔

## (453) معجون اکسیر خنازیر

**منافع:** خنازیر کے لئے معمول ہے اور نہایت آسان وسستی دوا ہے۔
**نسخہ:** مغز تخم سرس یعنی شیریں، مغز نارجیل یعنی گری کھوپہ ہر ایک 5 تولہ 1 تولہ۔
**ترکیب:** سرس کی پختہ پھلیاں لے کر ان سے بیج نکال لیں اور بادام کی طرح توڑ کر ان کے مغز حاصل
کریں پھر ان کو ہاون دستہ میں خوب باریک کوٹ کر گری کھوپہ ملا کر خوب کوٹیں تاکہ یکجان ہو جائے بعد
شہد ملا کر ڈبیہ میں نگاہ رکھیں۔
**استعمال:** چار چار ماشہ صبح وشام نہار ہمراہ پانی استعمال کریں۔
**نوٹ:** خنازیر کے لئے مرہم کا ایک اکسیری نسخہ مجربات سلطانی حصہ اول میں درج ہے اور چند کھانے اور
لگانے کے اعلیٰ نسخہ جات حصہ دوم میں درج کئے گئے ہیں۔ وہاں سے ملاحظہ کریں ان نسخہ جات کے
استعمال سے آپ خنازیر کا علاج شرطیہ کر سکتے ہیں۔

## (454)دانہ گرمی یعنی پت

**منافع:** دانہ گرمی جس کو پنجابی میں پت کہتے ہیں۔ اس اکسیری نسخہ کے استعمال سے اکثر ایک دن میں
معدوم ہو جاتے ہیں۔ کئی مرتبہ تجربہ میں آچکا ہے۔
**نسخہ:** کافور، مردہ سنگ، سوڈا سلی سلاس، سفیدہ کاشغری ہر ایک 3 ماشہ، سرکہ 2 تولہ۔
**ترکیب:** خشک دواؤں کو سرکہ میں باریک پیس کر ضماد تیار کریں۔
**استعمال:** بوقت خواب جہاں پت ہو ضماد کریں۔

## (455)دیگر مجرب

**نسخہ و ترکیب استعمال:** کافور، کشنیز خشک ہر ایک 3 ماشہ، صندل سرخ، ہلدی ہر ایک 6 ماشہ، عرق
گلاب میں پیس کر ضماد کریں۔

## (456)دیگر مجرب

**نسخہ و ترکیب استعمال:** کافور 3 ماشہ، سرکہ، روغن گل ہر ایک 2 تولہ سب کو اچھی طرح کھل کر
طلا کریں۔

## (457) ہاتھ پاؤں پھٹ جانا

منافع: سردیوں میں عموماً ہاتھ پاؤں پھٹ جاتے ہیں اور بہت تکلیف ہوتی ہے۔ اس کے لئے یہ نسخہ مفید ثابت ہوا ہے۔

نسخہ: نمک لاہوری، روغن کنجد ہر ایک 10 تولہ، پانی ایک سیر۔

ترکیب: نمک کوٹ کر سب کو ملا کر کڑاہی آہنی میں جوش دیں۔ جب پانی جل کر صرف تیل باقی رہ جائے اتار لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: حسب دستور ہر روز ہاتھوں اور پاؤں پر مالش کیا کریں۔

## (458) مرہم برائے سوختہ

منافع: آگ سے جلے ہوئے زخموں کو مندمل کرنے میں لاجواب مرہم ہے۔ تازہ تکلیف ہو یا جل جانے کے بعد زخم ہو چکے ہوں۔ دونوں حالتوں میں بے خطا ثابت ہوئی ہے۔ تین دن کافی ہے۔

نسخہ: رال سفید 2 تولہ، روغن کنجد ایک چھٹانک۔

ترکیب: رال کو باریک پیس کر روغن کنجد میں ڈال کر خوب ملا لیں اور تھوڑا سا پانی ڈال کر ہاتھ سے تھوڑی دیر تک ملیں اور یہ پانی گرا کر دوبارہ ڈال کر دھوئیں اور گرا دیں۔ اسی طرح سو مرتبہ عمل کریں۔ بس تیار ہے۔

استعمال: کاغذ پر لگا کر زخموں پر لگا دیں اور اوپر پٹی باندھ دیں۔

## (459) دیگر مجرب

منافع: آگ سے جلے ہوئے زخموں کے لئے بے نظیر مرہم ہے۔ ہفتہ بھر کے استعمال سے گندے اور بگڑے ہوئے زخم اچھے ہو جاتے ہیں۔

نسخہ: کافور ایک تولہ، موم سفید 5 تولہ، سفیدہ کاشغری 6 ماشہ، سفیدی بیضہ مرغ 3 عدد، پانی حسب ضرورت۔

ترکیب: اول موم کو گرم کر کے پانی میں ڈال دیں۔ جب سفید ہو کر اوپر آ جائے اتار لیں اور باقی اشیاء کو ڈال کر حل کریں۔ مرہم سی بن جائے گی۔ ڈبیہ میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: زخموں کو نیم کے پانی سے صاف کر کے صبح و شام بطور مرہم لگایا کریں۔

## (460) دیگر آسان

منافع: آگ سے جلے ہوئے زخموں کے لئے نہایت آسان و نہایت مجرب دوا ہے۔ خصوصاً تازہ ساڑ کے لئے زیادہ مفید ہے اور زخموں کو بھی چند بار لگانے سے بھر کر مکمل شفا بخشتی ہے۔

نسخہ: کافور، کتھ، مردار سنگ ہر ایک تولہ تولہ، مکھن 5 تولہ۔

ترکیب: مکھن کو ایک سو مرتبہ پانی میں دھولیں اور باقی دوائیں باریک کھرل کر کے اس میں ملالیں اور ڈبیہ میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: بوقت ضرورت جلی ہوئی جگہ پر ضماد کریں۔

## (461) اکسیر چھپاکی

منافع: چھپاکی (شری) کے لئے اکسیر ہے۔ ایک وقت کھانے سے ،بفضلہ تعالیٰ صحت ہوتی ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ و ترکیب استعمال: نوشادر 2 رتی باریک کر کے سکنجبین سرکہ میں ملا کر اور پانی بقدر ضرورت ملا کر استعمال کرائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی ایک ایک خوراک صبح و شام پلائیں۔ اچار آم کا تیل بدن پر ملیں۔

## (462) شری مزمن کا نسخہ مجرب

منافع: شری یعنی پتی اچھلنا جسے پنجابی میں کہن کہتے ہیں۔ مادہ صفراوی کے جوش سے تمام بدن پر سرخ سرخ دانے یک دم نکل آتے ہیں۔ بے حد سوزش اور کھجلی ہوتی ہے۔ اس کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

نسخہ و ترکیب و استعمال: چوب چینی' عشبہ مغربی' سناء کی تینوں ہم وزن لے کر باریک کر کے سفوف بنا دیں۔ ہر روز رات کو تین ماشہ دودھ یا پانی سے کھالیں اور سجی کھار و نمک سیندھا ہر ایک چھ چھ ماشہ باریک کر کے سرسوں کے تیل میں ملا کر بدن پر مالش کریں۔ تین گھنٹہ کے بعد صابن یا گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

## (463) نقوع مصفی اعلیٰ

منافع: یہ نقوع تصفیہ خون کے لئے بے عدیل ثابت ہوا ہے۔ بہت سے طویل اور مشکل نسخہ جات سے زیادہ موثر ہے۔ لطف یہ کہ نہایت آسان اور بہت سستا ہے۔ کم خرچ بالا نشین کی مثال اس پر صادق آتی ہے۔

نسخہ: چاکسو' رسوت' کتھ' کچور ہر ایک تین ماشہ شہد 2 تولہ۔

ترکیب: پہلی خشک دواؤں کو اتنا کوٹیں کہ زیادہ باریک نہ ہوں رات کو دس تولہ پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح آرام سے اس کا زلال لے کر شہد ملا کر پی لیں۔ ہر روز اسی طرح تازہ تیار کر کے پیا کریں۔

ہدایات: گرم' ترش اور تیل کی بنی ہوئی چیزوں سے پرہیز۔

## (464) مطبوخ مصفی اعلیٰ

تعارف: اس علاقہ میں ایک شخص یہ نسخہ تیار کر کے استعمال کرتا اور کافی روپیہ کماتا تھا اس کا یہ نسخہ دور

مشہور تھا اور اس سے بہت خراب حالت کے مریض شفایاب ہوتے تھے۔ وہ نسخہ ظاہر کرنے کا نہیں لیتا تھا۔ ہمارے ایک دوست حکیم صاحب نے یہ نسخہ کسی طرح سا سے حاصل کر لیا اور تجربہ پر صحیح پایا۔

اعلیٰ درجہ مصفی خون اور نہایت موثر ثابت ہوا ہے۔ اس سے خارش پھوڑے ہر قسم اور چھوٹی پھنسیاں' برص' دہدری' فساد خون ہر قسم' آتشک' جذام شرطیہ کافور ہو جاتے ہیں۔ ردی سے ردی ان امراض سے شفایاب ہو جاتا ہے اور اس کا خون صاف ہو جاتا ہے۔ بدن میں کسی قسم کی ریح یا نہیں رہ جاتا اور بدن مثل کندن کے ہو جاتا ہے۔ اس سے ایک دو اسہال یومیہ ہو جاتے ہیں۔ سوداوی آتشک' جذام وغیرہ کے لئے معتبر دوا ہے۔ عمدہ مسہل سودا اور مصفی خون ہے۔

بیخ حنظل (اندرائن)' پھلی کیکر خشک' قند سیاہ کہنہ ½کٹائی خورد بمعہ برگ و شاخ خشک شدہ (اس بوٹی کو ہڑی اور کنڈیاری بھی کہتے ہیں) برادہ شیشم کہنہ' پوست درخت کچنال' پوست درخت نیم ہر ایک پاؤ ، برگ نیم' عشبہ' چرائتہ' منڈی' بورہ صندل سفید' الائچی خورد ہر ایک 5 تولہ' پوست ہلیلہ زرد ۔

ب: سب کو نیم کوب کر کے دیگچہ قلعی شدہ میں ڈالیں اور بیس سیر پانی ڈال دیں اور اس کے منہ پر کر تین دن تک رکھ دیں۔ پھر آگ پر چڑھا کر جوش دیں جب دس سیر پانی رہ جائے اتار کر مل کر بوتلوں میں ڈالیں اور مضبوط کارک لگا کر رکھ دیں۔ قند سیاہ کو جب دوا آگ پر چڑھائیں اس وقت ۔

ل: آدھ پاؤ صبح کے وقت پلائیں۔ اگر تین دن مسلسل دینے سے اسہال ایک دو نہ آئیں تو مقدار بڑھائیں۔ صبح و شام دس دس تولہ پلا دیا کریں۔ پہلے چرب لقمہ کھلایا جائے۔

دال جن میں گھی زیادہ ڈالا گیا ہو بلکہ اگر چاول دودھ میں پکائے جائیں اور گھی بھی ڈال دیا جائے تو ۔ نان نخود و نان گندم بے نمک مرغن اور چاول و دال نخود مخلوط گائے کا گھی زیادہ ڈال کر بے نمک جو چاہے کھا سکتا ہے۔ مسلمان گوشت بکری معہ جملہ مصالحہ بغیر نمک مرغن استعمال کر سکتا ہے اور نخود مرغن کھا سکتا ہے۔ جذامی زیادہ عرصہ قریباً اڑہائی ماہ استعمال کرے یعنی جب تک مادہ ختم ہو ۔ خارج نہ ہو تب تک استعمال کرتا رہے۔ بعض کو روزانہ پانچ سے بارہ اسہال تک آ جاتے ضعف نہیں ہوتا۔ نہایت عمدہ و موثر دوا ہے۔

## (465) خارش تر و خشک کا مجرب نسخہ

خارش یعنی کھجلی تر اور خشک دونوں قسم کو تین روز میں دور کر دینے والی مجرب دوا ہے۔

پارہ' گندھک ہر ایک 6 ماشہ' طوطیا 3 ماشہ' کمیلہ تولہ' مسکہ شستہ 1 پاؤ۔

پارہ اور گندھک کو ملا کر کھرل کریں۔ جب سرمہ کی طرح سیاہ سفوف بن جائے۔ طوطیا ملا کر کریں۔ جب خوب یکجان ہو جائیں کمیلہ ڈال کر خوب کھرل کریں۔ پھر مسکہ ڈالیں۔

**استعمال:** مقام خارش پر مالش کر کے دو گھنٹہ بعد صابن اور گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ اگر مرض کسی اندرونی خرابی سے پیدا ہوا ہو یا پرانا ہو تو ساتھ داخلی طور پر مصیفات خون استعمال کریں۔ مثلاً اطریفل شاہترہ، معجون مصفی خون یا کوئی عرق یا شربت مصفی خون وغیرہ۔

## (466) شربت مصفی خون

**منافع:** نہایت درجہ مصفی خون ہے۔ پھوڑے پھنسی اور پتی کو نافع ہے۔ ہر قسم کی خرابی خون کو دور کر کے خون کو صاف کرتا ہے۔ آتشک تک مفید ہے۔ ہر مزاج اور ہر عمر کے موافق ہمہ صفت موصوف ہے۔

**نسخہ:** ہلیلہ سیاہ کوفتہ عشبہ نیم کوفتہ، برادہ چوب چینی، سناء مکی، گل سرخ، عناب ولائتی ہر ایک 1 تولہ، برگ شاہترہ، برگ بادر نجبویہ، برادہ چوب شیشم، گل منڈی، برگ گاؤزبان، تخم شاہترہ، افتیمون درپارچہ بستہ، تخم کاسنی، برادہ صندل سرخ، ہر ایک 8 ماشہ، شیر گاؤ 3 سیر، ست لیموں حسب ضرورت، مصری آدھ سیر۔

**ترکیب:** شیر گاؤ کو جوش دے کر ست لیموں ڈال کر پھاڑ لیں اور کپڑے میں احتیاط سے چھان کر فضلہ پھینک دیں اور صاف پانی میں سب دوائیں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

**استعمال:** دو دو تولہ صبح و شام گنا پانی ملا کر پلا دیں۔

## (467) دوائے ضربہ و سقطہ مجرب

**منافع:** یہ دوا ضربہ و سقطہ یعنی چوٹ کے لئے نہایت مجرب ہے۔ درد کی فوراً تسکین کرتا ہے۔

**نسخہ:** بھنگرہی سرخ سالم ڈلی ایک ماشہ، گائے کا گھی 4 تولہ، قند سفید و آرد گندم حسب ضرورت۔

**ترکیب و استعمال:** گھی کو کڑچھی وغیرہ میں ڈال کر بھنگرہی ڈال دیں۔ جب بھنگرہی پھول جائے اس کو گھی سے نکال لیں اور گھی میں قند سفید اور آرد گندم حسب ضرورت ملا کر حلوہ حسب دستور تیار کریں۔ پھر اس سے ایک لقمہ لے کر اس میں بھنگرہی مذکور باریک کر کے ملا کر کھالیں باقی حلوہ بھی کھالیں۔ اسی طرح چند روز تازہ تیار کر کے استعمال کریں۔

## (468) مرہم پھوڑا پھنسی و بوائی

**منافع:** پھوڑا پھنسی ہر قسم کے لئے نہایت مفید ہے۔ نیز موسم سرما میں جو نمازی مسلمانوں وغیرہ کے پاؤں پھٹ جاتے ہیں جسے بوائی کہتے ہیں۔ اس کے لئے بے نظیر ہے۔ جل جانے سے جو زخم ہو اس کے لئے عمدہ ہے۔

**نسخہ:** رال، تیل کڑوا ہر ایک 5 تولہ، مردہ سنگ، نیلہ تھوتھ، دانہ الائچی خورد ہر ایک تین ماشہ۔

**ترکیب:** تمام ادویہ کو جدا جدا باریک پیس کر ملا لیں پھر تھوڑا تھوڑا کڑوا تیل ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے رہیں۔ حتیٰ کہ سب تیل جذب ہو جائے پھر سرد پانی پاؤ بھر ملا کر خوب زور سے گھوٹیں پانی جذب ہو جائے گا اسی طرح پانی ملاتے اور رگڑتے جائیں۔ جو پانی فالتو نکلتا رہے اس کو نکال دیا کریں۔ مرہم پھول

سبزی مائل ہو جائے گی۔ چینی یا کانچ کے برتن یا ڈبے میں رکھیں۔

استعمال: پھوڑا پھنسی وغیرہ کے برابر کپڑا کتر کر اس پر مرہم لگا کر لگایا کریں۔

## (469) مرہم اکسیری

نافع: ہر قسم کی خارش، مہاسے، چھائیاں، جلد کے داغ، دھبے، خشکی اور کھردرا پن، پسینہ کی بدبو، ہتھیلی پاؤں کی جلن وغیرہ تمام جلدی شکایات کے لئے بہترین چیز ہے۔

نسخہ: رال، کیلہ مصفی ہر ایک تولہ تولہ، سیماب 4 ماشہ، نیلہ تھوتھہ بریاں 2 ماشہ، روغن چنبیلی عمدہ 6 تولہ، عرق گلاب دو آثار ایک پاؤ، عطر گلاب، عطر چنبیلی، عطر موتیا، عطر خس عمدہ ہر قسم ہر ایک ماشہ ماشہ، گلسرین 5 تولہ۔

ترکیب: پہلی چاروں دوائیں جدا جدا باریک کھرل کر کے روغن چنبیلی میں خوب حل کریں۔ پھر عرق گلاب تھوڑا تھوڑا ڈال کر کف مال کریں۔ جب تمام دوا مسکہ کی طرح ہو جائے تو اس میں چاروں عطر ملا کر خوب کف مال کریں (برتن بڑا چینی یا تام چینی کا ہونا چاہئے) اس کے بعد گلسرین ملا کر کف مال کر کے رکھ لیں۔

استعمال: وقت ضرورت تھوڑی سی دوائی لے کر دن میں دو دفعہ مالش کر دیا کریں۔

## (470) مرہم اکسیر لاہور سور

عطیہ: ہمارے محترم دوست حکیم محمد عبداللہ صاحب سکنہ روڑی ضلع حصار کا عطیہ ہے۔

نافع: لاہور سور جسے لاہوری پھوڑہ، مونگری پھوڑہ اور جڑوں والا پھوڑہ کہا جاتا ہے۔ مشکل سے جانے والا مرض ہے۔ جس کے لئے یہ مرہم مفید ہے۔ لطف یہ کہ بالکل بے ضرر اور آسان مرہم ہے۔

نسخہ: مغز حب الملوک 6 ماشہ، کاربالک ایسڈ 3 ماشہ، ویزلین 2 تولہ۔

ترکیب: مغز حب الملوک خوب باریک پیس کر اس میں کاربالک ایسڈ ملائیں۔ بعدہ ویزلین خوب ملا کر مرہم تیار کریں۔

استعمال: ہر روز صبح و شام پھوڑے پر لگایا کریں۔ چند روز میں پھوڑے میں پیپ پڑ کر آرام ہو جائے گا۔ ضرورت ہو تو بعد میں کوئی مرہم مندمل دو دن لگائیں۔

## (471) اکسیر داد و چنبل

عطیہ: داد اور چنبل کا مستند و معتبر علاج ہے جو ہمارے محترم و معزز دوست عالی جناب حکیم مولوی محمد عبداللہ صاحب روڑی ضلع حصار کا عطیہ خاص ہے۔

نافع: داد یعنی دہدری اور چنبل کے لئے نہایت مفید اور نہایت آسان و سہل ہے۔ پرانے سے پرانے داد کو جلد جڑ سے اکھیڑ دیتا ہے۔

نسخہ و ترکیب: کٹھ تلخ، فلفل سیاہ، نیلہ تھوتھہ، بکری کی پشم سوختہ ہر ایک برابر وزن لے کر سفوف بنا

لیں۔

**استعمال:** گائے کا مکھن ایک سو ایک بار پانی سے دھو کر اوپر سفوف چھڑک دیں اگر داد اور چنبل خشک ہو تو پہلے کسی چیز سے کھجلا کر جب خون نکلنے کے قریب ہو مکھن لگا کر سفوف چھڑکنا چاہیے۔ اگر تر ہو تو کھجلانے کی ضرورت نہیں۔

**یادداشت:** عموماً اونٹوں کے بورے بکری کی پشم سے بنائے جاتے ہیں۔ اگر کہیں سے ایسے ردی اور پرانے بورے کا ٹکڑا میسر ہو جائے اور اس کو جلا کر یہ خاکستر نسخہ میں استعمال کی جائے تو زیادہ مفید ہو گا۔

## (472) چہرہ کی چھائیاں صاف کرنا

**منافع:** چہرہ کی چھائیاں، مہاسے، داغ، خشکی بے رونقی وغیرہ دور کر کے چہرہ کو صاف و خوش رنگ کرتا ہے۔

**نسخہ:** گلسرین، روغن زیتون ہر ایک دو تولہ۔

**ترکیب:** دونوں دوائیں آپس میں اچھی طرح ملا کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

**استعمال:** حسب دستور چہرہ پر ملیں اور کچھ دیر کے بعد صابن سے دھو چھوڑیں۔

## (473) حبوب مصفی خون

**منافع:** نہایت مصفی خون ہیں۔ داد، خارش، پھوڑا، پھنسی وغیرہ تمام جلدی امراض کو دفع کرتی ہیں۔ بہترین مصفی خون گولیاں ہیں۔

**نسخہ و ترکیب و استعمال:** ایکسٹریکٹ نیم، ایکسٹریکٹ چرائتہ، ست ترپھلہ، رسوت مصفی، ریوند خطائی سب کو ہم وزن ملا کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔ ایک سے دو گولی تک صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

# متفرقات

## (474) بال عمر بھر نہ اگنے کا مجرب نسخہ

**نسخہ و ترکیب و استعمال:** جس جگہ کے بال عمر بھر کے لئے ناپید کرنے مطلوب ہوں۔ استرہ سے خوب صاف کر دیں اور درخت جنڈ کے کچے پھل یعنی سانگر کو خوب گھوٹ کر اس جگہ ضماد کریں۔ یہ عمل چار دن تک روزانہ کریں۔ بال عمر بھر نہ نمودار ہوں گے۔ بعض شخصوں کے کچھ قلیل باقی رہ جاتے ہیں ان کو بعد میں موچنے سے اکھاڑ دینا چاہیے۔ اگر اس تکلیف سے بچنا ہو تو پہلے ہی سانگر میں قدرے مدار یعنی آک ڈال کر ضماد کر دیں۔ پھر مقصد بخوبی حل ہو جائے گا۔ کوئی بال نہیں رہے گا۔

## (475) کشتہ خام خارج کرنا

**منافع:** اگر کسی شخص نے کچا کشتہ کھایا ہو اور بدن میں تکلیف ہو گئی ہو تو اس نسخہ کے استعمال سے ایک

سے حد دس یوم میں خارج ہو جاتا ہے اور مکمل صحت ہو جاتی ہے۔ مجرب ہے۔

**نسخہ و ترکیب و استعمال:** تلسی ایک مشہور پودا ہے جس کو پوجا پاٹھ کرنے والے برہمن بخوبی جانتے ہیں۔ اس کے پتوں کا پانی ایک تولہ اور مکو سبز کا پانی ایک تولہ نکال کر اس میں خالص پانی دس تولہ ملا کر روزانہ نہار منہ پلائیں۔ امتحان کرنے کا خیال ہو تو پیشاب کو برتن میں جمع کرتے جائیں۔ اخیر میں نیچے بیٹھا ہوا رنگ الگ کر کے شہد سہاگہ، گھی یعنی ماء الحیات کے ذریعہ چرخ دے کر معلوم کر سکتے ہیں۔ دھات کھائی ہوئی دوبارہ زندہ ہو جائے گی۔

## (476) بالوں کی جوئیں دفع کرنا

**منافع:** اس اکسیری نسخہ سے بالوں کی جوئیں صرف تین چار دفعہ لگانے سے دور ہو جاتی ہیں۔ کئی دفعہ کا تجربہ ہے۔

**نسخہ و ترکیب و استعمال:** تازہ برگ جوز ماثل یعنی دھتورہ کوٹ کر کپڑے میں نچوڑ کر اس کا پانی حاصل کریں۔ ایک تولہ پانی میں ایک تولہ پارہ ملا کر کسی کھرل میں خوب کھرل کریں۔ تاکہ یکذات ہو جائیں۔ بس تیار ہے۔ بالوں کو صابن وغیرہ سے دھو کر بالوں کی جڑوں پر اچھی طرح مل دیں۔ اسی طرح ہفتہ میں دو دفعہ لگایا کریں۔

## (477) معجون سمن مفرط

**منافع:** سمن مفرط یعنی موٹاپا کے لئے معمول و مجرب ہے۔

**نسخہ:** ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ کابلی، پوست بلیلہ، آملہ، زیرہ سیاہ مدبر در سرکہ سازج ہندی، تخم کرفس، دھنیا ہر ایک 3 ماشہ، زنجبیل، فلفل موبہ، اندرجو، چترہ، سعد کوفی، الائچی خورد، دارچینی، قرنفل، برنگ کابلی، پودینہ جنگلی، کلونجی ہر ایک 2 ماشہ، نمک سیاہ، نمک اندرانی، نمک لاہوری ہر ایک ماشہ ماشہ، تربد سفید 8 ماشہ، مغز فلوس خیار شنبر، شیرہ آملہ منقہ ہر ایک 3 ماشہ، روغن بادام، روغن کنجد ہر ایک 2 تولہ نبات سفید ہم وزن ادویہ شہد مصفی دو چند ادویہ۔

**ترکیب:** آملہ کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب خوب گل جائیں تو غربال یعنی چھلنی میں ڈال کر خوب ملیں (چھلنی ویسی ہونی چاہئے جس کے سوراخ موٹے ہوں) تاکہ آملہ کا رب چھلنی سے نکل جائے پھر اس میں مغز فلوس خیار شنبر ملا کر گرم کر کے خوب ملیں پھر دوبارہ چھلنی سے نکال کر نبات اور روغن بادام اور روغن کنجد ڈال کر جوش دیں۔ جب قوام تیار ہو جائے شہد داخل کر کے باقی ادویہ کا سفوف (جو پہلے تیار ہو) شامل کریں۔ اور خوب حل کر کے آگ سے اتار لیں۔

**استعمال:** تین تولہ صبح ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ درمیان میں ایک دن ناغہ کریں۔

**غذا:** شوربہ گوشت بز میں چپاتی تر کر کے یا مونگ کی کھچڑی کھلائیں۔

## (478) سگ گزیدہ کا مجرب علاج

منافع: یہ علاج سگ گزیدہ یعنی دیوانہ کتے کے کاٹے ہوئے کے لئے نہایت مفید و مجرب ثابت ہوا ہے۔ کبھی ناکام نہیں گیا۔ اس سے سگ گزیدہ کو ایسا مکمل آرام ہوتا ہے۔ کہ ذرا بھر اثر باقی نہیں رہتا۔ ہمارا مجرب و معمول ہے۔

نسخہ: برگ لسوڑہ یعنی پستان ایک تولہ، مرچ سیاہ 15 عدد، چھاچھ یعنی لسی آدھ سیر۔

ترکیب: برگ لسوڑہ اور مرچ سیاہ کو کونڈہ ڈنڈہ میں باریک رگڑ کر لسی ملا کر کپڑے میں چھان لیں۔

استعمال: مندرجہ بالا ایک خوراک ہے۔ سگ گزیدہ کو پلائیں۔ روزانہ اسی طرح ایک خوراک تیار کر کے پلایا کریں اور ایک تولہ لال مرچ پانی سے رگڑ کر زخم پر تین روز باندھے رکھیں۔ نیز سنتھے کے پتے آدھ سیر لے کر پانی میں جوش دے کر اس سے ہر روز غسل کرا دیا کریں۔ اگر ممکن ہو سکے تو جس کتے نے کاٹا ہو اس کو مار کر اور لکڑیوں میں جلا کر اس کی راکھ ہوا میں اڑا دیں۔ تین دن کے بعد مریض کو کسی قسم کی تکلیف نہ رہے گی اور نہ ہی کسی قسم کا خطرہ رہ جائے گا۔

نوٹ: سنتھے کا درخت بعض علاقوں میں خودرو عام ملتا ہے۔ نیز اکثر باغوں میں بھی ہوتا ہے۔ مالی اور عام لوگ اسے اچھی طرح جانتے ہیں۔

## (479) تریاق مار گزیدہ

منافع: مار گزیدہ کے لئے نہایت سریع الاثر ہے۔ اس سے چار گھنٹہ میں صحت ہو جاتی ہے۔ ایک سادھو صاحب کا عطیہ ہے۔

نسخہ: ریتکاں سفید، سیل چلم حقہ ہر ایک تولہ تولہ، سنکھیا سفید، نیلہ تھوتھ ہر ایک ماشہ ماشہ۔

ترکیب: تمام ادویہ جدا جدا باریک پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نصف نخود تیار کریں۔

استعمال: بوقت ضرورت ایک گولی پیس کر قدرے پانی ملا کر ٹکیہ بنا لیں اور جہاں سانپ نے کاٹا ہو وہاں پچھنے لگا کر ٹکیہ اس جگہ رکھ کر خوب پٹی باندھ دیں اور گرم ریگ سے ٹکور کرتے رہیں۔ زخم سے خون سیاہ رنگ نکلتا رہے گا جب خون صاف آنا شروع ہو جائے تو زخم پر بھنگرہ کوٹ کر باندھیں تاکہ خون بند ہو جائے اس عمل سے تین چار گھنٹہ تک صحت ہو جائے گی۔

نوٹ: مریض کو ساتھ ہی کوئی مسہل دے دینا چاہئے۔

## (480) دوائے عقرب گزیدہ

منافع: عقرب گزیدہ یعنی بچھو کاٹے کا مجرب علاج ہے۔ اس کے علاوہ جسے زنبور یعنی بھڑ نے کاٹا ہو اس کے لئے بھی مفید ہے۔ ایک دو دفعہ لگانے سے آرام ہو جاتا ہے۔

نسخہ: مغز جمالگوٹہ دو عدد، فلفل سیاہ 5 عدد، پوٹاسی پر مگنیٹ تیرہ ماشہ۔

ترکیب و استعمال: مغز جمالگوٹہ اور فلفل سیاہ کو کھرل کر کے پوٹاسی پر مگنیٹ ملا دیں اور آہستہ آہستہ

استعمال کریں (تیزی سے کھرل کیا جائے تو آگ لگ جاتی ہے) جب سب اشیاء اچھی طرح مل جائیں۔ تیلی میں نگاہ رکھیں۔ قدرے ڈنگ والی جگہ پر ڈال کر اوپر چند قطرے پانی کے ڈال دیں۔

## (481) دیگر

نسخہ و ترکیب استعمال: درخت نیم کی چھال جو پرانی اور بوسیدہ نہ ہو تین چار ماشہ لے کر چلم (حقہ) میں تمباکو کی جگہ ڈال کر پلائیں۔ چند منٹ میں بچھو کا زہر دور ہو جائے گا۔ نیم کی چھال خواہ تازہ ہو خواہ پرانی سوکھی ہوئی ہو ہر طرح درست ہے۔ اگر عقرب گزیدہ تمباکو پیتا ہو تو چھال مذکور سے نصف وزن تمباکو بھی ڈال لیں۔ اگر چھال نیم کے ساتھ مور جانور کا ایک عدد پر بھی چلم میں رکھ لیا جائے تو اور بھی مفید ہے۔

## (482) افیون چھڑانے کی ترکیب

فائدہ: اس ترکیب سے افیون کی عادت چھوٹ جاتی ہے اور بدن میں طاقت و توانائی پیدا ہو جاتی ہے۔

نسخہ: ارنڈ کی جڑ باریک شدہ افیون، جائفل، زعفران ہر ایک تولہ تولہ، برگ ارنڈ دو تولہ شہد حسب ضرورت، تمام ادویہ باریک پیس کر شہد سا قدر ملائیں کہ گولیاں بن سکیں پھر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: جس قدر روزانہ افیون کھائی جاتی ہو اس میں سے روزانہ چنے کے برابر چھوڑتے جائیں اور اس کی جگہ یہ گولی ساتھ استعمال کرتے رہیں۔ یعنی افیون کی کمی ان گولیوں سے پوری کرتے جائیں۔ مثلاً پہلے دن افیون کی پوری خوراک سے ایک چنے برابر کم برابر کم کریں اور اس کی جگہ ایک گولی پانی سے کھا لیں۔ دوسرے دن دو چنے برابر افیون کم کریں اور دو گولیاں کھالیں۔ یہی دستور جاری رکھیں۔ حتیٰ کہ تمام افیون کی مقررہ خوراک کی بجائے یہ گولیاں کھائی جائیں یعنی صرف گولیوں پر گزارہ کیا جائے۔ جب یہ تمام گولیاں ختم ہو جائیں تو پھر اس گولیوں کے نسخہ میں افیون کی بجائے گوکل ہینسہ ملا کر دوبارہ گولیاں تیار کریں۔ بدستور کھاتے رہیں۔ افیون کی عادت چھوٹ جائے گی۔

## (483) میٹھی کونین

فائدہ: جو رنگ اور ذائقہ کے لحاظ سے انگریزی کونین کی طرح ہے اور فائدہ بھی کرتی ہے۔ لطف یہ کہ نقصان نہیں کرتی اور فوری اثر دکھاتی ہے۔ ہر قسم کے تپ خصوصاً ملیریا کے لئے مفید ہے۔ چڑھے ہوئے بخار کو اتارتی اور اترے ہوئے کو روکتی ہے۔ ہر حال میں مفید ہے۔

نسخہ: ہڑتال گاؤدنتی اعلیٰ قسم حسب ضرورت کشتہ سم الفار حسب ضرورت۔

ترکیب: ہڑتال گاؤدنتی کو شیر گائے میں تر کر دیں۔ دوسرے روز نیا دودھ تبدیل کر دیں۔ اسی طرح سات روز تک دودھ تبدیل کرتے رہیں۔ اس کے بعد کوئلے انگیٹھی میں سلگا کر اوپر ہڑتال مذکور رکھ دیں۔ پھولنے پر ہڑتال پھول شدہ کے ٹکڑے نکال کر باریک پیس کر اس میں سے پانچ تولہ لے کر اس میں کشتہ

سم الفار 4 رتی اور سگرین بقدر مٹھاس ملا کر خوب کھرل کر کے یکجان کریں اور محفوظ رکھیں۔

**استعمال:** دو رتی سے چار رتی تک دن میں تین دفعہ ہمراہ دودھ یا شربت نیلوفر یا شربت بزوری دیں۔

## (484) دافع زہر سنکھیا

**منافع:** جس شخص نے سنکھیا کھا لیا ہو قے خون آمیز آ رہی اور بے ہوشی طاری ہو اسہال مروڑ کے ساتھ کثرت سے آ رہے ہوں۔ ہاتھ پاؤں میں تشنج ہو رہا ہو اس وقت یہ آسان دوا نہایت مفید ثابت ہوئی ہے۔

**نسخہ و ترکیب و استعمال:** ارنڈ یعنی ہرنولی کی کونپل اور نرم پتوں کو کوٹ کر پانی میں جوش دے کر اور مل چھان کر یہ عرق مروق بقدر ایک پاؤ پلا دیں اور تمام جسم و سر اس سے تر کر دیں تا صحت مکمل اسی طرح یہ عرق تیار کر کے فاصلہ سے پلاتے رہیں۔ مگر اس سے پہلے رائی ایک تولہ کو باریک کر کے 3 تولہ پانی میں جوش دے کر پلائیں۔ اس سے قے ہو گی۔ اس کے بعد عرق مذکور پلائیں۔

## (485) دافع زہر افیون

**منافع:** اگر کسی شخص نے افیون بہت کھا لی ہو اور زہر نے اثر کر دیا ہو تو اس دوا کے استعمال سے قے آ کر افیون کے زہریلے اثرات زائل ہو جاتے ہیں۔

**نسخہ و ترکیب استعمال:** بندق ہندی یعنی ریٹھہ ایک یا دو عدد کو باریک کر کے پانی میں جوش دیں۔ جب جوش آ کر جھاگ آنے لگے نیچے اتار کر افیون خوردہ کو پلائیں۔ یہ ایک خوراک ہے مگر یہ دوا دینے سے قبل رائی سے قے کرا لیں۔ جس کا طریقہ نسخہ نمبر 484 میں درج ہے۔

## (486) دیگر مجرب

**نسخہ و ترکیب و استعمال:** مین پھل پیس کر پانی کے ساتھ پلائیں۔ افیون کی زہر کو بالخاصہ دور کرتی ہے۔ پہلے رائی سے قے کرا لیں۔

**نوٹ:** افیون خوردہ کو سونے سے روک رکھیں۔ ہوشیار کرتے رہیں۔ اس غرض کے لئے ایمونیا سونگھائیں اور پانی سرد منہ پر چھڑکیں۔

## (487) ضماد گنج وغیرہ

**نسخہ و ترکیب و استعمال:** برگ شہتوت باریک گھوٹ کر دن میں دو بار ضماد کیا کریں۔ سر کے گنج بالوں کے جھڑنے خارش و سر کی پھنسیوں وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

## (488) اکسیری علاج برص

**منافع:** برص کا نادر و نایاب مستند علاج ہے جو منضج اور مسہل کے بعد مسیحائی اثر دکھاتا ہے۔ ایک شخص کے جسم کا اکثر حصہ سفید ہو چکا تھا۔ اس کے استعمال سے شفایاب ہو گیا۔ سینکڑوں میں سے منتخب

ہے۔

نسخہ: منڈی بوٹی 2 سیر ایک پاؤ' شاہترہ ایک سیر' پوست درخت نیم سبز ایک پاؤ' پوست درخت انجیر دشتی ایک پاؤ' ہلیلہ سیاہ' چرائتہ' ریوند چینی عمدہ' چوب چینی ہر ایک 15 تولہ' عناب 10 تولہ۔

ترکیب: سب ادویہ نیم کوب کر کے ایک مٹکے میں مناسب پانی ڈال کر تر کر کے رکھیں۔ چار دن کے بعد دس سیر عرق کشید کریں۔

استعمال: بابڑنگ' گیرو ہر ایک تولہ تولہ' بابچی مدبر دو تولہ پیس کر سفوف بنا کر رکھ لیں۔ ہر روز صبح 4 ماشہ اس سفوف کو پھانک کر اوپر سے عرق مذکور بقدر تین چھٹانک پی لیا کریں۔ اسی مقدار میں شام کو استعمال کریں۔

## (489) اکسیری علاج چنبل

اسناد: ایک سیاح فقیر کا مجرب اور عطیہ خاص ہے۔

منافع: چنبل نئے اور کہنہ ہر قسم کا مجرب علاج ہے۔ اکثر ایک ہفتہ میں آرام ہو جاتا ہے۔

نسخہ: آملہ سار 2 تولہ' سیماب 3 ماشہ دونوں ادویہ ملا کر خوب کھرل کریں حتیٰ کہ بالکل سیاہ کجلی تیار ہو جائے۔

استعمال: بقدر ضرورت کجلی لے کر اس میں مکھن دو سو دفعہ پانی سے دھویا ہوا اس قدر ملائیں کہ مرہم بن جائے۔ اس مرہم کو چنبل پر ہر روز لگایا کریں۔ اور اسی کجلی سے 2 ماشہ لے کر اس کی چالیس پڑیہ بنا کر ہر روز صبح ایک پڑیہ مکھن میں رکھ کر استعمال کیا کریں۔

LIKE US ON facebook
Tibbi Books for Atiba Karam

# مجربات سلطانی

مصنفہ

## حکیم مولوی محمد یار خان زبدۃ الحکماء علوی للیانوی

**مجربات سلطانی** نادر و نایاب مخفی صدری رازوں کا ایک لاجواب مجموعہ ہے۔

تھوڑے ہی عرصہ میں اس لاجواب مقبول عام تصنیف کے چار حصے شائع ہو چکے ہیں۔ اور شائقین مجربات نے اسے ہاتھوں ہاتھ خرید کیا ہے۔

ملک بھر کے ممتاز طبی اخبارات اور رسائل اور نامور اطباء نے مجربات سلطانی کے نایاب طبی جواہر پاروں کی انتہائی تعریف و ستائش لکھی ہے۔ بے شمار اطباء نے اسے اپنے مطب کا بہترین اور قابل اعتبار فارماکوپیا قرار دے لیا ہے۔ غرض اس لاجواب طبی ذخیرہ کو جس نے دیکھا حرز جان بنا کے رکھا ہے۔ یہ نادر تصنیف بھارت و پاکستان کے ہر گوشہ میں پہنچ چکی ہے۔ ہر صاحب نظر اس کے عالی ہمت مولف کی بخل شکنی، ایثار و صداقت پسندی اور نیک نیتی کی داد دینے پر مجبور ہوا ہے اور یہ واقعہ ہے کہ اس کتاب میں ایک نسخہ بھی فضول اور بھرتی کا نہیں۔ اس سے ایک معمولی اردو خواں بھی علاج کر سکتا ہے۔ مصنف کی سب سے پہلی قابل قدر و عزت تصنیف ہے اور نہایت تیزی سے بغیر اشتہار کے ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہی ہے۔ مکمل کتاب کی قیمت صرف ایک ہی مستند نسخہ کا ادنیٰ ہدیہ بھی نہیں۔ سچے مجربات کے متلاشیوں کو اس سے بہتر کتاب ہرگز نہیں مل سکتی۔

انسان تمام عمر میں صرف چند نسخے ہی تجربہ کر سکتا ہے۔ اگر آپ

**مجربات سلطانی**

ہر چہار حصہ خرید لیں گے

تو آپ کو معمولی داموں سے صدری مجربات کا ایک مستند فارماکوپیا ہاتھ آجائے گا

**شیخ محمد بشیر اینڈ سنز اردو بازار لاہور**